وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِبْرٰھِیْمَ

# سیرتِ ابراہیم علیہ السلام

DATA ENTERED

حافظ میاں محمد جمیل
بی، اے، فاضلِ اردو
فاضلِ علومِ اسلامیہ

ناشر:- نعمانی کتب خانہ
حق سٹریٹ اردو بازار
لاھور-۲

۲۹۷،۹۹۲
م ۳۸۳ مس
27986

جمُلہ حقوق بحق مُصنّف محفوظ ھیں

نام کتاب ـــــــ سیرتِ ابراہیم علیہ السّلام

صفحات ـــــــ تین سو چالیس ۳۴۰

نام مصنّف ـــــــ حافظ میاں محمد جمیل بی۔اے فاضل اُردو فاضل علوم اسلامیہ

طابع ـــــــ بشیر احمد نعمانی

سن طباعت ـــــــ ۱۵ اگست ۱۹۸۳ء

ملنے کا پتہ ـــــــ نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

کاتب ـــــــ حسین احمد گیلانی حق سٹریٹ اُردو بازار لاہور

تعداد ـــــــ ایک ہزار

قیمت ـــــــ -/۲۷

مطبع ـــــــ جاوید ریاض پرنٹرز، لاہور

Marfat.com

# فہرست


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| سخن آغاز | ۱۲ | نبی صرف مبلغ نہیں ہوتا بلکہ کائنات کے لیے نمونہ ہوتا ہے۔ | ۳۰ |
| اظہارِ تشکر | ۱۴ | تذکرۂ خلیل کا منشار | ۳۱ |
| انبیائے کرامؑ کے واقعات کا مقصد | ۱۷ | حضرت ابراہیمؑ خود اعلان فرماتے ہیں۔ | ۳۳ |
| نبوت کے اغراض و مقاصد | ۲۰ | تدبر و تفکر | ۳۶ |
| اصلاحِ معاشرہ | ۲۱ | آپؑ کے والد کا نام اور کام | ۳۷ |
| بد دیانتی کے خلاف جہاد | ۲۲ | ولادت باسعادت | ۴۰ |
| ہر نبی مصدق ہوتا ہے۔ | ۲۳ | آپؑ کے آبائی شہر کے تمدنی حالات | ۴۰ |
| نبی فضول رسموں سے نجات دلاتا ہے | ۲۴ | مذہبی حالات | ۴۱ |
| نبوت کے اغراض و مقاصد کا خلاصہ | ۲۵ | اللہ کا فضل و کرم | ۴۲ |
| انبیاء کے تقرر کی وجہ | ۲۶ | حضرت ابراہیمؑ کا چہرۂ مبارک | ۴۳ |
| نبیوں کا دستور العمل | ۲۶ | حضرت عائشہؓ کا خراج تحسین | ۴۴ |
| دعوت میں حسن اخلاق | ۲۶ | حضرت جابرؓ کے جذبات | ۴۴ |
| داعی حق کا بلا معاوضہ کام کرنا | ۲۸ | آپؑ کا جلال و جمال | ۴۵ |
| نبی داروغہ نہیں ہوتا صرف مبلغ ہوتا ہے۔ | ۲۹ | | |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| حضور اکرمؐ کا فرمان | ۴۶ |
| فانظروا الیٰ صاحبکم | ۴۶ |
| آپؐ اور ابراہیمؑ کی قدّوقامت میں فرق | ۴۶ |
| حضرت ابراہیمؑ کا ماحول | ۴۷ |
| حضرت ابراہیمؑ کی عظمت | ۴۸ |
| ابراہیم علیہ السلام کی اپنے رب کے حضور اطمینانِ قلب کیلیے درخواست | ۴۹ |
| میدانِ تبلیغ میں پہلا قدم باپ کے سامنے | |
| دعوتِ حق | ۵۱ |
| باپ کا جواب | ۵۲ |
| خلاصۂ خطاب | ۵۳ |
| عبادت بمعنی اطاعت | ۵۴ |
| عبادت بمعنی پرستش | ۵۵ |
| حضرت کا طریقِ کار | ۵۷ |
| دعوتِ حق دوسرے مرحلہ میں | ۵۸ |
| ارشادِ ابراہیمؑ۔ | ۵۹ |
| تقلید آبائی | ۶۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| تقلید کا انجام | ۶۵ |
| حضرت ابراہیمؑ کی گفتگو میں کمال درجے کا ادب | ۶۶ |
| قلبِ سلیم | ۶۸ |
| چاند سورج اور ستارہ پرستوں سے خطاب | ۶۹ |
| چاند سورج کی حقیقت | ۷۶ |
| اس نظام میں کوئی دخل نہیں دے سکتا | ۷۷ |
| حضرت ابراہیمؑ کی تحریک، آخری مرحلہ میں۔ | ۷۸ |
| حضرتؑ جلال میں آتے ہیں۔ | ۸۰ |
| امّتِ محمدیہؐ کے لیے بھی یہی طریقہ ہے | ۸۲ |
| ایمانداروں کو حکم | ۸۴ |
| اتفاق کی بات دیکھیے۔ | ۸۶ |
| ابراہیمؑ جو کہتے تھے وہ کر گزرتے تھے | ۸۷ |
| ابراہیمؑ بڑے ذہین تھے۔ | ۸۹ |
| زبردست ہنگامہ | ۹۰ |
| ابراہیمؑ زبردست بہادر تھے۔ | ۹۱ |
| حضور اکرمؐ بھی زبردست بہادر تھے | ۹۲ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جرگہ ابراہیمؑ سے سوال کرتا ہے | ۹۳ |
| ابراہیم کے خلاف کاروائی کا آغاز | ۹۵ |
| مشرک تشدد پر اُتر آئے | ۹۶ |
| مشرکین کی شروع سے یہی روش رہی ہے | ۹۷ |
| ابراہیم کے خلاف حکومت حرکت میں آتی ہے۔ | ۹۸ |
| حاکمِ وقت سے گفتگو | ۹۹ |
| امنِ عامہ کے تحت گرفتاری | ۱۰۱ |
| شاہی کونسل کا فیصلہ | ۱۰۲ |
| شاہی آرڈیننس | ۱۰۲ |
| ابراہیمؑ کی منفرد آزمائش | ۱۰۳ |
| آزمائش کے آخری لمحات | ۱۰۶ |
| خلیلِ خداؑ کامیاب مشرک ناکام ونامراد | ۱۰۸ |
| ابراہیمؑ کو باپ کا جواب | ۱۱۱ |
| ابراہیم گھر بار چھوڑتے ہیں | ۱۱۲ |
| دوستی کے حق دار۔ | ۱۱۵ |
| مشرک کے لیے کسی کو دعائے مغفرت کرنے کی اجازت نہیں۔ | ۱۱۶ |
| ابراہیمؑ کا باپ کے حق میں دعا کرنا تمہارے لیے نمونہ نہیں۔ | ۱۱۷ |
| قیامت کے روز آپ کے باپ کا انجام | ۱۱۸ |
| سب سے بڑا ظلم شرک ہے، | ۱۲۰ |
| حضرت ابراہیمؑ پر صرف ایک نوجوان ایمان لایا۔ | ۱۲۱ |
| خلیل خدا ہجرت فرماتے ہیں۔ | ۱۲۲ |
| ہجرت کا مقصد | ۱۲۳ |
| ہجرت معمولی کام نہیں | ۱۲۴ |
| نبی اپنی مرضی سے ہجرت نہیں کر سکتا | ۱۲۵ |
| تمام انبیاء نے ہجرت فرمائی | ۱۲۶ |
| جان جائے تو جائے ایمان نہ جائے | ۱۲۸ |
| کن حالات میں ہجرت کا حکم | ۱۲۹ |
| موت کے ڈر سے نکلنے والے مہاجر نہیں ہوا کرتے۔ | ۱۳۰ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| کسی دنیوی مفاد کے لیے نکلنا ہجرت نہیں | ۱۳۱ |
| مہاجرین کے لیے ہدایات | ۱۳۲ |
| مہاجرین کو بسانا حکومت اور عوام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ | ۱۳۴ |
| مہاجرین دونوں جہان میں کامیاب ہوں گے۔ | ۱۳۶ |
| ہجرت ایمان کی کسوٹی ہے۔ | ۱۳۷ |
| ہجرت کی دعا | ۱۳۸ |
| ہجرت نہ کرنے والے کا انجام | ۱۳۹ |
| مجبوروں کو معاف کیا جائے گا۔ | ۱۴۰ |
| صحابہؓ کی ہجرت کے سبق آموز واقعات | ۱۴۰ |
| ابراہیمؑ کی ہجرت | ۱۴۱ |
| پہلی منزل | ۱۴۲ |
| نیک بچے کے لیے دعا | ۱۴۳ |
| فلسطین میں قیام | ۱۴۴ |
| حضرت کی نازک ترین آزمائش | ۱۴۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| حضرت ہاجرہ ابراہیمؑ کی زوجیت میں | |
| حضرت اسمٰعیل کی ولادت مبارکہ | ۱۴۹ |
| ابراہیمؑ کی آزمائش | ۱۵۰ |
| اذاً لا یضیعنا اللہ | ۱۵۱ |
| وادٍ غیر ذی زرع | ۱۵۲ |
| اُمّ اسمٰعیل پر بھاری آزمائش | ۱۵۳ |
| حضرت اسمٰعیل اور اُمّ اسمٰعیل کو درخت کے نیچے بٹھایا۔ | ۱۵۵ |
| ابراہیمؑ واپس ملک شام کو چل دیئے | ۱۵۶ |
| حضرتؑ نے کہا اللہ ہماری حفاظت فرمائے گا۔ | ۱۵۷ |
| تاریخ سعی و مروہ | ۱۵۹ |
| جبریل نے ہاجرہ کو تسلی دی | ۱۶۱ |
| حضرت ابراہیمؑ کا خواب | ۱۶۱ |
| بیٹے سے اظہار | |
| اسمٰعیل کا جواب آداب فرزندی کی معراج | ۱۶۲ |
| شیطان کا اضطراب | ۱۶۲ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| ابراہیمؑ کی اپنے رب کے حضور قربانی | ۱۷۴ |
| مقصود امتحان تھا نہ کہ جان | ۱۷۶ |
| ابراہیم کو خدا نے اپنا دوست بنالیا | ۱۷۷ |
| ساری دنیا کی امامت | ۱۷۸ |
| قربانی کی وجہ تسمیہ | ۱۸۰ |
| ہر امت کے لیے قربانی | ۱۸۱ |
| امت محمدیہ کے لیے قربانی | ۱۸۲ |
| سنۃ ابیکم ابراہیمؑ | ۱۸۳ |
| جذبہ قربانی کو عام کیجیے۔ | ۱۸۴ |
| صحابہؓ پر جذبۂ قربانی کے اثرات | ۱۸۵ |
| ایثار کا عجیب واقعہ | ۱۸۶ |
| نیت قربانی | ۱۸۷ |
| قربانی کے متفرق مسائل | ۱۸۸ |
| حضرت اسحٰق کی ولادت باسعادت | ۱۹۵ |
| بچے کی بشارت سن کر حضرت سارہ مسکرائیں | ۱۹۶ |
| ابراہیمؑ کے معزز مہمانان گرامی | ۱۹۷ |
| اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ | ۱۹۸ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| حضرت اسحاق کا قیام و وفات | ۲۰۰ |
| حضرت اسحاق کو اللہ نے بڑی برکت دی۔ | ۲۰۱ |
| حضرتؑ کو اللہ نے عزت و عظمت سے نوازا | ۲۰۲ |
| ابراہیمؑ نے فرشتوں سے استفسار کیا۔ | ۲۰۳ |
| فرشتوں نے عرض کیا اب جانے بھی دیجیے۔ | ۲۰۴ |
| حضرت لوط کے حالات و واقعات | ۲۰۷ |
| مقام پیدائش۔ | ۲۰۷ |
| حضرت لوط کا قوم سے پہلا خطاب | ۲۰۸ |
| قوم لوط کے جرائم | ۲۰۹ |
| بدکردار گندے لوگ | ۲۱۰ |
| دنیا میں پہلی بے حیائی | ۲۱۱ |
| قوم کا ظالمانہ مذاق | ۲۱۲ |
| لوطؑ کی اپنے رب کے حضور آرزو | ۲۱۳ |
| قوم لوط دوڑتی ہوئی آئی۔ | ۲۱۵ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| حضرت پریشان ہو گئے | ۲۱۷ | مقام ابراہیمؑ | ۲۳۴ |
| فرشتے اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں | ۲۱۸ | فضائل مکہ | ۲۳۵ |
| فرشتوں نے لوطؑ کو تسلی دی | ۲۲۰ | کائنات میں محبوب بستی | ۲۳۸ |
| الیس الصُّبح بقریب | ۲۲۱ | مرکز ملت | ۲۴۰ |
| قوم لوط کو تہس نہس کر دیا گیا۔ | ۲۲۱ | دارالامن | ۲۴۱ |
| جناب لوط علیہ السلام کی بیوی عذاب میں گرفتار ہو گئی۔ | ۲۲۳ | روحانی برکت | ۲۴۲ |
| ایمان کے بغیر کوئی رشتہ فائدہ مند نہیں ہوتا۔ | ۲۲۴ | تکمیل کعبہ کے بعد ذمہ داریاں | ۲۴۲ |
| قوم لوط پر صبح کے وقت عذاب آیا | ۲۲۶ | تولیت کعبہ کا مشرک کو کوئی حق نہیں۔ | ۲۴۳ |
| حضرت لوطؑ نے صغر میں قیام فرمایا | ۲۲۷ | جنگ و جدال سے پاک رکھا جائے | ۲۴۴ |
| واقعۂ لوط کا مقصد | ۲۲۹ | تعمیر کعبہ کے بعد ابراہیم کی دعائیں۔ | ۲۴۵ |
| تعمیر کعبہ کا حکم | ۲۲۹ | اے اللہ ہمیں اور ہماری اولاد کو مسلمان رکھنا۔ | ۲۴۶ |
| تاریخ کعبۃ اللہ | ۲۳۰ | الٰہی لوگوں کو ان کا مشتاق بنا دے | ۲۴۷ |
| بنائے ابراہیمؑ | ۲۳۱ | میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نمازی رکھنا۔ | ۲۴۸ |
| حضرت ابراہیمؑ اسماعیلؑ کی خبرگیری کے لیے آیا کرتے تھے۔ | ۲۳۲ | خدا قیامت کے روز سب مومنوں کو معاف فرمادے گا۔ | ۲۴۹ |
| ابراہیم نے کہا چوکھٹ کی حفاظت کرنا | | | |

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| خدایا دعاؤں کو قبول فرما۔ | ۲۴۹ | ملّتِ حنیف | ۲۶۹ |
| مؤذنِ حج اور پہلا حاجی | ۲۵۰ | ملّت ابراہیم کی اساس | ۲۷۱ |
| اعلانِ حج | ۲۵۱ | حضرت یوسفؑ نے ملّت کی یوں | |
| فرضیتِ حج | ۲۵۲ | تعریف کی۔ | ۲۷۱ |
| فضیلت حج | ۲۵۳ | سرورِ کائناتؐ ملّت حنیفؑ کی | |
| میقات احرام تلبیہ | ۲۵۵ | وضاحت فرماتے ہیں۔ | ۲۷۲ |
| طواف کعبہ | ۲۵۶ | حضرتؑ کی زبردست شخصیت | ۲۷۳ |
| مقام ابراہیمؑ | ۲۵۸ | صاحبِ قلبِ سلیم | ۲۷۴ |
| زمزم وسعی صفا مروہ | ۲۵۸ | حوصلہ مند مشفق تھے | ۲۷۵ |
| اسلامی انقلاب کی تکمیل | ۲۶۰ | ابراہیمؑ صدیق | ۲۷۷ |
| وقوف عرفات | ۲۶۰ | صداقت ابراہیم | ۲۷۸ |
| مزدلفہ میں قیام | ۲۶۲ | لفظ کذب کے معنے | ۲۷۹ |
| واپس منیٰ میں قیام وکام | ۲۶۳ | دوسرا موقف | ۲۸۱ |
| جدّ انبیاء کا انتقال پر ملال | ۲۶۵ | تیسرا نظریہ | ۲۸۴ |
| حضرت ابراہیمؑ کو امت محمدیہ سے محبت | ۲۶۶ | بتوں کو زیروزبر کرنا | ۲۸۵ |
| اتباع ابراہیمؑ کا انکار بے وقوفی ہے | ۲۶۷ | حضرت کی بیماری | ۲۸۷ |
| آپ صاحبِ کتاب نبی تھے۔ | ۲۶۸ | اِنّکَ اُخْتِی | ۲۸۹ |
| حضرت کی زبان عربی یا عبرانی | ۲۶۸ | آپ کا جھوٹ سے زبردست اجتناب | ۲۸۹ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| روزِ محشر لفظ کذب استعمال کرنا | ۲۹۰ | کتاب اللہ کو فروخت کرنا | ۳۰۸ |
| ابراہیم علیہ السلام کی منفرد خوبی | ۲۹۳ | حق و باطل کا التباس نہ کرو | ۳۰۸ |
| یہود و نصاریٰ کا کردار | ۲۹۴ | کتاب اللہ کے ساتھ ان کا سلوک | ۳۰۹ |
| بادشاہوں کی عبادت کرنے والی | | کتاب الٰہی سے بے پرواہی کرنا | ۳۰۹ |
| قوم۔ | ۲۹۵ | کتاب اللہ کے کچھ حصّے کو معطل کرنا | ۳۱۰ |
| گائے پرستی | ۲۹۷ | کتاب میں اضافے کی جسارت | ۳۱۰ |
| اللہ تعالے سے مذاق کرنے والے | ۲۹۸ | ملائکہ کے ساتھ عداوت رکھنے | |
| اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنا | ۲۹۹ | والے۔ | ۳۱۱ |
| ذاتِ کبریا کے شریک بنانے والے | ۳۰۰ | تارکِ نماز قوم | ۳۱۲ |
| خدا کے بیٹے ٹھہرانا | ۳۰۱ | ملّتِ حنیف میں نماز کی اہمیت | ۳۱۲ |
| حضرت موسیٰ کو پریشان کرنے والے | ۳۰۲ | آخرت کے بارے میں خوش فہم | ۳۱۴ |
| انبیاء کے گستاخ | ۳۰۳ | بلکہ آخرت کے منکر | ۳۱۵ |
| انبیائے کرامؑ پر الزام لگانے والے | | حرام خور | ۳۱۶ |
| حضرت موسیٰؑ پر سنگین الزام لگانے والے | ۳۰۴ | عبادات و اخلاقیات سے عاری | |
| حضرت سلیمانؑ پر الزام | ۳۰۴ | قوم | ۳۱۶ |
| حضرت ہارونؑ پر بت پرستی کا الزام | ۳۰۵ | ابراہیمؑ سب سے کٹ گئے | ۳۱۹ |
| نبیوں کے قاتل | ۳۰۶ | حضرتؐ کس کے ساتھ صرف اُمّت | |
| نصاریٰ کا اقبالِ جرم | ۳۰۷ | محمدیہ کا تعلق ہے | ۳۱۹ |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بڑے مہمان نواز | ۳۲۰ |
| حضرتؑ صاحب قوت و معرفت تھے۔ | ۳۲۱ |
| آپ اپنی ذات میں انجمن، جامع صفات تھے۔ | ۳۲۲ |
| دنیاوی عزت و عظمت | ۳۲۳ |
| دینی عظمت و فضیلت | ۳۲۳ |
| ساری دنیا کی قیادت سیادت | ۳۲۴ |
| آپؑ کی ازواجِ مطہرات | ۳۲۵ |
| حضرت سارہ اور ان کے لختِ جگر | ۳۲۵ |
| حضرت سارہ کو فرشتوں نے تسلی دی | ۳۲۶ |
| حضرت اسحٰق علیہ السلام | ۳۲۷ |
| آپؑ کی وفات، اولاد | ۳۲۸ |
| حضرت ہاجرہ آپ کے فرزندِ ارجمند | ۳۲۸ |
| بڑے صاحبزادے اسماعیلؑ کا مسکن | ۳۲۹ |
| حضرت اسماعیلؑ کے مناقب | ۳۳۰ |
| ذبیح اللہ | ۳۳۱ |
| معمارانِ کعبہ | ۳۳۲ |
| خدامِ کعبہ | ۳۳۳ |
| نبی اکرمؐ کا اسماعیلؑ کو خراجِ تحسین | ۳۳۳ |
| اولادِ اسمٰعیلؑ | ۳۳۵ |
| حضرتؑ کی تیسری بیوی | ۳۳۶ |
| حضرت قطورا سے اولاد | ۳۳۶ |
| عظیم خانوادۂ نبوت | ۳۳۶ |
| آخری التجا۔ | ۳۳۵ |


Marfat.com

# آغازِ سخن

## وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ

قرآن مجید نے خلیلِ خدا جدِ انبیاء کے حالات و واقعات اس لیے بیان فرمائے تاکہ دینِ حنیف کا کام کرنے والوں کے لیے ان کی مساعی جلیلہ و جمیلہ روشنی کا مینار ثابت ہو۔ اس لیے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور آپ کے متبعین کو حکم دیا گیا۔

ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ
حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

(النحل ۱۲۳ پ۱۴)

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ
وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ (ممتحنہ ۴ ، پ۲۸)

مقصود بیان یہ کہ جس طرح حضرت ابراہیم اور ان کے ساتھیوں نے شدید ترین مشکلات و مصائب کے باوجود اپنے کام کو جاری و ساری رکھا

Marfat.com

نتیجتاً دنیا کی قیادت و سیادت عزّت و عظمت کا تاج ان کے سر پر رکھا گیا۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّهٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ ○

(بقرۃ ۱۲۴ پ۱)

اگر آپ اور آپ کے رُفقاء اسی راستے پر گامزن رہے تو باطل قوتیں اور سازشیں بالآخر ناکام و نامراد ہو جائیں گی۔ اور کلاہ افتخار و امتیاز سے آپ کو نوازا جائے گا۔

کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ۔

(آل عمران ۱۱۰ پ۴)

# اِظہارِ تشکّر

سب تعریف و توصیف ربِ لم یزل کے لیے جس نے جدِّ انبیا
خلیلِ خدا نبیوں کے پیشوا کی سیرتِ طیّبہ مجھ جیسے گناہ گار سیاہ کار
کو لکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔

الحمد اللہ علیٰ ذالک

من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ

محترم و مکرّم جناب ڈاکٹر محمّد راشد صاحب رندھاوا

میں ڈاکٹر صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے اپ
عادتِ صالحہ کے مطابق نہ صرف اخلاقی حوصلہ افزائی فرمائی۔ بلکہ
لائبریری سے مطلوبہ کتب بھی مطالعہ کے لیے عنایت فرمایئں۔ اللہ تع
ان کے مال واقبال میں اضافہ فرماتے۔

Marfat.com

# مُخلص رُفقاء

ربِّ کریم کے انعامات میں سے مُخلص رُفقاء بھی بہت
بڑا انعام ہوتے ہیں۔ اس لیے ، !

## برادرم چوہدری محمدؐ سعید صاحب گھلن، لاہور

## جناب چوہدری محمدؐ انور صاحب آف میاچنوں (لاہور)

میں اِن برادران کا دل کی گہرائیوں کے ساتھ شکریہ ادا کیے بغیر نہیں
رہ سکتا کہ جنہوں نے کاروباری شراکت کے باوجود مجھے اوقاتِ کار میں سے
لکھنے پڑھنے کا موقعہ عنایت فرمایا۔ ربّ العزّت ان ساتھیوں کو دنیا
و آخرت میں اجرِ عظیم کے ساتھ عزّتوں سے ہم کنار فرمائے۔ آمین
ثمّ آمین

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت بھیج (حضرت) محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

جس طرح تو نے رحمت بھیجی (حضرت) ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیمؑ پر

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

یقیناً تو ہی تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ برکت کر (حضرت) محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر

کَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

جس طرح تو نے برکت دی ابراہیمؑ کو اور آلِ ابراہیمؑ کو

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

یقیناً تو ہی تعریف والا اور بزرگی والا ہے

# انبیائے کرام کے واقعات کا مقصد

انبیائے کرام کے واقعات بیان کرنے کا مقصد خود قرآن حکیم نے واضح اور نمایاں کر دیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ | اے نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم جو نبیوں |
| مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا | کے واقعات ہم آپ کے سامنے بیان |
| نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ | کرتے ہیں۔ ان سے ہمارا مقصد آپ |
| وَجَآءَكَ فِیْ هٰذِهِ | کے دل کو ڈھارس دینا ہے۔ اور آپ |
| الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّ | کے پاس ان میں حق پہنچ چکا۔ اس میں |
| ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔ | مومنوں کے لیے بھی نصیحت و عبرت |
| (هود ۱۲۰ پ ۱۲) | ہے۔ |

پہلی حکمت کا تعلق نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے ہے آپ خلوص و محبت سے جب لوگوں کو سمجھاتے لوگ سمجھنے کی بجائے اعراض و انکار اور بے جا تکرار کرنے لگتے تو آپ کا دل مضطرب ہو جاتا۔ جیسا کہ دوسرے مقام میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

Marfat.com

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ۔ (الشّعراء پ۱۹)

شاید آپ اپنی جان کھودیں گے کہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

اِس لیے فرمایا کہ ہم آپ کو پہلی اقوام کے واقعات سنائے دیتے ہیں۔ تاکہ آپ پر واضح ہو جائے کہ پہلے انبیائے عظام کے ساتھ بھی لوگوں نے یہی سلوک کیا تھا۔ لیکن عزت وعظمت فتح ونصرت انبیاء علیہم السلام اور ان کے مخلص ساتھیوں کو ہی نصیب ہوئی ذلّت ورسوائی ناکامی ونامرادی حق سے اعراض کرنے والوں کو پہنچی۔

دوسری حکمت مومنین کے لیے ہے کہ وہ اِن واقعات میں عبرت وموعظت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اندر ایمان کی تازگی محسوس کریں۔ جیسا کہ کلامِ مجید میں ارشاد ہوا۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔

(انفال ۲ پ۱۹)

سچے ایمان دار تو وہ لوگ ہیں۔ جن کے دل اللہ کا ذکر سن کر لرز جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے رب کے فرمودات بیان کیے جاتے ہیں تو ان کا ایمان زیادہ ہو جاتا ہے، اور وہ اپنے رب پر اعتماد رکھتے ہیں۔

# ہر قوم کے لئے نبی

لِکُلِّ اُمَّۃٍ رَّسُوْلٌ ج

(یونس ۴۷ پ ۱۱)

ہر امّت کے لیے رسول بھیجا گیا۔

مَا اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِکُلِّ وْمٍ ھَادٍ۔

رعد، پ ۱۳)

آپ ان کو ڈرانے والے (انجام بد سے) ہیں اور ہر قوم کے لیے راہنما مقرر کیا گیا تھا۔

# کچھ انبیاء کا ذکر کیا اور کچھ کا ذکر نہیں کیا

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ط وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ج فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ

اے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیج چکے ہیں۔ جن میں سے بعض کے حالات تو بیان کر دیئے اور کچھ کے نہیں بتائے۔ کسی رسول کو بھی یہ طاقت نہ تھی کہ اللہ تعالٰے کے اذن کے بغیر خود کوئی نشانی (معجزہ) لے آتا۔ پھر جب اللہ کا حکم آگیا تو حق

Marfat.com

الْمُبْطِلُوْنَ۔ | کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا اس وق
(مومن ۷۸ پ ۲۴) | نقصان (تباہی) میں رہے بدکار

# نبوّت کے اغراض و مقاصد

ایک اللہ کی بندگی کی دعوت اور دوسرے معبودان کا انکا
کیا جائے۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِہٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ط

(اعراف ۵۹ پ)

ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ اس نے کہا اے میری قوم ایک اللہ کی بندگی کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ط قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ط اَفَلَا تَتَّقُوْنَ۔

(اعراف ۶۵ پ)

اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو روانہ کیا۔ انہوں نے کہا اے میری قوم صرف ایک اللہ کی اطاعت و بندگی کرو۔ اس کے بغیر تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں

# اصلاحِ معاشرہ

انبیائے کرام نے دعوتِ توحید کے ساتھ اصلاحِ معاشرہ فریضہ بھی سرانجام دیا ہے۔ چنانچہ لوط علیہ السلام نے عوتِ توحید کے بعد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ | ہم نے لوط علیہ السلام کو رسول |
| أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا | بنا کر بھیجا۔ پھر یاد کرو۔ جب |
| سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ | حضرت لوط علیہ السلام نے کہا۔ |
| أَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | اے میری قوم کیا تم ایسے |
| إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ | بے حیا ہو گئے ہو۔ کہ بے حیائی |
| الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ | کا وہ کام کرتے ہو۔ جو تم سے |
| دُونِ النِّسَاءِ ۭ بَلْ | پہلے دنیا میں کسی نے نہیں کیا۔ |
| أَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝ | تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے |
| وَمَا كَانَ جَوَابَ | اپنی خواہش پوری کرتے ہو۔ تم |
| قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ | تو بالکل حد سے گذر جانے والی |
| قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ | قوم ہو۔ مگر اس قوم کا جواب |
| مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ إِنَّهُمْ | اس کے سوا کچھ نہیں تھا۔ نکال |
| أُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ۝ | دو ان لوگوں کو اپنی بستی سے |
| (اعراف ۸۰، ۸۱، ۸۲۔ پ) | یہ بڑے پاک باز بنتے ہیں۔ |

Marfat.com

# بددیانتی کے خلاف جہاد

حضرت شعیب علیہ السلام نے شرک اور لین دین میں بد دیانتی کے خلاف جدّ و جہد فرمائی۔

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ
شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ
مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ
جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَیْلَ
وَالْمِیْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا
النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ
وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ
بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ
خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِیْنَ ۚ وَلَا تَقْعُدُوْا
بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ
وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ
اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ

اہل مدین کی طرف ہم نے شعیب
علیہ السلام کو بھیجا۔ اس نے کہا
اے میری قوم صرف ایک
اللہ کی عبادت کرو۔ اس
کے بغیر تمہارا کوئی معبود نہیں
تمہارے پاس تمہارے رب کی
صاف ہدایت آچکی ہے۔ لہٰذا
وزن اور پیمانے پورے کرو۔
لوگوں کو اُن کی چیزیں کم نہ دو
زمین میں فساد برپا نہ کرو۔ جب
کہ اس کی (عذاب لوطؑ کے بعد)
اصلاح ہو چکی ہے۔ اسی میں
تمہاری بہتری ہے۔ اگر تم مومن
ہو۔ اور (زندگی کے) ہر
راستے پر (رہزن بن کر) نہ بیٹھو

Marfat.com

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ج وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ○

(اعراف ۸۵، ۸۶)

(پ ۸)

کہ لوگوں کو خوف زدہ کرنے اور ایمان لانے والوں کو خدا کے راستے سے روکنے لگو۔ اور سیدھی راہ کو ٹیڑھا کرنے کی کوشش کرو۔ یاد کرو جب تم بالکل تھوڑے تھے۔ پھر اللہ نے تم کو بہت زیادہ کر دیا۔ آنکھیں کھول کر دیکھو۔ مفسدین کا کیا حشر ہوا

# ہر نبی مصدّق ہوتا تھا

ہر آنے والا نبی پہلے نبی کی تصدیق کرتا تھا۔ تاکہ سلسلۂ نبوّت کی کڑی سے کڑی ملتی جائے۔ اور بنیادی (اُمور میں) کام کا تسلسل قائم رہے۔

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ

یاد کرو عیسیٰ ابن مریم کی وہ بات جو آپ نے کہی تھی۔ اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ تصدیق کرنے والا ہوں۔ اُس تورات کی، جو مجھ سے

Marfat.com

وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝
(پ ۲۸ الصّف ۶)

پہلے اتری تھی۔ اور بشارت دینے والا ہوں، ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا۔ جس کا نام احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوگا۔ مگر وہ جب ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آیا تو کہنے لگے یہ تو صریح سحر ہے۔

## نبی فضول رسموں سے نجات دلاتا ہے

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبٰٓىٕثَ وَیَضَعُ عَنْهُمْ

(پس آج رحمت انہیں کا حصہ ہے) جو اس نبیٔ اُمّی کی پیروی کریں جس کا ذکر ان کو تورات اور انجیل میں لکھا ہوا ملتا ہے۔ وہ ان کو نیکی کا حکم دیتا اور برائی سے روکتا ہے۔ ان کے لیے پاک چیزیں حلال اور ناپاک حرام کرتا ہے۔ اور ان سے بوجھ اتارتا ہے۔ جو اُن پر لادے ہوئے تھے۔ وہ طوق

اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۠ (الاعراف ۱۵۷ پ۹)

کھولتا ہے جن میں یہ جکڑے ہوئے تھے۔ لہٰذا جو لوگ اِس پر ایمان لائیں اور اِس کی حمایت اور مدد کریں اور اس روشنی کے پیچھے چلیں۔ جو اس کے ساتھ نازل ہوئی۔ وہی فلاح پانے والے ہیں۔

# نبوّت کے اغراض و مقاصد کا خلاصہ

(۱) كَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ یَتْلُوْا عَلَیْكُمْ اٰیٰتِنَا وَیُزَكِّیْكُمْ وَیُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَیُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ؕ (البقرۃ ۱۵۱ پ۲)

اسی طرح ہم نے تم سے ہی تم میں رسول بھیجا۔ جو تم کو ہماری آیات سناتا ہے۔ تمہاری زندگیوں کو (کا تزکیہ کرتا) سنوارتا ہے اور تمہیں کتاب و حکمت کی تعلیم سے آراستہ کرتا ہے اور تمہیں وہ کچھ سکھا رہا ہے۔ جو تم نہیں جانتے تھے۔

Marfat.com

# انبیاء علیہم السلام کے تقرر کی وجہ

رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰہِ حُجَّۃٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا ۝

(النسا ۱۶۵، پ ۶)

یہ سارے رسول خوشخبری دینے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے گئے تاکہ ان کو مبعوث کر دینے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ تعالےٰ کے مقابلے میں دلیل (عذر) باقی نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ (ہر حال میں) غالب رہنے والا اور حکیم ہے۔

# نبیوں کا دستور العمل

## ۱۔ دعوت میں حسن اخلاق کو ملحوظ رکھنا

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ. وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَۃُ

اور اُس آدمی کی بات سے اچھی بات کس کی ہو سکتی ہے۔ جس نے اللہ کی طرف بلایا۔ نیک عمل کیا اور کہا میں مسلمان ہوں۔ اے نبی نیکی اور بدی برابر نہیں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ | ہے۔ تم بدی کا جواب نیکی سے دو |
| هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ | جو بہترین ہو۔ دیکھو گے۔ تمہارے |
| بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ | ساتھ جس کی عداوت ہے۔ وہ |
| كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ○ | تمہارا گہرا دوست ہو جائے گا۔ |

(سجدۃ ۳۴، ۳۳ - پ ۲۴)

| | |
|---|---|
| اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ | اے موسیٰؑ آپ دونوں فرعون |
| اِنَّهٗ طَغٰى ○ | کی طرف جائیں یقیناً بڑا سرکش |
| فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا | ہے لیکن آپ اس کے ساتھ بات |
| (طٰہٰ ۴۳، ۴۴ پ ۱۶) | نرمی سے کرنا۔ |

| | |
|---|---|
| اُدْعُ اِلٰى سَبِیْلِ رَبِّكَ | اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے |
| بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ | رب کے راستے کی طرف دعوت |
| الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ | دو۔ حکمت اور عمدہ طریقے (نصیحت) |
| بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ | کے ساتھ۔ اور لوگوں سے بہترین |
| اِنَّ رَبَّكَ هُوَ | انداز میں بحث کرو۔ تمہارا رب |
| اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ | خوب جانتا ہے، کون اس کے راستے |
| عَنْ سَبِیْلِهٖ وَهُوَ | سے بھٹک گیا ہے اور کون صراطِ |
| اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ○ | مستقیم پر گامزن ہے۔ |

(النحل ۱۲۵، پ ۱۴)

Marfat.com

# ۲۔ داعیِ حق کا بلا معاوضہ کام کرنا

دعوتِ حق دینے والے میں اس خوبی کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ وہ غیر مبہم طریق سے اعلان کرے۔ کہ

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰي لِلْعٰلَمِيْنَ ۝

(انعام ۹۰، پ)

اے نبی کہہ دو کہ میں تبلیغ کے کام پر کسی اجر کا طالب نہیں ہوں۔ یہ تو نصیحت ہے تمام دنیا والوں کے لیے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝

صٓ ۸۷،۸۸، پ۲۳

اے نبی آپ کوئی اس کی مزدوری (تنخواہ) تو نہیں مانگ رہے یہ تو نصیحت ہے اس دنیا کے لیے۔

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝

(سبا ۴۷، پ۲۲)

اے (پیارے) رسول آپ فرما دیں۔ میں تم سے کسی اجر کا خواہاں نہیں ہوں۔ وہ تمہارے ہی لیے ہے۔ میرا اجر تو اللہ پاک کے ذمہ ہے وہ ہر چیز پر شاہد ہے۔

❋

Marfat.com

# نبی داروغہ نہیں ہوتا بلکہ صرف مبلّغ ہوتا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ | اے پیارے نبی آپ فرما دیں |
| قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ | لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی |
| مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ | طرف سے حق آچکا ہے۔ اب |
| اهْتَدٰى فَاِنَّمَا | جو صحیح راستہ اختیار کرے گا |
| يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ | اس ٹھیک راستے کا اُسی کو |
| وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا | فائدہ ہوگا اور جو گمراہ ہوگیا۔ اسی |
| يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ | کو گمراہی کا نقصان ہے۔ میں |
| اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ؕ | تمہارے اوپر کوئی حوالہ دار |
| (یونس آیت ۱۰۸، پ ۱۱) | نہیں بنایا گیا۔ |
| وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ | آپ ان پر چوکیدار نہیں مقرر |
| بِوَكِيْلٍ۔ | کیے گئے۔ |
| فَذَكِّرْ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ | آپ نصیحت کیے جائیں۔ |
| مُذَكِّرٌ ؕ لَّسْتَ عَلَيْهِمْ | آپ تو بس نصیحت ہی کرنے والے |
| بِمُصَيْطِرٍ ۙ | ہیں۔ آپ کو ان پر جبر کرنے |
| (الغاشیہ ۲۱، ۲۲۔ پ ۳۰) | والا نہیں بنایا گیا۔ |
| لَآ اِكْرَاهَ فِي | دین کے معاملہ میں کوئی |
| الدِّيْنِ ۙ قف۔ | جبر نہیں۔ (غیر مسلموں کیلیے) |

(پ۳ بقرہ ۱۶۵)

Marfat.com

# نبی صرف مبلّغ نہیں بلکہ کائنات کے لیے نمونہ ہوتے ہیں

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ۔

(احزاب ۲۱ - پ ۲۱)

تمہارے لیے اللہ کے رسول کی ذاتِ گرامی بہترین نمونہ ہے۔

## بے داغ زندگی

فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْکُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِہٖ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ہ

(یونس ۱۶ - پ ۱۱)

مَیں نے نبوّت سے پہلے تم میں کافی زندگی گزاری ہے (اتم نے مجھ میں کوئی عیب نہیں پایا) کچھ عقل تو کرو۔

Marfat.com

# تذکرۂ خلیل علیہ السلام کا منشاء

قرآنِ مجید کا حضرتِ خلیل علیہ السّلام کی حیاتِ طیّبہ کے مختلف گوشوں پر تفصیلی روشنی ڈالنے کا مقصد و منشاء یہ ہے کہ اہلِ عرب بالعموم اور قریش بالخصوص حضرتِ والا کی ذاتِ بابرکات کے ساتھ اپنا تعلق بڑے فخریہ انداز میں بیان کرتے اور ان کے متّبع ہونے پر بڑے نازاں تھے۔ اور ساتھ ہی ساتھ یہ دعویٰ بھی کہ صرف ہم ہی ملّتِ حنیف کے فدائی اور شیدائی ہیں۔ مشرکینِ عرب کے علاوہ یہود و نصاریٰ بھی اپنی اپنی جگہ ان کو اپنا پیشوا گردانتے تھے۔

کلامِ مجید نے پکارا کہ تم جھوٹے ہو۔ اور ربِّ کائنات سچ فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ | آپ اعلان فرما دیں اللہ تعالےٰ |
| فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ | نے سچ فرمایا ہے۔ آپ یکسو |
| اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط | ہو کر عبادت کرنے والے حضرت ابراہیمؑ |
| وَمَا كَانَ مِنَ | کے طریقہ کی اتباع کرتے جائیں |
| الْمُشْرِكِيْنَ۔ | جناب ابراہیم علیہ السّلام اشرک |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (آل عمران ۹۵، پ۴) | کرنے والوں میں نہ تھے۔ |
| قُلْ اِنَّنِیْ ھَدٰىنِیْ | آپ کہہ دیں میرے رب |
| رَبِّیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ | نے یقیناً مجھے ٹھیک راستے پر |
| مُّسْتَقِیْمٍ ۚ دِیْنًا | چلا دیا ہے۔ بالکل صحیح راستہ |
| قِیَمًا مِّلَّةَ | جس میں کوئی عیب نہیں ہے! |
| اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ۚ | ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ |
| وَمَا كَانَ مِنَ | جس کو اُس نے یکسو ہوکر اختیار |
| الْمُشْرِكِیْنَ ۝ | کیا تھا اور اُن کا مشرکوں کے |
| (انعام ۱۶۱-پ۸) | ساتھ کوئی تعلق نہ تھا۔ |

( وہ تو ساری زندگی شرک کے خلاف برسرپیکار رہے )

| | |
|---|---|
| قَدْ كَانَتْ لَكُمْ | تمہارے لیے ابراہیم علیہ السلام |
| اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ | اور ان کے ساتھی بہترین نمونہ |
| فِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَ | ہیں۔ کہ انہوں نے اپنی قوم |
| الَّذِیْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ | سے صاف صاف کہہ دیا، ہم |
| قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ | تم سے اور تمہارے باطل معبودوں |
| اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ | سے سخت بیزار ہیں۔ ہم تمہارا اور |
| وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ | تمہارے معبودوں کا انکار کرتے ہیں ہمارے اور |
| مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ | تمہارے درمیان ہمیشہ ہمیشہ |
| كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا | کے لیے لڑائی اور عداوت ہو |

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ (الممتحنہ ۴، پ۲۸)

گئی ہے۔ جب تک تم (ان کو چھوڑ کر) ایک اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت نہ کرو۔

## حضرت ابراہیم علیہ السلام آزر خود اعلان کرتے ہیں

قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (الانعام ۷۸، ۷۹ - پ۷)

اے برادرانِ قوم! میں اِن سے بیزار ہوں۔ جن کو تم خدا کا شریک بناتے ہو۔ میں نے تو ہمہ تن گوش ہو کر اپنا چہرہ اُسی ہستی کی طرف کر لیا ہے۔ جس نے زمین و آسمان پیدا فرمائے اور میں ہرگز شرک کرنے والوں کا ساتھی نہیں ہوں۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ

اُس کی قوم اس سے جھگڑنے لگی تو اس نے قوم سے فرمایا۔ کیا تم لوگ اللہ تعالےٰ کے معاملے میں مجھ سے جھگڑتے

مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ
اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ
رَبِّيْ شَيْـًٔا ط وَسِعَ
رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ط
اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ہ
وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ
اَشْرَكْتُمْ وَلَا
تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ
اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ
مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ
عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ط
فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ
اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ج
اِنْ كُنْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ ۔

(الانعام ۸۰، ۸۱ پ ۷)

ہو۔ حالانکہ اُس نے مجھے راہِ مستقیم دکھا دی ہے اور میں تمہارے ٹھہرائے ہوئے معبودوں سے نہیں ڈرتا۔ اِلّا یہ کہ میرا رب کچھ کرنا چاہے تو ضرور ہو جائے گا۔ میرے رب کا علم ہر چیز پر حاوی ہے۔ کیا پھر بھی تم نصیحت حاصل کرنے کے لیے تیار نہیں؟ آخر میں تمہارے معبودانِ باطل سے کس طرح ڈروں۔ جبکہ تم اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو شریک بناتے ہوئے نہیں ڈرتے جن کے لیے تمہارے پاس اُس اللہ نے کوئی دلیل نہیں اتاری۔

Marfat.com

# اہلِ کتاب تم نے کمال کر دیا

يَاهْلَ الْكِتٰبِ — اے اہلِ کتاب تم حضرت ابراہیم
لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ — علیہ السلام کے بارے میں ہم
وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ — سے جھگڑ رہے ہو۔
وَالْاِنْجِیْلُ اِلَّا — حالانکہ تورات اور انجیل دونوں
مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ — آپ (ابراہیم علیہ السلام) کے بعد
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ — نازل ہوئی ہیں۔ کیا تم یہ بھی
(آل عمران ۶۵۔ پ ۳) — بات سمجھنے کے لیے تیار نہیں ہاں
هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ — تم لوگ جھگڑ چکے جس میں تمہیں کچھ
حَاجَجْتُمْ فِیْمَا لَكُمْ بِهٖ — علم تھا۔ اب اس معاملہ میں
عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ — کیوں جھگڑتے ہو۔ جس کا تمہارے
فِیْمَا لَیْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ — پاس علم نہیں۔ اللہ تعالے تو
وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ — جانتے ہیں۔ لیکن تم علم نہیں
لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ — رکھتے۔
مَا كَانَ اِبْرٰهِیْمُ یَهُوْدِیًّا — حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی
وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّلٰكِنْ — تھے اور نہ عیسائی۔ وہ سچے مسلمان
كَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا — تھے۔ اور ان کا مشرکوں کے ساتھ
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ — کوئی تعلق نہ تھا۔

(آل عمران، پ ۳)

Marfat.com

# آپ کے ساتھ تعلق

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرَاهِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْاؕ وَاللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

اٰلِ عمران آیت ۶۸ ۔ پارہ ۳۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ نسبت رکھنے کا حق تو ان لوگوں کو ہے جو ان کے تبع تھے اور پھر اس نبی (محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم) کو آپ کے صحابہ کرام (ماننے والے) ان کے ساتھ نسبت رکھنے کے زیادہ حق دار ہیں۔ اللہ ان کا حامی و مددگار ہے۔ جو اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

# تدبّر و تفکّر

یعنی جو دین حضرت ابراہیم علیہ السلام لے کر آئے تھے۔
مگر ان کا باپ اور قوم ماننے کی بجائے مخالف ہو کر ذلیل و خوار ہوئے۔
بالکل اُسی دین کی دعوت تمہارے عزیز حضرتِ محمّد صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم تمہیں دے رہے ہیں۔ تم بھی تسلیم و رضا کی بجائے جنگ و جدال پر اتر آئے ہو۔ کہیں تمہارا حشر بھی وہ نہ ہو۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مخالفین کا ہوا۔

وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝ (الانبیاء ۷۰ پ۱۷)

وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ذلیل کرنا چاہتے تھے۔ لیکن ہم نے ان کو ناکام (ذلیل) کر دیا۔

بلکہ

وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ۗ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ (النحل ۱۲۲ پ۱۴)

ہم نے اس کو دنیا میں عزت و عظمت سے نوازا اور آخرت میں وہ نیک لوگوں کا ساتھی ہوگا۔

## والد کا نام اور کام

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىْۤ اَرٰٮكَ وَقَوْمَكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (انعام ۷۵، پ۸)

جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے کہا۔ کیا آپ بتوں کو الٰہ (معبود) بناتے ہیں میں آپ کو اور آپ کی قوم کو واضح گمراہی میں دیکھ رہا ہوں۔

Marfat.com

مورخین اور تورات نے آپ کے والد کا نام تارخ بتایا ہے۔ اور کلام مجید نے آزر کے نام سے پکارا۔ اس لیے قرآن مجید اور مورخین کے خیالات میں فرق ختم کرنے کے لیے مختلف راہیں اختیار کی گئیں۔

ایک مفسّر کا خیال ہے۔ حضرت کے والد آپ کی پیدائش کے بعد جلد دنیا سے رخصت ہو گئے۔ آپ کی تربیت آپ کے چچا نے کی۔ چچا کیونکہ بمنزلہ باپ کے ہے۔ اسی لیے قرآن حکیم نے آزر کو اَبِیہِ کے نام سے پکارا۔

دوسرے صاحبِ قلم کا عندیہ ہے کہ آپ کے والد کا اصلی نام تارخ تھا۔ لیکن وہ محبِّ صنم ہونے کی وجہ سے آزر کہلایا۔ کیونکہ عبرانی میں محبِّ صنم کو آزر کہا جاتا ہے۔

تیسرے مورّخ نے تطبیق کا راستہ تلاش کرتے ہوئے لکھا آپ کے باپ کا اصلی نام تارخ اور وصفی (پیشہ ور) نام آزر تھا۔ تاہم قرآن مجید اِن تکلفات سے پاک اور بانگِ دہل آپ کے والد کو آزر کے نام سے یاد کر رہا ہے۔ لہٰذا ہم اِن کے باپ کو آزر ہی کے نام سے یاد کریں گے۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاھِیْمُ لِاَبِیْہِ اٰزَرَ

بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ ابراہیمؑ کے والد بُت تراش کر بازاروں میں فروخت کیا کرتے تھے۔ حالانکہ جدید تحقیقات سے ثابت ہو چکا ہے کہ آپ کے والد صرف مذہبی راہنما ہی نہیں بلکہ حکومتِ وقت کے سینئر وزیر بھی تھے۔

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| البقرہ | ۱۲۴-۱۲۵-۱۲۶-۱۲۷ | صٓ | ۴۵ |
| | ۱۳۰-۱۳۲-۱۳۳ | الزخرف | ۴۳ |
| | ۱۳۵-۱۳۶-۱۴۰ | النجم | ۲۷ |
| | ۱۵۸-۱۶۰ | الممتحنہ | ۴ |
| آلِ عمران | ۳۳-۳۴-۳۵-۶۷-۶۸ | یوسف | ۶-۳۸ |
| | ۸۴-۹۵-۹۷ | الحجر | ۵۱ |
| النساء | ۵۴-۱۲۵-۱۶۳ | مریم | ۴-۴۶-۵۸ |
| الانعام | ۷۴-۷۵-۸۳-۱۵۱ | الحج | ۲۶-۴۳-۷۸ |
| التوبہ | ۷۰-۱۱۴ | العنکبوت | ۱۶-۳۱ |
| ہود | ۶۹-۷۴-۷۵-۷۶ | الصافات | ۸۳-۱۰۴-۱۰۹ |
| ابراہیم | ۳۶ | الشوریٰ | ۱۳ |
| النحل | ۱۲۰، ۱۲۳ | الذاریات | ۲۴ |
| الانبیاء | ۵۱-۶۰-۶۲-۶۹ | الاعلیٰ | ۱۹ |
| الشعراء | ۶۹ | | |
| الاحزاب | ۷۰ | مجموعہ | ۶۳ |
| الحدید | ۲۶ | | |

Marfat.com

# ولادت باسعادت

توراۃ کے نسخہ سبعینہ کا جو ترجمہ عبرانی سے یونانی میں تین سو سال قبل مسیح کیا گیا۔ جس میں بہتّر یہودی دانشور شریکِ تحقیق ہوئے۔ اس کے حوالہ سے ماہر اثریات سر چارلس مارسٹن نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا سِن ولادت باسعادت ۲۱۶۰ قبل مسیح تحریر کیا ہے آپ کی عمر مبارک ۱۷۵ سال تھی چنانچہ مذکورہ تحقیق کے مطابق آپ کی وفاتِ پُر ملال ۱۹۸۵ قبل مسیح قرار پائی۔

(حوالہ از انبیائے قرآن)

جدید اثری مہم میں نہ صرف وہ شہر معلوم ہو گیا ہے جس میں حضرتؑ کی ولادت ہوئی بلکہ دورِ ابراہیمی علیہ السلام کے حالات واقعات تفصیل کے ساتھ سامنے آئے ہیں۔

آپ جنوبی عراق میں دریائے فرات کے کنارے پر واقع شہر اُر میں پیدا ہوئے۔ جس کو موجودہ جغرافیہ کی زبان میں تل العبید کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔[1]

## آپؑ کے آبائی شہر کے تمدّنی و مذہبی حالات

آپ کے پیدائشی شہر کی آبادی کا ڈھائی لاکھ سے لے کر

---

[1] ہسٹری آف عراق

پانچ لاکھ تک اندازہ کیا گیا ہے ۔ آثارِ قدیمہ کے کھنڈرات سے معلوم ہوتا ہے ۔ کہ ان لوگوں کی زندگی کا مقصد دولت کمانا زیادہ سے زیادہ آرام تلاش کرنا تھا اور سود خواری مقدمہ بازی ان کا مشغلہ تھا۔

## مذہبی حالات

مذہبی حالات کا آپ اندازہ لگائیں آپ کے شہر اُر (Ur) میں پانچ ہزار خداؤں کے نام دریافت کیے گئے ہیں ۔ دوسرے شہروں اور قصبات کے الگ الگ خدا مقرّر تھے ۔ ہر شہر کا ایک خاص خدا ہوتا، جس کو ربّ البلد یعنی خدائے شہر۔ ظاہر ہے اس کا احترام دوسرے خداؤں سے زیادہ کرتے تھے۔۔۔!

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے پیدائشی شہر اُر کا بڑا خُدا ننار تھا۔ (چاند دیوتا) اسی وجہ سے بعض مؤرخین نے اس شہر کا نام قمرینہ بھی لکھّا ہے ۔ ننار کا بت شہر میں سب سے اونچی جگہ رکھا گیا تھا۔ جس کے ساتھ ہی اس کی بیوی (نن گل) کا معبد تھا۔

ننار کے معبد کی شان شاہی محل سرا کی تھی ۔ یہاں ہر وقت نئی عورت آکر ٹھہرتی ۔ یہاں بہت سی عورتوں نے اپنے آپ کو وقف کر رکھا تھا ۔ وہ عورت بڑی محترم سمجھی جاتی تھی جو اپنی چادرِ عفت کو اس پر قربان کر دیتی ..... اس بت (یعنی ننار) کے نام بہت سے

Marfat.com

رقبے وقف تھے۔ ؎۱

تاریخ کے اوراق اس بات کے گواہ ہیں۔ کہ مشرک اپنے اعمال اور افکار کے لحاظ سے ہر زمانے میں یکساں رہے ہیں۔

بت پرستی، ستارہ، چاند، سورج پرستی کے علاوہ شاہ پرستی بھی تھی اسی لیے بادشاہ بھی اپنے آپ کو رب کہلاتا تھا۔

# اللہ کا فضل و کرم

اس شرک و بدعات کی یلغار اور بھرمار میں ربّ کریم کا فضل و کرم جوش میں آیا۔ اسی مرکز شرک و خرافات میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔ اس کی قدرت کا کرشمہ اور سنّت قدیمہ ہے کہ جب بھی بُرائی حد سے گزرنے لگتی ہے تو وہ ربّ کبریا حق و باطل کا معرکہ دنیا کے سامنے نمودار فرماتے ہوئے اعلان کرتے ہیں۔

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا۔ (پ۱۵، بنی اسرائیل ۸۱)

اعلان فرما دیجیے! حق آگیا اور باطل مٹ گیا باطل تو مٹنے ہی والا ہے۔

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ○ (پ۲۲۔ سبا ۴۹)

فرما دیں حق پہنچ گیا۔ اب باطل نہ نکل سکتا ہے۔ اور نہ پلٹ سکتا ہے۔

---

؎۱ تفہیم القرآن

Marfat.com

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کا چہرۂ مبارک

واقعۂ معراج ذکر کرتے ہوئے۔ نبیٔ مکرّم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مجھے جبریلؑ ساتویں آسمان پر لے گئے۔ میں کیا دیکھتا ہوں۔ کہ ایک بزرگ شخصیت بیت المعمور کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تشریف فرما ہے۔ جبریلؑ نے تعارف کرواتے ہوئے کہا۔

هٰذَا اَبُوْكَ اِبْرَاهِيْمُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ۔ [1]

یہ آپ کے والد گرامیٔ قدر ابراہیم ہیں آپ آگے بڑھ کر سلام عرض کریں۔

حضورؐ فرماتے ہیں۔ میں نے آگے بڑھ کر سلام پیش کیا۔ جواباً حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سلام کہتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

قَالَ مَرْحَبًا۔ بالابن الصالح و النبی الصّالح۔ [2]

خوش آمدید (جی آیاں نوں) نیک بیٹا بھی اور نبی صالح بھی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کا ذوق وشوق دیکھتے ہوئے مزید ارشاد فرمایا۔ کہ جس نے ابراہیمؑ کے رُخ زیبا کا

---

[1] مشکوٰۃ باب المعراج۔ [2] ایضاً

Marfat.com

اندازہ لگانا ہو وہ مجھے دیکھ لے۔

معزز قارئین! پہلے آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس کے بارے میں صحابہ کرامؓ کے تاثرات و مشاہدات سماعت فرمائیں

## حضرتِ عائشہ رضی اللہ عنہا کا خراجِ تحسین

حضرت عائشہؓ نے ایک دن بے تکلفی کے انداز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک کے بارے میں کہا تھا۔

وَاِذَا نَظَرْتَ اِلٰی اَسِرَّۃِ وَجْہِہٖ
بَرَقَتْ کَبَرْقِ الْعَارِضِ الْمُتَہَلِّلٖ

جب تم اس کے رُخِ تاباں پہ نظر ڈالو تو اس کی شانِ رخشندگی کا عالم یہ کہ جیسے لکۂ ابر میں بجلی کوندرہی ہو۔

## حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے جذبات

حضرتِ جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک رات چاند کی روشنی میں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سُرخ جوڑے میں ملبوس پایا۔ کبھی چاند کی چاندنی اور کبھی آقائے گرامیؐ کو بار بار دیکھتا ہوں۔ بالآخر میں نے یہ فیصلہ کیا۔

فاذا ھو احسن عندی من القمر[1] — کہ نبیؐ پاک کا پاک چہرہ چاند سے کہیں زیادہ حسین و جمیل ہے۔

---

[1] ترمذی

Marfat.com

## حضرتِ حسّان رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے

خلقت مبرأ من کل عیب
کانك قد خلقت کما تشاء [1]

اے اللہ کے حبیبؐ آپ کو اِس طرح ظاہری اور باطنی نقائص سے منزّہ پیدا کیا گیا۔ جیسے کہ آپؐ کی خواہش کے مطابق آپؐ کو بنایا گیا ہو۔

## آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جلال و جمال

وھو خاتم النبیین اجود الناس صدراً
واصدق الناس لھجة
والینھم عریکة واکرمھم عشیرة [2]

آپ خاتم النبیین ہیں۔ تمام لوگوں سے بڑھ کر سخی اور سب لوگوں سے زیادہ بات کے سچے۔ طبیعت کے نرم قبیلے میں مکرم۔ جب آپؐ کو کوئی پہلی دفعہ دیکھتا مرعوب ہو جاتا۔ جب آپ کے قریب ہوتا تو گرویدہ ہو جاتا۔

لم ار قبله و — میں نے آپ سے پہلے اور آپ
لا بعدہٗ مثله [3] — کے بعد آپ جیسا کوئی نہیں دیکھا

---

[1] ابن ہشام [2] ترمذی [3] ایضاً

Marfat.com

# حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مبارک

حسن وزیبائی کا مرقع اور صدق وصفا کا پیکر خود فرما رہا ہے کہ اگر تم ابراہیم کو دیکھنا چاہتے ہو تو۔

| | |
|---|---|
| فانظروا الیٰ | اپنے صاحب کو دیکھ لو۔ |
| صاحبکم [1] | (مجھے) |

# حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قد وقامت میں فرق

سلسلۂ گفتگو کو جاری رکھتے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا کہ میری اور ابراہیم کی قدامت میں فرق تھا۔ یعنی ابراہیمؑ قد و قامت میں مجھ سے دراز تھے۔

| | |
|---|---|
| فَاَتَیْنَا عَلٰی رَجُلٍ طَوِیْلٍ | پھر جبریل مجھے ایسے لمبے شخص کے |
| لَا اَکَادُ اَرٰی | پاس لے گئے۔ قریب تھا کہ میں آپ |
| رَاْسَهٗ طُوْلًا وَاِنَّهٗ | کی (سر کی چوٹی) دیکھ سکوں۔ وہ |
| اِبْرَاهِیْمُ [2] | تھے جناب ابراہیم علیہ السلام۔ |

---

[1] بخاری جز ۱۳ کتاب بدءالخلق [2] ایضاً

Marfat.com

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ماحول (سوسائٹی)

آپؑ نے ایسے ماحول میں آنکھ کھولی۔ جو شرک و خرافات میں مدہوش، اور جس گھر میں جنم لیا۔ وہ شرک و خرافات کا محور و مرکز تھا۔ اس پر اکتفا نہیں۔ بلکہ اس ساری خرافات کو حکومتِ وقت اور آپؑ کے والد کی معاونت اور سرپرستی حاصل تھی۔ حکمران نے جہالت زدہ ماحول سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، خود خدائی کا دعویٰ کر دیا۔ اور خدا بن بیٹھا۔

| | |
|---|---|
| اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْ | کیا آپ نے اس شخص کے حال |
| حَآجَّ اِبْرٰهِیْمَ فِیْ | پر غور نہیں کیا جس نے ابراہیمؑ |
| رَبِّهٖۤ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ | سے جھگڑا کیا تھا۔ جھگڑا اس بات |
| الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ | پر کہ ابراہیم کا ربّ کون ہے؟ اس |
| رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ | بنا پر کہ اللہ نے اس کو حکومت سے |
| یُمِیْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْیٖ | نوازا تھا۔ جب ابراہیمؑ نے کہا |
| وَ اُمِیْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ | میرا رب وہ ہے۔ جس کے قبضۂ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ | قدرت میں موت و حیات ہے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| بِالشَّمۡسِ مِنَ الۡمَشۡرِقِ | بادشاہ کہنے لگا۔ زندگی اور موت |
| فَأۡتِ بِهَا مِنَ | میرے اختیار میں ہے۔ ابراہیمؑ نے |
| الۡمَغۡرِبِ فَبُهِتَ الَّذِىۡ | فرمایا۔ اچھا اللہ سورج کو مشرق |
| كَفَرَؕ وَاللّٰهُ لَا | سے نکالتا ہے۔ تو اس کو مغرب |
| يَهۡدِى الۡقَوۡمَ | سے نکال۔ یہ دلیل سن کر |
| الظّٰلِمِيۡنَۚ ۝ | بادشاہ حیران و ششدر رہ گیا۔ |
| (البقرہ ۲۵۸، پ۳) | اللہ ظالموں کو راہِ حق نہیں دکھایا کرتا |

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظمت

یہ بھی اللہ تعالیٰ کی سنّتِ قدیمہ ہے کہ جن حضرات کو نبوّت کا کا منصب عطا کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو ابتدار سے ہی اپنی نگرانی و حفاظت میں رکھتے ہوئے اس منصبِ جلیلہ پر فائز فرما دیتے ہیں چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نبوّت عطا کرنے سے پہلے ان کی پیدائش سے لے کر دربارِ فرعونی تک اپنی حفاظت میں رکھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو دیکھیے کہ کس طرح قدم قدم پر حفاظت فرماتے ہوئے تختِ مصر پر بٹھایا۔ بھائیوں کا حسد اور ارادہ قتل بیگماتِ مصر کی گناہ میں آلودہ کرنے کی سازشیں کوئی بھی چیز ان کے قدم پھسلا نہ سکی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس طرح حفاظت فرمائی کہ آپؐ کبھی بھی شرک و خرافات کی طرف مائل نہیں ہوئے۔ یہاں

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں یہی ارشاد فرمایا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ۝
(الْاَنْبِيَآء ۵۱، پ۱۷)

ہم نے ابتدا ہی سے ابراہیم علیہ کو رشد و ہدایت سے نوازا اور ہم اس کو خوب جانتے تھے۔

# حضرت ابراہیمؑ کی اپنے ربّ کے حضور اطمینانِ قلب کیلئے درخواست

انبیائے کرام کے مشن کے لیے نہایت ضروری ہے۔ کہ وہ علم سے آگے عین الیقین بلکہ حق الیقین تک پہنچ جائیں۔ کیونکہ انہوں نے ایسے زوردار انداز میں جاہل اُجڈ قوم کو اپنا نقطہ نظر پیش کرنا ہوتا ہے، کہ اگر وہ حق کو قبول نہیں کرتے تو ان کو کم از کم حق کے سامنے بولنے کی سکت باقی نہ رہے۔ اسی لیے انبیاء عظام کو مختلف طریقوں سے مشاہدات کروائے جاتے ہیں۔ تاکہ پورے اطمینانِ قلب کے ساتھ وہ حق کو واضح کرسکیں۔ یہی وہ درخواست ہے جو حضرت خلیل اللہؑ نے اپنے رب کے حضور پیش کی

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ

اے میرے پروردگار مجھے دکھادے آپ مردوں کو کس طرح زندہ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تُحْيِ الْمَوْتٰى ۔ قَالَ | فرمائیں گے۔ اے ابراہیمؑ کیا |
| اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ | تو ایمان نہیں لایا۔ |
| قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ | کہا کیوں نہیں میرے اللہ لیکن میں دیکھنا |
| لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ ؕ | چاہتا ہوں ، اس لیے کہ میرا دل مطمئن |
| قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً | ہو جائے۔ فرمایا اچھا چار پرندے لے |
| مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ | لو اور ان کو اپنے سے مانوس |
| اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ | کرو پھر ان کا ایک ایک جزُ ایک |
| عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ | ایک پہاڑ پر رکھ دو۔ اس کے |
| مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ | بعد ان کو پکارو وہ تیرے پاس |
| ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ | دوڑتے ہوئے آئیں گے۔ خوب |
| سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ | جان لیجئے اللہ نہایت بااختیار |
| اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ | اور حکیم ہے۔ |

(البقرۃ ۲۶۰ پ ۳)

گویا مشاہدہ میں یہ بات نمایاں فرما دی اسی طرح مرنے کے بعد انسانوں کو چاہے منتشر ہی کیوں نہ ہوں۔ چاروں طرف سے جمع کر لیا جائے گا۔ جس طرح انہوں نے آپ کو پہچان لیا، اسی طرح وہ اپنے مالکِ حقیقی کو اور اپنے آپ، اہل و عیال اور اپنے اعمال کو پہچان لیں گے۔

# میدانِ تبلیغ میں پہلا قدم باپ کے سامنے

## دعوتِ حق

حضرت ابراہیم علیہ السّلام دیکھ رہے تھے۔ کہ شرک کا سب سے بڑا مرکز ان کا گھر بنا ہُوا ہے۔ لہٰذا حق کا تقاضا تھا کہ پیغامِ حق کی ابتدا ر اپنے ہی گھر سے کی جائے۔ چنانچہ مؤثر دلائل اور پوری دل سوزی کے ساتھ یہ بات باپ کی خدمت میں پیش فرمائی۔ آج سے ہزاروں برس قبل باپ اور اس کے عظیم بیٹے کے درمیان جو مکالمہ ہوُا، کلامِ مجید کے مبارک الفاظ میں سماعت فرمائیں!

| | |
|---|---|
| وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ | اے نبیٔ مکرّم اس کتاب میں |
| إِبْرٰهِيمَ ۚ إِنَّهُ كَانَ | ابراہیم ؑ کا واقعہ بیان کریں۔ |
| صِدِّيقًا نَّبِيًّا ○ | بیشک وہ راست باز انسان |
| إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يٰٓأَبَتِ | اور نبی تھے۔ جبکہ اس ؑ نے اپنے |
| لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا | باپ سے کہا کہ ابّا جان آپ |
| يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ | کیوں ان چیزوں کی عبادت |
| وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئًا ○ | کرتے ہو جو نہ سنتی ہیں اور نہ |
| يٰٓأَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي | دیکھ سکتی ہیں اور نہ ہی آپ کے |
| مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ | کام آسکتی ہیں۔ ابّا جان میرے |

Marfat.com

يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ
اَهْدِكَ صِرَاطًا
سَوِيًّا ۝ يٰٓاَبَتِ لَا
تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ
اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ
لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ۝ يٰٓاَبَتِ
اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ
عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ
فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ۝

(مریم ۴۱ تا ۴۵ پ۱۶)

پاس ایسا علم آیا ہے ۔ جو آپ کے پاس نہیں آیا ۔ آپ میری بات مانیں (اتباع کریں) میں آپ کو ٹھیک راہ بتاؤں گا ۔ اے ابّا جان آپ شیطان کی بندگی نہ کریں ۔ شیطان تو ربّ کا نافرمان ہے ۔ اے ابّا جان! مجھے ڈر ہے کہ کہیں آپ رحمان کے عذاب میں مبتلا نہ ہو جائیں ۔ اور شیطان کے ساتھی نہ بن جائیں ۔

## باپ کا جواب

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ
عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ
لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ
لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ
مَلِيًّا ۔

مریم ۴۶ پ۱۶

اے ابراہیم کیا تو میرے معبودوں سے پھر گیا ہے ؟ اگر تو ایسی تبلیغ سے) باز نہ آیا تو میں تجھے پتھر مار مار کر جان سے مار دوں گا پس تو ہمیشہ کے لیے مجھ سے دُور ہو جا ۔

Marfat.com

# خلاصۂ خطاب

عبادت کا معنیٰ ہے (۱) غلام ہونا۔ (۲) بندگی (اطاعت) کرنا

(۳) حکم ماننا۔

## عبادت بمعنی غلامی

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰے | پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور |
| وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ | اس کے بھائی ہارون ؑ کو اپنے |
| بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ | دلائل اور معجزات دے کر فرعون |
| مُّبِيْنٍ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ | اور اس کے ساتھیوں (وزیروں) |
| وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا | کے پاس بھیجا۔ مگر انہوں نے تکبّر |
| وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۝ | کیا، کیونکہ وہ سرکش لوگ تھے کہنے |
| فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ | لگے، کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں |
| لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا | کی پیروی کریں۔ جبکہ ان کی قوم |
| لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝ | ہماری عابد (غلام) ہے۔ |

(مومنون ۴۵، ۴۶، ۴۷ پ ۱۸)

جب موسیٰ علیہ السلام فرعون کے پاس پہنچ کر سمجھانے لگے تو اس نے بطور طعن کہا، کیا ہم نے تجھے بچپن میں نہیں پالا ہے۔ کیا تو اس کا صلہ یہ دے رہا ہے۔ (یعنی میری خدائی کا انکار اور لوگوں کو بھی انکاری بنا رہا ہے۔)

Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام نے جواباً ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ | کیا مجھ پر اس نیکی کا مطلب یہ ہے کہ تو میری پوری قوم کو غلام بنا رکھے ۔! |

(شعرا ۲۲ پ۱۹)

یہاں دونوں مقامات پر عبادت بمعنی غلامی استعمال کیا گیا ہے

## عبادت بمعنی اطاعت

عبادت کا دوسرا معنیٰ ہے۔ کسی کو یہ سمجھ کر اس کی پیروی کرنا کہ وہ شریعت بنانے حلال، حرام کرنے کا اختیار اپنے پاس رکھتا ہے۔ صرف ایک آیت مبارکہ سے اندازہ فرمائیں۔

| | |
|---|---|
| اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا۔ | انہوں نے علماء اور پیروں فقیروں کو اللہ کی بجائے اپنا رب بنالیا اور اسی طرح عیسائیوں نے حضرت عیسیٰؑ کو رب بنایا۔ حالانکہ ان کو ایک خدائے حقیقی کے علاوہ کسی کی عبادت کا حکم نہیں دیا گیا تھا۔ |

(توبہ ۳۱ پارہ ۱۰)

حاتم طائی کے صاجزادے حضرت عدیؓ نے جب اسلام قبول کیا تو نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ اے اللہ کے رسولؐ اس آیت میں یہود و نصاری کے بارے میں یہ کہا گیا ہے۔ کہ وہ علما اور مشائخ کو خدا بناتے تھے۔ حالانکہ ایسا نہیں تھا۔ اس وقت آپؐ نے حضرت عدی سے پوچھا کیا تمہارے علما اور بزرگ کسی چیز کو حرام ٹھہراتے تھے اور تم بغیر دلائل ان کے حلال کو حلال اور ان کے حرام کردہ اشیاء کو حرام نہیں سمجھتے تھے۔ حضرت عدیؓ عرض کرنے لگے۔ اے اللہ کے نبیؐ ہماری حالت تو یہی تھی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا یہی تو عبادت ہے۔ یعنی بغیر شرعی دلائل کے اندھی تقلید ہی عبادت من دون اللہ ہے۔

## عبادت بمعنی پرستش

| | |
|---|---|
| وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَ يَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ (یونس ۱۸-پ) | وہ اللہ کو چھوڑ کر ان کی عبادت کرتے ہیں جو نہ نفع اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں اور وہ کہتے ہیں ہم تو ان کی عبادت اس لیے کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ |
| وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ | جن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا ولی بنا رکھا ہے۔ |

Marfat.com

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى۔
(زُمر ۳، پ ۲۳)

وہ کہتے ہیں ہم تو ان کی عبادت اس لیے کرتے ہیں کہ یہ ہمیں اللہ تعالےٰ کے قریب کر دیتے ہیں۔ (وسیلہ ہیں قرب کا)

قیامت کے روز ایسے افعال کرنے والے تمام لوگوں کو شیطان کی عبادت کرنے والوں میں شریک کرکے ان الفاظ سے پکارا جائے گا۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝
(یٰسٓ ۲، پ ۲۳)

اے آدم کی اولاد کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کی تھی کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا وہ تو تمہارا بڑا نمایاں دشمن ہے۔

اسی لیے حضرت ابراہیم علیہ السّلام ان تمام افعال کو شیطانی عبادت سے تعبیر کر رہے ہیں اور اپنے باپ کے سامنے عرض کر رہے ہیں۔ ابّا جان یہی تو شیطان کی عبادت ہے آپ اسے چھوڑ دیں۔ لیکن باپ نے جو جواب دیا وہی مشرکین مکّہ حضورؐ کو جوابات دے رہے ہیں۔ شاید قیامت تک اہلِ توحید کو اسی متشددانہ جواب اور انہی بے ہودہ دلائل سے واسطہ پڑتا رہے۔

# حضرت ابراہیمؑ کا طریقِ کار

## سب سے پہلے رشتہ دار

یہاں یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ تبلیغ کی فطری ترتیب اور صحیح و مؤثر طریقہ یہی ہے کہ تبلیغ اپنوں سے شروع کی جائے۔ اسی لیے نبی گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا۔

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۙ — آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں۔

(الشعراء ۲۱۴، پ ۱۹)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝

مومنو! اپنے آپ کو اور عزیز و اقرباء کو جہنّم کی ہولناکیوں سے بچاؤ جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہیں جس پر نہایت تندخو اور سخت فرشتے مقرّر ہوں گے۔ جو کبھی بھی اپنے رب کی نافرمانی نہیں کرتے۔ اور جو حکم بھی انہیں دیا جاتا ہے وہ کر گزرتے ہیں۔

(تحریم ۶، پ ۲۸)

Marfat.com

## رشتہ داروں کے بعد اہلِ شہر اور اہلِ ملک

| | |
|---|---|
| لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی | تاکہ تم بستیوں کے مرکز (شہرِ مکّہ) او |
| وَمَنْ حَوْلَهَا۔ | اس کے گرد و پیش رہنے والوں کو |
| شوریٰ، پ ۲۵ | خبردار کردو۔ |

## پھر تمام دنیا کے لوگ

| | |
|---|---|
| قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ | اے نبیٔ معظّم آپ اعلان فرما |
| اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ | دیں کہ انسانو! میں تم سب کے |
| جَمِیْعَاً الَّذِیْ مُلْكُ | لیے نبی بنایا گیا ہوں۔ اس خدا |
| السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج | کی طرف سے جو زمین اور آسمانوں |
| اعراف ۱۵۸، پ ۹ | کا بادشاہ ہے۔ |

## دعوتِ حق دوسرے مرحلہ میں

پہلے مرحلہ میں صرف اپنے والدِ گرامی کو مخاطب کیا تھا۔ اس بار انہوں نے باپ کے ساتھ قوم کو بھی متوجہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ | اور ان کو ابراہیم علیہ السلام کا |
| اِبْرَاهِیْمَ ٥ | واقعہ سنایئے۔ |
| اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ | جب انہوں نے اپنے باپ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ | اور قوم سے پوچھا تھا، کیا ہیں جن کو |
| (پ ۱۹ الشعرآء ۷۰) | تم پوجتے ہو۔ |

**جواب:۔**

| | |
|---|---|
| | انہوں نے کہا۔ |
| قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا | ہم بتوں (پتھر، اینٹ، لکڑی کے |
| فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝ | کے بنے ہوئے) کی عبادت کرتے |
| (الشعرآء ۷۱) | ہیں۔ پھر انہی کے سامنے ہم اعتکاف |
| (پ ۱۹) | (مراقبے) کرتے ہیں۔ |

**سوال**

| | |
|---|---|
| قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ | فرمایا کیا یہ تمہاری بات سنتے ہیں |
| اِذْ تَدْعُوْنَ ۝ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ | جب ان کو پکارتے ہو۔ یا تم کو |
| اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝ (۷۲، ۷۳) | نفع اور نقصان پہنچاتے ہیں۔ |

**جواب**

| | |
|---|---|
| | انہوں نے کہا |
| قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا | بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسے |
| كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝ ۷۴ | ہی کرتے پایا۔ |

**اِرشادِ ابراہیم**

| | |
|---|---|
| قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ | کیا تم نے کبھی غور بھی کیا، جن کی |
| تَعْبُدُوْنَ ۝ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ | عبادت کرتے ہو۔ تم بھی اور |
| الْاَقْدَمُوْنَ ۝ فَاِنَّهُمْ | تمہارے بزرگ بھی وہ۔ میرے |
| عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | تو سب دشمن ہیں۔ سوائے رب العلمین کے۔ |

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ
یَهْدِیْنِ ۝ وَالَّذِیْ هُوَ
یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۝ وَ
اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ
یَشْفِیْنِ ۝ وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ
ثُمَّ یُحْیِیْنِ ۝ وَالَّذِیْ
اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ
یَوْمَ الدِّیْنِ ۝ رَبِّ هَبْ
لِیْ حُکْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ
بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ وَاجْعَلْ
لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی
الْاٰخِرِیْنَ ۝ وَاجْعَلْنِیْ
مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ
وَاغْفِرْ لِاَبِیْٓ اِنَّهٗ کَانَ
مِنَ الضَّآلِّیْنَ ۝ وَلَا
تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ ۝
یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝
اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ
سَلِیْمٍ ۝ وَاُزْلِفَتِ

اسی ایک اللہ نے مجھے پیدا فرمایا
اور پھر ہدایت بخشی ۔ وہی مجھے
کھلاتا اور پلاتا ہے ۔ اور جب میں
بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا
ہے ۔ وہی مجھے موت دے گا ۔ اور
وہی مجھے دوبارہ زندہ کرے گا ۔ اسی
سے میں امید کرتا ہوں کہ روزِ قیامت
وہ میری خطاؤں کو معاف فرما دے گا
اے میرے ربّ مجھے حکم عطا فرما
دے اور مجھے نیکوں کے ساتھ ملا
دے ۔ میرے بعد آنے والے مجھے
اچھے الفاظ سے یاد کریں ۔ مجھے
نعمتوں والی جنت کا وارث بنا دے ۔
میرے باپ کو معاف کر دے ۔
کیونکہ وہ گمراہوں میں ہو گیا ہے ۔
اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا ، جس
دن لوگوں کو اٹھایا جائے گا ۔
جس دن نہ مال اور نہ اولاد فائدہ
مند ہوں گے ۔ سوائے اس کے

Marfat.com

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ
لِلْغٰوِيْنَ ۝ وَقِيْلَ لَهُمْ
اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ هَلْ
يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ
يَنْتَصِرُوْنَ ۝ فَكُبْكِبُوْا
فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝
وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝
قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا
يَخْتَصِمُوْنَ ۝ تَاللّٰهِ
اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ۝ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَآ
اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ۝
فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۝
وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ۝
فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً
فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

جو قلب سلیم سے کر اللہ کے حضور
حاضر ہوا ۔ اور جنت متقیوں کے
قریب لائی جائے گی اور جہنم گمراہوں
کے سامنے ظاہر کی جائے گی ۔
پھر ان سے پوچھا جائے گا، کہاں
ہیں جن کی تم عبادت کرتے تھے ۔
اپنے اللہ کو چھوڑ کر کیا وہ تمہاری
مدد کر رہے ہیں یا اپنا بچاؤ کر سکتے
ہیں ۔ پھر دھکیلا جائے گا۔ جہنم میں،
معبودوں اور گمراہوں کو ۔ اور ابلیس کے
سارے ساتھی بھی جہنم میں داخل ہوں
گے ۔ وہاں یہ سب کے سب آپس
میں جھگڑیں گے ۔ اور کہیں گے ، اللہ
کی قسم ہم تو کھلی گمراہی میں تھے ۔
جب تم کو برابر ٹھہراتے تھے، رب العلمین کے
مجرموں نے ہی ہم کو گمراہ (مجرم) بنا دیا۔
اب ہمارا کوئی سفارشی ہے اور نہ
کوئی دلی دوست، کاش ہمیں ایک
دفعہ پھر پلٹنے کا موقع مل جاتے ۔ اور

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

ہم مومن ہو جائیں گے۔ یقیناً اس میں سامانِ عبرت و نصیحت ہے لیکن ان کی اکثریت نہیں مانے گی۔ تیرا رب یقیناً زبردست حکمت والا ہے اور رحیم ہے

(الشعراء ٦٩ تا ١٠٤، پ ١٩)

اسی لیے قرآن مجید نے بڑے غضبناک لہجے میں ان کو مخاطب کیا۔

إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللَّهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ۝

(الانفال ٨، پ ٩)

رب کریم کے نزدیک پوری مخلوق میں سب سے بُرے (بدتر) انسان وہ ہیں جو (حق کے معاملے کے بارے میں) گونگے بہرے ہیں۔ جو عقل سے کام نہیں لیتے۔

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَا

حقیقت تو یہ ہے، بہت سے جن اور انسان ایسے ہیں، جن کو جہنم کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ (وجہ یہ ہے) ان کے سینے میں دل ہیں۔ مگر ان سے سوچتے نہیں۔ ان کی آنکھیں ہیں۔ مگر وہ ان سے دیکھتے نہیں۔ ان کے کان بھی ہیں مگر ان سے سُنتے ہی نہیں (حق بات کو)

Marfat.com

يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ٥

وہ جانوروں کی طرح ہیں ۔ بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو غفلت میں کھوئے ہوئے ہیں ۔

چاہے ایسی تقلید علماء کی ہو یا کسی امام کی ، علماء کے متعلق آپ نے نبی گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اطہر سے صفحہ ۵۵ پر پڑھ لیا ہے ۔ جو آپ نے حاتم طائی کے صاحبزادے کو فرمایا تھا کہ

"علماء کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام بلا دلیل گردا ننا ہی غیر اللہ کو رب بنانے کے مترادف ہے ۔"

# علامہ اقبال نے کہا تھا

تقلید کی روش سے تو بہتر ہے خودکشی !
رستہ بھی ڈھونڈ ، خضر کا سودا بھی چھوڑ دے

## چند فقرات کی تفصیل

# تقلیدِ آبائی

دنیا میں جتنے بھی انبیائے عظام تشریف لائے ۔ سب کو اسی رکاوٹ کا مقابلہ کرنا پڑا ۔ قوموں اور افراد کیلئے اپنے پرانے باطل نظریات کو چھوڑنا شروع ہی سے مشکل رہا ہے ۔ جیسا کہ قرآن مجید نے مذکورہ

Marfat.com

مقام اور دوسرے متعدد مقامات پر اس بات کا تذکرہ فرمایا۔

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَیْنَا عَلَیْہِ اٰبَآءَنَا ط اَوَلَوْ کَانَ اٰبَاؤُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْئًا وَّلَا یَھْتَدُوْنَ ہ

(البقرہ ۷۰، پ۲)

جب کبھی ان کو کہا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکام کی اتباع کرو تو جواب میں کہتے ہیں، ہم تو صرف باپ دادا کے طریقے کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اچھا اگر ان کے باپ دادا نے عقل سے کام نہیں لیا اور راہِ حق کی پیروی نہیں کی تو پھر اسی راستے پر چلتے جائیں گے

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَیْھَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰہُ اَمَرَنَا بِھَا ط قُلْ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ہ

(الاعراف ۲۸، پ۸)

یہ لوگ جب کوئی شرمناک کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں، ہم نے اپنے باپ دادا (بزرگوں) کو اسی طریقہ پر پایا اور اللہ نے بھی یہی حکم دے رکھا ہے۔ ان سے کہہ دیں اللہ تعالیٰ بے حیائی کا کبھی بھی حکم نہیں دیا کرتے کیا تم اللہ کا نام لے کر وہ باتیں کہتے ہو۔ جن کا تمہیں علم تک نہیں ہے۔

Marfat.com

# تقلید کا انجام

| | |
|---|---|
| إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا | جب وہ پیشوا اور راہنما جن کی دنیا |
| مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا | میں پیروی کی گئی اپنے پیروکاروں سے |
| وَرَاَوُا الْعَذَابَ | بے تعلقی ظاہر کر دیں گے ۔ اور (اللہ |
| وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ | کے) عذاب کو دیکھیں گے اور ان کے |
| الْاَسْبَابُ ٥ | تمام اسباب و وسائل کٹ جائیں گے |
| وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا | اور وہ لوگ جو دنیا میں پیروی کرتے تھے |
| لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً | کہیں گے کاش ہم کو ایک بار پھر |
| فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا | دنیا میں جانے کا موقعہ دیا جائے |
| تَبَرَّءُوْا مِنَّا ۭ كَذٰلِكَ | تو جس طرح آج یہ (پیر راہنما) ہم سے |
| يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ | بیزار ہوئے، ہم بھی دنیا میں جا کر ان |
| حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ | سے بیزاری کا اظہار کریں۔ |

(البقرۃ ۱۶۶، ۱۶۷، پ۲)

| | |
|---|---|
| قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ | پیروی کرنے والے اپنے راہنماؤں |
| تَاْتُوْنَنَا عَنِ | سے کہیں گے، تم سیدھے راہ ہمارے |
| الْيَمِيْنِ ۔ | پاس آئے تھے۔ |
| قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا | وہ جواب دیں گے تم خود بے ایمان |
| مُؤْمِنِيْنَ ۔ | ماننے والے نہ تھے۔ |

(الصّٰفّٰت ۲۸، ۲۹، پ۲۳)

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ إِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ۔ | ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا۔ بلکہ تم خود ہی سرکش تھے۔ اللہ کی بات ہم پر سچ ہوگئی کہ ہم عذاب کا مزہ چکھنے والے ہوئے۔

الصّٰفّٰت ۲۹ تا ۳۱
پ ۲۳

وَقَالُوْا رَبَّنَآ إِنَّآ أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَنَا فَأَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۔ رَبَّنَآ آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۔ | عرض کریں گے اے ہمارے رب ہم ان لیڈروں اور بڑوں کے پیچھے چلے۔ پس انہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا اے ہمارے رب ان پر دُہرا عذاب کر دے اور ان پر سخت لعنت فرما۔

(الاحزاب ۶۷، ۶۸۔ پ ۲۲)

## حضرت ابراہیمؑ کی گفتگو میں کمال درجے کا ادب

آپؑ باری تعالٰے کی ذاتِ بابرکات کی صفات کا تذکرہ فرما رہے ہیں۔

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝ وَالَّذِیْ هُوَ | اس نے مجھے پیدا فرمایا اسی نے مجھے ہدایت سے نوازا۔ وہی

| | |
|---|---|
| يُطْعِمُنِىْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَ | مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے۔ اور |
| اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ | جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے |
| يَشْفِيْنِ ۝ | شفا دیتا ہے۔ |

(الشعرآء ۷۸، ۷۹، ۸۰-پ۱۹)

لیکن کمال ادب دیکھیے جناب خلیل اللہ کا بیماری کی نسبت اپنی طرف اور تندرستی کی نسبت خدائے وحدہٗ لاشریک کی طرف فرمائی حالانکہ قضا وقدر اسی کی قدرت کا کرشمہ ہیں، یہی ادب اہل ایمان کو سورۃ فاتحہ میں سمجھایا گیا۔ انعام وہدایت کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی گئی اور ضلالت وگمراہی بندے کی طرف منسوب کی گئی یعنی فاعل یہاں حذف کر دیا گیا۔

| | |
|---|---|
| اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ | ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔ ان |
| صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ | لوگوں کا راستہ جن پر تو نے |
| عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ | انعام فرمایا جو مغضوب نہیں ہوئے |
| عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ | اور جو گمراہ نہیں ہوئے۔ |
| اٰمِيْنَ. | آمین۔ |

(فاتحہ، ۵ تا ۷)

سورۂ جن میں جنّات کے قول (گفتگو) کا ذکر کیا۔ وہاں جنات نے بھی اسی ادب کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہا تھا۔

| | |
|---|---|
| وَاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ | یہ کہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ |

| | |
|---|---|
| اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ | کہ زمین والوں کے ساتھ کوئی بُرا |
| اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ | معاملہ کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے۔ یا |
| رَشَدًا ۝ وَّ اَنَّا مِنَّا | ان کے رب نے بھلائی کا ارادہ |
| الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا | فرمایا ہے۔ ہم سے کچھ لوگ (جنات) |
| دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا | نیک ہیں اور کچھ دوسرے (بد) ہیں |
| طَرَآئِقَ قِدَدًا ۝ | اور ہم مختلف طریقوں میں بٹے ہوئے ہیں |

(جن۔ ۱۰، ۱۱۔ پ ۲۹)

گویا اہل توحید کا مؤدب ہونا انتہائی ضروری ہے۔

# قلبِ سلیم کا فائدہ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا پر رب العزّت نے اضافہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ | قیامت کے روز آدمی کو صرف |
| وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ | اسی صورت میں مال اور اولاد |
| اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ | فائدہ دے سکتے ہیں۔ جب وہ خود |
| سَلِيْمٍ ۝ | قلبِ سلیم کے ساتھ اللہ کے |
| (الشعراء ۸۸-۸۹، پ ۱۹) | حضور حاضر ہو۔ |

بصورت دیگر مال اولاد کچھ فائدہ نہیں دے سکیں گے قلب سلیم کی تفسیر کرتے ہوئے علامہ ابن کثیر نے اسی آیتِ کریمہ کے

تحت لکھا ہے۔ جو دل شرک وکفر بدعات وخرافات سے پاک ہو۔ یعنی بالفاظِ دیگر اس کا عقیدہ ٹھیک قرآن وسنّت کے مطابق ہوگا۔ تو اسی کا وہی قلبِ سلیم بھی ہے اور اسے ہی اللہ کے دربار میں دوسرے اسباب بھی فائدہ دے سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَاغْفِرْ لِاَبِیْ اِنَّهٗ | میرے باپ کو معاف کردے |
| كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝ | بے شک وہ گمراہوں میں ہے۔ |
| وَلَا تُخْزِنِیْ يَوْمَ | جب ساری دنیا کو آپ زندہ کریں |
| يُبْعَثُوْنَ ۝ | گے اس دن مجھے رسوا نہ کرنا۔ |

(الشعرآء ۸۶، ۸۷۔ پ۱۹)

ان آیات کی تفسیر انشاء اللہ آگے آرہی ہے۔

## چاند، سورج اور ستارہ پرستوں سے خطاب

جیسا کہ ہم نے ابتداء میں ذکر کیا تھا، حضرتِ خلیل علیہ السلام کی قوم اصنام پرستی کے ساتھ ساتھ ستارہ پرستی کے بھی قائل تھے۔ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے مناسب جانا اب وقت آگیا ہے، کہ معبودانِ ارضی کے ساتھ معبودانِ فلکی (چاند، سورج، ستاروں) کی پُرزور تردید کردی جائے۔ لیکن اسلوب بیان ایسا اختیار فرمایا، کہ شرک کا مریض، یکایک بدک نہ جائے، کیونکہ مریضِ شرک بہت جلد باز اور ہلکی طبیعت کا واقع ہوا ہے۔ جب بھی اس کو محسوس ہو جائے، کہ

جامِ توحید کے ساتھ میرا علاج ہونے والا ہے تو پہلے ہی بھاگنا اور منہ لبورنا شروع کر دیتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ | جب ایک اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے |
| اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ | تو آخرت کے منکروں کے: دِل |
| الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ | کڑھنے لگتے ہیں۔ جب اس کے علاوہ |
| بِالْآخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ | دوسروں کا تذکرہ ہوتا ہے تو یکایک |
| الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ إِذَا | وہ خوشی سے کھل جاتے |
| هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ | ہیں۔ |

(الزّمر ۶۵، پ ۲۴)

بلکہ قرآن ہی نہ سنو۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا | منکرین حق کہتے ہیں، اس قرآن مجید |
| لَا تَسْمَعُوا لِهٰذَا | کو ہرگز نہ سنو، جب یہ سنایا |
| الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ | جائے تو تم شور و غوغا کرو، شاید |
| لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ | تم غالب آجاؤ۔ |

(حٰمٓ سجدہ ۲۶، پ ۲۴)

حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں مریضِ شرک کی عجیب حالت تھی۔

| | |
|---|---|
| وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ | جب بھی میں نے ان کو (تیری |
| لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا | طرف) بلایا تاکہ تو ان کو معاف |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَصَابِعَهُمْ فِیْ | فرما دے، تو انہوں نے کانوں میں |
| اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا | انگلیاں ڈال لیں اور اپنے کپڑوں |
| ثِیَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا | سے چہروں کو ڈھانپ لیا اور اپنے |
| وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًاه | کیے پر اکڑ گئے اور بہت بڑی، |
| نوح ۷۔ پ ۲۹۔ | سرکشی اور تکبر کیا |

اسی لیے حضرت خلیلؑ نے نہایت اچھے اور دلچسپ انداز
میں ان کو توحید سمجھانے کی کوشش فرمائی یہ اندازِ بیان ان کی زبردست
معجزانہ فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے۔ جب شام ہوئی تو پردۂ
ظلمت سے ستارے درخشاں ہوئے تو اپنی قوم کا عقیدہ نقل کرتے
ہوئے ارشاد فرمایا۔ یہ میرا ربّ ہے۔ لیکن تھوڑی دیر کے بعد
چمکتے ہوئے تارے ڈوب گئے۔ فرمایا ڈوبنے والے رب نہیں ہو
سکتے، کیونکہ وہ محکوم ہیں، محکوم و مجبور کبھی خدا نہیں ہو سکتے، یعنی ربّ
ڈوبنے والا نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ ہوتا ہے جو ڈبوتا ہے اور جسے چاہتا
ہے ڈوبنے سے بچا کر کنارے لگا دیتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمَّنْ یَّهْدِیْكُمْ فِیْ | کون ہے جو خشکی اور سمندروں کے |
| ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ | اندھیروں میں تمہاری راہنمائی کرتا |
| وَمَنْ یُّرْسِلُ الرِّیٰحَ | ہے اور کون خوشخبری دینے والی ہواؤں |
| بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ | کو بھیجتا ہے، جو اس کی رحمت کو لیے |
| رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ | ہوتی ہیں، کیا کوئی اللہ کے ساتھ |

Marfat.com

اللّٰہُ تَعٰلَی اللّٰہُ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ہ
(النمل ۶۳ ، پ ۲۰)

ہے (ایسا کرنے والا) بہت بلند ہے اللہ پاک جس کے ساتھ تم شریک بناتے ہو۔

پھر پردۂ ظلمت چاک ہوا اور چاند چمکتا ہوا نکل آیا، فرمایا، یہ ہے میرا رب، لیکن چاند بھی آنکھوں سے اوجھل ہو گیا۔

اب صبح ہوئی مہر جہاں تاب روشن ہوا، فرمایا یہ میرا رب ہے یہ ان سب سے بڑا ہے، لیکن روشنی اور تمازت کو بھی قرار نہیں۔ پہلے بڑھ رہی تھی، دوپہر کے بعد ڈھلنے لگی سورج غروب ہو گیا، وہ پکار اٹھے یہ سب محکوم و مجبور اور بے بس ہیں ان کو لانے اور لے جانے والا سچا مالک و مختار اللہ ہی عبادت کے لائق ہے۔ اب ان کا مکالمہ قرآن کے پیارے الفاظ میں سنیئے!

وَکَذٰلِکَ نُرِیْٓ اِبْرٰھِیْمَ مَلَکُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَکُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ہ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْہِ الَّیْلُ رَاٰ کَوْکَبًا ج قَالَ ھٰذَا رَبِّیْ ج فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ

اس طرح ابراہیم (علیہ السلام) کو ہم نے زمین و آسمان کا نظام حکومت دکھایا تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں ہو جائے۔ چنانچہ جب رات چھا گئی، تو اس نے ایک تارا دیکھا کہا یہ میرا رب ہے۔ لیکن جب وہ تارا ڈوب گیا تو کہنے لگے میں ڈوبنے والے کو بالکل پسند نہیں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الْاٰفِلِیْنَ ٥ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ | کرتا۔ جب چمکتے ہوئے چاند کی |
| بَازِغًا قَالَ هٰذَا | طرف دیکھا تو کہا یہ میرا رب |
| رَبِّیْ ج فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ | ہے۔ جب وہ بھی ڈوب گیا۔ |
| لَئِنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ | تو فرمایا۔ اگر میرا رب مجھے ہدایت |
| لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ | سے نہ نوازے گا تو میں بھی گمراہ |
| الضَّآلِّیْنَ ٥ فَلَمَّا | لوگوں میں شامل ہو جاؤں گا۔ پھر |
| رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً | جب سورج کو چمکتا ہوا دیکھا تو فرمایا |
| قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَآ | یہ میرا رب ہے۔ یہ ان سب |
| اَكْبَرُ ج فَلَمَّآ اَفَلَتْ | سے بڑا ہے۔ مگر جب وہ بھی ڈوب |
| قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ | گیا تو ارشاد فرمایا اے برادرانِ قوم |
| مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ٥ | میں بری ہوں، ان سے، جن کو تم |
| اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ | شریک بناتے ہو۔ میں نے تو |
| لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ | بالکل اپنا چہرہ اس ہستی کی طرف |
| وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّ | متوجہ کر لیا ہے، جس نے زمین |
| مَآ اَنَا مِنَ | و آسمان کو پیدا فرمایا اور میں مشرکوں |
| الْمُشْرِكِیْنَ ٥ وَ | کے ساتھ نہیں ہوں۔ تو اس کی قوم |
| حَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ط | اس سے جھگڑنے لگی۔ تو ارشاد فرمایا۔ |
| قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ | کیا اللہ کے بارے میں میرے ساتھ |
| فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ | جھگڑتے ہو۔ حالانکہ اس نے مجھے |

Marfat.com

وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّىْ شَيْئًا ؕ وَسِعَ رَبِّىْ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَىُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

صراط مستقیم دکھائی، میں تمہارے بنائے ہوئے معبودانِ باطل سے نہیں ڈرتا، ہاں اگر میرا ربّ (نقصان) چاہے تو ضرور ہو سکتا ہے۔ میرے رب کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ کیا اب بھی تم نصیحت حاصل نہیں کرو گے۔ آخر میں تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں سے کیوں ڈروں۔ جب کہ تم اللہ کے ساتھ اِن کو شریک بناتے ہوئے نہیں ڈرتے۔ جن کے لیے اس نے تم پر کوئی سند (دلیل) نہیں اتاری تو ہم دونوں فریقوں میں کون امن وسلامتی کا حق دار ہے۔ بتاؤ اگر تم کچھ علم رکھتے ہو۔

(الانعام ۷۵ تا ۸۱ پ ۷)

بعض مفسرین کا خیال ہے کہ ابراہیم (علیہ السلام) کے ایمان کا تدریجی عمل تھا، حالانکہ اس خطاب کے سیاق و سباق سے یہ بات

Marfat.com

بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ نہ تو ابراہیمؑ کا تدریجی ایمانی عمل تھا۔ ورنہ ہی وہ معاذ اللہ ایک لمحہ کے لیے ان کو معبودِ حقیقی تصوّر کرتے تھے۔ بلکہ قرآن مجید اس واقعہ کے آخر میں واشگاف الفاظ میں اعلان کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ | یہ ہماری دلیل تھی جو ہم نے |
| اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى | ابراہیم علیہ السّلام کو اس کی قوم |
| قَوْمِهٖ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ | کے مقابلہ میں عطا فرمائی۔ ہم |
| مَّنْ نَّشَآءُ اِنَّ رَبَّكَ | جسے چاہتے ہیں بلند مرتبے دیتے |
| حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ | ہیں۔ حق تو یہ ہے، تمہارا رب |
| (الانعام ۸۳، پ ) | نہایت حکیم اور علیم ہے۔ |

اس سے معلوم ہوا کہ ابراہیم علیہ السّلام قوم کے سامنے شرک (ستارہ پرستی) وغیرہ کی تردید کے دلائل بیان کر رہے تھے اور یہ دلیل خود اللہ تعالےٰ نے آپ کو عطا فرمائی تھی۔

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ | ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو ابتداء |
| رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ | ہی سے ہدایت سے نوازا تھا۔ |
| وَكُنَّا بِهٖ | اور ہم اس کو خوب جاننے والے |
| عٰلِمِيْنَ | تھے۔ |

(الانبیاء ۵۱) پ ۱۷

اس سے معلوم ہوا کہ ابراہیم علیہ السّلام کو ابتداء سے ہی

Marfat.com

رشد و ہدایت حاصل ہو چکی تھی، اگر پھر بھی ستارے اور چاند سورج ہی کو معبود تصور کر رہے تھے تو وہ ہدایت کیا تھی جو پہلے سے اللہ تعالے نے عطا فرمائی تھی۔

## چاند اور سورج کی حقیقت

ہم نے چاند اور سورج کی منازل مقرر کی ہوئی ہیں وہ اپنے دائرہ کار کے اندر رہ کر اپنی ڈیوٹی بجا لاتے ہیں، کوئی مقررہ قاعدہ سے سر مو بھی انحراف نہیں کر پاتا۔

| | |
|---|---|
| وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ | سورج اپنے ٹھکانے کی طرف |
| لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ | چلا جا رہا ہے، یہ زبردست علیم |
| تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ | ہستی کا حساب مقرر کیا ہوا ہے۔ |
| وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ | اور چاند کے لیے بھی ہم نے منزلیں مقرر |
| حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ | کر رکھی ہیں، یہاں تک کہ ان منزلوں |
| الْقَدِیْمِ لَا الشَّمْسُ | سے گزرتا ہوا بالآخر وہ کھجور کی |
| یَنْۢبَغِیْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ | سوکھی ہوئی ٹہنی کی پتلا ہو جاتا ہے |
| الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ | نہ سورج کے بس میں ہے کہ وہ چاند |
| سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ | کو پکڑ لے اور نہ رات دن سے آگے |
| فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ○ | نکل سکتی ہے، ہر ایک اس فضا میں |
| (یٰسٓ ۳۸-۳۹-۴۰، پ ۲۳) | تیر رہا ہے۔ |

Marfat.com

# بلکہ اس نظام میں کوئی دخل نہیں دے سکتا

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝

آپ فرمادیں کیا تم نے غور نہیں کیا، اگر اللہ تعالےٰ قیامت تک تم پر رات کو لمبا کر دے، کون ہے اللہ کے بغیر جو رات کو بدل کر دن کی روشنی کو لے آئے۔ کیا تم سنتے نہیں ہو؟

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝

آپ اعلان کر دیں! غور کرو۔ اگر اللہ تعالےٰ قیامت تک تم پر دن چڑھائے رکھے کون ہے اس کے بغیر جو دن کو رات میں بدل دے، جس میں تم آرام کرتے ہو۔ کیا پھر بھی نہیں تم دیکھتے۔

(القصص، ۷۱، ۷۲، پ ۲۰)

Marfat.com

## اس لیے اصل مالک ہی کو سجدہ کرو

| | |
|---|---|
| وَمِنْ اٰیٰتِهِ الَّیْلُ وَ | رات اور دن سورج اور چا |
| وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ | اللہ کی نشانیاں ہیں ۔ سورج چا |
| وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوْا | (نشانیوں) کو سجدہ نہ کرو بلکہ اس |
| لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ | ذاتِ کبریا کو سجدہ کرو، جس نے |
| وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ | ان کو پیدا کیا ہے ۔ اگر واقعی |
| خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ | تم اسی کی عبادت کرنے وال |
| اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ہ | ہو۔ |

(حٰمٓ سجدہ ۳۷، پ ۲۴)

## حضرت ابراہیمؑ کی تحریک آخری مرحلہ میں

حضرتؑ کی تحریک قدم بہ قدم آخری مرحلہ میں داخل ہو رہی ہے ، فرمایا ! اے میری قوم ایک اللہ سے ڈرو (یعنی اللہ کا خوف کرو) اسی ایک اللہ کی عبادت و اطاعت میں زندگی کھپاؤ ، جس ذاتِ اقدس میں یہ اوصاف ہیں ۔

| | |
|---|---|
| وَاِبْرٰهِیْمَ اِذْ قَالَ | اور جب ابراہیم علیہ السلام نے |
| لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا | اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے |
| اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ذٰلِكُمْ | ارشاد فرمایا ! اللہ سے ڈرو! |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ | اور اُسی ایک کی عبادت کرو |
| کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ہ | یہی تمہارے لیے بہتر ہے۔ اگر تم |
| اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ | اس کو جان جاؤ۔ تم اللہ کو چھوڑ |
| مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ | کر جن کو پوج رہے ہو، وہ تو |
| اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ | صرف بت ہیں اور یہ (عقیدہ تمہارا |
| اِفْکًا ط اِنَّ الَّذِیْنَ | خود ساختہ) تم ایک جھوٹ بنائے |
| تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ | ہوئے ہو۔ جن کو تم (پکارتے) پوجتے |
| اللّٰہِ لَا یَمْلِکُوْنَ | ہو۔ اللہ کو چھوڑ کر۔ وہ تم کو رزق |
| لَکُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا | دینے کا کچھ (ذرہ برابر) بھی اختیار |
| عِنْدَ اللّٰہِ الرِّزْقَ | نہیں رکھتے، تو اللہ سے رزق مانگو |
| وَاعْبُدُوْہُ وَاشْکُرُوْا | اسی کی عبادت کرو اور اسی کا شکریہ |
| لَہٗ ط اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ہ | ادا کرتے رہو۔ اور اسی کی طرف تم |
| (العنکبوت ۱۶، ۱۷، پ ۲۰) | نے پلٹ کر جانا ہے۔ |
| اِذْ قَالَ لِاَبِیْہِ | جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے |
| وَقَوْمِہٖ مَا ھٰذِہِ | باپ اور قوم کو کہا! یہ مجسّمے کیسے |
| التَّمَاثِیْلُ الَّتِیْٓ اَنْتُمْ | ہیں جن کے تم گرویدہ ہوئے جا |
| لَھَا عٰکِفُوْنَ ہ | رہے ہو۔ |
| قَالُوْا وَجَدْنَآ | انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے |
| اٰبَآءَنَا لَھَا | بزرگوں کو ان کی عبادت کرتے |

Marfat.com

عٰبِدِیْنَ ۝ — ہوئے اسی طرح پایا۔

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ — فرمایا تم بھی بھٹک چکے ہو اور

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ — اور تمہارے باپ دادا بھی

فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ — گمراہ ہو گئے تھے۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا — کہنے لگے کیا تو سچی بات کر

بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ — رہا ہے؟ یا ہمارے ساتھ شغل

مِنَ اللّٰعِبِیْنَ ۝ — کر رہا ہے۔

قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ — فرمایا! نہیں بلکہ فی الواقع تمہارا

رَبُّ السَّمٰوٰتِ — رب وہی ہے۔ جو زمین اور آسمان

وَالْاَرْضِ الَّذِیْ — کا رب ہے، جس نے ان کو پیدا

فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا — کیا ہے۔ اس بات پر، میں

عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ — تمہارے سامنے گواہی دیتا

الشّٰهِدِیْنَ ۝ — ہوں۔

## حضرتؑ جلال میں آتے ہیں

جب دیکھا کہ یہ اپنی ہٹ دھرمی پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ان مورتیوں پر مرے جا رہے ہیں تو طبیعت میں غیرت آئی کہ اب ان کے معبودان کی خبر لینی چاہیئے، بلا خوف و خطر ڈنکے کی چوٹ کہا۔ اللہ کی قسم اب یہ مجسمے میرے لیے نا قابلِ برداشت ہو گئے ہیں۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَتَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ | اور خدا کی قسم میں تمہاری غیر |
| اَصْنَامَکُمْ بَعْدَ | موجودگی میں تمہارے بتوں |
| اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ۔ | کی ضرور خبر لوں گا۔ |

(انبیاء ۲۱ - پ۱۷)

چنانچہ جتنے انبیاء بعد میں آئے انہوں نے اُجڈ مشرکین کے ساتھ یہی رویّہ اختیار کیا، جیسا کہ حضرت ہود علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا تھا۔

| | |
|---|---|
| اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰکَ | مشرک اللہ کے نبی سے کہنے لگے |
| بَعْضُ اٰلِھَتِنَا بِسُوْٓءٍ | اے ہودؑ ہم سمجھتے ہیں تیرے |
| قَالَ اِنِّیْٓ اُشْھِدُ | اوپر ہمارے معبودوں میں سے کسی معبود |
| اللّٰہَ وَاشْھَدُوْٓا اَنِّیْ | کی مار پڑ گئی ہے۔ ہودؑ نے فرمایا |
| بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِکُوْنَ۔ | میں اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں اور |
| مِنْ دُوْنِہٖ | تم بھی گواہ رہنا، میں تمہارے |
| فَکِیْدُوْنِیْ جَمِیْعًا | معبودانِ باطل سے بے تعلق |
| ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ۔ | ہوں۔ جاؤ تم اور تمہارے معبود |
| اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ | سب مل کر میرے خلاف جو |
| عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ | چاہو کر ڈالو اور مجھے ایک لمحہ |

---

ؔ؎ ۔ حق پہچاننے کے بعد باطل پر جمع رہیں۔

Marfat.com

وَرَبِّكُمْ ط — کے لیے بھی مہلت نہ دینا۔

(سورۃ ھود) — میرا توکل اللہ پر ہے جو صرف

آیت ۵۴، ۵۵، ۵۶ — میرا ہی رب نہیں۔ بلکہ وہ

پ ۱۲ — حقیقت میں تمہارا بھی رب

ہے۔

# امتِ محمدیہ کیلئے بھی یہی طریقہ ہے

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ — یقیناً تمہارے (امت محمدیہ)

أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي — کے لیے ابراہیمؑ اور ان کے

إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ — ساتھیوں میں بہترین نمونہ ہے

مَعَهُ إِذْ قَالُوا — جو انہوں نے اپنی قوم کو صاف

لِقَوْمِهِمْ إِنَّا — کہہ دیا تھا کہ ہم تم سے اور تمہارے

بُرَآءُ مِنْكُمْ وَ — معبودوں سے جن کی وجہ سے تم

مِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ — نے خدا کو چھوڑ رکھا ہے۔ تم سب

دُونِ اللّٰهِ كَفَرْنَا — سے ہم بالکل بیزار ہیں۔ بلکہ ہم

بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا — تم سب کا انکار کرتے ہیں، ہمارے

وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ — اور تمہارے درمیان اس وقت

وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا — تک عداوت اور دشمنی رہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حَتّٰی تُؤْمِنُوْا | گی ۔ جب تک تم ان کو چھوڑ کر |
| بِاللّٰہِ وَحْدَهٗ ۔ | ایک اللہ وحدہٗ لاشریک کی |
| (الممتحنہ ۴ پ۲۸) | عبادت نہ کرنے لگ جاؤ ۔ |
| اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ | میں نے اپنا رُخ صرف اس |
| لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ | اللہ کی طرف کر لیا ہے ۔ جس |
| وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا | نے زمین و آسمان کو پیدا فرمایا |
| وَّمَآ اَنَا مِنَ | اور میرا مشرکین کے ساتھ کوئی |
| الْمُشْرِكِیْنَ ۚ | واسطہ نہیں |

(الانعام ۸۰ ۔ پ۷)

یہی وہ آخری سٹیج ہے ۔ یہاں پہنچ کر ایسے لوگوں سے وانشگاف کہنا ہوتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| قُلْ یٰۤاَیُّهَا | اے نبیؐ کہہ دیں اے |
| الْكٰفِرُوْنَ ۚ لَآ | کافرو! میں ان کی عبادت نہیں |
| اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۚ | کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو |
| وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ | اور نہ (اب) تم اس کی عبادت |
| مَآ اَعْبُدُ ۚ | کرنے والے ہو ، جس کی میں |
| وَلَآ اَنَا عَابِدٌ | عبادت کرتا ہوں ۔ اور نہ میں |
| مَّا عَبَدْتُّمْ ۚ | عبادت کرنے والا ہوں ، جن کی |
| وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ | عبادت تم نے کی ہے ۔ اور |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مَآ اَعْبُدُ ۝ | نہ تم عبادت کرنے والے ہو |
| لَكُمْ دِيْنُكُمْ | جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ |
| وَلِيَ دِيْنِ ۝ | تمہارے لیے تمہارا دین۔ میرے |
| (الکافرون ا تا ۶ پ۳۰) | لیے میرا دین۔ |

## تمام ایمانداروں کو یہی حکم دیا

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | اے مومنو! نہ دوستی کرو میرے |
| لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ | دشمنوں کے ساتھ اور نہ اپنے دشمنوں |
| وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ | کے ساتھ، تم ان سے دوستی |
| تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ | چاہتے ہو حالانکہ انہوں نے انکار |
| بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ | کر دیا اس حق کا جو تمہارے پاس |
| كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ | آیا ہے۔ انہوں نے نکالا ہے، |
| مِّنَ الْحَقِّ ۚ | تم کو۔ اور رسول اکرم ﷺ کو |
| يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ | اس لیے کہ تم اپنے اللہ |
| وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا | پر ایمان لائے ہو۔ جو تمہارا |
| بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ | رب ہے۔ |

(الممتحنہ ا ۔ پ۲۸)

| | |
|---|---|
| لا تتخذوا اليهود | دوسرے مقام پر فرمایا۔ یہود و |
| والنصارىٰ اولياء | نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ |

Marfat.com

یہی وجہ ہے حدیث مبارک میں بھی مشرک اور بدعتی کی عزّت وتکریم کرنے سے روکا گیا ہے۔

اس لیے ایسے ایمانداروں کی تعریف کی گئی جو اللہ کے لیے محبّت وعداوت رکھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| لَا تَجِدُ قَوْمًا | تم کبھی نہیں پاؤ گے کہ جو اللہ اور |
| يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ | آخرت پر ایمان رکھنے والے |
| وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ | ہوں۔ وہ ان لوگوں سے محبّت |
| يُوَآدُّوْنَ مَنْ | کریں۔ جنہوں نے اللہ اور رسول |
| حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ | کی مخالفت کی ہے، خواہ وہ ان |
| وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ | کے باپ، بیٹے، بھائی یا ان |
| اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ | کے اقربار کیوں نہ ہوں۔ یہ وہ |
| اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ط | لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ |
| اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ | تعالےٰ نے ایمان ثبت کر دیا |
| قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ | ہے۔ اپنی طرف سے ایک |
| وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ | روح عطا کرکے قوّت بخشی ہے۔ |
| مِّنْهُ ط وَيُدْخِلُهُمْ | وہ ان کو ایسی جنتوں میں داخل |
| جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ | کرے گا۔ جن کے نیچے نہریں |
| تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ | چلتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط رَضِيَ | ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان |

| | |
|---|---|
| اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا | سے راضی ہوا اور وہ اپنے |
| عَنْہُ ط اُوْلٰٓئِكَ | ربّ پر راضی ہو گئے۔ یہ لوگ |
| حِزْبُ اللّٰہِ ط اَلَآ | اللہ کی جماعت ہیں۔ سن لو |
| اِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ | اللہ کی جماعت ہی کامیاب |
| ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ہ | ہونے والی ہے۔ |

(المجادلہ ۲۲ پ ۲۸)

# اتفاق کی بات دیکھیے

حضرت ابراہیم علیہ السلام بار بار اپنی قوم کو ہوش میں لانے کی کوشش کر رہے ہیں، شاید ان کی مردہ بصیرت میں کچھ تازگی پیدا ہو جائے اور غور و فکر کے دریچے کھل جائیں وہ ہیں۔ جو اپنی ضد پہ ضد کیے جا رہے ہیں، اتفاق کی بات دیکھیے اسی کشمکش میں ان کا میلہ آجاتا ہے، مشرک قوم ایسے میلوں میں نہ صرف خود جاتی ہے۔ بلکہ ہر کسی کو ایسی خرافات میں دیکھنا چاہتی ہے۔ اسی شوقِ غلیظ کے ساتھ انھوں نے جناب ابراہیم علیہ السلام کو دعوت دی آئیں آپ بھی چلیں، لیکن وہ کیا جانتے تھے، کہ ابراہیم علیہ السلام تو ایسی خرافات کو مٹانے کے لیے دن رات سوچتے رہتے ہیں۔

چنانچہ آپ نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| فَنَظَرَ نَظْرَۃً فِی | تاروں کی طرف دیکھا۔ اور |

Marfat.com

النُّجُوْمِ ۝ فَقَالَ اِنِّیْ کہا۔ (بھائی) میں تو بیمار
سَقِیْمٌ ۝ ہوں۔

(الصّٰفّٰت ۸۸-۸۹ پ۲۳)

اس جملے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں، ہو سکتا ہے کہ وہ کچھ بیمار ہوں، یا اس لیے دیکھا ہو کہ اے مالک اب میرے اعلانات پر عمل کرنے کا وقت آگیا ہے۔ تو مدد فرمانا یا پھر اس حیرانگی سے دیکھا ہو (جیسا کہ بعض موقعوں پر آدمی حیران ہو کر بھی اوپر یعنی آسمان کی طرف دیکھتا ہے) کہ عجب لوگ ہیں، میرے عقیدے کو جاننے کے باوجود مجھے دعوتِ میلہ دے رہے ہیں۔ بعض لوگوں نے یہ لکھا ہے، کیونکہ آپ کی قوم ستاروں سے شگون لیتی تھی اس لیے آپ نے اوپر دیکھ کر اِنِّیْ سَقِیْمٌ کہا۔ تاکہ یہ اصرار نہ کریں اور اپنے عقیدہ کے مطابق تاثر لے کر بغیر تکرار کے چلے جائیں۔ (واللہ اعلم)

خیر وہ آپؑ کو چھوڑ کر عوامی میلے کی طرف چلے جاتے ہیں۔

## ابراہیمؑ جو کہتے تھے وہ کر گزرتے تھے

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ پھر وہ آپؑ کو چھوڑ کر میلے میں
مُدْبِرِیْنَ ۝ چلے گئے۔

(الصّٰفّٰت ۹۰، پ۲۳)

دن گنے جاتے تھے۔ جس دن کے لیے اب وقت آیا

Marfat.com

ہے کہ جو کہا تھا کر دکھایا جائے۔ چنانچہ مندر میں گھس گئے اور غیرت و جلال میں آکر فرمانے لگے۔

فَرَاغَ اِلٰٓی اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ہ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ہ

پھر چپکے سے بتوں میں جاکر گھس گئے اور کہنے لگے۔ تم کھاتے کیوں نہیں۔؟ اور تم بولتے بھی نہیں۔ بولو تو سہی۔

(الصّٰفّٰت ۹۱-۹۲، پ۲۳)

آپ کی غیرت و جلالت کا اللہ اللہ عجیب منظر ہوگا۔ حالانکہ معلوم تھا۔ بلکہ خود ہی تو اعلان کیا کرتے تھے۔ یہ نہ سنتے ہیں۔ نہ دیکھتے ہیں۔ نہ ہی بول سکتے ہیں۔ لیکن آج خود ہی بلائے جارہے ہیں۔ کبھی مومن پر ایسا وقت بھی آتا ہے۔ کہ وہ غیرتِ توحید سے لبریز ہوکر درسِ توحید دینے کے لیے ایسا بھی کرتا ہے، جیسا کہ حضرت فاروقِ اعظم رض نے طوافِ کعبہ کے وقت حجرِ اسود کو کہا تھا۔ میں جانتا ہوں، تیری حقیقت، تو ایک پتھر کا ٹکڑا ہے۔ میں تو تجھے اس لیے چوم رہا ہوں کہ میں نے سرورِ گرامی علیہ الصّلوٰۃ والسلام کو چومتے ہوئے دیکھا تھا۔ دیکھتے جائیے اب باطل معبودوں کی شامت آنے والی ہے۔

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ہ

پھر ان کو دائیں ہاتھ سے پھوڑنا شروع کیا۔

(الصّٰفّٰت ۹۳، پ۲۳)

# ابراہیمؑ بڑے ذہین تھے

| | |
|---|---|
| فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا | پھر بتوں کو توڑ تاڑ کر ریزہ ریزہ |
| اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ | کر دیا۔ مگر بڑے کو چھوڑ دیا تاکہ |
| لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ○ | وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ |

(الانبیاء ۵۸۔ پ ۱۷)

جتنے نبی اپنے اپنے زمانے میں تشریف لائے وہ اپنے دور کے سب سے بڑے ذہین اور دانشور تھے۔ دیکھیے ابراہیم علیہ السلام کتنے زیرک اور دانشور ہیں، کہ سب بتوں کو توڑا مگر بڑے کو چھوڑا۔ تاکہ جب قوم واپس آکر کے دیکھے گی تو اس حادثہ پر غور و فکر کرتے ہوئے یقیناً اس کی طرف رجوع کریں گے۔

اگر اِلَیْہِ کی ضمیر (اشارہ) بڑے بت کی طرف ہو تو شاید یہ سوچیں کہ بڑے میاں نے کسی بات پر ناراض ہو کر چھوٹوں کا تیا پانچہ کر دیا ہے۔ یا کم از کم یہ تو ان کے دلوں میں خیال آئے گا۔ واقعی وہ جوان (ابراہیمؑ) سچ کہتا تھا کہ یہ سب بے کار ہیں۔ نہ انہوں نے اپنے آپ کو بچایا اور نہ یہ بڑے میاں ہی روک سکے، ہاں اگر اِلَیْہِ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف ہو تو معنی بالکل صاف ہے۔ کہ جب میرے پاس آئیں گے تو بات کرنے کا اور موقعہ مل جائے گا۔

Marfat.com

قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ۝

کہنے لگے ہمارے خداؤں کا یہ حال کس نے کیا۔ وہ بہت ہی ظالم ہے۔ کچھ کہنے لگے۔ ہم نے ان کے خلاف (ابراہیمؑ) ایک نوجوان کو چیلنج کرتے سنا ہے۔

(الانبیآء ۵۹۔ ۶۰ پ۱۷)

## زبردست ہنگامہ

قوم جب واپس پلٹی تو ان کی مسرت و شادمانی غم اور پریشانی میں تبدیل ہو گئی۔ زبردست اضطراب اور شدید ہنگامہ برپا ہوا۔ ہنگامی حالات کا اعلان، اور اجلاس پہ اجلاس بلائے جا رہے ہیں۔ تاکہ عوام کو اپنی کارکردگی دکھا کر فوری طور مطمئن کیا جائے، پھر دفعتاً فیصلہ سنایا جاتا ہے۔

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَشْهَدُوْنَ ۝

(الانبیآء ۶۱، پ۱۷)

پورے اتفاق سے فیصلہ صادر کیا گیا۔ ابراہیم کو پکڑ کر لوگوں کے سامنے حاضر کرو۔ تاکہ عوام دیکھ لیں (ان کی کیسی مرمت کی جاتی

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَیْهِ یَزِفُّوْنَ ۝

(الصّٰفّٰت ۹۴، پ۲۳)

فیصلہ سنتے ہی لوگ بھاگم بھاگ ابراہیمؑ کے پاس پہنچے۔

Marfat.com

## ابراہیمؑ زبردست بہادر تھے

خدا معلوم لوگ کس غیظ و غضب کے ساتھ کس طرح آپؑ کو
پکڑکے لائے ہوں گے، کتنے آوازے کسے اور کتنی گستاخیاں
کی ہوں گی۔ لیکن ابراہیمؑ ہجومِ مشرکین کو زمین کے ذرّات سے بھی
حقیر تصوّر فرماتے ہوئے ایسی جرأت اور مردانگی سے جواب
دیتے ہیں کہ ان کی کئی کئی گز لمبی زبانیں اس طرح گنگ ہوگئیں، جیسے
ان کو سانپ سونگھ گیا ہو۔ ان میں دانشور پڑھے لکھے اور
ان پڑھ ہر قسم کے لوگ موجود ہیں لیکن کوئی بولنے کی جرأت نہیں کر پاتا۔
کیوں بولیں۔

## اور کس بنیاد پر بات کریں

| | |
|---|---|
| وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ | جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو بھی پکارتے ہیں۔ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں، ان کا حساب رب کے ذمہ ہے۔ یقین جانیئے کافر کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ |

(المؤمنون ۱۱۷، پ ۱۸)

Marfat.com

# حضور اکرمؐ زبردست بہادر تھے

جیساکہ ہم نے اوپر ذکر کیا کہ جتنے انبیاءؑ دنیا میں تشریف لائے وہ سب کے سب بہادر ہوا کرتے تھے۔ بنی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شجاعت و بہادری کا اقرار و اعتراف صحابہ کرام نے کیا۔

صحابہ رضؓ کہتے ہیں۔ ایک دفعہ آدھی رات کے وقت مدینہ کے نواحی پہاڑ میں زبردست دھماکہ ہُوا، لوگ اپنے بستروں سے اُٹھ کر اس طرف بھاگے۔ اچانک ہم کیا دیکھتے ہیں۔ کہ حضور اکرمؐ گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار ادھر سے واپس تشریف لا رہے ہیں اور ہمیں آکر تسلّی دیتے ہیں کہ جاؤ آرام کرو فکر کی کوئی بات نہیں۔ اسی طرح جنگ و جدال میں ایسے مقامات بھی آتے ہیں کہ بڑے بڑے بہادر جرنیل بھاگتے ہوئے پلٹ کر بھی نہیں دیکھ پاتے لیکن میدانِ حنین کی طرف دیکھئے، چند جان نثاروں کو چھوڑ کر دنیا کا بہادر ترین انسان اور وقت کا پیغمبرؐ تنہا یہ کہہ کر اپنوں کو بُلا اور دشمن کو للکار رہا ہے۔ کہ میں سچا نبی ہوں۔ جھوٹا نہیں اور سردار عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ مقصد یہ کہ میں سچا ہوں۔ کیونکہ جھوٹوں کا کام بھاگنا ہے۔ اور پھر خاندانی ہوں۔ خاندانی لوگ میدان چھوڑ کر بھاگا نہیں کرتے۔ اسی لیے فاتح خیبر کہا کرتے تھے کہ آپؐ اشجع النّاس (سب سے زیادہ بہادر) تھے۔

## جرگہ ابراہیمؑ سے سوال کرتا ہے

ابراہیمؑ کو جرگے کے سامنے پیش کیا گیا تو سرداران شرک و بدعت بڑے طمطراق رعب داب کے ساتھ لال پیلے ہو کر پوچھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا | اے ابراہیم تو نے ہمارے |
| بِاٰلِهَتِنَا یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ؕ | خداؤں کے ساتھ یہ حرکت کی۔ |

جواب

| | |
|---|---|
| قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ ق | فرمانے لگے بلکہ ان کے اس بڑے |
| كَبِيْرُهُمْ هٰذَا | نے یہ کاروائی کی ہوگی۔ پوچھ |
| فَسْئَلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا | لیجیئے! اگر یہ بات کر |
| يَنْطِقُوْنَ ؕ | سکتے ہیں۔ |

(الانبیاء ۶۲، ۶۳- پ۱۷)

خاموشی ہی خاموشی ہے۔ اکڑی ہوئی گردنیں جھک گئیں۔ گریبانوں میں جھانکنے لگے۔

| | |
|---|---|
| فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى | یہ سن کر وہ لوگ اپنے ضمیر کی |
| اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا | کی طرف پلٹے اور اپنے دل |
| اِنَّكُمْ اَنْتُمُ | میں کہنے لگے۔ واقعی ہی تم |
| الظّٰلِمُوْنَ ؕ | خود ظالم ہو۔ |
| ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى | مگر پھر گردنیں اٹھا کر کہنے |

Marfat.com

رءُوسِهِم لَقَد عَلِمتَ — لگے۔ تو جانتا ہے۔ یہ

مَا هٰؤُلَآءِ يَنطِقُونَ ۝ — بات نہیں کر سکتے۔

(الانبیاء ۶۴-۶۵ پ۱۷) — (یعنی گونگے پہلوان ہیں)

ابراہیمؑ گویا ہوئے۔

قَالَ اَفَتَعبُدُونَ — ابراہیمؑ نے فرمایا اللہ کو چھوڑ کر

مِن دُونِ اللّٰهِ مَا لَا — تم ان کو پکارتے ہو عبادت کرتے

يَنفَعُكُم شَيئًا وَّلَا — ہو جو تم کو فائدہ اور نقصان نہیں

يَضُرُّكُم ۝ — پہنچا سکتے۔

اُفٍّ لَّكُم وَ — افسوس ہے تم پر اور تمہارے

لِمَا تَعبُدُونَ — معبودوں پر جن کی اللہ کو چھوڑ

مِن دُونِ اللّٰهِ — کر عبادت کرتے ہو۔ کیا تم تھوڑی

اَفَلَا تَعقِلُونَ ۝ — سی بھی عقل نہیں رکھتے۔

(الانبیاء ۶۶، ۶۷۔ پ۱۷)

اس کے ساتھ یہ بھی فرمایا۔

قَالَ اَتَعبُدُونَ — تم ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہو

مَا تَنحِتُونَ ۝ — جن کو تم خود تراشتے ہو۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُم — حالانکہ اللہ نے تم کو پیدا کیا

وَمَا تَعمَلُونَ ۝ — جو کچھ تم بناتے ہو ان کو بھی۔

(الصّٰفّٰت ۹۵-۹۶، پ۲۳)

# ابراہیمؑ کے خلاف کاروائی کا آغاز

| | |
|---|---|
| قَالُوْا مَنْ فَعَلَ | کہنے لگے ہمارے معبودوں کے |
| هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا اِنَّهٗ | ساتھ کس نے یہ زیادتی کی ہے |
| لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ۝ | واقعتاً وہ بڑا ظالم شخص ہے |
| قَالُوْا سَمِعْنَا | (مجمع سے آواز آئی) ہم نے سُنا |
| فَتًى يَّذْكُرُهُمْ | ہے ایک نوجوان (ان بتوں کے |
| يُقَالُ لَهٗ | خلاف) گفتگو کرتا ہے۔ اس کا |
| اِبْرٰهِيْمُ۝ | نام ابراہیم ہے۔ |
| قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى | کہنے لگے (سردار) اس کو پکڑ کر |
| اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ | لوگوں کے سامنے حاضر کرو۔ |
| يَشْهَدُوْنَ۝ | تاکہ لوگ بھی اس کو دیکھ لیں۔ |

(الانبیآء ۵۹۔۶۰۔۶۱ پ۱۷)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مجمع میں بلانے کا مقصد یہ تھا، تاکہ عوام بھی گواہ ہو جائیں۔ اس لیے کہ جو سزا اس کو دی جائے، لوگ سمجھیں کہ واقعی یہ آدمی سزا کا مستحق تھا۔

Marfat.com

# مُشرک تشدّد پر اتر آئے

جب ان کو دلیل کا جواب نہ آیا۔ ابراہیمؑ بار بار کہتے ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| ھاتوا برھانکم ان کنتم صٰدقین۔ | اگر تم سچے ہو تو کوئی دلیل لاؤ۔ |

دلیل کہاں سے لائیں، جبکہ پہلے کہہ دیا تھا۔

| | |
|---|---|
| وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا ط | میں کیوں ڈروں تمہارے شریکوں سے، جبکہ تم اللہ کے ساتھ شرک (غدّاری) کرتے ہوئے نہیں ڈرتے اللہ نے تو شرک کی حمایت کے لیے ایک دلیل بھی نہیں اتاری |

(الانعام ۸۱۔ پ۷)

اب دھمکیاں دینے لگے۔ اس کی قوم کے پاس بس اتنا جواب تھا کہ :-

| | |
|---|---|
| قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ | اس کو پکڑو اور زندہ جلا دو اس طرح اپنے خداؤں کی مدد کرو۔ اگر کچھ کرنا چاہتے ہو۔ |

(الانبیاء ۶۸، پ۱۷)

# مشرکین کی شروع سے ہی یہی روش رہی ہے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تبلیغ سے متاثر ہو کر جو جادوگر ایمان لائے انہیں بھی فرعون نے دھمکیاں دی تھیں۔

| | |
|---|---|
| فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ | اچھا اب میں تمہارے ہاتھ پاؤں |
| وَأَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ | مخالف سمتوں سے کٹواتا ہوں۔ |
| وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي | اور کھجور کے تنوں پر تمہیں سولی |
| جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ | دی جائے گی۔ پھر تم کو پتہ |
| أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا | چل جائے گا۔ ہم میں کس کا |
| وَأَبْقَىٰ ۝ | عذاب دیرپا اور شدید ترین ہے۔ |

(طٰہٰ ۷۱، پ۱۶)

# کفّار مکہ نے بھی یہی رویّہ نبی اکرمؐ کے ساتھ اختیار کیا تھا

| | |
|---|---|
| وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ | منکرین حق آپؐ کے خلاف |
| الَّذِينَ كَفَرُوا | تدبیریں سوچ رہے تھے کہ آپؐ |
| لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ | کو قید کر دیا یا قتل کر دیا جائے۔ |
| أَوْ يُخْرِجُوكَ | یا پھر ملک سے نکال دیا جائے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَيَمْكُرُوْنَ | وہ اپنی مکروفریب کی چال چل |
| وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ | رہے تھے اور اللہ بھی اپنی تدبیر |
| وَاللّٰهُ خَيْرُ | کر رہا تھا۔ اللہ بہترین تدبیر |
| الْمٰكِرِيْنَ ۝ | کرنے والا ہے۔ |

(الانفال ۸، پ ۹)

لیکن جن کا اللہ پر ایمان ہو وہ تو ایک پل بھر بھی گھبرانے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

## حکومت حرکت میں آئی

ابھی خاص وعام کے ساتھ یہ کشمکش جاری تھی کہ حکومتِ وقت نے اس بات کا سختی سے نوٹس لیا۔ جب حاکمِ وقت نمرود کے پاس مکمل رپورٹ پہنچی تو وہ آپے سے باہر ہو گیا۔ چنانچہ یہ فکر لاحق ہو گئی کہ اگر ابراہیمؑ بتوں کی خدائی کا انکار کرتا ہے تو میری خدائی کو کب تسلیم کرتا ہو گا۔ چنانچہ فوراً حکم صادر کیا کہ ابراہیمؑ جہاں کہیں ہو، اس کو فی الفور میرے دربارِ عالیہ میں پیش کیا جائے باپ، رشتہ دار، پوری قوم یہ چاہتی تھی یہ تحریک دب جائے اور اس کے داعی کو عبرت ناک سزا سے دوچار کیا جائے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام حاکمِ وقت کے سامنے جاتے ہیں۔

Marfat.com

# حاکمِ وقت سے گفتگو

حاکمِ وقت نے حاکمانہ لب و لہجہ میں پوچھا اے ابراہیمؑ، ہمارے ہوتے ہوئے تم کسی اور کو کس طرح ربّ مانتے ہو؟

ابراہیم علیہ السّلام بھرپور اعتماد سے فرمانے لگے۔ میں زمین و آسمان میں صرف اور صرف ایک ذات کبریا کو خدا مانتا ہوں اس کے بغیر سب مجبور و محکوم ہیں۔ خالق و مالک تو اللہ ہے۔ تو بھی اسی طرح ایک انسان ہے۔ جس طرح ہم انسان ہیں، نمرود چونک اُٹھا، کرسی پر اکڑتے ہوئے گردن اٹھا کر بولا!

ہاں ہاں تو میرے بغیر بھی کسی کو خدا مانتا ہے۔ فوراً اپنے ربّ کے اوصاف بیان کرو۔ ورنہ تیری ہڈیاں توڑ دی جائیں گی۔

| | |
|---|---|
| اَلَمْ تَرَ اِلَى | کیا آپ نے اس شخص کے |
| الَّذِىْ حَآجَّ | بارے میں غور نہیں کیا؟ جو ابراہیمؑ |
| اِبْرٰهٖمَ فِىْ | سے جھگڑا تھا۔ جھگڑا اس |
| رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰهُ اللّٰهُ | بات پر کہ ابراہیمؑ کا رب کون |
| الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ | ہے؟ اس بنا پر کہ اللہ نے اس |
| اِبْرٰهٖمُ رَبِّىَ | کو حکومت سے نوازا تھا۔ جب |
| الَّذِىْ يُحْىٖ | ابراہیم علیہ السّلام نے کہا میرا |
| وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ | رب وہ ہے، جس کے اختیار |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَنَا اُحۡیٖ وَاُمِیۡتُ | میں زندگی اور موت ہے ۔ بادشاہ |
| قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ | کہنے لگا زندگی اور موت میرے |
| فَاِنَّ اللّٰهَ يَاۡتِىۡ | اختیار میں ہے ۔ ابراہیمؑ نے |
| بِالشَّمۡسِ مِنَ | فرمایا اچھا اللہ تعالےٰ سورج کو |
| الۡمَشۡرِقِ فَاۡتِ | مشرق سے نکالتا ہے تو اس کو |
| بِهَا مِنَ الۡمَغۡرِبِ | مغرب سے نکال، وہ منکر حق |
| فَبُهِتَ الَّذِىۡ كَفَرَؕ | ششدر رہ گیا ۔ اللہ ایسے |
| وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ | ظالموں کو کبھی ہدایت نہیں |
| الظّٰلِمِيۡنَ‌ۚ | دیا کرتا ۔ |

(البقرۃ ۲۵۸، پ۳)

علامہ ابن کثیر نے تفسیر ابن کثیر میں اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے لکھا کہ نمرود کو حکومت کرتے ہوئے چار سو سال گزر گئے تھے ۔ جس وجہ سے اس کے دماغ میں رعونت اور انانیت پیدا ہو گئی ۔ اس نے جہلاء کے جذبات سے کھیلتے ہوئے دو قیدیوں کو منگوایا ۔ جس کو پھانسی کا حکم تھا ۔ اس کو آزاد کر دیا اور جس کو قید سے رہائی ملنے والی تھی اس کو بلا کر اس کی گردن کٹوا دی اور پھر بڑے ناز کے ساتھ مجمع کی طرف دیکھتے ہوئے ابراہیم سے مخاطب ہوا، دیکھا مارنے اور زندہ کرنے کا مجھے بھی اختیار ہے ۔ اب جہلا کی حالت دیدنی ہو گی ۔ بغلیں مارتے اور تالیاں بجاتے ہوں گے ۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سوچا کہ بے وقوف بادشاہ لوگوں کے جذبات سے کھیل رہا ہے۔ لہٰذا انہوں نے اس دلیل کی لطافت کو سمجھانے کی بجائے فوراً ایسی دلیل دی جس سے کوئی مغالطہ نہیں دیا جا سکتا تھا۔

• فرمایا کہ میں اس اللہ کی بات کر رہا ہوں جو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے۔ تو اس کو مغرب سے نکال دے۔

بس پھر کیا وہ بالکل خاموش حیران و ششدر رہا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ فوراً تسلیم و اطاعت کے لیے اپنے آپ کو پیش کرتا۔ لیکن اس نے اپنی خفّت مٹانے اور عوام کو قابو رکھنے کے لیے وہی طریقہ اختیار کیا جو ہر دور میں ظالم اور فاسق و فاجر حکمران کیا کرتے ہیں

## امن عامہ کے تحت گرفتاری

فوراً حکم دیا کہ امنِ عامہ کے تحت اس کو گرفتار کر لیا جائے۔!
چنانچہ آپ کو دس دن تک جیل میں رکھا اور پھر شاہ کی کونسل نے زندہ جلا دینے کا فیصلہ کیا۔ بالفاظِ دیگر عوام بھی اور حکمران بھی سب کے سب اس بات پر متفق ہیں کہ اس کو زندہ نہ چھوڑا جائے۔ بلکہ عبرتناک سزا دی جائے۔

### عوامی مطالبہ

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَ          اگر اپنے خداؤں کو بچانا چاہتے

لہ انبیائے قرآن

Marfat.com

انْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ہو تو فوراً اس کو زندہ جلا دو۔

(الانبیاء ۶۸ - پ ۱۷)

## شاہی کونسل کا فیصلہ

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ اس کے لیے ایک بڑا گہرا قلعہ بناؤ اس کو آگ سے بھر کر اسے دہکتے ہوئے انگاروں میں پھینک دو۔

(الصّٰفّٰت ۹۷ - پ ۲۳)

## شاہی آرڈیننس جاری ہوا

شاہی آرڈیننس کے تحت پوری مشینری آگ کو بھڑکانے میں لگی ہوئی ہے۔ علامہ ابن کثیر نے لکھا ہے، لوگوں کے جذبات کا عالم! عورتیں نذریں مانتی تھیں۔ اگر فلاں مشکل یا بیماری رفع ہو جائے۔ تو میں اتنی لکڑیاں آگ میں پھینکوں گی۔ مؤرخین نے تحریر فرمایا۔ آج تک آگ کا اتنا بڑا الاؤ دیکھنے میں نہیں آیا۔ جتنا مشرک قوم نے ایک موحد کو جلانے کے لیے تیار کیا تھا۔ آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کرتے دکھائی دیتے تھے۔ جب آگ میں پھینکنے کا وقت آیا، تو مسئلہ پیدا ہوا۔ اتنی پھیلی آگ میں کس طرح جھونکا جاتے۔

Marfat.com

شاہی کونسل کا ہنگامی اجلاس طلب کیا جاتا ہے۔ زیرِ غور مسئلہ کہ آگ میں کس طرح پھینکا جائے؟

فیصلہ ہوتا ہے، ایسی مشینری تیار کی جائے جس میں جھولا دے کر آگ کے سنٹر میں پھینک دیا جائے۔

اسی طرح ہی کیا گیا (اس تجویز دینے والے کو اللہ تعالیٰ نے اسی وقت زمین میں دھنسا دیا اور قیامت تک زمین میں دھنستا جائے گا)[1]

# ابراہیمؑ کی منفرد آزمائش

قرآن مجید کے گہرے مطالعہ سے یہ بات منکشف ہوتی ہے۔ جب بھی کسی نبی پر انتہائی آزمائش آئی تو اللہ پاک نے لوگوں میں کسی کو حمایتی بنا دیا۔ موسیٰ علیہ السلام کو دیکھیے، پیدائش کے وقت حفاظت کے تمام انتظامات ناکافی ہوگئے جا رہے ہیں۔ تو والدۂ موسیٰؑ کو حکم ہوا۔

| | |
|---|---|
| وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ | ہم نے موسیٰ کی والدہ کو اشارہ |
| مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ | کیا کہ دودھ پلائے جا۔ جب تجھے |
| فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ | اس کی جان کا خطرہ ہو تو اس کو |
| فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ | صندوق میں بند کر کے دریا میں ڈال دینا |
| وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ | ہم اس کو تیرے پاس ہی لے |
| اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ | آئیں گے۔ اور اس کو |

[1] ابن کثیر

Marfat.com

وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ۔ — نبی بنادیں گے۔

فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ — آخر کار فرعون کے گھر والوں نے

لِیَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا — اس کو دریا سے نکالا تاکہ وہ

وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ — ان کا دشمن اور ان کے لیے

وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا — باعثِ رنج بنے۔ کیونکہ فرعون

كَانُوْا خٰطِـٕیْنَ — اور ہامان اور اس کے تمام ساتھی

(القصص ۷-۸، پ۲۰) — غلط کار تھے۔

یعنی موسیٰ علیہ السّلام کے دشمن کی بیگم کو حمایتی بنادیا۔

وَقَالَتِ امْرَاَتُ — فرعون کی بیوی نے اپنے خاوند

فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَیْنٍ — فرعون کو کہا۔ اس کو قتل نہ کرنا

لِّیْ وَلَكَ ؕ لَا — شاید میری تیری آنکھوں کے

تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰۤى اَنْ — لیے ٹھنڈک بنے اور ہو سکتا ہے

یَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ — ہمارے لیے فائدہ مند ہو یا ہم اس کو

وَلَدًا۔ — اپنا بچہ بنالیں۔

(القصص ۹، پ۲۰)

اسی طرح جب موسیٰ علیہ السّلام سے ایک سرکاری پارٹی کا آدمی اتفاقاً قتل ہو جاتا ہے۔ سرکار نے بغیر تفتیش کے یک دم فیصلہ کیا کہ موسیٰؑ کو قتل کر دیا جائے (کیونکہ موسیٰ علیہ السلام ظلم کی مخالفت اور مظلوم کی مدد کرتے تھے) چنانچہ حکومت کے ایک رازداں کے دل

Marfat.com

یں ہمدردی پیدا ہوئی اور وہ بھاگتا ہوا آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے

| | |
|---|---|
| وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ | ایک آدمی شہر کے پرلے سرے |
| اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ | سے دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا |
| يَسْعٰى ز قَالَ يٰمُوْسٰى | اے موسٰی، وڈیروں نے تجھے |
| اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ | قتل کرنے کا فیصلہ کر لیا |
| بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ | ہے۔ لہذا آپ بھاگ جائیں |
| فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ | میں آپ کی خیر خواہی کر |
| مِنَ النّٰصِحِيْنَ ○ | رہا ہوں۔ |

(القصص ۲۰، پ۲۰)

خود نبی کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھیے۔ جب شعب ابی طالب میں محصور کیے گئے تو کفار میں ایسے حمایتی اٹھ کھڑے ہوئے، جنہوں نے اس ظلم کے خلاف زبردست آواز اٹھائی۔ آخر کار بائیکاٹ ختم کر دیا گیا۔

لیکن یہاں ابراہیم علیہ السلام تنہا باپ اور خلقت تماشائی۔ انتظامیہ چوکس وزیر بھاگے پھر رہے ہیں۔ اور سی، آئی، ڈی دیواروں کو سونگھ رہی ہے۔ غیر معمولی انتظامات زبردست پہرے ہیں مجرم توحید کو لایا جاتا ہے۔ لوگ ایڑیاں اٹھا اٹھا کر دیکھتے ہیں۔ کون ہے ابراہیم! مارو، قتل کرو، جلدی پھینکو کے نعرے لگائے جا رہے ہیں۔ لیکن مرد جلیل کے چہرے پر ذرہ برابر رنج و ملال نہیں۔

Marfat.com

جناب ابراہیم علیہ السّلام نے بے پرواہی سے ہجوم مشرکین کو دیکھا اور پھر اللہ کی یاد میں محو ہو گئے۔

# آزمائش کے آخری لمحات

اُف خدایا یہ کیسا منظر ہے جو آج تک تیرے فرشتوں نے بھی نہیں دیکھا تھا۔ نظر اٹھائی تو دفعتًا جبریلِ امین نمودار ہوئے۔ روح الامین عرض کرتے ہیں۔ جناب میں حاضر ہوں۔ کوئی خدمت ہو تو حکم فرمایئے حضرت ابراہیمؑ نے کہا کیا آپ کو ربّ العزّت نے ایسا حکم دیا تھا۔ جبریل جواب دیتے ہیں نہیں۔

پھر جاؤ مجھے آپ کی کوئی ضرورت نہیں۔ وہ مجھے دیکھ رہا ہے

حسبی اللہ نعم الوکیل

ابراہیمؑ نے حسبی اللہ کہہ کر اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیا۔ اب کارروائی زمین پر نہیں عرش معلّٰی پر ہوگی۔ کیونکہ ارشاد یہی ہے۔

| | |
|---|---|
| ومن یتوکّل علی اللہ فھو حسبہ | جس نے حسبی اللہ کہا اب اللہ اس کا ذمہ دار ہو گیا۔ |

۔پ۲۸ طلاق ۳

وعلی اللہ فلیتوکّل المتوکلون

اس لیے اعتماد کرنے والوں کو صرف خدا پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

اب دیکھیئے ادھر حاکمِ وقت کا اشارہ ہوتا ہے کہ جلّاد ! پھینک دو! کرین کا بٹن دبا دیا گیا۔ مجمع سے آواز آتی ہے۔ اچھا ہوتا اگر معافی مانگ لیتا۔۔۔۔ خواہ مخواہ جان گنوائی۔

انہیں کیا خبر آسمانوں میں کیا فیصلہ ہو چکا ہے۔

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

حافظؒ ابن کثیرؒ نے ابنِ عباس رضؓ کے حوالے سے لکھا بارش کا فرشتہ ہمہ تن گوش بیٹھا انتظار کر رہا تھا۔ کب حکمِ خداوندی آئے اور میں اتنی بارش برساؤں کہ ایک لمحہ کے اندر آگ بھسم ہو کر کے رہ جائے۔ لیکن آج حکم براہِ راست آگ کو پہنچتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قُلْنَا يٰنَارُ | ہم نے حکم دیا اے آگ ٹھنڈی |
| كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا | ہو اور سلامتی بن جا ابراہیمؑ |
| عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (انبیاء ۶۹، پ۱۷) | کے لیے۔ |

آج بھی ہو جو براہیمؑ کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا

تفسیر ابن ابی حاتم میں ہے۔ کہ ابراہیمؑ چالیس دن تک آگ میں رہے۔ حضرت ابراہیم فرمایا کرتے تھے، جتنا آرام میں نے چالیس دن آگ میں محسوس کیا تھا۔ ساری زندگی اتنا آرام میسر نہیں آیا۔ یاد رہے ابراہیمؑ کو آگ میں ننگا کر کے پھینکا گیا تھا۔ اسی لیے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

نے فرمایا تھا۔ قیامت کے دن سب سے پہلے جس خوش نصیب کو جنّت کا لباس پہنایا جائے گا وہ خلیلِ خُدا ابراہیم علیہ السّلام ہوں گے۔

## خلیلِ خُدا علیہ السلام کامیاب مُشرک ناکام ونامراد

| | |
|---|---|
| فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا | وہ چاہتے تھے ابراہیمؑ کو ماردیں |
| فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ۝ | لیکن ہم نے ان کو بُری طرح ذلیل |
| (الصّٰفّٰت، ۹۸، پ۲۳) | کردیا۔ |
| وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا | انہوں نے ابراہیمؑ کو مارنا چاہا |
| فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝ | پر ہم نے ان کو ناکام کردیا۔ |

(الانبیآء، ۷۰، پ۱۷)

| | |
|---|---|
| فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ | ہم نے ابراہیمؑ کو آگ سے |
| النَّارِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ | بچا لیا۔ اس واقعہ میں بڑی عبرت |
| لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ | ہے۔ مگر ایمان لانے والوں کیلئے |

(العنکبوت ۲۴، پ۲۰)

لیعنی اہلِ ایمان کے لیے اس واقعہ کے اندر بڑے اسباقِ عبرت ہیں۔ جس طرح ابراہیمؑ کو اس کے باپ اور دوسرے لوگوں نے نیچا دکھانے کی کوشش کی لیکن ابراہیمؑ کامیاب اور دوسرے ناکام ہوئے۔ حتیٰ کہ انہوں نے آگ میں جانا قبول کرلیا۔ مگر نظریۂ توحید کو نہ چھوڑا۔ اے اہلِ ایمان اگر تم بھی اپنی سچی بات پر قائم رہے۔ تو یاد رکھو

اہلِ مکہّ کی کوششیں اور سازشیں تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ نیچا دکھانے والے خود ذلت و رسوائی دیکھیں گے۔

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ | عزت اللہ اور اس کے رسول |
| وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ | اور مومنوں کے لیے ہے۔ |

(مُنٰفِقُوْن ۸ ، پ ۲۸)

آگ سے نکلنے کے بعد نہ معلوم ابراہیم علیہ السلام نے کتنی مدت تبلیغ دین کا کام کیا ہوگا۔ جو بات انہوں نے آگ سے نکل کر لوگوں کے سامنے رکھی۔ قرآن کے الفاظ میں سنیئے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ | تم نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو |
| مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا | اپنے درمیان دنیا کی زندگی میں |
| مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ | محبت کا ذریعہ بنالیا ہے۔ مگر قیامت |
| فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | کے روز تم ایک دوسرے کا انکار |
| ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ | بھی کروگے۔ ایک دوسرے پر |
| بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ | لعنت بھی۔ تمہارا ٹھکانا آگ |
| بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَّمَاْوٰىكُمُ | ہوگا۔ اور پھر تمہارا کوئی مددگار |
| النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ | نہیں ہوگا۔ |

(العنکبوت ۲۵، پ ۲۰)

جیسا کہ دوسرے مقام پر اس کی وضاحت فرمائی۔

| | |
|---|---|
| اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ | اس روز دوست ایک دوسرے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا | کے دشمن ہو جائیں گے اور صرف متقین |
| الْمُتَّقِيْنَ ۝ | کی آپس میں دوستی قائم رہے گی۔ |

(الزّخرف ، ٦٧ ، پ٢٥)

| | |
|---|---|
| كُلَّمَا دَخَلَتْ | ہر گروہ جب دوزخ میں داخل |
| اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا | ہوگا۔ تو اپنے سے پہلے گروہ پر |
| حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا | لعنت کرتا ہُوا داخل ہوگا۔ جب |
| فِيْهَا جَمِيْعًا قَالَتْ | سب گروہ جہنم میں داخل ہو جائیں |
| اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ | گے ۔ تو ایک دوسرے پر لعنت |
| رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ | کریں گے ۔ اور کہیں گے ، اے |
| اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ | ہمارے رب ان کی وجہ سے ہم |
| عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ | گمراہ ہوئے ۔ (انہوں نے ہمیں |
| النَّارِ ط | گمراہ کیا) لہذا ان کو آگ کا ڈبل |
| (الاعراف ٣٨۔ پ٨) | عذاب ہونا چاہیئے۔ |

قوم کو سمجھانے کے ساتھ ساتھ آخر دم تک اپنے باپ کو سمجھاتے رہے

| | |
|---|---|
| اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ | جناب ابراہیم نے اپنے باپ سے |
| يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ | کہا ۔ ابّا جان آپ کیوں ان چیزوں |
| مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا | کی عبادت کرتے ہیں ۔ جو نہ سنتی |
| يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ | ہیں نہ دیکھتی ہیں اور نہ ہی آپ کی |

Marfat.com

عَنْكَ شَيْئًا ۝ کوئی سنوار سکتے ہیں۔
يٰٓاَبَتِ اِنِّىْ قَدْ جَآءَنِىْ اباجان میرے پاس ایک ایسا علم
مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ آیا ہے۔ جو آپ کے پاس نہیں
يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِىْٓ اَهْدِكَ آیا۔ آپ میرے پیچھے چلیں۔ میں
صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ آپ کو سیدھا راستہ بتاؤں گا۔
يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ اباجان آپ شیطان کی پیروی نہ
اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ کریں۔ شیطان تو رحمان کا نافرمان
لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ۝ ہے۔
يٰٓاَبَتِ اِنِّىْٓ اَخَافُ اباجان مجھے ڈر ہے کہ کہیں آپ
اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ رحمان کے عذاب میں مبتلا نہ ہو
مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ جائیں۔ اور شیطان کے ساتھی
لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ۝ بن جائیں۔

(مریم ۴۳ تا ۴۶ - پ ۱۶)

# ابراہیمؑ کو باپ کا جواب

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ کہا باپ نے، اے ابراہیم، کیا
عَنْ اٰلِهَتِىْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ تو میرے معبودوں سے پھر گیا
لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ ہے (انکار کرتا ہے) اگر تو باز نہ آیا
لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِىْ تو میں تجھے پتھر مار مار کر ختم کر

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مَلِيًّاه | دوں گا۔ پس تو ہمیشہ کے لیے |
| (مریم ۴۷، پ۱۶) | مجھ سے دور ہو جا۔ (گھر سے نکل جا) |

# ابراہیمؑ گھر بار کو چھوڑتے ہیں

| | |
|---|---|
| قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ | ابا جان۔ آپ کو (آخری) سلام |
| سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ | میں آپ کے حق میں اپنے رب |
| اِنَّهٗ كَانَ بِيْ | کے حضور دُعا کروں گا۔ کہ میرا رب |
| حَفِيًّاه | آپ کو معاف کر دے۔ کیونکہ میرا |
| (مریم ۴۷۔ پ۱۶) | رب بڑا مہربان ہے۔ |
| وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا | میں آپ کو اور آپ کے معبودوں |
| تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ | کو چھوڑ رہا ہوں۔ جن کو آپ |
| اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ | خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہیں۔ میں |
| عَسٰى اَلَّآ اَكُوْنَ | اپنے رب کو پکاروں گا۔ مجھے |
| بِدُعَآءِ رَبِّيْ | امید ہے میں اپنی دعا میں ناکام |
| شَقِيًّاه | نہیں ہوں گا۔ |

(مریم ۴۸۔ پ۱۶)

قرآن پاک کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ کہ آپ نے حسب وعدہ دو مرتبہ اپنے باپ کی مغفرت کے لیے دُعا فرمائی ہے

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَ | اے میرے پروردگار مجھے اور میرے |

Marfat.com

لِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ٥ — باپ اور تمام مومنوں کو حساب کے دن معاف فرما دے۔

(ابراھیم ۴۱ پ ۱۳)

دوسری دفعہ

وَاغْفِرْ لِاَبِیْ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ ٥ وَلَا تُخْزِنِیْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ٥ — اے اللہ مجھے معاف فرما اور میرے باپ کو معاف کرنا وہ گمراہوں میں ہے۔ اور مجھے قیامت کے روز ذلیل نہ کرنا۔ جب سارے لوگ اٹھائے جائیں گے۔

(الشعراء ۸۶، ۸۷۔ پ ۱۹)

قرآن حکیم نے یہ بھی وضاحت فرما دی۔ یہ سب کچھ وعدہ کی وجہ سے ہوا۔

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِیْمَ لِاَبِیْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِیَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ط اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ — ابراہیمؑ نے اپنے باپ کے لیے جو دعائے مغفرت کی تھی۔ وہ اس وعدے کی وجہ سے تھی۔ جو وعدہ آپؑ نے اپنے والد سے کیا تھا مگر جب آپ پر یہ بات بالکل واضح ہو گئی کہ ان کا باپ خدا کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے۔ کیونکہ ابراہیمؑ نرم دل ،

لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ○ خداترس اور بردبار تھے

(التوبہ ۱۱۴، پ۱۱)

## دعا ہمدردی کی وجہ سے ہوتی ہے

کسی بھی نبی کے لیے جائز نہیں کہ وہ مشرک کے لیے دعائے مغفرت کرے۔ کیونکہ دعا کا مطلب تو یہ ہے کہ یہ جرم قابلِ معافی ہے۔ دوسرا جس کے حق میں دُعا کی جاتی ہے۔ اس سے ہمدردی کا ہونا قدرتی امر ہے کیونکہ دُعا ہمدردی کی وجہ سے کی جاتی ہے۔ جب کہ دونوں وجوہ جائز نہیں قرآن مجید میں آیا کہ ایسے لوگوں کے ساتھ کبھی دلی محبّت نہ کرو۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا اللہ نے مشرک پر جنّت کو حرام قرار دیا ہے۔

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَاءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○

اے ایمان والو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ، جو تمہارے دین کو کھیل تماشا سمجھتے ہیں ان لوگوں سے جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی اور کفّار کو بھی دوست نہ بنانا اللہ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔

(المائدہ ۵۷، پ۶)

# دوستی کے حق دار

| | |
|---|---|
| اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ | تمہارے دوست تو حقیقت |
| وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ | میں صرف اللہ اور اللہ کا رسول |
| اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ | اور اہل ایمان ہیں۔ جو نماز قائم |
| الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ | کرتے ہیں، زکوٰۃ دیتے ہیں۔ |
| الزَّکٰوۃَ وَھُمْ | اور اللہ کے سامنے جھکنے والے |
| رٰکِعُوْنَ۔ | ہیں۔ |
| وَمَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰہَ | اور جس نے اللہ اور اس کے |
| وَرَسُوْلَہٗ وَالَّذِیْنَ | رسول اور اہل ایمان کو دوست |
| اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ | بنا لیا۔ اسے معلوم ہونا چاہیے |
| اللّٰہِ ھُمُ | کہ غالب رہنے والی ہی اللہ کی |
| الْغٰلِبُوْنَ ہ | جماعت ہے۔ |

(المآئدہ ۵۵، ۵۶، پ)

| | |
|---|---|
| اِنَّہٗ مَنْ یُّشْرِکْ | جس نے کسی کو اللہ کے ساتھ |
| بِاللّٰہِ فَقَدْ حَرَّمَ | شریک ٹھہرایا، اس پر اللہ |
| اللّٰہُ عَلَیْہِ الْجَنَّۃَ | نے جنّت حرام کر دی ہے۔ |
| وَمَاْوٰىہُ النَّارُ وَمَا | اس کی جگہ جہنم ہے اور اللہ ایسے |
| لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ہ | ظالموں کا مددگار نہیں ہوگا۔ |

(المآئدہ ۷۲، پ)

# مشرک کیلئے کسی کو دعائے مغفرت کرنے کی اجازت نہیں

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ | نبی اور مومنوں کے لیے یہ |
| الَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَنْ | بات زیبا نہیں کہ وہ مشرکوں |
| يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ | کے لیے دُعائے مغفرت کریں |
| وَلَوْكَانُوْآ اُولِيْ | چاہے وہ ان کے رشتہ دار |
| قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ | ہی کیوں نہ ہوں۔ جب کہ یہ |
| مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ | بات صاف ہو چکی ہے۔ |
| اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ؕ | وہ جہنمی ہیں۔ |

(التوبہ ۱۱۳، پ ۱۱)

اسی لیے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی حیات طیبہ کو اُسوہ بناتے ہوئے وضاحت کر دی گئی کہ ابراہیم علیہ السلام کی زندگی تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ سوائے اس بات کے جو انہوں نے اپنے باپ کی دعائے مغفرت کے سلسلہ میں کہی تھی۔ یعنی اس کو ہرگز نمونہ نہ سمجھا جائے۔

Marfat.com

# ابراہیمؑ کا باپ کے لیے دُعا کرنا تمہارے لیے نمونہ نہیں

| | |
|---|---|
| قَدْ كَانَتْ لَكُمْ | تم لوگوں کے لیے ابراہیم اور |
| اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ | ان کے ساتھیوں میں اچھا نمونہ |
| اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ | ہے کہ انہوں نے اپنی قوم سے |
| مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا | صاف کہہ دیا تھا۔ ہم تم سے اور |
| لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا | تمہارے معبودوں سے جن کو تم |
| مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ | خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہو۔ بالکل |
| مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | بیزار ہیں۔ ہم تم سب کا انکار |
| كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا | کرتے ہیں ہمارے اور تمہارے |
| بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ | درمیان ہمیشہ کے لیے لڑائی اور |
| الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ | عداوت ہو گئی ہے۔ جب تک |
| اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ | تم ایک اللہ وحدہٗ لاشریک پر |
| وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ | ایمان نہ لاؤ۔ (مگر یہ بات |
| اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ | قابل اتباع نہیں) جو انہوں نے |
| لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ | کہا تھا۔ اے باپ میں تیری |
| وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ | مغفرت کی دُعا ضرور کروں گا۔ اللہ |

مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ط رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝

(الممتحنہ ۴)

پارہ ۲۸

سے تیرے حق کچھ ضرور حاصل کرلوں۔ یہ تو میرے بس کی بات نہیں۔ (یعنی مانگونگا ضرور، معاف کرنا نہ کرنا اللہ کی اپنی مرضی ہے) ان کی دُعا یہ تھی۔ اے ہمارے رب تیرے اوپر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور تیری طرف پلٹ کر جانا ہے۔

# قیامت کے روز آپؑ کے باپ کا انجام

عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یلقی ابراھیم اباہ آزر یوم القیمۃ و علی وجہ آزر قترۃ وغبرۃ۔ فیقول لہٗ ابراھیم الم اقل لك لا تعصنی فیقول ابوہ فالیوم

ابوہریرہؓ کہتے ہیں۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ابراہیم علیہ السلام قیامت کے روز اپنے باپ آزر کو دیکھیں گے۔ اور آپؑ کے باپ کے چہرہ پر سیاہی اور گرد و غبار (گندگی) ہوگی۔ اس وقت ابراہیمؑ اپنے باپ سے فرمائیں گے۔ ابا جی! کیا میں نے دنیا میں آپ کو

Marfat.com

لا اعصيك
فيقول ابراهيم
يارب انك
وعدتني ان
لا تخزيني يوم
يبعثون فاى
خزى اخرى من
ابى الا بعد
فيقول الله تعالى
انى حرمت
الجنة على
الكافرين۔ ثم
يقال يا ابراهيم
انظر ما تحت
رجليك فينظر
فاذا هو
بذيخ متلطخ
فيوخذ بقوائمه
فيلقى فى

نہیں کہا تھا ؟ کہ میری نافرمانی
نہ کرو ۔ اس وقت ان کے باپ
کہیں گے ۔ بس اب کے بعد
میں نافرمانی نہیں کروں گا ۔ اب
ابراہیم علیہ السلام اپنے رب کے
حضور عرض کریں گے ۔ میرے اللہ
آپ نے تو وعدہ کیا تھا ۔ کہ آپ
مجھے قیامت کے روز ذلت و
رسوائی سے بچا لیں گے ۔ اس سے
بڑھ کر کیا ذلت ہو سکتی ہے کہ
میرا باپ ذلیل ہوا جا رہا ہے ۔
اب اللہ تعالٰی ارشاد فرمائیں
گے کہ اے ابراہیمؑ ! میں نے
کفار کے لیے جنت کو حرام کر
دیا ہے ۔ اے ابراہیمؑ ! اپنے
قدموں کی طرف دیکھو ۔ جب
ابراہیم اپنے قدموں میں دیکھیں
گے تو آپ کا باپ گندگی میں
لتھڑا ہوا بجو بن چکا ہو گا ۔ فرشتے

Marfat.com

النار ۔ اس کو ٹانگوں سے پکڑ کر جہنم میں پھینک دیں گے۔

(بخاری پارہ ۱۳، کتاب بدء الخلق)

اسی بنا پر قرآن مجید نے بار بار اعلان کیا ہے۔

## شرک معاف نہیں ہوگا۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ | یقینا اللہ پاک شرک کو معاف |
| اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ | نہیں کریں گے۔ اس کے سوا سب |
| وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ | کچھ معاف کر دیں گے، جس کو وہ |
| ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ ط | معاف کرنا چاہیں گے۔ جس نے |
| وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ | اللہ کے ساتھ شرک کیا، وہ گمراہی |
| فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًام بَعِیْدًا | میں بہت ہی دور نکل گیا۔ |

(النسآء ۱۱۶، پ۵)

دوسرے مقام پر فرمایا۔

## سب سے بڑا ظلم شرک ہے

ان الشرک لظلم عظیم ۔ شرک سب سے بڑا ظلم ہے

کیونکہ مشرک خدا کا غدار ہوتا ہے۔ غدار کو کوئی حکومت معاف نہیں کیا کرتی۔ بشرطیکہ غدار کو پکڑنے والے غیرت مند اور خود

Marfat.com

ٹھیک ہوں۔ اللہ پاک غیرت والا بھی ہے اور عادل و منصف بھی۔ اسی لیے ہم پر شرک کی اقسام کو سمجھنا اور بچنا نہائیت ضروری ہے۔

# حضرت ابراہیمؑ پر صرف ایک جوان ایمان لایا

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو جس طرح مظالم کا نشانہ بنایا گیا پوری قوم اور حکومتِ وقت نے جس انداز میں ان کے ساتھ غضب ناک سلوک کیا۔ اس کو دیکھ کر کوئی شخص بھی آگے بڑھ کر ایمان لانے کی جرأت نہ کر سکا۔ جیسا کہ بعض مورخین حضرات نے لکھا ہے کہ آپ کا باپ اور دوسرے لوگ بھی دل سے تو ابراہیمؑ کی سچائی کو مان گئے تھے۔ لیکن ایمان لانے کی سعادت پوری قوم میں صرف اور صرف ایک جوان کو نصیب ہوئی۔ وہ آپؑ کے بھتیجے لوطؑ تھے۔

| | |
|---|---|
| فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ | پس آپ پر لوط علیہ السلام ایمان لائے اور ابراہیمؑ کہنے لگے میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں۔ وہ زبردست اور حکیم ہے۔ |

(العنکبوت ۲۶ پ۲۰)

Marfat.com

سورۂ صافات میں قرآن مجید نے اسی پس منظر کے ساتھ ان کی ہجرت کا ذکر کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاَرَادُوْا بِهٖ | انہوں نے آپ کے خلاف |
| كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ | یہ کاروائی (آگ میں جلانا) کرنا |
| الْاَسْفَلِيْنَ ۝ | چاہی۔ مگر ہم نے انہیں کو ذلیل کر دیا۔ |

## خلیلؑ خدا ہجرت فرماتے ہیں

| | |
|---|---|
| وَقَالَ اِنِّيْ | اور کہا میں اپنے رب کی طرف |
| ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ | جاتا ہوں۔ وہی میری راہنمائی |
| سَيَهْدِيْنِ ۝ | فرمائے گا۔ |

(الصّٰفّٰت ۹۸-۹۹ پ۲۳)

یعنی میں اللہ کی خاطر نکل رہا ہوں۔ کیونکہ اسی کی وجہ سے یہ سب میرے مخالف ہوئے ہیں۔ نیز دنیا میں میرے لیے بظاہر کوئی ٹھکانا نہیں ہے جس کی طرف میں جاؤں۔ اللہ پر آس امید لگائے نکل رہا ہوں۔ جدھر وہ چاہیں گے مجھے لے جائیں گے۔

آپ کے ہمراہ آپ کی رفیقۂ حیات حضرت سارہؑ اور جوان بھتیجے حضرت لوط علیہ السلام بھی تھے۔

# ہجرت کا مقصد

## جان جائے تو جائے پر ایمان نہ جائے

مہاجرین کو بسانا حکومت کا فرض ہے

## سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت

Marfat.com

## ہجرت کا معنیٰ

ہجرت کا لغوی معنیٰ ہے، کسی چیز کو ترک کرنا، چھوڑ دینا، لیکن شرعی اصلاح میں ہر اس چیز کو چھوڑ دینا جو اللہ اور اس کے رسول کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہو، اس کو چھوڑنا ہجرت اور چھوڑنے والا مہاجر ہوگا۔

## ہجرت معمولی کام نہیں

کسی قوم کا داعی حق کے مقابلہ میں آجانا ہی ہجرت کا جواز پیدا نہیں کر دیتا۔ بلکہ جب تک یہ واضح نہ ہو جائے کہ اس قوم میں خیر کی آبیاری ناممکن ہو گئی ہے تو ایسے حالات میں نبی کو اللہ کی طرف سے احکاماتِ ہجرت آجایا کرتے ہیں مصلح اور عام داعی حق کو حکم نہیں آیا کرتا تاہم خداداد بصیرت اور قرآن وسنّت کی روشنی میں فیصلہ ہجرت کرنے کا اس داعی حق کو اختیار ہوتا ہے۔ کسی قوم میں نبی کا ہجرت کرنا معمولی کھیل نہیں کہ دل اکتایا، بستر بوریا اٹھایا اور چل نکلے ایسی بستی تو بزمِ ہستی کے لیے ایک بوجھ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی اور اس قوم کو بہت جلد نیست ونابود کر دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

# نبی اپنی مرضی سے ہجرت نہیں کرسکتا

جیساکہ میں نے ابھی ابھی ذکر کیا ،کہ ہجرت ایسا معمولی واقعہ نہیں کہ نبی جب چاہے ملک وملت کو چھوڑ چھاڑ کر کسی آرام کی جگہ چلا جائے۔ بلکہ نبی کو جب تک صاف حکم نہ آئے وہ ہجرت کرنے کا مجاز نہیں ہوتا۔ جیساکہ یونسؑ کا واقعہ ایسے ہی حالات کی نشان دہی کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَذَا النُّوْنِ اِذْ | اور مچھلی والا (یونسؑ) جب ناراض |
| ذَّهَبَ مُغَاضِبًا | ہو کر چلا گیا اور وہ سمجھا تھا۔ |
| فَظَنَّ اَنْ لَّنْ | شاید ہم اس کو پکڑ نہیں سکیں |
| نَّقْدِرَ عَلَيْهِ | گے (مچھلی نے حکم خدا سے اس کو |
| فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ | نگل لیا) پھر یونس نے اندھیروں میں پکارا |
| اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّآ | اے اللہ تیرے بغیر میرا کوئی |
| اَنْتَ سُبْحٰنَكَ | نہیں۔ یقیناً مجھ سے غلطی ہو گئی |
| اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ | پھر ہم نے اس کی دعا قبول |
| فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ | کی اور اس کو غم سے نجات |
| مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ | بخشی اسی طرح ہم مومنوں کو |
| نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ | نجات دیا کرتے ہیں۔ |

(الانبیاء ۸۷، ۸۸۔ پ۱۷)

Marfat.com

تمام مفسروں نے لکھا ہے۔ حضرت یونس علیہ السلام حکم ہجرت آنے سے قبل ہی قوم کو چھوڑ کر چلے گئے۔ جس کی وجہ سے اتنی بڑی مشکل میں پھنسا دیئے گئے۔

## تمام انبیاءؑ نے ہجرت فرمائی

یہ دنیا جب سے معرض وجود میں آئی ہے اسی وقت سے لیکر حق و باطل کے معرکے پیش آتے رہے۔ حق و باطل کی اس طویل آویزش میں ہمیں بے شمار ہجرتیں دکھائی دیتی ہیں۔ جناب نوحؑ کی طرف دیکھئے۔

قوم کو ساڑھے نو سو ۹۵۰ سال مسلسل نصیحت و موعظت فرمائی۔ لیکن قوم نے پیغام حق سنانے والے حضرت نوحؑ کو بے شمار اذیتیں دیکر ان گنت گستاخیاں کر کے بد دعا کرنے پر مجبور کر دیا۔ حضرت نوحؑ اپنے رب کے حضور فریاد کناں ہیں۔

| | |
|---|---|
| فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ | اے میرے رب اب میں مغلوب |
| مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ہ | ہو گیا ہوں۔ میرا بدلہ لے۔ |

(القمر ۱۰، پ ۲۷)

| | |
|---|---|
| وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ | نوح علیہ السلام نے بددعا کی |
| لَا تَذَرْ عَلَی | رب میرے ان کافروں میں سے |
| الْاَرْضِ مِنَ | کسی کو بھی زمین پر بسنے والا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿﴾ | نہ چھوڑ۔ |
| اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ | اگر تونے ان کو چھوڑ دیا تو یہ |
| يُضِلُّوْا عِبَادَكَ | تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے |
| وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا | اور ان کی نسل میں جو بھی پیدا ہوگا۔ |
| فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿﴾ | وہ بدکار اور بڑا کافر ہی ہوگا۔ |

(نوح ۲۶-۲۷، پ۲۹)

اس بددعا کے بعد ایسا پانی کا طوفان آیا جسکی مفصّل روئیداد قرآن مجید کے مطالعہ سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

کفار کو مٹانے کے بعد حضرت نوح علیہ السّلام کو کسی دوسرے علاقے میں تعیّنات کیا گیا۔

| | |
|---|---|
| فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ | ہم نے اس کی دعا کو قبول کیا |
| فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ | اور اس کو اور اس کی اہل کو |
| الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿﴾ | کربِ عظیم سے نجات دی۔ |

(الانبیاء ۷۶، پ۱۷)

حضرت ابراہیمؑ کا عراق سے ہجرت کر کے شام، مصر، اور ارض مقدس کی طرف جانا اور پھر حجاز میں تشریف لانا اور اپنے بیٹے اسمٰعیل علیہ السّلام کے ذریعہ ارضِ حجاز کو مرکزِ دعوت مقرّر کرنا، حضرت یعقوبؑ اور جناب یوسفؑ مصر کی طرف سیّدنا لوط علیہ السلام کی ہجرت علاقہ سدوم کی جانب کلیم اللہ کی پہلی ہجرت مدین کی طرف اور اس کے

Marfat.com

بعد فلسطین کو مسکن بنانا۔ خود نبی رحمت کی حیات طیبہ بھی ہجرت سے خالی نہیں۔

## جان جائے تو جائے ایمان نہ جائے

اس دنیائے فانی میں دو نعمتیں ایسی ہیں، جن پر انسان ہر چیز قربان کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ یعنی زندگی اور مقصد زندگی، ہر انسان کا مقصد زندگی الگ الگ ہوتا ہے۔ کوئی عزّت و جاہ کی خاطر کسی نے مال و متاع پر اور کوئی دنیا کی زیبائی اور رعنائی پر زندگی کو قربان کر دیتا ہے۔ اور اکثر ایسے ہیں جو فانی دنیا کی ناپائیدار نعمتوں پر زندگی کو فنا کیے جا رہے ہیں

| | |
|---|---|
| بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا۔ | تم نے دنیا کو سب کچھ سمجھ رکھا ہے۔ |

مگر اس جہانِ رنگ و بو میں ایسے مومن موجود ہیں۔ جو مقصدِ زندگی کی خاطر ہر چیز قربان کرنے کے لیے نہ صرف تیار ہیں۔ بلکہ قربان کر چکے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

## یہ اللہ پاک سے سودا کرنے والے ہیں

| | |
|---|---|
| وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ | دنیا میں ایسے بھی انسان (مومن) ہیں جو رضائے الٰہی کی طلب میں اپنی زندگی کھپا دیتے ہیں۔ اور |

| | |
|---|---|
| وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ہ | ایسے بندوں پر اللہ بہت زیادہ مہربان ہے۔ |

(البقرۃ ۲۰۷ پ۲)

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَ اَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ | سچ یہ ہے۔ اللہ نے مومنوں سے ان کے نفس اور مال جنّت کے بدلے خرید لیے ہیں۔ |

(التوبہ ۱۱۱ پ۱۱)

فرقان مجید نے یہ بات لوگوں کے سامنے رکھی کہ مال وجان غرضیکہ ہر چیز قربان۔ لیکن ایمان جانے نہ پائے۔ کیونکہ یہی مقصدِ حیات ہے۔ اگر مقصدِ حیات ضائع ہوا تو زندگی کا کوئی فائدہ نہیں۔

| | |
|---|---|
| وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ہ | ہم نے جن و انس کو پیدا ہی اپنی عبادت و اطاعت کے لیے کیا۔ |

الذاریات ۵۶ پ۲۶

# کن حالات میں ہجرت کا حکم ہے

جیسا کہ ابھی ذکر ہوا، کہ مقصدِ حیات (ایمان) کے لیے ہر چیز قربان کر دینا ہی کامل ایمان کی نشانی ہے۔ ایسے ہی جذبات کا مندرجہ ذیل آیات میں ذکر کیا گیا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ یٰعِبَادِیَ | اے میرے بندو! جو ایمان لائے |

Marfat.com

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ اَرۡضِیۡ وَاسِعَۃٌ فَاِیَّایَ فَاعۡبُدُوۡنِ ؀

ہو۔ میری زمین بہت وسیع ہے۔ بس تم میری بندگی کیے جاؤ۔

(العنکبوت ۵۶، پ ۲۱)

اس آیت مبارکہ میں واضح ارشاد موجود ہے۔ اگر مکے میں خدا کی بندگی کرنا مشکل ہو رہی ہے تو ملک چھوڑ کر نکل جاؤ۔ ملکِ خدا تنگ نیست۔ اللہ کی زمین تنگ نہیں ہے۔ جہاں بھی تم خدا کے بندے بن کر رہ سکتے ہو۔ وہاں چلے جاؤ۔

# موت کے ڈر سے نکلنے والے مہاجرین نہیں ہوا کرتے

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ خَرَجُوۡا مِنۡ دِیَارِهِمۡ وَهُمۡ اُلُوۡفٌ حَذَرَ الۡمَوۡتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوۡتُوۡا ثُمَّ اَحۡیَاهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا

کیا تم نے ان لوگوں کے حالات پر غور نہیں کیا۔ جو موت کے ڈر سے اپنے گھر بار چھوڑ کر نکلے تھے۔ اور وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے۔ اللہ نے ان سے فرمایا۔ مر جاؤ، پھر ان کو دوبارہ زندہ کیا۔ حقیقت یہ ہے اللہ انسان پر بہت فضل و کرم کرنے والا ہے، لیکن اکثر لوگ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یَشۡکُرُوۡنَ ہ | شکر ادا نہیں کرتے۔ |

(البقرہ ۲۴۳ پ۲)

# کسی دنیوی مفاد کیلئے ہجرت کرنا جائز نہیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک آدمی نے عورت کے لیے ہجرت کی اور مدینہ پہنچ گیا۔ اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| انما الاعمال بالنیات | آپ نے فرمایا، تمام اعمال کا |
| وانما لامرئ | انحصار نیّت پر ہے۔ آدمی جس |
| ما نوی فمن | چیز کی نیّت (ارادہ) کرے گا۔ |
| کانت ھجرتہ الی | وہ اسی کو پائے گا۔ جس نے اللہ اور |
| اللہ ورسولہ فھجرتہ | اس کے رسول کی طرف ہجرت |
| الی اللہ ورسولہ | کی بس اس کی ہجرت تو واقعی |
| ومن کانت ھجرتہ | اللہ اور اس کے رسول کیطرف |
| الی دنیا یصیبھا | ہے۔ لیکن جس نے دنیا کی خاطر |
| اوامراۃ یتزوّجھا | ہجرت کی کہ (شاید) اس کو دنیا |
| فھجرتہ | مل جائے۔ اور جس نے کسی عورت |
| الی ما ھاجر | کیلئے ہجرت کی تاکہ اس سے نکاح کرے |
| الیہ۔ | بہرحال اس کی ہجرت اس کی طرف |
| (بخاری ومسلم) | ہو گی۔ جس کی خاطر اس نے ہجرت کی۔ |

Marfat.com

# مہاجرین کے لیئے ہدایت

فرمایا جا رہا ہے۔ اے میرے بندو! موت سے نہ ڈرو۔ موت تو ایسی چیز ہے۔ جس سے کسی کو چھٹکارا نہیں۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

ہر چیز نے فنا ہو جانا ہے۔ باقی رہنے والی ذاتِ گرامی تو صرف رب ذوالجلال والاکرام ہے۔

(الرّحمٰن ۲۷ پ۲۷)

جب ہر کسی نے جانا ہے۔ بلکہ جو آیا ہے۔ وہ جانے کے لیے آیا ہے تو چھپنے سے تم موت کے پنجہ سے بچ نہیں سکتے۔

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِىْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۝

تم جہاں کہیں ہو گے۔ موت بہر حال تم کو آکر رہے گی۔ خواہ تم کیسی مضبوط عمارتوں میں چھپ جاؤ۔

(النّساء ۷۸، پ۵)

# موت کا ایک دن معیّن ہے

فرمایا چھپنے چھپانے کی کیا ضرورت موت تو اپنے وقت مقرّرہ پر آئے گی۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

کوئی ذی روح اللہ کے حکم کے

اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۚ

بغیر نہیں مر سکتا۔ موت کا ایک دن مقرر ہے۔

(النسآء ۱۴۵ پ۴)

قرآن مجید کے اس مقام پر مہاجرین کو موت سے نہ ڈرنے اور اللہ پر بھروسہ کرنے کا سبق دیا جا رہا ہے۔ اگر تم کو یہ پریشانی ہو کہ گھر بار اور کاروبار چھوڑنے سے شاید تمہاری گزران تنگ ہو جائے گی تو یاد رکھو وہ تو کیڑے مکوڑوں کو رزق دے رہا ہے۔ تم اشرف المخلوقات اور مزید یہ کہ تم اللہ کے راستے کے مسافر اور اس کے دین کے لیے مہاجر ہوئے ہو۔ آخر سوچو تو سہی تمہیں کیوں نہیں رزق دے گا۔

## میرے بندوں سے کہہ دیں

کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ قف ثُمَّ اِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ پھر تم میری ہی طرف پلٹ کر لائے جاؤ گے۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے۔ ہم ان کو جنّت کی بلند و بالا عمارتوں میں رکھیں گے۔ جن کے نیچے نہریں چلتی ہیں۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ عمل کرنے والوں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فِيهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ | کے لیے کیا بہترین اجر ہے۔ |
| اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ | یہ ان کے لیے جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں |
| وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ | پھر کتنے ہی جانور ہیں۔ جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے، اللہ تعالیٰ ان کو رزق دیتا ہے۔ اور تمہارا رزّاق بھی وہی اللہ ہے۔ وہ ہر کچھ سُنتا اور جانتا ہے۔ |

(العنکبوت ۵۷تا۶۰ پ۲۱)

## مہاجرین کو بسانا حکومت اور عوام کی مشترکہ ذمّہ داری ہے

مدینہ طیبّہ میں مہاجرین اور انصار کی مواخات کروانے کا مقصد اخوّت و ہمدردی کے ساتھ یہ بھی تھا۔ کہ اہلِ ایمان کو پتہ چل جائے کہ مہاجرین کی آباد کاری صرف حکومت کا فرض نہیں، بلکہ انصار کی طرح عوام کو بھی فراخ دلی کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ یہ عوام اور حکومت کا مشترکہ کام ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ | اور وہ لوگ جو مہاجرین کی آمد |
| وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ | سے پہلے ہی ایمان لاکر دارالہجرت |
| يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ | میں رہتے تھے۔ یہ مہاجرین سے |
| اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ | محبت کرنے والے ہیں اور جو |
| فِيْ صُدُوْرِهِمْ | کچھ بھی ان کو دیا جائے۔ اس |
| حَاجَةً مِّمَّا اُوْتُوْا | کی کوئی حاجت تک اپنے دلوں |
| وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى | میں محسوس نہیں کرتے۔ اور اپنے |
| اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ | آپ پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں |
| بِهِمْ خَصَاصَةٌ | خواہ اپنی جگہ ان کو خود ہی ضرورت |
| وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ | کیوں نہ ہو۔ حقیقت یہ ہے۔ جو |
| نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ | لوگ اپنے دل کی تنگی سے بچالیے |
| هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ | گئے وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ |
| وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْ | اور لوگ (مہاجر) جو بعد میں آئے۔ وہ |
| بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ | دعائیں مانگتے ہیں۔ اے ہمارے |
| رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ | پروردگار ہمیں اور ہمارے بھائیوں |
| لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ | کو معاف فرما دے۔ جو ہم سے |
| سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ | پہلے ایمان لائے۔ ہمارے دلوں |
| وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا | میں اہلِ ایمان کے بارے میں کوئی |
| غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | بغض نہ رہے۔ اے ہمارے رب |

Marfat.com

رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۝ (حشر ۱۰، پ ۲۸)

تو بہت مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

# مہاجرین دونوں جہانوں میں کامیاب ہونگے

جس نے اللہ پاک کی رضا جوئی کے لیے ہجرت کی اگر دوران سفر آخرت کو سدھارا تو گناہ معاف آخرت میں سرخروئی نصیب ہوگی۔ اگر منزل مقصود تک پہنچ گیا تو دنیا میں بھی فراخی پائے گا۔

وَمَنۡ يُّهَاجِرۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ يَجِدۡ فِى الۡاَرۡضِ مُرٰغَمًا كَثِيۡرًا وَّسَعَةً ‌ؕ وَمَنۡ يَّخۡرُجۡ مِنۡۢ بَيۡتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ثُمَّ يُدۡرِكۡهُ الۡمَوۡتُ فَقَدۡ وَقَعَ اَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ‌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۝

جو کوئی اللہ کی راہ میں ہجرت کریگا وہ رہنے کیلیے زمین میں بہت جگہ پائے گا۔ اور بسر اوقات کے لیے بڑی فراخی ہوگی۔ اور جو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کے لیے نکلے۔ لیکن راستہ میں موت آگئی۔ اس کا اجر اللہ پاک کے ذمہ ہوگیا۔ اور اللہ تو رحم کرنے والا اور معاف کردینے والا ہے

(النسآء ۱۰۰، پ ۵)

Marfat.com

# ہجرت ایمان کی کسوٹی ہے

اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہجرت کرنا، ہر کسی کے بس کا روگ نہیں یہ ایسی پل صراط ہے، جس کی کاٹ تلوار سے زیادہ تیز اور بال سے زیادہ باریک ہے ہجرت کی تکالیف و مشکلات ایمان سے خالی دل کو ننگا کر دیتی ہے یہ ایسا ترازو ہے، جس میں ہر آدمی نہیں بیٹھ سکتا اس پیمانے سے کھرے کھوٹے کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ اس لیے قرآن مجید نے مہاجرین کو اصحاب صدق و صفا کے القاب سے نوازا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ | اور جو اپنے گھروں اور جائدادوں |
| دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ | سے نکالے گئے۔ یہ لوگ اللہ اور |
| یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ | اس کے رسول کی خوشنودی چاہتے |
| اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّیَنْصُرُوْنَ | ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول کی |
| اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ | حمایت پر کمربستہ رہتے ہیں۔ یہی |
| هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ | لوگ سچے ہیں |

(الحشر ۸ پ ۲۸)

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا فِی اللّٰهِ | جو ظلم سہنے کے بعد اللہ کی خاطر |
| مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا | ہجرت کر گئے، ان کو ہم دنیا |
| لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِی الدُّنْیَا | ہی میں اچھا ٹھکانا دیں گے۔ |
| حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ | اور آخرت کا اجر تو بہت |

Marfat.com

أَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ٥ — بڑا ہے۔ کاش وہ جان لیں۔
اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا — وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا
وَعَلٰى رَبِّهِمْ — جو اپنے رب کے بھروسہ پر کام
يَتَوَكَّلُوْنَ ٥ — کرتے ہیں۔

(النحل ۴۱،۴۲۔ پ ۱۴)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ — اور جو لوگ ایمان لائے۔ اور
هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا — جنہوں نے ہجرت کی۔ اللہ کے
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ — راستے میں گھربار چھوڑا اور اللہ
وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّ — کے راستے میں جہاد کیا اور جنہوں
نَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ — نے مہاجرین کو پناہ دی۔ اور ان
هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا — کی مدد کی۔ یہی لوگ سچے اور
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ — ایمان دار ہیں۔
رِزْقٌ كَرِيْمٌ ٥

(الانفال ۷۴، پ ۱۰)

## ہجرت کی دعا

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ — دعا کرو! پروردگار! مجھ کو جہاں بھی
مُدْخَلَ صِدْقٍ — تو لے جائے سچائی کے ساتھ
وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ — لے جا۔ اور جہاں سے بھی نکال

Marfat.com

| | |
|---|---|
| صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ | سچائی کے ساتھ نکال اور اپنی |
| مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا | طرف سے ایک اقتدار کو میرا |
| نَّصِيْرًا ۝ | مددگار بنا۔ |

بنی اسرائیل ۸۰، پ۱۵

## ھا ہجرت نہ کرنے والے کا انجام

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ | وہ لوگ جو اپنے نفس پر ظلم کر |
| الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ | رہے ہوتے ہیں۔ ان کی روحیں |
| اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ | جب فرشتے قبض کرتے |
| كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا | ہیں۔ تو پوچھتے ہیں۔ |
| مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي | ہیں کہ تم کس حال میں تھے۔ وہ |
| الْاَرْضِ قَالُوْٓا اَلَمْ | کہتے ہیں کہ ہم زمین (ملک) میں |
| تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ | مجبور تھے۔ فرشتے کہتے ہیں، کہ |
| وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا | کیا خدا کی زمین وسیع نہ تھی۔ تم |
| فِيْهَا فَاُولٰٓئِكَ | ہجرت کر جاتے۔ یہ لوگ ہیں جن |
| مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ | کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور بہت ہی |
| وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ | بُرا ٹھکانا ہے۔ |

(النسآء ۹۷، پ۵)

## مجبوروں کو معاف کیا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِیْنَ | ہاں جو مرد، عورتیں، اور بچے |
| مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ | واقعی بے بس ہیں۔ اور نکلنے کا |
| وَالْوِلْدَانِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ | کوئی راستہ اور ذریعہ نہیں پاتے |
| حِیْلَةً وَّلَا یَهْتَدُوْنَ سَبِیْلًا ہ | بعید نہیں اللہ پاک ان کو معاف |
| فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ | کر دے، کیونکہ اللہ معاف کرنے |
| یَّعْفُوَ عَنْهُمْ ط وَكَانَ اللّٰهُ | والا، بخشنے والا ہے۔ |
| عَفُوًّا غَفُوْرًا ہ | |

(النسآء، ۹۸، ۹۹، پ۵)

# صحابہؓ کی ہجرت کے سبق آموز واقعات

## ہجرتِ ابو سلمہؓ کا رقت انگیز واقعہ:

صرف ایک واقعہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے، کہ صحابہ کرام نے ہجرت کا حکم سنتے ہی کس حال میں اس پر عمل کیا۔

حضرت امِ سلمہؓ اپنی ہجرت کی داستانِ الم بیان کرتے ہوئے بیان کرتی ہیں۔

"میرے شوہر ابو سلمہؓ مدینہ جانے لگے تو میں بھی اپنے بچے سلمہ کو گود میں لیے ہوئے نکلی، بچے کے ابا نے مجھے اونٹ پر بٹھا کر نکیل

Marfat.com

مقام لی۔ ابھی ہم مکہؓ سے باہر ہی نکلے تھے، میرے میکے کے لوگ آگئے۔ اور راستہ روک کر کہنے لگے، ابوسلمہ تم جانا چاہتے ہو تو جا سکتے ہو۔ لیکن ہم بچی کو نہیں جانے دیں گے۔ لیکن اللہ کے بندے ابوسلمہؓ بال بچوںؓ کی قربانی دیتے ہوئے سیدھے مدینہ طیبہؓ کی طرف رُخ کرتے ہیں۔ ادھر بچےؓ کے چچا وغیرہ آگئے کہ تم اپنی لڑکی کو لے جاؤ، بچہ ہمارا ہے۔ ہم اس کو تمہارے گھر نہیں جانے دیں گے۔

آخر کار امّ سلمہؓ کو اس کے والدین لے گئے۔ بچےؓ اور خاوند کی جدائی نے ایک سال کے اندر اس بی بی کو نڈھال کر دیا، تب جاکر ظالموں نے فیصلہ کیا کہ اس بے چاری کو جانے دو، ورنہ ابوسلمہؓ کے غم سے یہ مر جائے گی۔

## حضرت ابراہیمؑ کی ہجرت

| | |
|---|---|
| وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ | حضرت ابراہیمؑ نے کہا۔ میں تو |
| إِلَىٰ رَبِّي | اپنے ربّ کی طرف جا تا ہوں۔ |
| سَيَهْدِينِ ۝ | وہی میری راہنمائی فرمائے گا۔ |

حضرتؑ کے الفاظ بتا رہے ہیں، کہ آپ کو پہلے سے معلوم نہ نہ تھا کہ مجھے کدھر جانا ہے۔ وطن چھوڑتے وقت آپ نے کہا۔ بس میں اللہ کے بھروسے پر نکل رہا ہوں۔ جدھر وہ راہنمائی کریں گے، میں چلا جاؤں گا۔

Marfat.com

# پہلی منزل

صاحبِ قصص القرآن نے لکھا ہے: آپؑ نے دورانِ ہجرت پہلا قیام کلدانیین میں فرمایا، یہاں کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد آپ بمعہ حضرت سارہؑ اور لوط علیہ السّلام کے حاران بستی میں قیام پذیر ہوئے۔

# مقامِ حاران

پھر آپؑ کچھ عرصہ تک حاران نامی بستی میں ٹھہرے۔ یہاں بھی دینِ حنیف کی دعوت کا کام جاری رکھا۔ بالآخر آپ ہمراہ رفیقۂ حیات اور بھتیجے ارضِ فلسطین میں تشریف لے گئے۔

| | |
|---|---|
| وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا | پھر ہم لوطؑ اور ابراہیمؑ کو (ظالموں |
| اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ | سے) نکال کر ارض مقدس۔ (با |
| بٰرَكْنَا فِيْهَا | برکت) کی طرف لے گئے (اس دنیا |
| لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ | کے لیے برکت والی ہے) |

(الانبیآء ۷۱، پ ۱۷)

یہی وہ زمینِ فلسطین ہے، جس کی روحانی و مادی برکات دنیا میں مسلمہ ہیں، دنیا کے کسی خطّے میں اتنے انبیائے کرامؑ نہیں ہوئے۔ آج بھی اسی ارضِ فلسطین میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لے کر حضرت موسیٰ علیہ السّلام تک تمام انبیاء مدفون ہیں۔

# نیک بچے کیلئے دُعا

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب اپنے ملک گھر بار باپ اور اپنی قوم کو چھوڑا تو اس وقت ان کو یہ کمی بڑی شدّت کے ساتھ محسوس ہوئی۔ کہ اے اللہ اگر یہ قوم تیرے دین کو نہیں مانتی تو کم از کم نیک اولاد عنایت کر دے۔ جو میرا سہارا اور غمخوار بننے کے ساتھ ساتھ میرے بعد تو تیرے دین کا پرچار کرتی رہے۔ پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اولاد مانگی ہے تو نیک اولاد۔

| | |
|---|---|
| رَبِّ هَبْ لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ہ | اے میرے پروردگار! مجھے نیک اولاد عنایت فرما۔ |

(الصّٰفّٰت آیت ۱۰۰ پ ۲۳)

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی یہ دُعا اُسی وقت قبول نہیں ہوئی۔ بلکہ قرآنِ حکیم میں یہ بات انہی کی زبانِ اطہر سے بیان کی گئی ہے، کہ دُعا بہت مدت کے بعد بلکہ عمر کے آخری حصّے میں مُستجاب ہوئی۔

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ وَهَبَ لِىْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّىْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ہ | شکر ہے، اس خداوند قدوس کا جس نے بڑھاپے میں مجھے اسمٰعیل اور اسحٰق جیسے بیٹے عطا کیے۔ حقیقت ہے۔ میرا رب ضرور دُعا کو سنتا ہے |

(ابراھیم ۳۹ پ ۱۳)

Marfat.com

# حضرتؑ کا فلسطین میں قیام

جنابؑ نے اپنے بھتیجے جناب لوطؑ کو شرقِ اُردن میں تبلیغ کے لیے مامور فرمایا۔ اور فلسطین کے مغربی اطراف میں خود سکونت پذیر ہوئے۔ اس زمانے میں یہ علاقہ کنعانیوں کے زیرِ اقتدار تھا۔ یہاں کچھ عرصہ قیام فرمانے کے بعد مصر کی طرف چلے گئے۔ (از قصص القرآن)

# حضرتؑ کی نازک ترین آزمائش

اسی سفر میں آپؑ کو اس آزمائش کا سامنا کرنا پڑا۔ جس سے شاید صرف اور صرف ابراہیم علیہ السلام کو سابقہ ہوا، یعنی عزت و ناموس کی آزمائش کہ ظالم بادشاہ نے آپ کی حرم پاک پر دست درازی کرنے کی ناپاک کوشش کی۔ حضرت امام بخاری نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس الم ناک واقعہ کو صحیح بخاری میں نقل فرمایا۔ یہ ایسی آزمائش ہے، کہ اس موقع پر بڑے بڑے لوگوں کے اوسان خطا ہو جایا کرتے ہیں۔ لیکن جناب خلیلِ خدا علیہ السلام بڑے حوصلہ کے ساتھ اپنی رفیقۂ حیات کو ایک تجویز سمجھاتے ہیں۔ بالآخر اللہ کے لیے نکلنے والے ابراہیم اور آپ کی رفیقۂ محترمہ (یعنی ہماری اماں جان) اللہ کے فضل و کرم سے سرخرو ہو کر نکلتے ہیں۔

بے حیا ظالم اور بے شرم بادشاہ اپنے آپ میں ذلیل و خوار ہوا اور حضرتؑ کو راضی کرنے کے لیے اپنی بیٹی آپؑ کے ہمراہ کرتا ہے۔ مذکورہ

Marfat.com

واقعہ حدیث کے الفاظ میں :۔!

| | |
|---|---|
| اذ اتی علی | جب (حضرت ابراہیمؑ اور بی بی سارہ) |
| جبار من الجبابرۃ | ایک ظالم حکمران کے ملک سے |
| فقیل لہٗ انّ | گزرے۔ اس کے نوکر چاکروں نے |
| ھھنا رجلا معہ | بادشاہ کو کہا کہ ہمارے شہر میں ایک |
| امرأۃ من احسن | مسافر آیا ہے۔ جس کی عورت بہت |
| النّاس فارسل | ہی زیادہ خوبصورت ہے۔ ظالم |
| الیہ فسالہ عنھا | بادشاہ نے حکم دیا، ابراہیم کو فوراً میرے |
| فقال من ھٰذہٖ | سامنے پیش کرو۔ ان سے پوچھا یہ |
| قال اُختی | عورت کون ہے۔ ابراہیمؑ نے کہا |
| فاتٰی سارۃ قال | یہ میری بہن ہے۔ حضرت ابراہیمؑ |
| یاسارۃ لیس | بادشاہ سے فارغ ہو کر حضرت سارہؑ |
| علٰی وجہ الارض | کے پاس آئے۔ اور کہا اے سارہ! |
| مومنٌ غیری | اس سرزمین میں میرے اور تیرے |
| وغیرک وانّ | سوا کوئی مومن نہیں اور اس ظالم |
| سألنی فاخبرتہٗ | بادشاہ نے مجھے پوچھا ہے۔ کہ یہ |
| انّک اختی | تیرے ساتھ عورت کون ہے؟ تو |
| فلا تکذّبینی | میں نے تجھے اپنی بہن کہا ہے۔ |
| فارسل الیھا | تو بھی اس کے سامنے بہن تلانا. |

Marfat.com

فلما دخلت
عليه ذهب
يتناولها
بيده فاخذ
فقال ادعي الله
لي ولا اضرك
فدعت الله
فاطلق ثم
تناولها الثانية
فاخذ مثلها
او اشد فقال
ادعي الله لي و
لا اضرك فدعت
فاطلق فدعا
بعض حجبته
فقال انكم لم
تاتوني بانسان
انما اتيتموني
بشيطان فاخدمها

ایسا نہ ہو میں جھوٹا ہو جاؤں۔
اس ظالم بادشاہ نے حضرت
بی بی سارہ کو جبراً منگوایا۔ جب
ان کے پاس پہنچائی گئیں۔ تو
ظالم نے دست درازی کی کوشش
کی۔ لیکن ظالم دھڑام نیچے گرا۔ پھر
فریاد کرنے لگا اے نیک خاتون
اپنے رب سے میری عافیت کی
دعا کر۔ میں تجھ کو کچھ نہیں کہوں گا۔
آپ کی دعا سے اچھا ہو گیا۔
پھر دوسری مرتبہ زیادتی کی کوشش
کی دوبارہ پھر پہلے کی طرح یا اس سے بھی زیادہ
اللہ کی گرفت میں آیا۔ اب پھر
التجا کی۔ اے نیک عورت اب
کے بار دعا کر میں اچھا ہو جاؤں تو
میں تجھے کچھ نہیں کہوں گا۔ ہماری
اماں جان حضرت سارہؑ نے دعا
فرمائی۔ اللہ کے فضل وکرم سے پھر
تندرست ہوا۔ اس بار اس نے

Marfat.com

هاجر فاتته و هو قائم يصلي فاوما بيده مهيم قالت رد الله كيد الكافر او الفاجر في نحره و اخدم هاجر فقال ابو هريرة تلك امكم يا بني ماء السماء۔

(بخاری جز ۱۳)
(کتاب بدء الخلق)

اپنے نوکر کو بلا کر کہا۔ تم اچھی عورت میرے پاس لائے ؟ یہ عورت ہے یا شیطان ؟ (بے شرم اپنی بے شرمی کو مٹانے کے لیے ایسا کہہ رہا تھا۔ حالانکہ شیطان لعین تو خود تھا) اس نے ہاجرہ کو حضرت سارہ رضی کی خدمت میں دے دیا۔ جب حضرت سارہؓ جناب ابراہیمؑ کی خدمت میں آئیں تو آپ اللہ کے حضور ہاتھ باندھ کر نماز میں مصروف تھے۔ حضرت ابراہیمؑ نماز کی حالت میں اشارہ سے پوچھتے ہیں۔ کیا معاملہ ہوا؟ حضرت سارہؓ نے عرض کیا، اے خلیلِ خدا! اللہ ذوالجلال نے کافر و فاجر کی شرارت کو اس کے اوپر الٹ دیا ہے۔ سارا ماجرا ذکر کیا۔ اور کہا بالآخر اس نے اپنی اس لڑکی کو خادمہ کے طور میرے حوالے کر دیا ہے۔ جناب ابوہریرہؓ نے یہ حدیث مبارکہ ذکر کرنے کے بعد کہا۔ اے بارش پر پلنے والو۔ (یعنی اے عرب قوم۔ یہی تو تمہاری والدہ ہاجرہ ہیں

# حضرت اسماعیل علیہ السلام کی ولادت مبارکہ

## وادی غیر ذی زرع میں چھوڑنا

## ام اسمٰعیل علیہ السلام کی بھاری آزمائش

## چاہِ زمزم

Marfat.com

# حضرت اسمٰعیلؑ کی ولادت

ہم نے اس سے قبل ذکر کیا تھا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہجرت فرمائی تو سفر کے دوران آپ نے نیک اولاد کے لیے اپنے رب کے حضور التجا کی تھی۔

| | |
|---|---|
| رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ | اے میرے پروردگار! مجھے نیک بچہ عطا فرما۔ |

(الصّٰفّٰت ۱۰۰، پ ۲۳)

| | |
|---|---|
| فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ۝ | ہم نے ابراہیمؑ کو بردبار بچہ عنایت کیا۔ |

(الصّٰفّٰت ۱۰۱، پ ۲۳)

لیکن یاد رہے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی دعا فوراً قبول نہیں ہوئی بلکہ دعا زندگی کے آخری حصہ میں مستجاب ہوئی۔ جیسا کہ خود قرآن مجید نے انہی کی زبان سے وضاحت فرمائی۔

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝ | شکر ہے اس خداوند قدوس کا جس نے بڑھاپے میں، مجھے اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ عنایت فرمائے۔ یقیناً میرا رب دعا قبول کرنے والا ہے۔ |

(ابراهيم ۳۹، پ ۱۳)

Marfat.com

تمام مفسرینِ کرامؒ نے لکھا ہے۔ جناب خلیل اللہؑ کو ۸۶ سال کی عمر میں حضرت اسمٰعیلؑ عطا کیے گئے۔

## نئی آزمائش

اللہ پاک کی یہ عجب سنت ہے کہ جب کسی بندے کو نعمت عطا فرماتا ہے تو ساتھ ہی نیکوں کی آزمائش بھی شروع کر دیتا ہے۔ جن کے مرتبے بلند ہوتے ہیں ان کی آزمائش بھی بلند تر ہوتی ہے۔ جیسا کہ خود سرورِ کائنات نے فرمایا تھا۔ اس سرزمین پر سب سے زیادہ آزمائش انبیاء کی گئی۔

## حضرتؑ کی زندگی کا مقصد

بندۂ مومن کی زندگی اطاعت و تسلیم و رضا کے سوا کچھ نہیں۔ اُدھر حکم ہوا۔ اَسۡلِمۡ۔ بس مطیع ہو جا۔ اِدھر، اَسۡلَمۡتُ لِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ہ اے خدا! مَیں تیرا غلام تیرے مطیع ہو چکا ہوں۔

کسی شاعر نے خوب کہا۔ ؎

مصوّر کھینچ وہ نقشہ جس میں یہ صفائی ہو!
ادھر فرمان پیغمبرؑ! ادھر گردن جھکائی ہو!

بس آقا کا اشارہ ہوا۔ نومولود بچے اسمٰعیل اور ان کی والدہ ہاجرہ کو لے کر سوئے حجاز روانہ ہوتے ہیں۔ آخر کار اس مقام پر پہنچ گئے۔ جس جگہ کعبۃ اللہ ہے۔ یہاں آزمائش کا اختتام نہیں ہوا، بلکہ ابھی تو ابتدا ہے

Marfat.com

حکم ہوا۔ ابراہیمؑ اس شیر خوار بچے اور اس کی امّی کو چھوڑ کر واپس پلٹ جاؤ کتنی نازک آزمائش، جو بچّہ ساری عمر کی مناجات کا نتیجہ، آنکھوں کی ٹھنڈک بڑھاپے میں امیدوں کا سہارا، اور ماں باپ کا اکلوتا چشم وچراغ ہے۔ اسے چھوڑنے کا حکم ہوا، دوبارہ پلٹ کر نہیں دیکھا...... پانی کا مشکیزہ کچھ کھجوریں دے کر خدا حافظ کہا۔ اور محبّت و فراق کے جذبات لیے ہوئے واپس ہوئے۔ آپ کی اہلیہ محترمہ حضرت ہاجرہ اس کے پسِ منظر سے ناواقف تھیں۔ بڑی حیران و پریشان، سوچتی ہوں گی نہ معلوم کیا ماجرا ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا، کہ بڑھاپے میں ملنے والے چاند سے بچّہ کو ایک لمحہ کے لیے جُدا نہ کیا جاتا۔ لیکن آپؑ ہیں کہ چھوڑ کر کے چلے جارہے ہیں ساتھ ہی اس سوچ کا آنا فطرتاً ضروری تھا کہ پتہ نہیں کیا خطا ہوئی۔ جو رب کا خلیل میرا سرتاج مجھے چھوڑ کر جارہا ہے...... بالآخر پیچھے دوڑیں اور بے قرار ہو کر پوچھا۔

آپ ہمیں اس لق ودق ریگستان میں بے یار و مددگار تنہا چھوڑ کر جارہے ہیں۔ بتائیں تو سہی، آپ ناراض ہیں؟ یا ربِّ کائنات کا حکم ہے۔

حضرت خلیلِ خدا رُخ موڑے بغیر فرماتے ہیں، ہاں یہ سب کچھ اسی کے حکم سے ہو رہا ہے۔ اب کیا ہے۔ وہ عظیم ماں جو صبر و وفا کا پیکر شکر و رضا کا مجسمہ تھیں گویا ہوئیں۔ حضورؑ بڑے شوق سے تشریف لے جائیں۔ فکر نہ کرنا، اگر اس مالکِ حقیقی کا حکم ہے تو اذا لا یضیعنا اللہ ابدا، پھر وہ اللہ ہمیں ماں بیٹے کو گزند نہیں پہنچنے دے گا۔

دیکھتے جائیے! اسمٰعیلؑ کی والدہ کتنی صابرہ و شاکرہ ہیں۔ دنیا میں ایسی

مائیں بہت کم پیدا ہوئیں اے ہاجرہ تجھ پر خدا کی کروڑوں رحمتیں ہوں۔ تو نے ایسا جواب دیا جو ابراہیمؑ کی رفیقہ اور اسمٰعیلؑ کی والدہ کے شایان شان تھا جناب ابراہیمؑ تھوڑی دور جاکر دعا کرتے ہیں۔ اب ان الفاظ کو قرآن کے بلیغ انداز میں سنیے۔

رَبَّنَآ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ فَاجۡعَلۡ اَفۡئِدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَہۡوِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ وَ ارۡزُقۡہُمۡ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّہُمۡ یَشۡکُرُوۡنَ ﴿﴾ رَبَّنَاۤ اِنَّکَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِیۡ وَ مَا نُعۡلِنُ ؕ وَ مَا یَخۡفٰی عَلَی اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ ﴿﴾

پروردگار میں نے ایک بے آب و گیاہ زمین میں اپنی اولاد کو تیرے محترم گھر کے پاس لا بسایا ہے میرے رب اس لیے چھوڑے جا رہا ہوں کہ یہ نماز قائم کریں۔ تو لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور کھانے کے لیے ان کو پھل عطا فرما۔ شاید یہ تیرا شکر ادا کریں۔

اللہ تو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپاتے ہیں۔ اور جو ظاہر کرتے ہیں۔ زمین و آسمان میں میرے اللہ کے لیے کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔

(ابراھیم ۳۷، ۳۸، پ ۱۳)

# اُمِّ اسماعیلؑ پر بھاری آزمائش

حضرت ہاجرہ اپنے لختِ جگر کو کچھ روز پانی اور کھجوریں کھلاتی رہیں ختم ہونے والی چیز ختم ہو جایا ہی کرتی ہے۔

# پانی کھجوریں ختم

آخر کار پانی کھجوریں ختم اور ساتھ ہی والدۂ اسماعیلؑ کی چھاتی سے دودھ بھی جاتا رہا۔ چھوٹے بچے کو، تو بار بار دودھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ننھّا بچہ تشنگی کی شدّت سے بار بار روتا اور ہونٹوں پر زبان پھیرتا اور کروٹیں بدلتا دیکھا نہیں جاتا ہے۔ ادھر بچّے کا پھول جیسا چہرہ کملانے لگا۔ ادھر امِّ اسماعیل کی حالت دگرگوں ہوتی جارہی ہے۔ ہائے خدایا! کیسا منظر ہے، عجیب ماں بیٹے پر آزمائش اور اپنی نوعیّت کے لحاظ سے دنیا میں منفرد آزمائش تھی بےساختگی کے عالم میں حضرت ہاجرہ صفا پہاڑی کی چوٹی پر چڑھ گئیں، چاروں طرف نظر دوڑائی، کہیں پانی مل جائے۔ لیکن پانی دور تک دکھائی نہ دیا۔ واپس پلٹیں۔ اسماعیل کے چہرہ کو چوما اور پھر دوسری پہاڑی یعنی مروہ کے اوپر گئیں، پانی دکھائی نہ دیا۔ غور فرمائیے! کیسی حالت، اِسی تجسّس میں سات مرتبہ صفا مروہ کا چکر لگایا۔ آخری مرتبہ مروہ کے اوپر کھڑی تھیں، کہ دفعتًا آواز سُنی، پلٹ کر دیکھا تو جبرئیل امین نے اسماعیل کی ایڑیوں کے پاس اپنے پر کو زمین پر مار دیا۔ اسماعیل کی ایڑیوں

کے نیچے چمکتا ہوا پانی نظر آیا۔ دوڑ کر لخت جگر کے پاس گئیں۔ اسماعیل کو اٹھا کر دوسری جگہ لٹایا۔ اور فوراً پانی کے گرداگرد چھوٹی سی حد قائم کر دی۔ بچے کو پلایا اور خود سیر ہو کر پانی پیا، خدا کا شکر بجالائیں۔ نہ صرف اس آزمائش میں سرخرو ہوئیں۔ بلکہ دو انعامات سے نوازی گئیں۔ ایک تو یہ جہاں محترمہ مکرمہ کے بے قراری میں قدم لگے اور چکر کاٹے۔ رب کریم نے ان دو پہاڑیوں کو شعائر اللہ کہہ کر قیامت تک کے لیے حجاج کرام پر سعی کو لازم قرار دیا۔ مقصد یہ تھا، چاہے تم خوشی میں ہو یا غم میں تمہیں بھی اس طرح چکر کاٹنے ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ | یقیناً صفا اور مروہ (دو پہاڑیاں) |
| مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ | اللہ پاک کے نشان ہیں (اللہ کی |
| فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ | اور نشانیوں میں سے یہ بھی دو نشانیاں |
| اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا | ہیں) لہذا جو بھی حج یا عمرہ کرے اس |
| جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ | کے لیے کوئی حرج نہیں، کہ وہ ان دونوں |
| يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ط وَ | کے درمیان سعی (دوڑ لگائے) کرے |
| مَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا لا | جو خوشی سے کوئی نیکی کرے گا۔ اللہ |
| فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ | تعالیٰ کو اس نیکی کا علم ہے اور وہ تو |
| عَلِيْمٌ ۝ | قدر کرنے والا ہے۔ |

(البقرہ ۱۵۸، پ۲)

دوسرا تحفہ زمزم کی صورت میں ایسا پانی۔ جس میں غذائیت کے

Marfat.com

کے تمام لوازمات موجود، اور ہر بیماری کی شفا رکھ دی گئی ہے۔ نہ معلوم کتنے مریض صحت یاب ہوئے اور کتنے مسافروں کو بھوک کی سختیوں سے اس پانی نے نجات بخشی۔ اللہ اللہ! کیسے دو انعامات جن سے آج تک کسی نیک کا بے نیاز ہونا تو درکنار، مومن توسعی اور زمزم کے لیے تڑپ رہے ہیں اور قیامت تک سعی بین الصفا والمروۃ اور زمزم کی خاطر مومن تڑپتے رہیں گے۔ یہ ایسی یادگاریں ہیں جن کا مقابلہ کروڑوں اور اربوں کی لاگت سے بھی نہیں کیا جا سکتا۔ یہ خاندان ابراہیم کے لیے دنیا و آخرت میں عزت و عظمت اور صدقہ جاریہ کے نشان ہیں۔

نبی کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کو تفصیل سے بیان فرمایا۔

## حضرت ابراہیمؑ نے اسمٰعیلؑ اور اُمِّ اسمٰعیلؑ کو درخت کے نیچے بٹھایا!

| | |
|---|---|
| ثُمَّ جَاءَ بِهَا | حضرت ابراہیمؑ ہاجرہ اور ان کے |
| اِبْرَاهِيْمُ وَبِابْنِهَا | بچے حضرت اسمٰعیلؑ کو (مکہ) میں لے آئے |
| اِسْمٰعِيْلَ وَهِيَ تُرْضِعُهٗ | حضرت ہاجرہ اسمٰعیل کو دودھ پلاتی |
| حَتّٰى وَضَعَهُمَا | تھیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے ان دونوں |
| عِنْدَ الْبَيْتِ عِنْدَ | کو ایک بڑے درخت کے تلے |
| دَوْحَةٍ فَوْقَ | بٹھا دیا۔ جو اس مقام پر تھا، جہاں |

Marfat.com

زَمْزَمَ فِيْ اَعْلَى الْمَسْجِدِ
وَلَيْسَ بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ اَحَدٌ
وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ فَوَضَعَهُمَا
هُنَالِكَ

آب زم زم ہے۔ مسجد کے بلند جانب میں اس وقت مکہ میں آدمی کا نام ونشان نہ تھا۔ نہ وہاں پانی کا وجود تھا۔

## ابراہیمؑ ملک شام کو چل دیئے

ثُمَّ قَفّٰى اِبْرَاهِيْمُ
مُنْطَلِقًا فَتَبِعَتْهُ اُمُّ
اِسْمَاعِيْلَ فَقَالَتْ يَا
اِبْرَاهِيْمُ اَيْنَ تَذْهَبُ
وَتَتْرُكُنَا بِهٰذَا
الْوَادِي الَّذِيْ
لَيْسَ فِيْهِ
اِنْسٌ وَلَا شَيْئٌ
فَقَالَتْ لَهٗ ذٰلِكَ
مِرَارًا وَجَعَلَ
لَا يَلْتَفِتُ اِلَيْهَا۔

پھر حضرت ابراہیمؑ دونوں کو وہاں چھوڑ گئے۔ اور ایک تھیلہ کھجور کا ایک مشکیزہ پانی کا دے گئے۔ خود اپنے ملک (شام) کو چل دیئے۔ جب حضرت ابراہیمؑ چلنے لگے تو ہاجرہ ان کے پیچھے ہوئیں اور کہنے لگیں، حضرت آپ کہاں چلے ہم کو اس جنگل میں چھوڑے جاتے ہو، جہاں آدمی کا پتہ تک نہیں نہ کوئی چیز ملتی ہے۔ کئی کئی بار پکار پکار کر حضرت ہاجرہ نے یہ کہا مگر ابراہیمؑ نے دیکھا تک نہیں

# حضرت ہاجرہ نے کہا اللہ ہماری حفاظت کریگا

فَقَالَتْ لَهٗ اللّٰهُ | آخر حضرت ہاجرہؓ نے ان سے
الَّذِیْ اَمَرَكَ بِهٰذَا | کہا کیا اللہ کا ایسا ہی حکم ہے ۔!
قَالَ نَعَمْ. قَالَتْ | انہوں نے کہا ہاں! تب حضرت
اِذَنْ لَّا یُضَیِّعُنَا ثُمَّ | ہاجرہ نے یہ کہا کہ پھر پروردگار ہماری
رَجَعَتْ فَانْطَلَقَ | حفاظت کرے گا، ہم کو ہلاک نہیں کرے
اِبْرَاهِیْمُ حَتّٰی | گا۔ یہ کہہ کر حضرت ہاجرہ لوٹ آئیں
کَانَ عِنْدَ | اور حضرت ابراہیم چل دیئے۔ جب
الثَّنِیَّةِ حَیْثُ لَا | اس پہاڑی پر پہنچے۔ جہاں سے
یَرَوْنَهٗ اِسْتَقْبَلَ | دکھائی نہیں پڑتے تھے (اسی پہاڑی
بِوَجْهِهِ الْبَیْتَ | سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں
ثُمَّ دَعَا بِهٰؤُلَآءِ | داخل ہوئے تھے) تو ادھر رُخ کیا۔
الْکَلِمَاتِ وَرَفَعَ | جہاں اب کعبہ ہے۔ پھر دونوں ہاتھ
یَدَیْهِ فَقَالَ | اٹھا کر یہ دُعا کی۔ (ان کلمات کے ساتھ)
رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْکَنْتُ | مالک ہمارے، میں نے اپنی اولاد
مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ | ایسے میدان میں چھوڑ دی ہے۔
غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ حَتّٰی بَلَغَ | جہاں کچھ نہیں اگتا (کیونکہ کعبہ حضرت
یَشْکُرُوْنَ. وَ | آدم کے وقت سے تھا۔ لیکن گر گیا تھا)

Marfat.com

وَجَعَلَتْ أُمُّ إِسْمٰعِيلَ
تُرْضِعُ إِسْمٰعِيلَ وَ
تَشْرَبُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَآءِ
حَتّٰى إِذَا نَفِدَ مَا فِى
السِّقَآءِ عَطِشَتْ وَعَطِشَ
ابْنُهَا وَجَعَلَتْ تَنْظُرُ
إِلَيْهِ يَتَلَوّٰى أَوْقَالَ
يَتَلَبَّطُ فَانْطَلَقَتْ
كَرَاهِيَةَ أَنْ تَنْظُرَ إِلَيْهِ
فَوَجَدَتِ الصَّفَا أَقْرَبَ
جَبَلٍ فِى الْأَرْضِ يَلِيهَا
فَقَامَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ
اسْتَقْبَلَتِ الْوَادِى تَنْظُرُ
هَلْ تَرٰى أَحَدًا فَلَمْ تَرَ أَحَدًا
فَهَبَطَتْ مِنَ الصَّفَا حَتّٰى إِذَا
بَلَغَتِ الْوَادِى رَفَعَتْ طَرَفَ
دِرْعِهَا ثُمَّ سَعَتْ سَعْىَ الْإِنْسَانِ
الْمَجْهُودِ حَتّٰى جَاوَزَتِ الْوَادِى
ثُمَّ أَتَتِ الْمَرْوَةَ فَقَامَتْ

گیا تھا۔ ادھر حضرت ہاجرہ
کا یہ حال ہوا۔ وہ حضرت اسمٰعیل
کو دودھ پلاتی اور مشک میں سے
پانی پیتی رہیں۔ جب پانی ختم
ہو گیا تو خود بھی پیاسی
ہوئیں، بچہ کو بھی پیاس لگی بچہ
کو دیکھا تو وہ پیاس کے مارے
تلے اوپر ہو رہا ہے۔ یا تڑپ
رہا ہے۔ وہ اس نیت سے
سرک گئیں۔ کہ بچہ کا یہ حال نہ
دیکھیں، دیکھا تو صفا پہاڑ قریب
ہے۔ اس پر چڑھیں شاید کوئی
آدمی نظر آئے (کسی سے پانی
مانگیں)، لیکن کوئی نہیں دکھائی دیا
وہاں سے اتریں اور اپنا کرتہ
سمیٹ کر نالے کے نشیب میں
اس طرح دوڑیں۔ جیسے (کوئی
مصیبت زدہ (آفت کا مارا) دوڑتا
ہے۔ نالے کے پار جا کر مروہ

عَلَيْهَا وَنَظَرَتْ هَلْ تَرٰى اَحَدًا فَلَمْ تَرَ اَحَدًا فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ۔

پہاڑ پر چڑھیں۔ وہاں بھی دیکھا کوئی آدمی نظر نہ پڑا سات چکر انہوں نے اس طرح کاٹے۔

# تاریخ سعی صفامروہ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذٰلِكَ سَعْيُ النَّاسِ بَيْنَهُمَا فَلَمَّا اَشْرَفَتْ عَلَى الْمَرْوَةِ سَمِعَتْ صَوْتًا فَقَالَتْ صَهٍ تُرِيْدُ نَفْسَهَا ثُمَّ تَسَمَّعَتْ فَسَمِعَتْ اَيْضًا فَقَالَتْ قَدْ اَسْمَعْتَ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ غَوَاثٌ فَاِذَا هِيَ بِالْمَلَكِ عِنْدَ مَوْضِعِ زَمْزَمَ

ابن عباس رضؓ نے کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ہی سے لوگوں نے صفا مروے کی سعی (حج میں) شروع کی۔ خیر جب (ساتویں) پھیرے میں) مروے پر چڑھیں، تو انہوں نے ایک آواز سنی، چپ رہ کر پھر کان لگایا تو وہی آواز سنی اس وقت پکار اٹھیں (خدا کے بندے) میں نے تیری آواز سنی اگر تو کچھ ہماری مدد کر سکتا ہے تو پھر دیکھا۔ تو جہاں آب زمزم ہے۔ وہاں اللہ کے فرشتے،

Marfat.com

فَبَحَثَ بِعَقِبِهٖ اَوْقَالَ
بِجَنَاحِهٖ حَتّٰى ظَهَرَ
الْمَآءُ فَجَعَلَتْ تُحَوِّضُهٗ
وَتَقُوْلُ بِيَدِهَا هٰكَذَا
وَجَعَلَتْ تَغْرِفُ مِنَ
الْمَآءِ فِىْ سِقَائِهَا وَ
هُوَ يَفُوْرُ بَعْدَ مَا
تَغْرِفُ قَالَ ابْنُ
عَبَّاسٍ قَالَ النَّبِىُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَرْحَمُ اللّٰهُ
اُمَّ اِسْمٰعِيْلَ لَوْ
تَرَكَتْ زَمْزَمَ
اَوْقَالَ لَوْ لَمْ
تَغْرِفْ مِنَ الْمَآءِ
لَكَانَتْ زَمْزَمُ
عَيْنًا مَّعِيْنًا
قَالَ فَشَرِبَتْ وَ
اَرْضَعَتْ وَلَدَهَا۔

حضرت جبریلؑ ملے انہوں نے اپنی
ایڑی یا پَر مار کر زمین کھود ڈالی
پانی نکل آیا۔ حضرت ہاجرہ حوض
کی طرح اس کو بنانے لگیں۔
ہاتھ سے اس کے گرد منڈیر
کرنے لگیں۔ اور پانی چلّو سے
لے لے کر اپنی مشک میں بھرتی
جاتی تھیں۔ جوں جوں پانی لیتی
جاتی تھیں۔ وہ چشمہ اور جوش
مارتا جاتا تھا۔ (پانی زیادہ ہوتا
جاتا تھا) ابن عباسؓ نے کہا
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا۔ اللہ اسمٰعیل کی والدہ
پر رحم کرے۔ اگر وہ زمزم کو اپنے
حال پر چھوڑ دیتیں یا یوں فرمایا
اگر وہ چلّو بھر بھر کر مشک میں
پانی نہ لیتیں تو زمزم ایک بہتا
چشمہ رہتا۔ خیر حضرت ہاجرہ نے
پانی پیا۔ اور اپنے بچے کو بھی پلایا۔

Marfat.com

# جبریلؑ نے ہاجرہؑ کو تسلّی دی

| | |
|---|---|
| فَقَالَ لَهَا الْمَلَكُ | فرشتے (حضرت جبریلؑ) نے ان |
| لَا تَخَافُوا الضَّيْعَةَ | سے کہا، تم جان کا ڈر نہ کرو۔ |
| فَإِنَّ هٰهُنَا بَيْتُ | یہاں اللہ کا گھر ہے۔ یہ بچہ |
| اللّٰهِ يَبْنِي هٰذَا | اور اس کا باپ دونوں (مل کر) |
| الْغُلَامُ وَأَبُوهُ فَإِنَّ | اس گھر کو بنائیں گے۔ اور اللہ |
| اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَهْلَهُ | اپنے گھر والوں کو تباہ نہیں |
| وَكَانَ الْبَيْتُ | کرے گا۔ اس وقت کعبے کا یہ |
| مُرْتَفِعًا مِنَ الْأَرْضِ | حال تھا۔ ٹیلے ٹبّے کی طرح زمین |
| كَالرَّابِيَةِ تَأْتِيهِ | سے اونچا تھا۔ دائیں اور بائیں |
| السُّيُولُ فَتَأْخُذُ عَنْ | طرف سے (برسات کا) پانی نکل |
| يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ | جاتا تھا۔ ہاجرہ نے ایک مدت |
| فَكَانَتْ كَذٰلِكَ | اسی طرح گذاری۔ چند روز کے |
| حَتّٰى مَرَّتْ بِهِمْ رُفْقَةٌ | بعد جرہم (قبیلے) کے کچھ لوگ |
| مِنْ جُرْهُمَ أَوْ أَهْلُ | یا کچھ گھر والے جو کداء کے رستے |
| الْبَيْتِ مِنْ جُرْهُمَ مُقْبِلِينَ | مکّہ کی بلند جانب سے آرہے |
| مِنْ طَرِيقِ كَدَاءٍ فَنَزَلُوا | تھے۔ ادھر سے گزرے۔ وہ مکّہ |
| فِي أَسْفَلِ مَكَّةَ | کے نشیب میں اترے۔ انہوں |

Marfat.com

فَرَاَوْا طَائِرًا عَائِفًا
فَقَالُوْا اِنَّ هٰذَا الطَّائِرَ
لَيَدُوْرُ عَلٰى مَاءٍ
لَعَهْدُنَا بِهٰذَا الْوَادِيْ
وَمَا فِيْهِ مَاءٌ
فَاَرْسَلُوْا جَرِيًّا
اَوْ جَرِيَّيْنِ فَاِذَا هُمْ
بِالْمَاءِ فَرَجَعُوْا
فَاَخْبَرُوْهُمْ بِالْمَاءِ
فَاَقْبَلُوْا قَالَ
وَاُمُّ اِسْمٰعِيْلَ عِنْدَ
الْمَاءِ فَقَالُوْا
اَتَاْذَنِيْنَ لَنَا
اَنْ نَّنْزِلَ عِنْدَكِ
فَقَالَتْ نَعَمْ
وَلٰكِنْ لَا حَقَّ لَكُمْ
فِي الْمَاءِ، قَالُوْا نَعَمْ
قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

نے ایک پرندہ دیکھا جو وہاں
گھوم رہا تھا۔ وہ کہنے لگے یہ پرندہ
جو گھوم رہا ہے۔ ضرور پانی پر گھوم
رہا ہے۔ ہم تو اس میدان سے
واقف ہیں۔ یہاں کبھی پانی نہیں
دیکھا۔ خیر انہوں نے ایک یا دو
آدمی خبر لینے کے لیے بھیجے۔ وہ
آئے۔ دیکھا تو پانی موجود ہے۔ پھر
اپنے لوگوں کے پاس لوٹ گئے
ان کو پانی کی خبر دی۔ وہ بھی
آئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا اسمٰعیل ؑ کی والدہ
وہیں بیٹھی تھیں۔ ان لوگوں نے کہا
تم ہم کو یہاں اترنے (اور سکونت
کرنے) کی اجازت دیتی ہو۔
انہوں نے کہا۔ ہاں رہو۔
مگر پانی میں تمہارا کوئی حق نہیں
ان لوگوں نے قبول کیا۔ ابن عباس
نے کہا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَسَلَّمَ فَاَلْفٰی ذٰلِكَ اُمَّ اِسْمٰعِیْلَ وَهِیَ تُحِبُّ الْاُنْسَ ۔ | نے فرمایا، تو لوگوں نے (وہاں رہنے کی) ایسے وقت میں اجازت مانگی جب خود اسمٰعیلؑ کی والدہ یہ چاہتی تھیں کہ یہاں بستی ہو (آدمی کی صورت نظر آئے) |

(بخاری)

Marfat.com

# جرہم قبیلے کی مکہ میں آمد

| | |
|---|---|
| فَنَزَلُوْا وَاَرْسَلُوْا اِلٰی | جرہم کے لوگ وہاں اتر |
| اَهْلِيْهِمْ فَنَزَلُوْا | پڑے اور اپنے بال بچوں کو |
| مَعَهُمْ حَتّٰی اِذَا كَانَ | بھی بلا بھیجا۔ وہ بھی وہیں اتر آئے |
| بِهَا اَهْلُ اَبْيَاتٍ | جب مکہ میں کئی گھر بن گئے۔ اور |
| مِّنْهُمْ وَشَبَّ الْغُلَامُ | اسمٰعیل جوان ہوئے۔ انہوں |
| وَتَعَلَّمَ الْعَرَبِيَّةَ | نے عربی زبان جرہم کے لوگوں |
| مِنْهُمْ وَاَنْفَسَهُمْ | سے سیکھی اور جوان ہو کر ان کی |
| وَاَعْجَبَهُمْ حِيْنَ | نگاہ میں بہت اچھے نکلے۔ جرہم |
| شَبَّ فَلَمَّا | کے لوگ اُن سے محبت کرنے لگے |
| اَدْرَكَ زَوَّجُوْهُ | اور اپنے خاندان کی ایک عورت |
| امْرَاَةً مِّنْهُمْ | ان کو بیاہ دی۔ ان کی والدہ |
| وَمَاتَتْ اُمُّ | حضرت ہاجرہ فوت ہو گئیں۔ اور |
| اِسْمٰعِيْلَ ۝ | اسمٰعیل کی شادی ہو چکی تو مدت کے بعد |

Marfat.com

# حضرت ابراہیمؑ اسمعیلؑ کی خبرگیری کیلئے آیا کرتے تھے

| | |
|---|---|
| فَجَاءَ إِبْرَاهِيمُ بَعْدَ | حضرت ابراہیمؑ اپنے جورو بچے |
| مَا تَزَوَّجَ إِسْمٰعِيلُ | کو دیکھنے آئے۔ اسمٰعیلؑ اس |
| يُطَالِعُ تَرِكَتَهُ | وقت گھر میں نہ تھے انہوں نے |
| فَلَمْ يَجِدْ إِسْمٰعِيلَ | ان کی بی بی (اپنی بہو) سے پوچھا۔! |
| فَسَأَلَ امْرَأَتَهُ عَنْهُ | اسمٰعیلؑ کہاں ہیں۔ اس نے |
| فَقَالَتْ خَرَجَ يَبْتَغِي | کہا روزی کی تلاش میں گئے ہیں |
| لَنَا ثُمَّ سَأَلَهَا | ابراہیمؑ نے پوچھا، تمہاری گزران |
| عَنْ عَيْشِهِمْ وَهَيْئَتِهِمْ | کیسے ہوتی ہے، معاش کا کیا |
| فَقَالَتْ نَحْنُ بِشَرٍّ | حال ہے کہا بہت بری بڑی |
| نَحْنُ فِي ضِيقٍ وَشِدَّةٍ | تنگی کی گزران ہے۔ ان سے خوب |
| فَشَكَتْ إِلَيْهِ قَالَ | شکایت کی، ابراہیمؑ نے کہا جب |
| فَإِذَا جَاءَ زَوْجُكِ | تمہارے خاوند آئیں تو میری |
| فَاقْرَئِي عَلَيْهِ السَّلَامُ | طرف سے ان کو سلام کہنا اور |
| وَقُولِي لَهُ يُغَيِّرُ | اور یہ کہنا کہ اپنے دروازے کی |
| عَتَبَةَ بَابِهِ فَلَمَّا | چوکھٹ بدل ڈالیں۔ ابراہیمؑ یہ کہہ کر وہاں |

Marfat.com

جَاءَ اِسْمٰعِیْلُ كَاَنَّهٗ
اٰنَسَ شَیْئًا فَقَالَ
هَلْ جَاءَكُمْ مِّنْ
اَحَدٍ قَالَتْ نَعَمْ
جَاءَنَا شَیْخٌ كَذَا
وَكَذَا فَسَأَلَنَا
عَنْكَ فَاَخْبَرْتُهٗ
وَسَأَلَنِیْ كَیْفَ عَیْشُنَا
فَاَخْبَرْتُهٗ اَنَّا فِیْ جَهْدٍ
وَشِدَّةٍ قَالَ فَهَلْ
اَوْصَاكِ بِشَیْءٍ قَالَتْ
نَعَمْ اَمَرَنِیْ اَنْ
اَقْرَءَ عَلَیْكَ
السَّلَامَ وَیَقُوْلُ
غَیِّرْ عَتَبَةَ بَابِكَ
قَالَ ذَاكَ اَبِیْ
وَقَدْ اَمَرَنِیْ اَنْ
اُفَارِقَكِ اِلْحَقِیْ
بِاَهْلِكِ فَطَلَّقَهَا

سے روانہ ہوئے۔ جب اسمٰعیلؑ
گھر میں آئے تو اپنے باپ
کی خوشبو پائی، بی بی سے پوچھا
کوئی آیا تھا۔ اس نے کہا ہاں
ایک بوڑھا ایسی ایسی شکل کا
آیا تھا۔ اس نے آپ کو پوچھا میں
نے کہہ دیا۔ وہ روزی کی تلاش
میں گئے ہیں، پھر مجھ سے پوچھا،
تمہاری گزران کس طرح ہوتی ہے
میں نے کہا بڑی تکلیف اور
تنگی سے۔ اسمٰعیلؑ نے کہا اور
بھی کچھ انہوں نے کہا، اس نے
کہا، ہاں، تم کو سلام کہا ہے اور
یہ کہا ہے کہ اپنے دروازے کی
دہلیز بدل ڈالو! اسمٰعیلؑ نے کہا وہ
میرے والد تھے۔ انہوں نے
مجھے حکم دیا، میں تجھ کو چھوڑ دوں۔
اب تو اپنے گھر والوں میں چلی
جا۔ اسمٰعیلؑ نے اس کو طلاق

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَتَزَوَّجَ مِنْهُمْ أُخْرٰى | دے دی۔ اسمٰعیلؑ نے جرہم کی ایک |
| فَلَبِثَ عَنْهُمْ اِبْرَاهِيْمُ | دوسری عورت سے نکاح کر لیا۔ |
| مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ | پھر اللہ کو جتنے دنوں منظور تھا۔ |
| اَتَاهُمْ بَعْدُ فَلَمْ | ابراہیمؑ اپنے ملک میں ٹھہرے |
| يَجِدْهُ فَدَخَلَ عَلٰى | رہے اس کے بعد پھر آئے، تو |
| اِمْرَأَتِهٖ فَسَاَلَهَا | پھر اسمٰعیلؑ گھر پہ نہ ملے۔ وہ |
| عَنْهُ فَقَالَتْ خَرَجَ | ان کی (دوسری) جورو کے پاس |
| يَبْتَغِيْ لَنَا قَالَ | گئے۔ پوچھا اسمٰعیلؑ کہاں ہیں۔ اس |
| كَيْفَ اَنْتُمْ وَ | نے کہا روٹی کمانے کی فکر میں گئے |
| سَاَلَهَا عَنْ عَيْشِهِمْ | ہیں۔ ابراہیمؑ نے کہا تمہارا کیا حال ہے |
| وَهَيْئَتِهِمْ فَقَالَتْ | زندگی کیونکر گزرتی ہے، اچھی |
| نَحْنُ بِخَيْرٍ وَّسَعَةٍ | تو رہتی ہو اس نے کہا اللہ کا شکر |
| وَاَثْنَتْ عَلَى اللّٰهِ | ہے، ہم خیر و خوبی کے ساتھ گزران |
| فَقَالَ مَا طَعَامُكُمْ | کر رہے ہیں۔ ابراہیمؑ نے پوچھا |
| قَالَتِ اللَّحْمُ | تم کھاتے کیا ہو۔ |
| قَالَ مَا شَرَابُكُمْ | اس نے کہا گوشت، پوچھا |
| قَالَتِ الْمَآءُ قَالَ | پیتے کیا ہو، اس نے کہا پانی! |
| اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ | حضرت ابراہیمؑ نے دعا کی، |
| فِي اللَّحْمِ وَالْمَآءِ | یا اللہ ان کے گوشت پانی میں |

Marfat.com

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّھُمۡ یَوۡمَئِذٍ حَبٌّ وَلَوۡ کَانَ لَھُمۡ دَعَا لَھُمۡ فِیۡہِ وَ قَالَ فَھُمَا لَا یَخۡلُوۡ عَلَیۡھِمَا اَحَدٌ بِغَیۡرِ مَکَّۃَ اِلَّا لَمۡ یُوَافِقَاہُ۔

میں برکت دے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ان دنوں مکہ میں اناج کا نام نہ تھا۔ نہیں تو ابراہیمؑ اس میں بھی برکت کی دعا کرتے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ خاصیت اللہ نے مکہ ہی میں رکھی ہے۔ اگر دوسرے ملک والے صرف گوشت اور پانی پر گزران کریں تو بیمار ہو جائیں۔

## ابراہیمؑ نے کہا چوکھٹ کی حفاظت کرنا

قَالَ فَاِذَا جَاءَ زَوۡجُكِ فَاقۡرَئِیۡ عَلَیۡہِ السَّلَامَ وَمُرِیۡہِ یُثَبِّتُ عَتَبَۃَ بَابِہٖ فَلَمَّا جَاءَ اِسۡمٰعِیۡلُ قَالَ

حضرت ابراہیمؑ نے (اپنی بہو) سے کہا، جب تمہارے خاوند آئیں تو میری طرف سے ان کو سلام کہنا، اور یہ کہنا، کہ یہ چوکھٹ بہت عمدہ ہے، اس کو حفاظت سے رکھو! (ابراہیمؑ یہ کہہ کر روانہ ہو گئے) جب اسمٰعیل گھر میں

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ـل اتاكم من | آئے تو باپ کی بھنک پا کر |
| حد قالت نعم | اپنی بی بی سے پوچھا۔ کوئی آیا |
| اتانا شيخ | تھا۔ انہوں نے کہا، ہاں ایک |
| حسن الهيئة | بوڑھے سے خوبصورت سے صاحب |
| واثنت عليه | آئے تھے، ابراہیمؑ کی بہت تعریف |
| فسألني عنك | کی، تم کو پوچھتے تھے۔ میں نے |
| فاخبرته فسالني | کہہ دیا وہ باہر گئے ہیں) انہوں |
| كيف عيشنا | نے مجھ سے پوچھا تمہاری گزران |
| فاخبرته انا بخير | کیونکر ہوتی ہے، میں نے کہا، |
| قال فاوصاك بشئ | بہت اچھی طرح۔ اسمٰعیل نے پوچھا |
| قالت نعم هو يقرأ | اور بھی کچھ کہا، اس نے کہا ہاں تم |
| عليك السلام | کو سلام کہا ہے۔ اور یہ کہا ہے۔ |
| ويامرك ان | تمہارے دروازے کی چوکھٹ بہت |
| تثبت عتبة | عمدہ ہے۔ اس کو حفاظت سے |
| بابك قال | رکھنا، تب اسمٰعیلؑ نے کہا کہ وہ |
| ذاك ابي وانت | میرے والد تھے۔ اور انہوں نے |
| العتبة امرني | یہ حکم دیا ہے، کہ میں تجھ کو اپنی |
| ان امسكك۔ | زوجیت میں رہنے دوں۔ |

( صحیح البخاری۔ کتاب الانبیاء

Marfat.com

# قربانی کی وجہ تسمیہ

# خلیل خدا علیہ السلام کی بیمثال قربانی

# آزمائش کے بعد دنیا کی امامت کا تاج پہنایا گیا

Marfat.com

# حضرت ابراہیم کا خواب

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ | جب وہ بھاگنے لگے تو ابراہیمؑ نے کہا |
| يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ | اے میرے بچے یقیناً میں نے خواب |
| فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ | میں دیکھا بے شک میں آپ کو |
| افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ | ذبح کر رہا ہوں۔ بتائیے تیرا کیا خیال ہے۔ اسمٰعیلؑ |
| مِنَ الصّٰبِرِيْنَ. | نے عرض کیا ابا جان آپ کر گزریں جو آپ کو حکم |
| (الصّٰفّٰت ۱۰۲، پ ۲۳) | ملا ہے۔ اللہ نے چاہا تو مجھے صابر پائیں گے۔ |

حضرت ابراہیمؑ نے خواب میں دیکھا کہ میں بیٹے کو ذبح کر رہا ہوں۔ تو خواب کا بیٹے سے ذکر کر کے پوچھا، بیٹا تیرا کیا خیال ہے، بیٹے سے پوچھنے کی کئی وجوہ ہو سکتی ہیں کہ اگر بیٹے نے خوشی سے اپنے آپ کو تعمیل حکم کے لیے پیش کیا تو وہ بھی ثواب کا مستحق ہو جائے گا۔ ورنہ حکمِ خداوندی کی تعمیل تو بہر حال کی جائے گی۔

دوسرا شاید وہ دیکھنا چاہتے ہوں، کہ جس صالح بیٹے کی آرزو کی تھی۔ کیا واقعتاً وہ صالح بیٹا ہے۔ تیسری وجہ ظاہر ہے، کہ خواب کا تعلق بیٹے سے بھی ہے، لہٰذا بیٹے سے پوچھنا مناسب سمجھا۔

## باپ بیٹے سے

| | |
|---|---|
| قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ | ابراہیمؑ نے کہا بیٹا میں خواب |
| اَرٰى فِي الْمَنَامِ | میں دیکھتا ہوں۔ کہ میں تجھے |

Marfat.com

اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ — ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو بتا تیرا
مَاذَا تَرٰی ط — کیا خیال ہے۔

## بیٹا باپ سے

قَالَ یٰٓاَبَتِ افْعَلْ — اسمٰعیلؑ نے عرض کیا ابا جان جو
مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْٓ — کچھ آپ کو حکم دیا جا رہا ہے اسے
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ — کر ڈالیے۔ آپ انشاء اللہ مجھے
الصّٰبِرِیْنَ ہ — صابروں سے پائیں گے۔

(الصّٰفّٰت آیۃ ۱۰۲، پ ۲۳)

## آدابِ فرزندی کی معراج

حضرت اسمٰعیلؑ کا جواب آدابِ فرزندی کی معراج ہے۔ اسی موقعہ پر علامہ اقبالؒ نے فرمایا تھا۔

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسمٰعیلؑ کو آدابِ فرزندی

حضرت خلیلِ خداؑ اپنے فرزندِ ارجمند کو لے کر میدانِ منٰی کی طرف جا رہے ہیں۔

## شیطان کا اضطراب

اللہ تعالیٰ کی عبادت و اطاعت کا عظیم الشان اور عدیم المثال

Marfat.com

مظاہرہ شیطانِ مردود کس طرح دیکھ سکتا تھا۔ چنانچہ شیطان بھاگم بھاگ حضرت ہاجرہ کے پاس گیا اور کہنے لگا اے امِّ اسمٰعیلؑ آپ کا بیٹا کدھر گیا ہے۔ حضرت ہاجرہؓ نے فرمایا وہ اپنے ابّا جان کے ساتھ گیا ہے۔ شیطان نے کہا اے ہاجرہ تجھے خبر نہیں اسے تو ابراہیم ذبح کرنے کے لیے لے گیا ہے۔ حضرت ہاجرہ حیران ہو کر پوچھتی ہیں، کہ کبھی ایسے بھی ہوا ہے، کہ باپ اپنے بیٹے کو ذبح کرے اور خاص کر اتنے خوبصورت نیک سیرت بیٹے کو؟ اب شیطان نے سوچا شاید میرا داؤ چل جائے گا کہنے لگا اے والدہ اسمٰعیلؑ آج ابراہیمؑ اُسے ضرور ذبح کر دے گا، کیونکہ ان کا کہنا ہے کہ مجھے ایسا کرنے کا خدا نے حکم دے رکھا ہے۔ حضرت ہاجرہ نے فرمایا اگر اللہ پاک نے ایسے ہی حکم دیا ہے تو جاؤ چلے جاؤ۔ میں اپنے اللہ پر اسی طرح راضی ہوں۔[1]

## شیطان ابراہیمؑ کے تعاقب میں

حضرت ہاجرہ سے مایوس ہو کر شیطان جمرہ عقبہ (آج کل جس کو بڑا شیطان کہا جاتا ہے) کے پاس کھڑا ہو کر ابراہیم علیہ السلام کو پھسلانے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سات پتھر مارے۔

پھر دوسری جگہ جمرہ وسطیٰ کے پاس آخر تیسری دفعہ جمرہ اولیٰ کے پاس شیطان نے آخری کوشش کی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تینوں جگہ

---

[1] ابنِ کثیر

Marfat.com

سات سات کنکریاں ماریں۔ نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کو بھی حجّاج کے لیے شعائر قرار دے دیا۔

## ابراہیمؑ کی اپنے رب کے حضور بے مثال قربانی

آج سے ہزاروں سال پیشتر دنیا کے ایک گوشے میں عجیب وغریب واقعہ رونما ہو رہا ہے کہ ایک وادیٔ غیر ذی زرع کے اوپر دو مخلص ترین وجود جمع ہیں۔ باپ کی زبان پر۔

| | |
|---|---|
| اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ | میں سب کو چھوڑ چھاڑ کر ایک ہی |
| لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ | ذاتِ کبریا کا ہو گیا ہوں۔ جس نے |
| وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا | زمین و آسمانوں کو پیدا کیا۔ اور |
| اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۔ | میں مشرکوں سے نہیں ہوں۔ |

(الانعام ۷۹، پ۷)

بیٹا آنکھیں موند کر گردن اور چہرہ زمین کے ساتھ لگائے ہوئے بس یہی کہہ جا رہا ہے۔

| | |
|---|---|
| سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ | آپ انشاء اللہ دیکھیں گے کہ |
| مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ۝ | میں صابروں میں سے ہوں۔ |

چشمِ فلک نے وہ نظارہ نہ دیکھا اور نہ دیکھے گا۔

حکمِ الٰہی کی تعمیل میں جناب خلیل الٰہی نے جگر گوشے کو پیشانی کے بل کنکریلی زمین پر لٹایا۔ تاکہ پیارے اور معصوم رُخِ زیبا کو دیکھ کر پدری

جذبہ استقامت کی راہ میں حائل نہ ہو جائے۔

| | |
|---|---|
| فَلَمَّآ اَسْلَمَا | آخر میں جب باپ بیٹے نے سر |
| وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ه | تسلیم خم کر دیا اور ابراہیمؑ |
| (الصّٰفّٰت ۱۰۳ پ۲۳) | نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا۔ |

ہائے جس بیٹے کے لیے مدتِ مدید دعائیں مانگیں تھیں۔ جس کی خبرگیری کے لیے میلوں سفر کیا تھا۔ اور جس کو ہاجرہؑ نے پیار کی لوریاں دیں تھیں۔ اور جس چہرے کو چوم کر اپنے دل کو تنہائی میں تسلی دیا کرتی تھی آج وہی چہرہ مٹی میں لتھڑا ہوا الٹا پڑا ہے۔

حضرت ابراہیم نے بیٹے کو زمین پر لٹا کر یہ ثابت کر دیا کہ اللہ کی رضاجوئی کے لیے ہر چیز قربان کی جا سکتی ہے۔ اور یہی وہ راستہ ہے۔ جس سے آدمی اصل نیکی تک پہنچتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى | تم نیکی کو ہرگز نہیں پہنچ سکتے جب |
| تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ | تک اللہ کی راہ میں وہ چیز خرچ |
| وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ | نہ کر ڈالو، جس کو تم بہت عزیز سمجھتے |
| شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ | ہو۔ اور جو کچھ بھی تم خرچ کرو گے |
| بِهٖ عَلِيْمٌ | اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ |

(آلِ عمران ا پ۴)

Marfat.com

# مقصودِ امتحان تھا نہ کہ جان

حضرت ابراہیمؑ نے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ لیکن اللہ کا فضل و کرم اس نے اسمٰعیلؑ کو بچا کر ایک دُنبے کی قربانی قبول کر لی[1] کیونکہ مقصودِ امت[حان] تھا نہ کہ جان!

| | |
|---|---|
| لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا | اللہ تعالیٰ کو ان کے خون [ا] |
| وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ | اور گوشت کی غرض نہیں، بلک[ہ] |
| يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْؕ | اسے تو (اخلاص) تقویٰ مطلوب |

(الحجؓ ۳۷، پ۱۷)

| | |
|---|---|
| وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُۙ | ہم نے آواز دی کہ اے ابرا[ہیم] |
| قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا | تو نے خواب سچا کر دکھایا۔ |
| اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى | ہم نیکی کرنے والوں کو ایسی ہی ج[زا] |
| الْمُحْسِنِيْنَ ۞ | دیا کرتے ہیں۔ |
| اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا | یقیناً ایک کھلی آزمائش تھی |
| الْمُبِيْنُ ۞ وَفَدَيْنٰهُ | اور ہم نے ایک بڑی قربانی |
| بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۞ وَتَرَكْنَا | (دنبے کی) دے کر اسمٰعیل کو چھڑ[ا] |
| عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ۞ | لیا۔ اور ہم نے اس کا ذکر خیر ہمیشہ |
| سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۞ | کیلئے بعد میں آنے والوں میں رکھ دیا۔ سلام |

---

[1] ابن عباس، ابن کثیر

Marfat.com

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ - اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ہ

ابراہیمؑ پر۔ ہم نیکی کرنے والے کو ایسی جزا دیتے ہیں ۔ یقیناً وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔

(الصّٰفّٰت ۱۰۴ تا ۱۱۱ پ۲۳)

بعض لوگوں نے عقل پرستی بلکہ اسرائیلی روایات پرستی کا ثبوت مہیا کرنے کے لیے لکھا کہ چھری کا پھالہ، چھری کے دستے میں مڑ گیا۔ کسی نے کہا، نہیں جناب، اسمٰعیلؑ کی گردن ہی تانبے کی بن گئی اور کچھ تو عقل کے آگے لگ کر بھاگتے لگے اور کہا لٹانے کا معنیٰ ہے کہ دونوں خدا کے سامنے جھک گئے۔ حالانکہ قرآن حکیم نے فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ کے الفاظ کہہ کر آگے اس کیفیت کو اہلِ نظر پر چھوڑ دیا ہے۔

## ابراہیمؑ کو خدا نے اپنا دوست بنایا

وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا ط وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا ہ

(النسآء ۱۲۵، پ۵)

اور اس شخص سے بہتر کس کا طریقِ زندگی ہو سکتا ہے جس نے اللہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیا اور اپنا رویہ نیک رکھا۔ اور یکسو ہو کر ابراہیمؑ کے طریقے کی پیروی کی ابراہیم کو اللہ تعالےٰ نے اپنا دوست بنا لیا تھا۔

# دنیا کی امامت کا تاج پہنایا گیا

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۞

((البقرۃ ۱۲۴) پ۱)

اور جب ابراہیمؑ کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا ۔ اور وہ ان سب میں پورا اتر گیا ۔ تو اس کے رب نے فرمایا میں تجھے سب لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں ۔ ابراہیمؑ نے عرض کیا کیا میری اولاد سے بھی یہی وعدہ ہے ، اللہ تعالیٰ نے جواب دیا ۔ میرا وعدہ ظالموں کے ساتھ نہیں ہے ۔

Marfat.com

# قربانی تمہارے باپ ابراہیمؑ کی سنّت ہے

# فضائل و مسائل

# قربانی کے جذبہ کو عام کیجیے

Marfat.com

# قربانی کی وجہ تسمیہ

قربانی کا لفظ قربان بروزن سلطان سے نکلا ہے۔ عربی محاورات میں، قربان ہر اس چیز کو کہتے ہیں۔ جس سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا جائے، جیساکہ امام ابوبکر جصاص مرحوم نے احکام القرآن میں نقل کیا

والقربان ما یقصد بہ القرب من رحمۃ اللہ تعالیٰ من اعمال البر۔

قربان ہر اُس کام کو کہا جاتا ہے جس کا مقصد اللہ کی قربت ورضا حاصل کرنا ہو۔

لیکن عرف عام میں دسویں ذوالحجہ کو بکرے، دنبے، گائے وغیرہ ذبح کرنے کا نام قربانی ہے۔

# قربانی کی ابتداء

جب سے حضرت آدم علیہ السلام دنیا میں تشریف لائے۔ اسی وقت سے لے کر اللہ تعالیٰ کے راستے میں اس کی رضا کے لیے قربانی کرنا مشروع ہے، جیساکہ خود اللہ پاک نے قرآن حکیم کے اندر واقعہٗ قربانی کو بیان فرمایا۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا

آپ ان کو آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا واقعہ سنائیں۔ جب ان دونوں نے قربانی پیش کی۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَتُقُبِّلَ مِنْ | تو ان میں سے ایک کی قربانی |
| اَحَدِهِمَا وَلَمْ | قبول ہوئی، اور دوسرے کی |
| يُتَقَبَّلْ مِنَ | قربانی قبول نہیں کی گئی۔ (جس |
| الْاٰخَرِ ط قَالَ | کی قربانی نہ قبول ہوئی) اس نے |
| لَاَقْتُلَنَّكَ ط قَالَ | کہا دوسرے بھائی کو میں تجھے |
| اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ | قتل کر دوں گا۔ اس نے جواب دیا۔ |
| مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ○ | اللہ پاک تو متقی لوگوں کی قربانی قبول کرتا ہے |
| لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَیَّ | اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے |
| يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا | ہاتھ اٹھائے گا؛ تو میں تجھے قتل |
| بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ | کرنے کے لیے ہاتھ نہیں اٹھاؤں |
| لِاَقْتُلَكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ | گا۔ میں اللہ رب العلمین سے |
| اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○ | ڈرتا ہوں۔ |

(المآئدہ ۲۸،۲۹- پ۶)

# ہر اُمّت کیلئے قربانی تھی

اسی طرح اللہ رب العزت نے مسئلہ حج بیان فرماتے ہوئے قربانی کا یوں تذکرہ فرمایا۔ کہ تمام اُمتوں کے لیے قربانی تھی۔

| | |
|---|---|
| وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا | ہر اُمت کے لیے ہم نے قربانی کا |
| مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ | طریقہ مقرر کیا تاکہ وہ ان جانوروں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اللّٰہِ عَلٰی مَا رَزَقَھُمۡ مِّنۡ | پر اللہ کا نام لیں جو اللہ نے ان کو |
| بَھِیۡمَۃِ الۡاَنۡعَامِ ط فَاِلٰھُکُمۡ | عطا کیے ہیں۔ تمہارا اللہ اللہ ایک |
| اِلٰہٌ وَّاحِدٌ فَلَہٗۤ | ہے۔ بس اُسی کے تابع دار ہو |
| اَسۡلِمُوۡا۔ وَبَشِّرِ | جاؤ۔ خوشخبری دیجئے عاجزی کرنے |
| الۡمُخۡبِتِیۡنَ۔ | والوں کو۔ |

(الحج ۳۴، پ۱)

# اُمّتِ محمّدیہؐ کے لئے قربانی

| | |
|---|---|
| قُلۡ اِنَّ صَلَاتِیۡ وَ | اے نبی مکرمؐ، آپ کہہ دیں کہ میری |
| نُسُکِیۡ وَمَحۡیَایَ وَ | نماز اور میری قربانی اور جینا اور |
| مَمَاتِیۡ لِلّٰہِ رَبِّ | مرنا صرف اللہ کے لیے ہے۔ جو |
| الۡعٰلَمِیۡنَ۔ | سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ |

(الانعام ۱۶۲ پ ۸)

| | |
|---|---|
| اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ | یقیناً ہم نے آپ کو (دنیا و آخرت |
| فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانۡحَرۡ | کی عظمتیں) اور حوض کوثر عنایت کیا |
| اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ | آپ نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا |
| الۡاَبۡتَرُ | کریں۔ |

(الکوثر پ۳۰)

قربانی اللہ تعالےٰ کے شعائر میں سے ہے۔

| | |
|---|---|
| وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ | قربانی کے اونٹ اللہ تعالےٰ |
| مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ | کے شعائر (نشانات) میں سے ہیں۔ |
| فِيْهَا خَيْرٌ۔ | ان میں تمہارے لیے بہتری ہے۔ |

(الحج ۳۶، پ ۱۷)

## نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان

| | |
|---|---|
| سُنَّةُ اَبِيْكُمْ | قربانی تمہارے باپ جناب ابراہیمؑ |
| اِبْرَاهِيْمَ۔ | کی سنت ہے۔ |

## صحابہؓ کا استفسار

| | |
|---|---|
| قالوا فما لنا فيها يا رسول | اے اللہ کے رسولؐ! اس سنت |
| الله؟ قال بكل شعرة | سے ہمیں کیا ملے گا فرمایا ہر بال کے |
| حسنة (ابن ماجہ) | بدلے میں ایک نیکی۔ |

# نبی اکرمؐ ہر سال قربانی دیا کرتے تھے

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کہتے ہیں، نبی اکرمؐ دس سال تک مدینہ طیبہ میں رہے۔ یعنی ہجرت کے بعد پوری زندگی آپ ہر سال قربانی کیا کرتے تھے۔

(ترمذی ابواب الاضاحی)

Marfat.com

# حقیقتِ قربانی

| | |
|---|---|
| لَن یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُھَا | اللہ کو تمہاری قربانیوں کے گوشت |
| وَلَا دِمَآءُھَا وَلٰکِنْ | اور خون نہیں پہنچتے، بلکہ اس کو تمہارا |
| یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ ؕ | اخلاص (تقویٰ) مقصود ہے۔ |

(الحجؔ ۳۷، پ۱۷)

# جذبۂ قربانی کو عام کیجیے۔

یہی وہ جذبہ ہے جس کو ساری زندگی پر نافذ کرنے کی تلقین فرمائی۔

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنْ کَانَ اٰبَآؤُکُمْ | اے نبیؐ فرما دیجیے، اگر تمہارے |
| وَاَبْنَآؤُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَ | والدین، تمہارے بیٹے، بھائی، بیویاں |
| وَاَزْوَاجُکُمْ وَعَشِیْرَتُکُمْ وَ | تمہارے رشتہ دار، وہ مال جو تم نے جمع |
| وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْھَا وَ | کیے ہیں اور وہ تجارت جس کے خسارے |
| تِجَارَۃٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَھَا | سے ڈرتے ہو، تمہارے پسندیدہ محلات |
| وَمَسٰکِنُ تَرْضَوْنَھَآ اَحَبَّ | و مکانات تم کو اللہ اور اس کے رسول |
| اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَ | اور جہاد فی سبیل اللہ سے زیادہ |
| جِھَادٍ فِیْ سَبِیْلِہٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی | عزیز ہیں۔ تو تمہیں اللہ کے فیصلہ |
| یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ ؕ وَاللّٰہُ | (عذاب) کا انتظار کرنا چاہیے۔ اور |
| لَا یَھْدِی الْقَوْمَ | اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں |

Marfat.com

الْفٰسِقِیْنَ ؏ دیا کرتے۔

(التوبہ ۲۴، پ۱۰)

# صحابہ کرامؓ کی زندگی پر جذبہ قربانی کے اثرات

صحابہ کرام فی سبیل اللہ خرچ کرنے میں مسابقت کیا کرتے تھے۔ جیساکہ تاریخ اسلام کا مشہور و معروف واقعہ حضرتِ عمر فاروقؓ اور جناب ابو بکرؓ صدیق کا واقعہ خیرات میں مسابقت ہے۔ حضرت فاروقؓ خود اپنی کیفیّت ذکر کرتے ہیں ایک دفعہ رسولِ مکرمؐ نے ہمیں صدقہ و خیرات کا حکم دیا۔ میرے پاس اس وقت کافی سرمایہ تھا۔ میں نے دل میں یہ بات ٹھان لی کہ جناب ابو بکرؓ ہر دفعہ نیکی میں مجھ سے بڑھ جایا کرتے ہیں۔ آج میں ان کو کسی صورت اپنے سے نیکی میں بڑھنے نہیں دوں گا۔ چنانچہ میں گھر پلٹا اور تمام سرمایہ کا نصف لے کر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت گرامی میں پیش کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے استفسار فرمایا۔ اے عمرؓ گھر کتنا مال چھوڑ کر آئے ہو۔ میں نے عرض کیا، اے حبیبِ خدا! سارے مال میں سے آدھا مال و متاع آپ کی خدمت میں لے آیا ہوں۔

اس کے بعد جنابِ ابو بکرؓ آئے۔ آپؐ نے دریافت کیا، کہ ابو بکرؓ آپ کتنا مال لائے ہیں۔ یاد رہے کہ حضرتِ صدیقؓ کو جناب فاروقؓ کے جذبات کا کچھ علم نہیں تھا۔ حضرت صدیقؓ عرض کرنے لگے اے اللہ کے پیغمبرؐ میں تو صرف اللہ اور اس کے رسول کی محبّت گھر میں چھوڑ آیا ہوں۔ باقی دنیا کا مال

Marfat.com

تو آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔

جنابِ فاروق رضؓ کہتے ہیں۔ کہ میں نے حتمی طور پر تسلیم کر لیا کہ عمرؓ تو ساری زندگی نیکیوں میں ابوبکرؓ سے بڑھ نہیں سکتا۔

## صحابہؓ کے ایثار کا عجیب واقعہ

غور فرمایئے، جس ملت کے بزرگوں کے ایثار و قربانی کا یہ حال ہو۔ وہاں عام کارکنوں کی کیفیت کیا ہو گی۔ انہیں جذبات کا اثر تھا۔ کہ صدقہ وخیرات کا اعلان سنتے ہی ایک صحابی گھر جانے کی بجائے سیدھا ایک یہودی کے پاس پہنچتا ہے۔ ساری رات کنواں چلا چلا کر پانی یہودی کے پودوں کو دیتا رہا۔ صبح کو تقریباً چار کلو کھجوریں ملیں۔ آدھی گھر میں بچوں کی بھوک بجھانے کے لیے اور آدھی نبیٔ رحمت کی خدمت میں پیش فرما دیں۔ اور ساتھ ہی پورا ماجرا ذکر کیا۔ [1]

## صحابہؓ کی آپس میں ایثار و قربانی

حضرت ابوجہیمؓ بن حذیفہ فرماتے ہیں۔ جنگ یرموک میں، میں اپنے چچا زاد بھائی کی تلاش میں نکلا۔ اور ساتھ ہی میں نے پانی کا مشکیزہ بھر لیا شاید بھائی یا کسی غازی کو پانی کی ضرورت ہو۔ جونہی میں نے دیکھا۔ میرا چچا زاد بھائی خون میں لت پت تڑپ رہا ہے۔ میں نے پانی پلانا چاہا۔ اچانک ایک اور زخمی مجاہد کی آواز آئی "پانی" ! میرے چچا زاد نے مجھے اشارہ کیا، کہ پانی پہلے اس

---

[1] بصیرت صحابہ ۱۵۸

کو پلایا جائے۔ جب میں اس زخمی مجاہد کے پاس پہنچا تو دفعۃً تیسری طرف سے "پانی!" کی آواز سُنائی دی۔ اس مجاہد نے بھی پہلے کی طرح تیسرے کی طرف بھیج دیا۔ جب میں تیسرے غازی کے پاس پہنچا تو وہ شہید ہو چکا تھا۔ میں پلٹ کر دوسرے کے پاس آیا تو اس نے بھی اپنی جان خدا کے حوالے کر دی تھی۔ میں دوڑتا ہوا اپنے بھائی کے پاس آیا۔ تو کیا دیکھتا ہوں۔ وہ بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دنیا سے کوچ کر چکے ہیں۔ یہی تو وہ جذبہ قربانی ہے جس کی تعریف کی گئی۔

| | |
|---|---|
| وَ يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ | کہ اللہ کے بندے اپنی ضرورت کے |
| وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ | باوجود دوسرے کی ضرورت کو ترجیح |
| وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ | دیتے ہیں اپنی جان کو بخل سے بچانے |
| فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ہ | والے ہی کامیاب ہوں گے |

(الحشر ۹، پ ۲۸)

# نیّت قربانی

| | |
|---|---|
| اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ | میں نے یکسو ہو کر اپنا رخ اس |
| لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ | ذاتِ کبریا کی طرف کر لیا ہے۔ جس |
| وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا | نے زمین و آسمانوں کو پیدا کیا۔ اور |
| وَّمَآ اَنَا مِنَ | میرا مشرکوں کے ساتھ کوئی تعلق |
| الْمُشْرِكِیْنَ۔ | نہیں۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ | یقیناً میری نماز اور میری قر |
| وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ | اور میری زندگی اور موت ال |
| لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ | رب العلمین کے لیے ہے۔ |
| لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ | اس کا کوئی شریک نہیں اس |
| اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ | مجھے اطاعت کا حکم دے رکھا |
| الْمُسْلِمِیْنَ ہ | اور میں اطاعت گزاروں میں ہو |

(الانعام، ۱۶۲، ۱۶۳، ۸پ)

بنی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی الفاظ کہے:

| | |
|---|---|
| ھٰذَا عَنِّیْ وَعَمَّنْ لَّمْ | اے اللہ میری طرف سے اور |
| یُضَحِّ مِنْ اُمَّتِیْ ہ | میری امت کے اس شخص کی طرف |
| (مشکوٰۃ و ترمذی) | جس نے قربانی نہیں کی۔ |

آخر میں بسم اللہ واللہ اکبر۔

یاد رہے کہ پوری بسم اللہ پڑھنا بنی اکرمؐ سے ثابت نہیں۔ اسی
بس اتنے ہی الفاظ کہنے چاہئیں۔ اس میں بڑی حکمت پنہاں ہے۔

# قربانی کے متفرق مسائل

## میّت کی طرف سے قربانی

حضرت علیؓ فرماتے ہیں، بنی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت
فرمائی کہ میں آپ کے بعد آپ کی طرف سے قربانی کرتا رہوں۔ اس لیے

Marfat.com

میں آپ کی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔ (مشکوٰۃ)

## قربانی کرنے والا حجامت نہ کروائے

ام سلمہؓ کہتی ہیں، حضورؐ نے فرمایا جب قربانی کا عشرہ شروع ہو تو تم میں سے جس نے قربانی کرنی ہے وہ اپنے بال ناخن نہ کاٹے۔ (مسلم)

عام طور پر مشہور ہے کہ جو بھی اس عشرہ میں بال نہیں کٹوائے گا۔ اس کو ثواب ملے گا۔ ہو سکتا ہے۔ نیت پر ثواب مل جائے۔ بظاہر ایسی کوئی دلیل نہیں ہے کہ قربانی نہ کرنے والا بھی بال نہ کٹوائے۔

## ایک قربانی پورے گھر کی طرف سے کافی ہے

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مینڈھا خریدنے کا حکم دیا۔ چنانچہ آپ کے لیے کالا سیاہ مینڈھا لایا گیا۔ پھر آپؐ نے فرمایا عائشہؓ پتھر پر تیز کر کے چھری لاؤ، میں نے چھری پیش کی، نبی اکرمؐ نے مینڈھے کو زمین پر لٹایا، اور یہ الفاظ ادا فرما کر ذبح کیا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلۡ مِنۡ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَمِنۡ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ۔

یا اللہ قبول فرما محمدؐ اور آلِ محمد اور امت کی طرف سے

(مسلم)

اس حدیث سے یہ نتیجہ محدثین نے اخذ کیا کہ ایک قربانی سارے گھر کی طرف سے کافی ہے۔

## قربانی کا جانور بے داغ ہونا چاہیئے

حضرت براء بن عازبؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ کیسا جانور ذبح نہیں کرنا چاہیئے۔ آپؐ نے لنگڑا، کانا، بیمار بالکل کمزور لاغر بھی ذبح نہ کرنے کا حکم دیا۔ یعنی ایسا جانور جس کا ظاہری عیب نظر آ رہا ہو۔ اس کو بالکل قربانی نہیں کرنا چاہیئے۔ (مشکوٰۃ باب فی الاضحیۃ)

## وقت قربانی اہلِ خانہ کا ہونا

خادمِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت انس کہتے ہیں، میں نے خود دیکھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ سے ایک مینڈھے کو ذبح فرما رہے ہیں جبکہ آپ کا پاؤں جانور کے پہلو کے اوپر تھا۔ اور آپ چھری پھیرے جا رہے تھے۔ (بخاری شریف)

## عورت کا بھی اپنے ہاتھ سے قربانی کرنا جائز ہے

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ اپنی بیٹیوں سے کہا کرتے تھے، قربانی اپنے ہاتھ سے ذبح کیا کرو۔ (بخاری کتاب الاضاحی)

Marfat.com

# قربانی کے ایّام میں سب سے افضل عمل

قربانی کے ایّام میں سب سے زیادہ پیارا عمل اللہ پاک کے نزدیک خون بہانا (قربانی کرنا) ہے قربانی کا جانور قیامت کے روز اپنے سینگوں بالوں اور کھروں سمیت آئے گا (یعنی ترازو میں وزن ہوگا) قربانی کا خون گرنے سے پہلے اللہ کے ہاں قبولیت ہو جاتی ہے۔ (بشرطیکہ خلوص پر مبنی ہو) اس لیے چاہیئے کہ قربانی خوشی سے کیجیے۔ (ترغیب) ابن ماجہ

# قربانیوں کو موٹا کرو

صحیح بخاری کتاب الاضاحی میں موجود ہے، صحابہ کرام کہتے ہیں کہ ہم مدینہ طیبہ میں اپنی قربانیوں کو خوب موٹا کرنے کا اہتمام کیا کرتے تھے۔
(قربانی کے جانور کو خوب خوراک کھلانا نہلانا تاکہ خوبصورت اور موٹا ہو جائے)

# پہلے نماز پھر قربانی

حضرت جندب رضؓ بن سفیان کہتے ہیں کہ میں عید کے دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپؐ نے دیکھا کہ کچھ لوگوں نے نماز سے پہلے قربانیاں کر لیں ہیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے نماز سے پہلے قربانی کی ہے وہ اور قربانی کرے اور جس نے ابھی تک نہیں کی۔ وہ اللہ کا نام لے کر قربانی ذبح کرے۔ (صحیح البخاری)

Marfat.com

(جیسا کہ ہم نے ذبح کرنے کے الفاظ بتا دیئے ہیں)

## نماز سے پہلے قربانی قبول نہیں

حضرت براءؓ کہتے ہیں میرے ماموں ابو بردہ نے نماز سے پہلے قربانی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو عام گوشت ہوا، قربانی نہیں ہوئی۔ اس حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے اگر آدمی کسی وجہ سے اجتماعی نماز عید سے رہ جائے تو اس کو نماز پڑھ کر قربانی کرنی چاہیئے۔

## قربانی سنّت ہے

امام بخاریؒ نے کتاب الاضاحی یعنی بخاری میں یہ الفاظ نقل فرمائے ہیں
قَالَ ابْنُ عُمَرَ هِيَ سُنَّةٌ مَعْرُوْفَةٌ۔ ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے قربانی تو مشہور و معروف سنّت ہے۔

## گائے اونٹ میں حصہ داری

ابن عباسؓ کہتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ دوران سفر قربانی کے دن آگئے اور ہم نے قربانیاں کیں۔ تو ہم گائے میں سات حصہ دار بنے اور اونٹ میں دس آدمی۔ (نسائی)

Marfat.com

# تکبیرات

نبی اکرمؐ نے ۹، ذوالحجہ سے تیرھویں تاریخ تک تکبیرات کہنے کا حکم دیا ہے آدمی ہر وقت بھی پڑھ سکتا ہے تاہم ہر نماز کے بعد ضرور پڑھنی چاہئیں۔

اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الاّ اللہ و اللہ اکبر

اللہ اکبر و للہ الحمد ط

ان تکبیرات کو عیدگاہ کی طرف جانے اور آنے کے وقت بھی باآواز بلند پڑھنا چاہیئے۔ (بخاری)

(بحوالہ خطبات اسلامی جلد ۱)

Marfat.com

# حضرت اسحٰق علیہ السّلام

# کی

# ولادت باسعادت

# حضرت اسحٰقؑ کو اللہ نے بڑی برکات

# سے نوازا

# آپؑ کی آخری آرام گاہ

Marfat.com

# حضرت اسحٰقؑ کی ولادت

تمام مورخین نے تحریر فرمایا ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اسحٰقؑ کی خوشخبری دی گئی تو آپؑ کی عمر سو سال اور آپؑ کی زوجہ محترمہ حضرت سارہؑ کی عمر نوّے سال کی تھی۔ قرآن مجید نے ولادتِ اسحٰق کے سلسلہ میں متعدد مقامات پر ذکر فرمایا۔ فرشتے انسانوں کی شکل میں جناب خلیل علیہ السلام کے پاس حاضر ہوئے تو آپ ان کی ضیافت کے طور پر ایک بچھڑا بھون کر لائے لیکن یہ انسانی شکل میں آنے والے ملائکہ کھانے کی طرف متوجہ نہ ہوئے، تب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے آپ میں ایک خوف سا محسوس کیا۔ حضرت ابراہیم کی یہ کیفیت دیکھ کر فرشتوں نے فوراً اصل حقائق سامنے رکھ دیئے اور ساتھ ہی جناب اسحاقؑ کی خوشخبری دی اور اسکے بعد ہی پوتے کی خبر بھی سنادی۔

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ جَآءَتْ | جب ابراہیم علیہ السلام کے پاس |
| رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ | ہمارے فرشتے خوشخبری لے کر پہنچے |
| بِالْبُشْرٰى قَالُوْا | تو فرشتوں نے عرض کیا۔ اے ابراہیمؑ |
| سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ | آپ پر سلام ہو۔ ابراہیمؑ نے جواب |
| فَمَا لَبِثَ اَنْ | میں کہا تم پر بھی سلام ہو۔ پھر کچھ دیر |
| جَآءَ بِعِجْلٍ | نہ لگائی کہ ایک بھنا ہوا بچھڑا ضیافت |
| حَنِيْذٍ | کے لیے لے آئے |

Marfat.com

فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ

مگر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھتے۔ تو وہ ان سے مشتبہ ہو گئے اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا، فرشتوں نے کہا آپ ڈریں نہیں، ہم تو قومِ لوطؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

(ھود ۶۹، ۷۰، پ ۱۲)

## بشارت سن کر حضرت سارہؑ مسکرائیں

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰۤى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ

اور آپ کی بیوی (آپ کے) پاس کھڑی تھی۔ وہ یہ سُن کر ہنس پڑیں، پھر ہم نے اس کو اسحٰقؑ اور اسحٰقؑ کے بعد یعقوبؑ کی خوشخبری سُنائی۔

وہ بولی اُف! کیا اب میرے ہاں بچہ ہوگا۔ جب کہ میں نہایت بوڑھی ہو چکی ہوں۔ اور یہ میرا خاوند بھی بوڑھا ہو چکا ہے۔ یہ

| | |
|---|---|
| عَجِيْبٌ ۝ | تو عجیب بات ہے۔ |
| قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ | فرشتوں نے کہا۔ کیا اللہ تعالیٰ کے حکم پر تعجب کرتی ہو۔ اے ابراہیمؑ کے گھر والو! تم پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہیں۔ یقیناً اللہ نہایت تعریف والا اور بلند شان کا مالک ہے۔ |

(ھود ۷۱، ۷۲، ۷۳، پ۱۲)

## ابراہیم علیہ السلام کے معزز مہمانانِ گرامی

| | |
|---|---|
| وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۝ | اے نبیؐ! آپ ان کو ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کا واقعہ سنائیں۔ |
| اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ | جب وہ آئے ابراہیمؑ کے پاس اور کہا، سلام ہو تم پر! |
| قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ۝ | تو ابراہیمؑ نے کہا، ہمیں تو آپ سے ڈر لگتا ہے۔ |
| قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ | فرشتے کہنے لگے، آپ ڈریں نہیں! ہم آپ کو ذی علم لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں۔ |

Marfat.com

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ عَلٰۤی اَنْ مَّسَّنِیَ الْکِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ہ

ابراہیم فرمانے لگے۔ کیا آپ اس بڑھاپے میں مجھے اولاد کی بشارت دے رہے ہیں۔ یہ کیسی بشارت دے رہے ہو۔

(الحجر ۵۱ تا ۵۴، پ ۱۴)

# اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیئے

قَالُوْا بَشَّرْنٰکَ بِالْحَقِّ فَلَا تَکُنْ مِّنَ الْقٰنِطِیْنَ ہ

فرشتے کہنے لگے، ہم آپ کو برحق خوشخبری دے رہے ہیں۔ آپ کو مایوس نہیں ہونا چاہیئے

قَالَ وَمَنْ یَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖۤ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ہ

ابراہیم نے کہا۔ اپنے رب کی رحمت سے تو گمراہ لوگ ہی مایوس ہوا کرتے ہیں۔

(الحجر ۵۵، ۵۶، پ ۱۴)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو اظہارِ تفصیل کے لیے سوال کیا تھا۔ ورنہ وہ تو اپنے ربّ کی رحمت سے مایوس نہیں تھے۔ بلکہ ربّ کی رحمت سے مایوس تو صرف گمراہ لوگ ہی ہوا کرتے ہیں۔ نبی تو اسباب کی ناپیدگی کے باوجود اپنے رب کی رحمت پر بھرپور بھروسہ کرنے والا ہوتا ہے۔

دوسرا اس واقعہ میں یہ بتانا مقصود ہے۔ اے اہلِ مکّہ یہ حقیقت

Marfat.com

جان لو تم فرشتوں کے نزول کا مطالبہ کرتے ہو، کہ فرشتے آ کر اس بی کی تائید کریں، تب ہم غور کرنے کے لیے تیار ہیں۔ یاد رکھو فرشتے یا تو کسی کے لیے رحمت سے کر آتے ہیں، یا زحمت! تم سوچ لو تم کس چیز کے مستحق ہو؟ دوسری بات یہ ہے کہ اللہ بغیر اسباب کے سب کچھ کر سکتا ہے جس طرح ابراہیم علیہ السلام کے ہاں اولاد کے بظاہر اسباب نہیں تھے لیکن اللہ تعالےٰ نے ان کو بچے عنایت فرمائے۔ اسی طرح حالات نامساعد ہی کیوں نہ ہوں۔ اللہ پاک اپنے دین کو ضرور بضرور سرفراز فرمائے گا۔ اللہ اسباب کا پابند نہیں۔ اسباب اللہ کے حکم کے پابند ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ | (فرشتوں) نے اسے (ابراہیمؑ کو) ایک |
| عَلِيْمٍ ○ | علم والے بچے کی بشارت دی۔ |
| فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ | یہ سن کر اس کی بیوی چلاتی ہوئی |
| فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ | آگے بڑھی اور اس نے اپنا |
| وَجْهَهَا وَقَالَتْ | منہ ڈھانپ لیا۔ اور کہنے لگی بوڑھی |
| عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ○ | بانجھ کو (اولاد ہوگی) |
| قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ | فرشتوں نے کہا، یہی کچھ تمہارے |
| رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ | رب نے فرمایا ہے۔ یقیناً وہ |
| الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ○ | حکیم اور سب کچھ جانتا ہے۔ |

(الذاریات ۲۸، ۲۹، ۳۰۔ پ ۲۷)

Marfat.com

# حضرت اسحٰق علیہ السلام کا قیام

جس طرح ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں کہ جناب ابراہیم علیہ السلام نے تبلیغ دین کے لیے مراکز قائم فرمائے، حضرت لوط علیہ السلام کو شرق اردن اور حضرت ذبیح علیہ السلام کو حجاز مقدس اور جناب اسحٰق علیہ السلام جب بڑے ہوئے تو ان کو شام و فلسطین میں تعینات فرمایا۔

# حضرت اسحٰق علیہ السلام کی وفات پُر ملال

تاریخ کی ورق گردانی سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ شام میں پیدا ہوئے اور ایک سو اسی سال کی عمر میں وصال فرمایا مقام حبرون (شام) میں آپؑ کی آخری آرام گاہ ہے [1]

حضرت اسحٰق علیہ السلام کی سیرت طیبہ کے چند پہلو قرآن حکیم نے ذکر فرمائے، سورۂ انبیا میں ارشاد فرمایا، ہم نے ان کو پیشوا بنایا تھا۔ اور وہ ہمارے حکم سے لوگوں کی راہنمائی فرمایا کرتے تھے۔ مزید ارشاد ہوا۔ کہ ہم نے ان کی طرف وحی کی جس میں ہدایت کی گئی کہ نیکی کے کام کریں، نماز اور زکوٰۃ ادا کیا کریں۔ آخر میں ارشاد فرمایا۔ وہ ہمارے عبادت گذار بندے تھے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ — اور ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاق

---

[1] بحوالہ انبیائے قرآن)

وَ يَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ۝ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝

عطا کیا۔ اور یعقوب اس پر مزید اور ہر ایک کو ہم نے صالح بنایا۔ اور ہم نے ان کو امام بنایا۔ جو ہمارے حکم سے رہنمائی کیا کرتے تھے اور ہم نے انہیں وحی کے ذریعے نیک کاموں کی اور نماز زکوٰۃ ادا کرنے کی ہدایت کی اور وہ ہمارے عبادت گذار بندے تھے۔

(الانبیآء، ۷۲-۷۳، پ ۱۷)

## حضرت اسحٰقؑ کو اللہ نے بڑی برکت دی

اللہ تعالٰی خود ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم نے اسحٰقؑ کو بہت زیادہ برکت عنایت فرمائی۔ حضرت اسماعیل کو چھوڑ کر، حضرت داؤدؑ، حضرت سلیمانؑ، حضرت موسیٰؑ حضرت عیسیٰ تک جتنے انبیاء تشریف لائے وہ سب کے سب اسرائیل انبیاء تھے، اسرائیل حضرت یعقوبؑ کا لقب تھا اور جناب یعقوبؑ حضرت اسحٰقؑ کے صاحبزادے اور نبی تھے۔

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

اور ہم نے اُسے (ابراہیمؑ کو) اور

| | |
|---|---|
| اِسۡحٰقَ ؕ وَمِنۡ | اسحٰقؑ کو برکت دی دونوں کی |
| ذُرِّیَّتِہِمَا مُحۡسِنٌ | اولاد میں کوئی نیک ہوگا۔ |
| وَّظَالِمٌ لِّنَفۡسِہٖ | اور کوئی اپنی جان پر صاف صاف |
| مُبِیۡنٌ | ظلم کرنے والا ہوگا۔ (بد) |

(الصّٰفّٰت ۱۱۳، پ ۲۳)

## حضرت اسحاقؑ کو اللہ نے عزت و عظمت سے نوازا

| | |
|---|---|
| وَاذۡکُرۡ عِبٰدَنَاۤ | ہمارے بندوں ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ |
| اِبۡرٰہِیۡمَ وَاِسۡحٰقَ وَ | اور یعقوبؑ کو یاد کرو۔ جو ہاتھوں |
| یَعۡقُوۡبَ اُولِی | والے اور آنکھوں والے (عمل اور |
| الۡاَیۡدِیۡ وَالۡاَبۡصَارِ | صاحب معرفت) تھے۔ |
| اِنَّاۤ اَخۡلَصۡنٰہُمۡ بِخَالِصَۃٍ | ہم نے ان کو ایک خاص گھر |
| ذِکۡرَی الدَّارِ | (آخرت) سے ممتاز فرمایا تھا۔ |
| وَاِنَّہُمۡ عِنۡدَنَا لَمِنَ | وہ ہمارے نزدیک منتخب اور |
| الۡمُصۡطَفَیۡنَ الۡاَخۡیَارِ | نیک لوگوں میں سے تھے۔ |

(صٓ ۴۵ تا ۴۷، پ ۲۳)

Marfat.com

# ابراہیم علیہ السلام کا فرشتوں سے استفسار کرنا

قرآن مجید میں دوسرے مقام پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی فرشتوں سے گفتگو کا اس طرح ذکر کیا گیا۔

| | |
|---|---|
| قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ | ابراہیم نے فرشتوں سے پوچھا |
| اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ | آپ کس مہم پر ہیں۔ |
| قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ | انہوں نے کہا، ایک مجرم قوم |
| اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝ | کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ |
| لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً | اس لیے کہ ہم ان پر پکّی ہوئی |
| مِّنْ طِيْنٍ ۝ | مٹی کے پتھر برسائیں۔ |
| مُّسَوَّمَةً عِنْدَ | جو آپ کے رب کے نزدیک |
| رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ | نشان زدہ ہیں، ایسی قوم کے |
| ...... | لیے جو حد سے گزر جانے والی ہے۔ |

(الذّاریٰت، ۳۱تا۳۴، پ۲۷)

یعنی اس قوم پر اللہ کو اتنی سخت ناراضی ہوئی، عذاب ایسا کہ ہر پتھر کے اوپر مجرم کا نام لکھا ہوا تھا۔ کہ تو نے فلاں مجرم کی سرکوبی کرنا ہے۔

Marfat.com

# حضرت ابراہیمؑ نے کہا وہاں تو لوطؑ ہیں

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ | اور جب ہمارے ملائکہ ابراہیمؑ |
| اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی | کے پاس آئے، بشارت لے |
| قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا | کر، تو انہوں نے اس سے کہا |
| اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ | کہ ہم اس بستی کو تباہ و برباد |
| اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا | کرنے کے لیے آئے ہیں کیونکہ |
| ظٰلِمِیْنَ ۝ | اس میں بہت ظالم لوگ رہتے ہیں |
| قَالَ اِنَّ فِیْهَا | ابراہیمؑ کہنے لگے اس بستی میں |
| لُوْطًا ؕ قَالُوْا | تو لوطؑ بھی ہیں، فرشتوں نے |
| نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ | ہمیں خوب معلوم ہے کہ وہاں کون |
| فِیْهَا لَنُنَجِّیَنَّهٗ وَ | رہتا ہے۔ ہم لوطؑ کو اور اس کے گھر |
| اَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ | والوں کو سوائے اس کی بیوی کے بچا |
| كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ۝ | لیں گے۔ |

(العنکبوت ۳۱، ۳۲۔ پ۲۰)

# فرشتوں نے عرض کیا اب جانے بھی دیجیے

حبب ابراہیمؑ کا ڈر دور ہوا، تو انہوں نے فرشتوں سے قومِ لوطؑ کے بارے میں تکرار شروع کیا۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ | (اولاد کی) خوشخبری سے جب |
| إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَ | ابراہیمؑ کی گھبراہٹ دور ہوگئی۔ |
| جَاءَتْهُ الْبُشْرَىٰ | تو وہ قومِ لوطؑ کے معاملہ میں |
| يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ | ہمارے ساتھ جھگڑنے لگا۔ |
| إِنَّ إِبْرَاهِيمَ | کیونکہ ابراہیمؑ حلیم نہایت |
| لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ | رقیق القلب اور ہر حال میں |
| مُّنِيبٌ ۝ | وہ ہماری طرف رجوع کرنے والا تھا۔ |
| يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ | فرشتوں نے کہا "اے ابراہیمؑ! اس |
| عَنْ هَٰذَا ۖ | بات کو جانے دیجئے۔ بس اب |
| إِنَّهُ قَدْ جَاءَ | تمہارے رب کا حکم آچکا ہے۔ |
| أَمْرُ رَبِّكَ وَإِنَّهُمْ | اب ان پر عذاب آکر رہے گا۔ |
| آتِيهِمْ عَذَابٌ | جو کسی کے ٹالنے سے ٹل نہیں سکتا |
| غَيْرُ مَرْدُودٍ ۝ | (یعنی دنیا کی کوئی طاقت اس کو روک نہیں سکتی) |

(ہود ۷۴ تا ۷۶، پ۱۲)

Marfat.com

# حضرت لوطؑ کے حالات و واقعات

## ڈاکو، اور بے حیا قوم

## خدا کا عذاب شمشیرِ عدل کی طرح
## تمام رِشتے کاٹ دیتا ہے

Marfat.com

# حضرت لوطؑ کے حالات اور واقعات

حضرت لوط علیہ السلام جناب ابراہیم کے بھتیجے تھے آپ نے اس وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تائید فرمائی۔ جب کہ عوام اور حکومت نے متفقہ فیصلہ کر کے آپ کو آگ میں جھونک دیا تھا اللہ پاک نے آپ کو صحیح و سالم آگ سے نکالا تو کوئی بھی ایمان نہ لایا، سوائے لوط علیہ السلام کے۔

| | |
|---|---|
| فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ | لوط علیہ السلام کے سوا ابراہیمؑ پر کوئی ایمان نہ لایا۔ اور کہا ابراہیمؑ نے میں اللہ کی طرف ہجرت کر رہا ہوں، یقیناً وہ عزیز حکیم ہے۔ |

(العنکبوت ۲۶ پ ۲۰)

# مقامِ پیدائش

حضرت لوط علیہ السلام عراق کے قدیم ترین شہر اُر میں پیدا ہوئے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے یہی شہر جناب خلیل علیہ السلام کا مولد ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کرنے والے حضرت لوطؑ تھے۔ آپ پہلے حاران پھر مختلف مقامات میں ٹھہرے بالآخر جناب ابراہیمؑ نے جب مختلف ممالک میں تبلیغی مرکز قائم کیے تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو اندرون حجاز حضرت اسحاق کو فلسطین و شام میں اور جناب لوط علیہ السلام کو شرق اُردن

Marfat.com

میں تعینات فرمایا۔ اس وقت حضرت لوط علیہ السلام منصب نبوت سے سرفراز ہو چکے تھے۔

| | |
|---|---|
| وَلُوطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا۔ | اور لوط علیہ السلام کو ہم نے علم و حکم عطا کیا۔ |
| وَاَدْخَلْنٰهُ فِىْ رَحْمَتِنَا اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ | اور ہم نے لوط علیہ السلام کو اپنی رحمت کی آغوش میں لیا۔ یقیناً وہ صالحین میں سے ہے۔ |

(الانبیآء ۷۴،۷۵، پ۱۷)

## حضرت لوطؑ کا قوم سے پہلا خطاب

| | |
|---|---|
| كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطِ نِالْمُرْسَلِيْنَ ہ | قوم لوطؑ نے پیغمبروں کی تکذیب کی۔ |
| اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ہ | جب ان سے ان کے بھائی لوط نے کہا، تم کیوں نہیں ڈرتے۔ |
| اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ہ | میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں۔ |
| فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ہ | تم خدا سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ |

(الشعرآء ۱۶۰ تا ۱۶۳ پ۱۹)

(امانت دار) یعنی میں تم کو ٹھیک ٹھیک اپنے رب کے پیغامات پہنچا رہا ہوں۔

Marfat.com

حضرت لوط علیہ السلام نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ میں اس کام کے بدلے تم سے کوئی لالچ نہیں رکھتا، یعنی میں تو صرف تمہاری اصلاح چاہتا ہوں۔ تاکہ تم پر اللہ راضی ہو جائے۔

ہر نبی بلامعاوضہ ہی کام کیا کرتا تھا۔ جیسا کہ ہم نے کتاب کی ابتدار میں ذکر کر دیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ | میں تم سے اس کام کا کوئی معاوضہ |
| اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى | نہیں مانگتا، بلکہ میرا معاوضہ تو اللہ |
| رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | کے ہاں ہے۔ |

## قومِ لوطؑ کے جرائم

## بدفعل قوم

| | |
|---|---|
| اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ | تم ہی پوری دنیا میں لڑکوں کی طرف |
| مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ | مائل ہونے والے ہو۔ |
| وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ | اور تمہارے پروردگار نے تمہارے |
| لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ | لیے عورتیں (بیویاں) پیدا کی ہیں۔ تم |
| اَزْوَاجِكُمْ ۭ بَلْ | ان کو چھوڑ دیتے ہو (لڑکوں سے حاجت |
| اَنْتُمْ قَوْمٌ | پوری کرتے ہو۔) حقیقت تو یہ ہے کہ تم |
| عٰدُوْنَ ۝ | حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔ |

(الشعراء ۱۶۵، ۱۶۶ پ۱۹)

Marfat.com

## انبیاء کی تکذیب

اس کے ساتھ ہی انبیاء اور ان کے مشن کی تکذیب بھی کرنے والے تھے۔ جیسا کہ قرآن مجید نے ان کے جرم کا یوں ذکر کیا۔

| | |
|---|---|
| كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ه | قوم لوط علیہ السلام نے نبیوں کو جھٹلا دیا۔ |

## بدکردار قوم

| | |
|---|---|
| اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ه | تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو، حقیقت ہے کہ تم بالکل حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔ |

(الاعراف ۸۱ پ)

## گندے لوگ

| | |
|---|---|
| وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ | اور ہم نے لوط علیہ السلام کو اس بستی سے نجات دی، جس بستی کے لوگ گندے کام کرتے تھے۔ درحقیقت وہ بڑی ہی بُری اور |

Marfat.com

فٰسِقِیْنَ ۝ فاسق قوم تھی۔

(الانبیاء ۷۴، پ۱۷)

## ڈاکو قوم

| | |
|---|---|
| اَئِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ | تم مردوں کے پاس جاتے ہو |
| وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ وَتَاْتُوْنَ | اور ڈاکہ زن ہو اور اپنی مجالس |
| فِیْ نَادِیْکُمُ الْمُنْکَرَ فَمَا کَانَ جَوَابَ | میں بُرے کام کرتے ہو۔ اس قوم |
| قَوْمِہٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا | کے پاس صرف یہ جواب تھا کہ |
| بِعَذَابِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتَ مِنَ | لے آ اللہ کا عذاب اگر تو سچا |
| الصّٰدِقِیْنَ۔ | ہے۔ |

(العنکبوت ۲۹، پ۲۰)

## دنیا میں پہلی بے حیائی

قرآن حکیم سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ کہ اس فعل قبیح کا آغاز ہی اس قوم نے کیا۔ اس سے پہلے نہ کسی کو یہ فعلِ بد معلوم تھا اور نہ ہی کوئی قوم اس جرم کی مرتکب ہوئی۔ چنانچہ لوط علیہ السلام نے سمجھایا۔

| | |
|---|---|
| اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَۃَ مَا | تم ایسی بے حیائی کرتے ہو جو تم |
| سَبَقَکُمْ بِھَا مِنْ اَحَدٍ | سے پہلے پوری دنیا میں کسی نے |
| مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ۝ | نہیں کی۔ |

Marfat.com

# حضرت لوطؑ کی بیزاری

| | |
|---|---|
| قَالَ اِنِّیۡ لِعَمَلِکُمۡ مِّنَ الۡقَالِیۡنَ ؕ | جناب لوط علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تمہارے کام سے دشمنی رکھنے والا ہوں۔ |

(الشعرآء ۱۶۸ پ۱۹)

یعنی تمہاری دھمکیوں سے میں نہیں ڈرتا۔ میں تمہارے سامنے تمہاری حرکات کی پرزور مذمت کرتا ہوں۔

# قوم کا ردِّ عمل

| | |
|---|---|
| اَخۡرِجُوۡهُمۡ مِّنۡ قَرۡیَتِکُمۡ ۚ اِنَّهُمۡ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوۡنَ ؕ | کہنے لگے ان لوگوں کو اپنی بستی سے نکال دو، یہ بڑے پاک باز بنتے ہیں۔ |

(الاعراف ۸۲، پ۸)

# قوم کا ظالمانہ مذاق

| | |
|---|---|
| قَالُوا ائۡتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ؕ | کہنے لگے اے لوط اگر تم سچے ہو تو اللہ کا عذاب ہم پر لے آؤ۔ |

عنکبوت ۲۹، پ۲۰

Marfat.com

# لوطؑ کی اپنے ربّ سے آرزو

| | |
|---|---|
| قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ | لوطؑ نے عرض کیا اے میرے |
| عَلَی الْقَوْمِ | رب قوم مفسد کے مقابلے میں |
| الْمُفْسِدِیْنَ ۝ | میری مدد فرما۔ |

(العنکبوت ۳۰، پ۲۱)

| | |
|---|---|
| رَبِّ نَجِّنِیْ | اے میرے پروردگار مجھے اور میرے |
| وَاَھْلِیْ مِمَّا | اہل کو ان کے کاموں کے وبال |
| یَعْمَلُوْنَ ۝ | سے نجات دے۔ |

(الشعرآء ۱۶۹، پ۱۹)

# عذاب کے لیے فرشتوں کا آنا

حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کے برخلاف بد دعا قبول ہوئی آپ کی بد دعا کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے فرشتوں کو اس بستی کے تباہ کرنے کا حکم دیا، مفسرین نے تحریر فرمایا، فرشتے نہایت خوبصورت اور حسین و جمیل شکلوں میں نمودار ہوئے۔

# فرشتوں کی لوطؑ کے پاس آمد

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ | پھر جب فرشتے لوط علیہ السلام |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لُوطِ نِ الْمُرْسَلُوْنَ ہ | کے پاس آئے۔ |
| قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ | تو اس نے کہا آپ لوگ تو اجنبی |
| مُّنْكَرُوْنَ ہ | معلوم ہوتے ہیں۔ |
| قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ | انہوں نے کہا نہیں ہم وہ چیز |
| بِمَا كَانُوْا فِيْهِ | لے کر آئے ہیں، جس میں یہ لوگ |
| يَمْتَرُوْنَ ہ | شک کرتے تھے۔ |
| وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَ | ہم تجھ سے سچ کہتے ہیں اور |
| اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ہ | ہم حق کے ساتھ تمہارے پاس آئے ہیں |
| فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ | لہذا اب تم کچھ رات رہتے ہوئے |
| مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ | اپنے گھر والوں کو لے کر نکل جاؤ |
| اَدْبَارَهُمْ | اور خود ان کے پیچھے چلو۔ تم میں |
| وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ | سے کوئی پلٹ کر نہ دیکھے۔ پس |
| اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ | سیدھے چلتے جاؤ جدھر کا تم کو |
| تُؤْمَرُوْنَ ہ | حکم دیا گیا ہے۔ |
| وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ | اور ہم نے اس کو اپنا فیصلہ |
| ذٰلِكَ الْاَمْرَ | سنا دیا۔ کہ صبح ہوتے ہی ان |
| اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ | لوگوں کی جڑ کاٹ دی |
| مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ہ | جائے گی۔ |

الحجر ۶۱ تا ۶۶، پ ۱۴

## قومِ لوطؑ دوڑتی ہوئی آئی

وَجَآءَ اَھْلُ الْمَدِیْنَۃِ یَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ ضَیْفِیْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَلَا تُخْزُوْنِ ۝

اور شہر کے لوگ خوشی کے مارے دوڑتے ہوئے، لوطؑ کے گھر چڑھ آئے۔ لوطؑ نے کہا، یہ تو میرے مہمان ہیں، میری بے عزّتی نہ کرو۔ اللہ سے ڈرو اور مجھے ذلیل نہ کرو۔

## قوم کا جواب

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْھَکَ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ۝ قَالَ ھٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِیْٓ اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ۝ لَعَمْرُکَ اِنَّھُمْ لَفِیْ سَکْرَتِھِمْ یَعْمَھُوْنَ ۝

وہ بولے کیا ہم نے بار بار تم کو منع نہیں کیا کہ دنیا کے ٹھیکے دار نہ بنو۔ فرمایا اگر تم باز نہیں آتے تو میری بیٹیاں موجود ہیں۔ تیری جان کی قسم اے نبیؐ! اس وقت ان پر نشہ چڑھا ہوا تھا۔ جس میں وہ اندھے ہو چکے تھے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ | اور آپ کی قوم کے لوگ |
| يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ط وَ | بے ساختگی کے عالم میں دوڑتے |
| مِنْ قَبْلُ كَانُوْا | ہوئے آپ کے گھر کی طرف |
| يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ط | آئے۔ اور وہ پہلے ہی بدکاریوں |
| قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ | کے عادی تھے۔ لوطؑ نے فرمایا |
| بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ | اے میری قوم یہ میری بیٹیاں |
| لَكُمْ فَاتَّقُوا | موجود ہیں۔ یہ تمہارے لیے |
| اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ | پاکیزہ ہیں۔ اللہ سے ڈرو اور میرے |
| فِيْ ضَيْفِيْ ط اَلَيْسَ | مہمانوں میں مجھے ذلیل نہ کرو۔ |
| مِنْكُمْ رَجُلٌ | کیا تم میں کوئی بھی شریف آدمی |
| رَّشِيْدٌ | نہیں۔ |
| قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ | انہوں نے جواب دیا۔ تو |
| مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ | جانتا ہے، تیری بیٹیوں میں |
| مِنْ حَقٍّ ج وَ | ہماری کوئی دلچسپی نہیں۔ اور |
| اِنَّكَ لَتَعْلَمُ | تو یہ بھی جانتا ہے کہ ہم کیا |
| مَا نُرِيْدُ | چاہتے ہیں۔ |

Marfat.com

# حضرت لوطؑ مہمانوں کی آمد پر پریشان ہو گئے

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا جَآءَتْ | جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے |
| رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ | پاس پہنچے، فرشتوں کی آمد سے |
| بِهِمْ وَضَاقَ | بہت گھبرا گئے۔ اور دل میں |
| بِهِمْ ذَرْعًا وَّ | تنگی محسوس کی۔ پھر کہنے لگے کہ |
| قَالَ هٰذَا يَوْمٌ | لوطؑ کہ آج کے دن بڑی مصیبت |
| عَصِيْبٌ ٥ | ہے۔ |
| قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ | لوطؑ نے کہا کاش میرے پاس |
| بِكُمْ قُوَّةً اَوْ | اتنی طاقت ہوتی۔ کہ تمہیں سیدھا |
| اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ | کر دیتا۔ یا کوئی مضبوط سہارا ہوتا۔ |
| شَدِيْدٍ ٥ | جس کی پناہ میں چلا جاتا۔ |

ھود، ۷۷ تا ۸۰، پ ۱۲

حافظ ابن کثیرؒ نے پ ۱۲ آیت (۸۱) کے حوالے سے تحریر فرمایا، کہ جب فرشتے حضرت لوطؑ کے پاس آئے تو آپ اپنے کھیتوں میں کام کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا آج رات ہم آپ کے پاس مہمان ہیں حضرت لوطؑ بوجہ وضع داری اور شرم و حیا کے انکار نہ کر سکے تاہم گھر جاتے ہوئے انہوں نے رستہ میں اپنی مجبوری اور قوم کی بدکرداری کا اس انداز سے ذکر کیا کہ آپ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ فرمانے لگے۔ ہائے افسوس میری قوم تمام مخلوق سے بدتر ہو چکی ہے۔ گھر پہنچے تو آپ کی

Marfat.com

بڑھیا بیوی نے آنکھیں بچا کر چھت پر کھڑے ہو کر کپڑا ہلایا تو قوم دوڑتی ہوئی آ
اور جناب لوط علیہ السلام کے گھر کا گھراؤ کر لیا اور مہمانوں کی برآمدگی کا مطالبہ
کرنے لگے بعض مؤرخین نے لکھا ہے دروازہ توڑنے لگے۔ تب پیغمبر خدا حضرت
لوط علیہ السلام بے حد و حساب پریشان ہو کر کہنے لگے۔ کاش آج میرے پاس
قوت ہوتی یا کوئی سہارا ہوتا۔

## فرشتے اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں

قرآن مجید کے سیاق و سباق سے یہ بات بالکل واضح ہوتی ہے
کہ جب فرشتے جناب لوط علیہ السلام کے پاس آئے تو اللہ کے نبی
لوطؑ کو کچھ خبر نہ تھی، کہ فرشتے ہیں یا کہ عام مہمان ہیں جو لڑکوں کی شکل
صورت میں آئے! ورنہ وہ کسی صورت میں یہ نہ کہتے کہ مجھے مہمانوں
میں ذلیل نہ کرو۔ میری بیٹیاں حاضر ہیں، گو اس جملے کے دو مفہوم
بیان کیے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ نبی بحیثیت باپ کے ہوتا ہے۔ اس
منصب کی بنا پر جناب لوط علیہ السلام۔ نے قوم کی بیٹیوں کو پیش کیا۔ کہ
جو تمہارے گھر میں پہلے موجود ہیں۔ وہ بھی تو میری ہی بیٹیاں ہیں آخر
تم جائز طریق پر اپنے جذبات کی تسکین کیوں نہیں کرتے؟ اگر یہ مطلب
لیا جائے کہ انہوں نے اپنی حقیقی بچیوں کے بارے میں یہ الفاظ کہے
تھے۔ تو اس کا معنی صرف اتنا ہی لینا چاہیے۔ کہ انہوں انتہائی شرم دلانے
کے لیے ایسے الفاظ استعمال فرمائے۔ جیسا کہ آج بھی شریف معزز

Marfat.com

آدمی دو فریقوں میں صلح کرواتے وقت کہہ دیتا ہے کہ چھوڑو یار اگر اس نے تجھے مارا یا گالی دی۔ تو تو مجھے مارلے یا گالی دے لے لیکن معاملہ رفع دفع ہونا چاہیئے۔ بہر حال یہ محاورۃً بات کہی گئی تھی۔ شاید ان کو شرم و حیا آ جائے، لیکن جیسا کہ قرآن مجید نے ان کا جواب ذکر کیا۔ کہ وہ کہنے لگے، ہمیں عورتوں کے ساتھ کوئی دلچسپی نہیں۔ ہم جو کرنا چاہتے ہیں۔ اے لوطؑ تجھے بخوبی معلوم ہے۔ اندازہ لگائیے، جناب لوط علیہ السلام کو کتنی بے شرم بے حیا قوم کے ساتھ واسطہ پڑا تھا۔

پھر دوسرا جملہ تو جناب لوط علیہ السلام کی بے کسی اور بے بسی کا مظہر ہے۔ اسی موقعہ کا ذکر کرتے ہوئے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ اللہ جناب لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے۔ انہوں نے بے سہارا ہونے کی بات کہی۔ حالانکہ ان کے پاس ربّ ذوالجلال کا زبردست سہارا تھا۔

| | |
|---|---|
| یغفر اللہ للوط | اللہ پاک لوطؑ کو معاف فرمائے |
| ان کان لیاوی | (کہ وہ اس طرح پریشان ہو گئے) کہ |
| الی رکن شدید | رکن شدید کی پناہ کے طالب ہوئے |
| وھو ربّہ و | اور ان کے لیے تو زبردست محافظ |
| خالقہ۔ | خود اللہ تعالےٰ تھا۔ جو خالق و مالک |
| | ہے۔ |

Marfat.com

# فرشتوں نے لوط کو تسلی دی

قَالُوْا يٰلُوْطُ
اِنَّا رُسُلُ
رَبِّكَ لَنْ
يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ
فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ
بِقِطْعٍ مِّنَ
الَّيْلِ وَ لَا
يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ
اَحَدٌ اِلَّا
امْرَاَتَكَ ۭ اِنَّهٗ
مُصِيْبُهَا مَآ
اَصَابَهُمْ ۭ اِنَّ
مَوْعِدَهُمُ
الصُّبْحُ ۭ

تب فرشتوں نے جناب لوط
کو کہا، جناب آپ نہ گھبرا
ہم تو آپ کے ربّ کے بھیجے
ہوئے فرشتے ہیں۔ یہ لوگ اب
آپ کی طرف نہیں بڑھ سکتے۔ لہ
آپ رات کے آخری حصّے میں
بمع اہل و عیال یہاں سے نکل
اور آپ میں سے کوئی فرد پیچھے
پلٹ کر نہ دیکھے۔ ہاں اپنی
کو ساتھ نہ لے جائیں۔ کیونکہ
آپ کی بیوی کے ساتھ وہی ک
ہونے والا ہے، جو آپ کی ق
کے ساتھ بس ان کی تباہی کے
لیے صبح کا وقت مقرر ہو چکا ہے۔

(ھود ۸۱، پ۱۲)

# اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ ؟

صبح ہونے میں اب کتنی دیر ہے۔

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا | پھر جب ہم نے حکم نافذ کیا |
| جَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا | تو کر دیا ہم نے اس بستی کو |
| وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً | اوپر نیچے (تہس نہس) اور |
| مِّنْ سِجِّیْلٍ | تابڑ توڑ پکی مٹی کے پتھر |
| مَّنْضُوْدٍ | برسائے۔ |
| مُّسَوَّمَةً عِنْدَ | تیرے رب کی طرف سے |
| رَبِّكَ وَمَا | ہر پتھر پر نشان (نام) لکھا ہوا |
| هِیَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | تھا۔ اور ظالموں سے یہ سزا |
| بِبَعِیْدٍ ۔ | دور نہیں ہے۔ |

# قومِ لوط علیہ السلام کو تہس نہس کر دیا گیا

| | |
|---|---|
| فَجَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا | اور ہم نے اس بستی کو زیر وزبر |
| وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ حِجَارَةً | کر دیا اور ان پر پکی مٹی کے پتھروں |
| مِّنْ سِجِّیْلٍ ۔ | کی بارش برسائی۔ |
| اِنَّ فِیْ | اس واقعے میں بڑے نشانات |
| ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ | ہیں۔ ان لوگوں کے لیے جو بصیرت |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ ۝ | سے کام لیتے ہیں۔ |
| وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ۝ | اور وہ علاقہ عام گزرگاہ پر ہے۔ |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | اس میں عبرت کا سامان ہے ان کے لیے جو ایمان دار ہیں۔ |

(الحجر ۱ تا ۷۷، پ ۱۴)

Marfat.com

# جناب لوطؑ کی بیوی عذاب میں گرفتار ہو گئی

| | |
|---|---|
| ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً | اللہ کفار کے لیے بیگم نوح اور |
| لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا | زوجہ لوطؑ کو بطور مثال پیش |
| امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ | فرماتے ہیں۔ وہ دونوں ہمارے |
| امْرَاَتَ لُوْطٍ ط كَانَتَا | صالح بندوں کی زوجیت میں |
| تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ | تھیں۔ مگر انہوں نے اپنے |
| عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ | خاوندوں سے خیانت کی۔ وہ |
| فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ | (نوحؑ، لوطؑ) دونوں اللہ کے مقابلے |
| يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ | میں ان کے کچھ بھی کام نہ آسکے۔ |
| اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ | دونوں کی (بیویوں) سے کہہ دیا |
| ادْخُلَا النَّارَ مَعَ | گیا۔ تم بھی آگ میں داخل ہونے |
| الدّٰخِلِيْنَ ۝ | والوں کے ساتھ چلی جاؤ۔ |

(التحریم، ۱۱، پ۲۸)

# نیک عورتوں کی مثال

| | |
|---|---|
| وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً | اہلِ ایمان کے لیے اللہ فرعون |
| لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا | کی بیوی (آسیہؓ) کی مثال بیان |
| امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ | کرتا ہے۔ جب کہ اس نے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِذْ قَالَتْ رَبِّ | دعا کی ۔ اے میرے رب میرے |
| ابْنِ لِیْ عِنْدَكَ | لیے ، اپنے ہاں جنّت میں ایک |
| بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ | گھر بنا دے ۔ اور مجھے فرعون |
| وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ | اور اس کے عمل سے بچا |
| وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ | اور ظالم قوم سے مجھے نجات |
| مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ه | عطا فرما۔ |

(التحریم ۱۱، پ ۲۸)

## ایمان کے بغیر نبی کا رشتہ بھی فائدہ مند نہیں ہوتا

مندرجہ بالا آیات سے یہ بات بالکل واضح ہوتی ہے ۔ کہ ایمان کے بغیر کوئی رشتہ فائدہ مند نہیں ہوتا چاہے وہ نبی کی زوجیّت کا رشتہ کیوں نہ ہو۔ رشتہ زوجیّت بھی کوئی نفع نہیں پہنچا سکتا۔

اسی طرح واقعہ نوحؑ میں پدری رشتہ کی مثال سامنے رکھنی چاہیے وہاں بھی حضرت نوحؑ کی خواہش کے باوجود آپ کا بچہ طوفان سے نہ بچ سکا اور نہ نوحؑ بچا سکے۔

## قرآن حکیم کا اعلان

| | |
|---|---|
| وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا | اس دن سے ڈرو۔ جب کوئی کسی |
| تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ | کے کام نہیں آئے گا۔ اور نہ کسی |

| | |
|---|---|
| نَفْسٍ شَيْئًا وَّ لَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ہ | کی سفارش قبول ہو گی۔ اور نہ ہی کسی سے فدیہ لے کر چھوڑا جائے گا۔ اور نہ ہی مجرموں کو کہیں سے مدد مل سکے گی۔ |

(البقرۃ ۴۸، پ ۱)

دوسری طرف عمل صالح ہوں، تو چاہے فرعون ہی کے ساتھ تعلق زوجیت کیوں نہ ہو۔ وہ بھی ایمان دار کے لیے نقصان کا باعث نہیں ہو گا۔! بشرطیکہ فریضہ تبلیغ ادا کیا ہو۔ اسی لیے قرآن مجید نے اس بات کو نمایاں طور پر بیان کیا۔

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ہ | اے ایمان والو! اپنا خیال کرو کہ کسی دوسرے کی گمراہی تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اگر تم خود راہِ ہدایت پر ہو! اللہ کی طرف پلٹ کر تم سب نے جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتائے گا۔ تم کیا اعمال کیا کرتے تھے۔ |

(المائدہ ۱۰۵، پ ۷)

Marfat.com

# حضرت لوطؑ اور اہلِ ایمان بچ گئے

جیسا کہ فرشتوں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا اے جناب لوطؑ آپ کو حکم خداوندی ہے کہ آپ قوم کے عذاب سے پہلے ہی یہاں سے نکل جائیں سوائے آپ کی زوجہ کے۔ باقی تمام مومنوں کو آگے رکھیں اور جنابؑ ان کے پیچھے چلیں اور یہ بھی ذہن میں رکھنا کہ کوئی فرد پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے۔

| | |
|---|---|
| فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ | جب رات کا کچھ حصہ گذر جائے |
| بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ | تو اپنے اہل کو لے کر نکل جاؤ |
| وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ | سوائے آپ کی بیوی کے۔ ہاں |
| اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ | کوئی فرد پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے |

ھود ۸۱، پ ۱۲

# قومِ لوطؑ پر صبح کے وقت عذاب آیا

| | |
|---|---|
| اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ | ان کے عذاب کا وقت صبح کا |
| اَلَيْسَ الصُّبْحُ | وقت ہے۔ کیا صبح قریب |
| بِقَرِيْبٍ ۝ | نہیں ہے۔ |

حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر جب عذاب کی کاروائی شروع ہوئی تو فرشتوں نے ان بستیوں کو دھرتی سمیت اٹھایا۔ اتنا اونچا

لے گئے کہ بستی کے کتوں کی آوازیں پہلے آسمان کے فرشتوں نے سنیں ۔ اس کے بعد ان کو زمین پر دے مارا گیا اور خدا کا قہر دیکھیے۔ ان کے بعد بھی ان پر پتھروں کی بارش ہوئی۔ اور مزید غضب الٰہی کا اندازہ لگائیں کہ ہر پتھر کے اوپر ہر ظالم کا نام لکھا ہوا تھا۔ کہ اس پتھر نے فلاں شخص کی سرکوبی کرنی ہے۔

## حضرت لوطؑ نے صغرؓ میں قیام فرمایا

وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ۔ — ہم نے آپ کو گندے لوگوں کی بستی سے نجات دی۔

جناب لوط علیہ السلام اور آپ کے رفقا بقیہ رات چلتے رہے یہاں تک کہ صبح ہو گئی ۔ تو صغر کی بستی میں پہنچ گئے۔

نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ — ہم نے انہیں صبح کے وقت نجات دی

(القمر ۳۴، پ ۲۷)

## واقعہ لوطؑ کا مقصد

سیرت ابراہیم علیہ السلام کے دوران حضرت لوط علیہ السلام کے واقعہ بیان کرنے کی غرض و غایت یہ ہے کہ اے اہل مکہ یاد رکھو، اگر تم نے اپنے آپ کو سنبھالا نہ دیا، تو یاد رکھنا ابراہیم کے ساتھ

---

لہ حوالہ قصص القرآن

Marfat.com

تمہارا رشتہ جتلانا یا کعبہ کا متولّی ہونا تمہیں خدا کے غضب سے نہ بچا سکے گا۔ جیسا کہ زوجۂ لوطؑ کو رشتہ زوجیت نہ بچا سکا۔ اس کے سا یہ بات بھی ذہن میں رہے، کہ جب اللہ تعالےٰ کا عذاب آیا تو وہ شم عدل کی طرح بے لاگ رشتہ حق کے سوا تمام رشتوں ناطوں کو کاٹ کر یوں پھینک دے گا۔ جس طرح عضو فاسد کو کاٹ دیا جاتا ہے اللہ کے فیصلے میں کوئی چیز نہ کبھی حائل ہوئی اور نہ ہو سکے گی۔

Marfat.com

# تعمیرِ کعبہ کا حکم

٭

# کائنات میں محبوب ترین بستی

٭

# مرکزِ ملّت کو پاک صاف رکھا جائے

٭

# تکمیل کے بعد دعائیں

Marfat.com

# تاریخ کعبۃ اللہ

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَوَّلَ بَیۡتٍ | بے شک سب سے پہلی عبادت گا |
| وُّضِعَ لِلنَّاسِ | جو انسانوں کے لیے تعمیر ہوئی ہ وہ |
| لَلَّذِیۡ بِبَکَّۃَ | مکہ مکرمہ میں ہے۔ اس کو خیر و برکت |
| مُبٰرَکًا وَّ ھُدًی | دی گئی ہے۔ اور اہلِ دنیا کے لیے |
| لِّلۡعٰلَمِیۡنَ۔ | مرکز ہدایت بنایا گیا ہے۔ |

(آلِ عمران ۹۶ پ ۴)

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے فتح الباری[1] شرح جامع صحیح بخاری میں ایک روایت ذکر کی ہے۔ جس سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ بیت اللہ کی سب سے پہلی اساس حضرت آدم علیہ السلام کے ہاتھوں رکھی گئی۔ اور ملائکۃ اللہ نے ان کو اس جگہ کی نشاندہی کی۔ پھر طوفان نوح علیہ السلام اور ہزاروں سال کے حوادث نے اس کو بے نشان کر دیا تھا۔ ع

دنیا کے بتکدوں میں پہلا وہ گھر خدا کا

البتہ کچھ آثار باقی تھے۔ جیسا کہ آپ چند سطور کے بعد صحیح بخاری کے حوالے سے ملاحظہ فرمائیں گے۔

اور یہی وہ مقامِ بنیاد ہے۔ جس کا تذکرہ قرآن حکیم میں ان الفاظ کے

---

[1] فتح الباری جلد ۶ بحوالہ قصص القرآن۔

ساتھ موجود ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرَاهِيْمَ | وہ وقت یاد کیجئے جب ہم نے |
| مَكَانَ الْبَيْتِ | ابراہیمؑ کے لیے اس گھر (خانہ کعبہ) |
| اَنْ لَّا تُشْرِكْ | کی جگہ تجویز کی تھی (اس ہدایت کے |
| بِیْ شَيْئًا وَّطَهِّرْ | ساتھ) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک |
| بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ | نہ کرو۔ اور میرے گھر کو طواف کرنے |
| وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ | والوں اور قیام (رکوع و سجود کرنے |
| السُّجُوْدِ۔ | والوں کے لیے پاک صاف رکھنا۔ |

(الحج ۲۶ پ۱۷)

اور یہی وہ جگہ ہے، جس کا ذکر حضرت خلیل علیہ السلام نے ہاجرہؑ اور اسماعیلؑ کو یہاں چھوڑتے وقت کیا تھا۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ | ہمارے رب! میں نے ایک بے آب و |
| ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ | گیاہ وادی میں اپنی اولاد کو تیرے محترم |
| زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ۔ | گھر کے پاس لا بسایا ہے۔ |

(ابراہیم ۳۷ پ۱۳)

## بنائے ابراہیم علیہ السلام

وہ دنیا میں گھر سب سے پہلا خدا کا
خلیلؑ ایک معمار تھا، جس بنا کا

Marfat.com

جیسا کہ ہم نے ابتدائے کتاب صفحہ ۲۰۸ پر ذکر کیا تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تبلیغ دین حنیف کے لیے اردن اشام اور حجاز مقدس کو پیغام حق کا مرکز قرار دیا تھا۔ اور گاہے گاہے ان مراکز کا دورہ کرتے اور ہدایات وارشادات فرماتے رہتے تھے۔ اس طرح آپ حسب معمول بحکم خداوندی حضرت ہاجرہؑ اور جناب اسماعیل علیہ السلام کی خبر گیری کے لیے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ اسی اثنا میں تعمیر کعبۃ اللہ کا حکم ہوا۔ جیسا کہ نبی رحمت کی زبان اطہر سے بخاری میں تفصیل موجود ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ لَبِثَ عَنْهُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ جَاءَ بَعْدَ ذَالِكَ وَاِسْمٰعِيْلُ يَبْرِىْ نَبْلاً لَهُ تَحْتَ دَوْحَةٍ قَرِيْبًا مِّنْ زَمْزَمَ۔ فَلَمَّا رَاٰهُ قَامَ اِلَيْهِ فَصَنَعَا كَمَا يَصْنَعُ الْوَالِدُ بِالْوَلَدِ وَالْوَلَدُ بِالْوَالِدِ۔ | پھر جب تک اللہ تعالےٰ کو منظور تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے ملک (فلسطین) میں ٹھہرے رہے۔ اس کے بعد جب اسماعیلؑ کے پاس تشریف لائے۔ تو اسماعیل علیہ السلام زمزم کے پاس ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر تیر ٹھیک ٹھاک کر رہے تھے جب اسماعیلؑ نے اپنے والد مکرم ومحترم کو دیکھا تو اٹھ کر استقبال کیا چنانچہ دونوں اس طرح ملے جس طرح باپ بیٹے سے اور بیٹا باپ سے ملتا ہے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ثُمَّ قَالَ يَا اِسْمٰعِيْلُ | پھر فرمانے لگے، بیٹا اسماعیل! مجھے اللہ |
| اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَبْنِيَ | تعالےٰ نے حکم دیا ہے، کہ اُس |
| هٰهُنَا بَيْتًا وَاَشَارَ | اونچی جگہ پر بیت اللہ کو تعمیر کروں |
| اِلٰى اَكَمَةٍ مُرْتَفِعَةٍ | (اسماعیلؑ نے عرض کی میں حاضر |
| عَلٰى مَا حَوْلَهَا۔ | خدمت ہوں۔) |
| قَالَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ | نبی اکرمؐ ارشاد فرما رہے ہیں اسی |
| رَفَعَا الْقَوَاعِدَ مِنَ | جگہ حضرت ابراہیم اور اسماعیل نے بنیادیں |
| الْبَيْتِ۔ | اٹھائیں۔ |
| فَجَعَلَ اِسْمٰعِيْلُ | اسماعیل علیہ السلام پتھر لائے جا رہے |
| يَاْتِيْ بِالْحِجَارَةِ وَ | تھے۔ اور حضرت ابراہیمؑ تعمیر فرما |
| اِبْرَاهِيْمُ يَبْنِيْ حَتّٰى | رہے تھے۔ جب دیواریں اونچی |
| اِذَا ارْتَفَعَ الْبِنَاءُ | ہوگئیں۔ (یعنی زمین پر کھڑے ہو |
| جَاءَ بِهٰذَا الْحَجَرِ | کر پتھر لگانا مشکل ہوگیا) تو اسماعیلؑ |
| فَوَضَعَهٗ لَهٗ فَقَامَ | یہ پتھر[1] لے کر آئے۔ (جس کو مقام ابراہیمؑ |
| عَلَيْهِ وَهُوَ يَبْنِيْ | کہا جاتا ہے) حضرت ابراہیمؑ نے اس |
| وَاِسْمٰعِيْلُ يُنَاوِلُهٗ | پتھر پر چڑھ کر کعبہ کی تکمیل و تعمیر فرمائی |
| الْحِجَارَةَ۔ | اور اسماعیل معاونت کرتے رہے۔ |

---

[1] بعض روایات سے یہ بات ملتی ہے کہ حکم خداوندی سے یہ پتھر خود بخود حسب ضرورت اوپر نیچے ہوتا تھا۔

Marfat.com

اس پورے واقعہ کو قرآن مجید نے یوں ذکر فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاھِیْمُ | اور یاد کرو جب ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ |
| الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ | اس گھر (بیت اللہ) کی دیواریں اٹھا |
| وَاِسْمٰعِیْلُ ط رَبَّنَا | رہے تھے۔ تو دعا کرتے جاتے تھے |
| تَقَبَّلْ مِنَّا ط اِنَّکَ | اے ہمارے پروردگار۔ ہم سے یہ خدمت |
| اَنْتَ السَّمِیْعُ | قبول فرمائیے۔ تو سب کی سننے اور |
| الْعَلِیْمُ۔ | جاننے والا ہے۔ |

(البقرۃ ۲۷ پ۱)

## مقامِ ابراہیم علیہ السلام

یہ وہی پتھر ہے۔ جس کا تذکرہ ابھی آپ نے نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ بابرکات سے سُنا۔ ایک دفعہ دورانِ حج حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضورؐ سے پوچھا تھا۔ کیا یہ وہی پتھر ہے۔ جس کو قرآن مجید نے مقام ابراہیم کہا ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا۔ ہاں یہی مقام ابراہیمؑ ہے تب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے کاش ہم اس کو قبلہ قرار دے لیں۔ چند لمحے بعد یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ ابن کثیر تفسیر آیت ہذا

| | |
|---|---|
| وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ | اے لوگو! مقام ابراہیمؑ کو مستقل |
| اِبْرَاھِیْمَ مُصَلًّی۔ | جائے نماز بنالو۔ |

(البقرۃ ۱۲۵، پ۱)

Marfat.com

# فضائل مکّہ مکرمہ

یہ وادیٔ قدس جلالت و عظمت، رفعت و بلندی اور علوّ مرتبت کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ یہ دنیا وجہاں کی تمام بستیوں قصبوں اور شہروں میں نرالی حیثیت کی حامل ہے۔ یہ ایسی نگری کہ جس کا نام ام القریٰ رکھا گیا۔ اور قرآنِ حکیم فرقان حمید میں اس کا بار بار تذکرہ کیا گیا۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ | یقیناً لوگوں کے لیے پہلی عبادت گاہ |
| وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ | مکّہ مکرّمہ میں بنائی گئی اس میں بڑی |
| بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی | برکت اور اس کو ہدایت کا ذریعہ |
| لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ | بنایا گیا ہے۔ |

(آلِ عمران ۹۶ پ)

یہی شہر مقدس ہے۔ جس کی ربّ ذوالجلال نے قسمیں اٹھائی ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ہ | قسم ہے انجیر اور زیتون اور طورِ |
| وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ہ وَ | سینا کی اور اس پُرامن شہر |
| ھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ہ | (مکّہ) کی۔ |

(التّین ۱ تا ۳، پ۳۰)

| | |
|---|---|
| لَآ اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ ہ | میں قسم کھاتا ہوں، اس شہر کی |
| وَاَنْتَ حِلٌّ بِھٰذَا الْبَلَدِ ہ | اس حال میں کہ اس شہر میں آپ |
| (البلد ۱، ۲ پ۳۰) | اتریں گے۔ (فتح کریں گے) |

Marfat.com

اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف موقعوں پر اس شہرِ محترم کی عزت حرمت کا اعلان فرمایا۔

عن ابن عباس قال قال النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم یوم فتح مکّۃ لا ھجرۃ ولکن جھاد ونیّۃ فاذا استنفرتم فانفروا قال یوم فتح مکّۃ ان ھٰذا البلد حرمہ اللّٰہ یوم خلق السّمٰوٰت والارض فھو حرامٌ بحرمۃ اللّٰہ الیٰ یوم القیامۃ و انّہ لم یحلّ القتال فیہ لاحد قبلی ولم یحلّ لی الّا ساعۃ

ابن عباسؓ کہتے ہیں۔ فتح مکہؐ کے روز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب ہجرت کا حکم نہیں ہے۔ لیکن اور نیّت ضرور ہے۔ جب تمہیں جہاد کے لیے کہا جائے تو چل نکلو۔ اور فتح مکہؐ کے دن ہی آپ نے یہ بھی اعلان فرمایا۔ اس شہر مکہؐ کو خدا نے اسی دن سے محترم بنا یا ہے۔ جب سے زمین آسمان کو پیدا کیا۔ لہٰذا اللہ تعالےٰ کے حکم کے مطابق اس کا ادب و احترام قیامت تک کے لیے واجب ہے۔ مجھ سے پہلے اللہ تعالےٰ نے کسی شخص کو یہاں قتال کی اجازت نہیں دی۔ اور مجھے بھی صرف تھوڑے وقت کے لیے اجازت ملی تھی۔ اب وہ وقت گزر جانے کے بعد قیامت

من نهار فهو
احرام بحرمة الله
الى يوم القيامة
لا يعضد شوكة ولا
ينفر صيده و
لا يلتقط لقطته
الا من عرفها و
لا يختلى خلاها
قال العباس يا
رسول الله الا
الاذخر فانه
لقينهم وبيوتهم
فقال الا الاذخر

(بخاری)

و

(مسلم)

تک کے لیے یہاں جنگ وجدال
یا کوئی ایسی حرکت جس سے حرم
محترم کی بے حرمتی ہوتی ہو جائز
نہیں۔ اس مخصوص علاقہ کے خاردار
درخت بھی نہ کاٹے جائیں۔ یہاں
کے شکار جانور کو پریشان نہ
کیا جائے۔ کوئی گری چیز
کو نہ اٹھائے۔ سوائے جو اس
کے مالک کو جانتا ہو یا ذمہ
دار کے حوالے کرنے کے لیے)
یہاں کی گھاس بھی نہ اکھاڑی جائے
اس پر حضرت عباس بولے کہ آپ
اذخر گھاس کی اجازت دیں۔ کیونکہ
جہاں کی صنعت اور گھروں میں کام
آتی ہے۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم نے اس گھاس کو مستثنی
قرار دیا۔

Marfat.com

## یہاں ہتھیار اٹھانا ممنوع ہے

عن جابر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحل لاحدٍ ان یحمل بمکۃ السلاح (مسلم)

حضرت جابرؓ کا بیان ہے۔ کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ فرماتے تھے کسی مسلم کے لیے جائز نہیں کہ وہ مکہ میں ہتھیار اٹھائے

## ساری کائنات میں محبوب بستی

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لمکۃ ما اطیبك من بلدٍ واحبك الیّ ولولا ان قومی اخرجونی منك ما سکنت غیرك (ترمذی)

ابن عباسؓ نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا تو کس قدر پاکیزہ اور دل پسند شہر ہے۔ اور تو مجھے کتنا عزیز ہے۔ اگر میری قوم مجھے نہ نکالتی تو میں تجھے چھوڑ کر کسی بستی میں رہنے کے لیے تیار نہ تھا۔

## کعبۃ اللہ کی عظمت و فضیلت

اس جہان رنگ و بو میں بے شمار عمارات و محلات خوبصورت سے خوبصورت ترین موجود ہیں۔ جن کے حسن و جمال کو مزید کرنے کے لیے لاکھوں

کروڑوں اربوں روپے لگائے گئے اور خرچ کیے جا رہے ہیں۔ ان کو دیکھو تو کہ عقلِ انسانی دنگ رہی جاتی ہے۔ لیکن کوئی ایسی جگہ یا عمارت نہیں جس کے دیدار کو اہلِ جہاں کے لیے لازم قرار دیا گیا ہو۔ اور جس کے لیے اتنی دنیا کے دل تڑپتے ہوں۔ یہ اکرام و مقام صرف اور صرف ایک عمارت کو نصیب ہوا۔ جس کو عام پتھروں سے اٹھایا گیا ہے۔ اللہ رب العزت نے اس کو بیت اللہ قرار دیا۔ یعنی اللہ کا گھر۔ اور اس کی زیارت کو تمام اہلِ ثروت و ہمت پر لازم قرار دیا۔

یہ مرتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ھر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ | لوگوں پر اللہ کا یہ حق ہے کہ جس |
| حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ | کو اس گھر تک پہنچنے کی استطاعت |
| اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا | ہو وہ اس کا حج کرے اور جو کوئی |
| وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ | اس حکم کی پیروی سے انکار کرے |
| اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ | تو اسے معلوم ہو جانا چاہیئے کہ اللہ |
| الْعٰلَمِيْنَ۔ | تمام دنیا والوں سے بے نیاز ہے |

(آلِ عمران ۹۷۔ پ۴)

نبیٔ رحمتؐ سے عرض کیا گیا کہ اللہ کے حبیبؐ حج کس پر ضروری ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| عن ابن عمر قال | ابن عمرؓ کا بیان ہے۔ ایک آدمی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| جاء رجل الی النبیّ | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت |
| صلی اللہ علیہ وسلم فقال | گرامی میں حاضر ہوا اور عرض کر |
| یارسول ! مایوجب | لگا۔ اے اللہ کے نبیؐ ! حج کس چ |
| الحجّ قال الزّادو | کے ہوتے ہوئے فرض ہے آپ |
| الرّاحلۃ ۔ | ارشاد فرمایا۔ سامان سفر اور سواری |

(بخاری و مسلم)

جو استعداد رکھنے کے باوجود زیارت کعبہ (حج) نہیں کرتا۔ آپ نے بڑی ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| فلاعلیہ ان یموت | جو بیت اللہ تک پہنچنے کی طاقت |
| یہودیًا اونصرانیًا | باوجود حج نہیں کرتا۔ وہ چاہے یہ |
| وذالک ان اللہ | ہوکر مرے یا عیسائی ہو کر مر جا |
| تبارک وتعالیٰ | (ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں) یہی |
| یقول وللہِ علَی | اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمائی۔ ا |
| النّاس حجّ البیت | کے لیے بیت اللہ کا حج فرض ہے |
| من استطاع الیہ | ان لوگوں پر جو اس تک جانے کی |
| سبیلاً۔ (ترمذی) | استطاعت رکھتے ہیں۔ |

# مرکزِ ملّت

اسے قبلہ بنا کر ملّتِ اسلامیہ کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا گیا ہے

تاکہ جس طرح ان کے احساسات و جذبات کی سمت ایک ہی طرف ہے یعنی اللہ تعالےٰ کی طرف اسی طرح ان کا جسمانی زاویہ بھی ایک ہی رُخ اختیار کرے۔ تاکہ ملت کی مرکزیت قائم رہ سکے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ | یقیناً لوگوں کے لیے جو پہلا گھر |
| وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ | بنایا گیا۔ وہ مکہّ میں ہے۔ اس میں |
| بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی | برکت اور ذریعہ رہنمائی ہے اہلِ |
| لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ | جہان کے لیے۔ |

(اٰلِ عمران ۹۶، پ۴)

# دَارُالاَمْن

| | |
|---|---|
| وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ | اور جو اس میں داخل ہو گیا |
| اٰمِنًا۔ | وہ مامون ہو گیا۔ |

(اٰلِ عمران ۹۶ پ۴)

# کعبۃ اللہ کی برکت

جو اس گھر میں داخل ہوا نہ صرف وہی امن والا ہوا۔ بلکہ اس گھر کی بدولت پورا علاقہ امن و سلامتی کا گہوارہ قرار پایا۔ اور اس کے باسیوں کے لیے ہر چیز کو بابرکت کر دیا گیا۔

| | |
|---|---|
| لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ | چونکہ قریش مانوس ہوئے۔ |

Marfat.com

اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ه فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ه الَّذِیٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ه وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ه

یعنی سردی اور گرمی کے سفروں سے مانوس۔ لہٰذا ان کو چاہیے کہ اس گھر کے ربّ کی عبادت کریں، جس نے انہیں بھوک سے بچا کر کھانے کو دیا اور خوف سے بچا کر امن عطا کیا۔

(قریش ۱تا۴۔ پ۳۰)

# رُوحانی برکت

اس گھر کی زیارت سے مومنوں کے قلوب و اذہان منوّر ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی نیکیوں میں بیش بہا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ جس نے یہاں ایک نماز پڑھی اس کو ایک لاکھ نماز کا ثواب ملے گا۔

# تکمیلِ کعبۃ اللہ کے بعد ذمّہ داریاں

کعبے کو صاف ستھرا رکھا جائے۔

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

ہم نے ابراہیم اور اسماعیل سے عہد لیا۔ کہ میرے گھر (کعبہ) کو پاک صاف رکھنا۔ طواف اعتکاف

| | |
|---|---|
| وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ | رکوع اور سجود کرنے والوں کے لیے |

(البقرۃ ۱۲۵، پ۱)

پاک صاف رکھنے کا صرف یہی معنیٰ نہیں کہ اس کو کوڑے کرکٹ سے پاک صاف رکھا جائے۔ بلکہ اس کے ساتھ ہی اصل صفائی تو یہ ہے۔ کہ اس کو شرک کی گندگی سے محفوظ رکھا جائے۔ جیسا کہ قرآن مجید کے دوسرے مقام میں واضح ارشاد موجود ہے۔

کہ مشرک کو حرم میں داخل نہ ہونے دیا جائے۔ کیونکہ مشرک روحانی طور سے گندہ اور پلید ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا | اے ایمان لانے والو! مشرکین ناپاک |
| الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا یَقْرَبُوا | ہیں۔ اس سال کے بعد یہ مسجد حرام |
| الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا | کے قریب نہ پھٹکنے پائیں۔ |

(التوبہ ۲۸، پ۱۰)

# تولیت کعبہ کا مشرک کو کوئی حق نہیں

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِیْنَ | مشرکین کو کوئی حق نہیں کہ وہ اللہ |
| اَنْ یَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ | کی مسجدوں کے مجاور اور خادم بنیں |
| شٰهِدِیْنَ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ | دراں حالیکہ وہ اپنے اوپر خود کفر |
| بِالْكُفْرِ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ | کی شہادت دے رہے ہیں۔ ان |
| اَعْمَالُهُمْ وَفِی النَّارِ | کے تو سارے اعمال ضائع ہوں گے |

| | |
|---|---|
| هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ | اور جہنم میں ان کو ہمیشہ رہنا ہوگا۔ |

(التوبہ ۱۷، پ۱)

## اصنام سے پاک رکھنا

حضرت ابراہیم نے دُعا مانگی تھی۔ خدایا مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی عبادت سے بچائے رکھنا۔

| | |
|---|---|
| وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ | جب ابراہیمؑ نے اپنے رب کے |
| اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ | حضور دُعا کی کہ پروردگار اس شہر کو |
| اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ | امن کا شہر بنا اور مجھے اور میری اولاد |
| نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ۝ | کو بت پرستی سے بچا۔ |
| رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ | یارب اس لیے کہ ان بتوں نے |
| كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ج | بہتوں کو گمراہ کردیا ہے۔ |

(ابراہیم ۳۵-۳۶، پ۱۳)

اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ کو فتح کیا تو تمام بتوں کو مسمار کردیا۔ اور کعبے میں داخل ہوکر ان تصویروں کو مٹایا۔ جو مشرکین نے دیواروں پر ابراہیم اور اسماعیل کی بنا رکھی تھیں۔

## جنگ و جدال سے پاک رکھا جائے

جیسا کہ ابھی ابھی آپ پڑھ آئے ہیں کہ فتح مکہ کے روز نبی اکرمؐ نے

Marfat.com

فرمایا تھا۔ ان چند لمحات کے علاوہ جن کی صرف مجھے اجازت دی گئی تھی۔ روزِ اوّل سے لے کر قیامت تک کیسے یہاں لڑنا جھگڑنا اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے۔

## تعمیرِ کعبہ کے بعد ابراہیمؑ کی دُعائیں

اللہ اس شہر کو امن والا بنا اور اس کے باسیوں کو پھلوں کا رزق دینا۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ
رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا
اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ
مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ
اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ
وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ
قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ
اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَ
بِئْسَ الْمَصِيْرُ ؕ۔

ابراہیم علیہ السلام نے دُعا کی اے میرے
ربّ اس شہر کو امن والا شہر بنا
دے۔ اور اس کے باشندوں میں سے
جو اللہ اور آخرت کو مانیں۔ انہیں ہر
ہر قسم کے پھلوں کا رزق دینا۔ جواباً
اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا جو نہ مانے گا
دنیا کی چند روزہ زندگی کا سامان تو میں اُسے
بھی دوں گا۔ مگر آخرکار اسے عذاب
جہنّم کی طرف گھسیٹوں گا اور وہ بدترین
ٹھکانا ہے۔

(البقرۃ ۱۲۶، پ۱)

Marfat.com

# اے اللہ ہمیں اور ہماری اولاد کو مسلمان رکھنا

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ | اے ہمارے رب ہمیں اپنا مطیع |
| لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ | فرمانبردار بنا اور ہماری نسل سے |
| اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ | ایک ایسی قوم اٹھا جو تیری مطیع |
| وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا | ہو اور ہمیں حج (عبادت) کے ط |
| وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّكَ | بتا اور ہماری کوتاہیوں سے درگ |
| اَنْتَ التَّوَّابُ | فرما، تو بڑا معاف کرنے والا او |
| الرَّحِيْمُ ٥ | کرنے والا ہے۔ |

(البقرہ ۱۲۸، پ ۱)

# خدایا ان میں سے رسول منتخب فرما

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ | اے ہمارے پروردگار ان میں |
| رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا | ایسا رسول اٹھا جو انہیں میں سے |
| عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ | ہو، جو انہیں تیری آیات سنائے |
| الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ | ان کو کتاب وحکمت کی تعلیم دے |
| يُزَكِّيْهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ | اور ان کی زندگیاں سنوار دے تو |
| الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ٥ | بڑا غالب اور حکمت والا ہے۔ |

(البقرۃ، ۱۲۹، پ ۱)

# ہمیں بتوں سے بچائے رکھنا

| | |
|---|---|
| وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ | یاد کرو وہ وقت جب ابراہیمؑ |
| رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا | نے دُعا کی تھی کہ پروردگار اس شہر |
| الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ | کو امن والا شہر بنا دے اور مجھے |
| وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ | اور میری اولاد کو بت پرستی |
| الْاَصْنَامَ ۝ | سے بچائے رکھنا۔ |
| رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ | پروردگار! ان بتوں نے (یعنی ان |
| كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ | کی وجہ سے) بہت سے لوگوں کو |
| فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ | گمراہ کر دیا ہے (لہذا ان سے) جو میرے |
| مِنِّيْ وَمَنْ عَصَانِيْ | طریقے پر چلے وہ میرا ہے۔ اور جو |
| فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ | میرے طریقہ کے خلاف چلے۔ یقیناً |
| رَّحِيْمٌ | تو پھر بھی درگزر کرنے والا ہے |

(ابراھیم ۳۵، ۳۶، پ۱۳)

# الٰہی لوگوں کو ان کا مشتاق بنادے

| | |
|---|---|
| رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ | ہمارے رب میں نے اپنی اولاد کو |
| ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ | بے آب و گیاہ وادی میں تیرے |
| زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ | محترم گھر کے پاس لا بسایا ہے اللہ! |

Marfat.com

الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۞ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۞ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَي الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ۔

یہ میں نے اس لیے کیا ہے تاکہ یہ لوگ نماز قائم کریں۔ لہٰذا تو لوگوں کے دلوں کو ان کا مشتاق بنا دے۔ اور انہیں پھل کھانے کو دے شاید یہ شکر گذار ہو جائیں پروردگار تو جانتا ہے، جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ اللہ سے کچھ بھی چھپا ہوا نہیں نہ زمین میں نہ آسمانوں میں۔ شکر اس خدا کا جس نے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیل اور اسحاق جیسے بیٹے عطا کیے، حقیقت یہ ہے۔ میرا رب ضرور دعا سنتا ہے۔

(ابراھیم ۳۷، ۳۸، ۳۹ - پ۱۳)

## میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نمازی بنا

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا

میرے ربّ مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میرے اولاد سے بھی (نمازی بنا)، اللہ میری دعا

وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ قبول فرما۔

(ابراھیم ۴۰، پ۱۳)

## مالک قیامت کے روز سب مومنوں کو معاف فرما دینا

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَ | پروردگار! مجھے اور میرے والدین[1] |
| لِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ | کو اور سب ایمان لانے والوں کو |
| يَوْمَ يَقُوْمُ | اس دن معاف کر دیجیئے کہ جب |
| الْحِسَابُ ۝ | حساب قائم ہوگا۔ |

(ابراھیم ۴۱، پ۱۳)

## خدایا دعاؤں کو قبول فرما

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّاؕ | اسے پروردگار! ہم سے سب کچھ |
| اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ | قبول فرما۔ یقیناً تو سب کی سننے |
| الْعَلِيْمُ ۝ | والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ |

(البقرۃ ۱۲۷، پ۱)

---

[1] ۔ والد کی دعائے مغفرت کا صــــ پر تفصیلی تذکرہ ہو چکا ہے پھر ملاحظہ فرمالیں۔

# مؤذّنِ حج اور پہلا حاجی

# فرضیّت و فضیلتِ حج

# مناسکِ حج

# اسلامی انقلاب کی تکمیل کا اعلان

Marfat.com

# اعلانِ حج

جب حضرت خلیل علیہ السلام تعمیر کعبہ سے فارغ ہوئے اور خلیل نے رب جلیل کے حضور اپنی مناجات پیش کرلیں۔ تو حکم ہوا۔ اے ابراہیم پہاڑ کے اوپر چڑھ جاؤ اور چاروں طرف اعلان کرو۔ کہ اے لوگو! تمہارے رب کا گھر تیار ہو چکا ہے اس لیے اللہ کے گھر کی زیارت کے لیے حاضر ہو جاؤ۔ ابراہیم عرض کرنے لگے۔ اے اللہ! میں کمزور ہوں۔ میری آواز ساری دنیا میں کس طرح پہنچے گی۔ حکم ہوا۔ اے ابراہیم! تیرا کام آواز دینا ہے ہمارا کام پہنچانا ہے۔ علیك الاذن وعلینا البلاغ علامہ ابن کثیرؒ نے لکھا آپ نے ابوقبیس پہاڑ پر چڑھ کر ندا دی باقی تمام پہاڑ جھک گئے اور آپ کی آواز دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچی یہاں تک کہ جن لوگوں کے مقدر میں حج بھا اور ہے۔ اللہ تعالٰے نے ان کی آواز ان کی ماؤں کے رحم تک پہنچائی۔ (واللہ اعلم)

| | |
|---|---|
| وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ | اور لوگوں کو حج کے لیے اذنِ |
| یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّ | عام دے دو کہ وہ تمہارے |
| عَلٰی كُلِّ ضَامِرٍ | پاس ہر دور دراز مقام سے |
| یَّاْتِیْنَ مِنْ كُلِّ | پیدل اور اونٹوں پر سوار |
| فَجٍّ عَمِیْقٍ ؕ | آئیں۔ |
| لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ | تاکہ وہ فائدے دیکھیں، جو یہاں |
| وَیَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ | ان کے لیے رکھے گئے ہیں اور |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فِيٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ | چند مقرر دنوں میں ان جانوروں |
| عَلٰي مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ | اللہ کا نام لیں جو اس نے انہ |
| بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ فَكُلُوْا | بخشے ہیں ۔ خود بھی کھائیں |
| مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ | تنگ دست اور محتاج کو |
| الْفَقِيْرَ ٥ | دیں ۔ |
| ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ | پھر اپنا میل کچیل دور کر |
| وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ | اور اپنی نذریں پوری کریں |
| وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ | اس قدیم گھر کا طواف |
| الْعَتِيْقِ ٥ | کریں ۔ |

الحج ۲۷ تا ۲۹ ۔ پ ۱۷

مذکورہ آیات سے اور ابراہیم کی دعا وَاَرِنَا مَنَا سِكَنَا ۔ (ہمارے رب ہمیں حج کے احکامات بتلا دیجئے گا) سے، واضح ہوتا ہے ۔ دنیا میں باقاعدہ اور باضابطہ پہلا حج جناب ابراہیم اور اسماعیل نے کیا ہے ۔ اس لحاظ سے دنیا میں پہلے حاجی جناب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ ہیں ۔ [1]

## فرضیّتِ حجّ

حج نام ہے چند معیّن اور مقرّر ایام میں اللہ کے دیوانوں اور پروانوں

[1] علامہ ابن کثیرؒ نے پہلے پارے میں حضرت آدم علیہ السّلام کی زیارت اور تعمیرِ کعبہ کا ذکر کیا ہے لیکن ساتھ ہی فرمایا ہے کہ ان باتوں میں تفاوت ہے ۔ واللہ اعلم ۔

Marfat.com

طرح اس کے دربار کی حاضری دینا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضری آداب بتلائے اور کر کے دکھلائے۔ یہ حاضری ہر اس شخص پر واجب ہے وہاں پہنچنے کی استعداد رکھتا ہو۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالٰی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ | اور اللہ ہی کے لیے حج کرنا فرض ہے |
| الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ | ہر اس شخص پر جو اس تک پہنچنے |
| اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ | کی استطاعت رکھتا ہو۔ |

آلِ عمران ۹۷، پ ۴

یہی بات نبی ؐ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمائی۔ کہ فرض ہے اس آدمی پر۔

| | |
|---|---|
| من ملک زادا | جو اختیار رکھتا ہو۔ زادِ راہ اور سواری |
| وراحلة تبلغه | کا جن کے ذریعے بیت اللہ پہنچ جائے |
| الی بیت اللہ ۔ (ترمذی) | اس پر حج فرض ہے۔ |

(بشرطیکہ بیماری یا کوئی اور شرعی عذر نہ ہو)

# فضیلت حج

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے استفسار کیا گیا۔ کہ کونسا عمل افضل و اعلیٰ ہے۔

| | |
|---|---|
| عن ابی ھریرۃ قال | جناب ابو ہریرہؓ بیان فرماتے ہیں۔ کہ |
| سئل رسول اللہ ای | رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| العملِ افضلُ | گیا۔ کونسا عمل افضل ہے۔ ارشاد ہوا |
| قال ایمان باللّٰہ | اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا |
| ورسولہٖ قیل | پوچھنے والے نے پوچھا۔ اس کے بعد |
| ثُمّ ماذا قال | کونسا عمل افضل ہے تو ارشاد فرمایا اللہ کے |
| الجہاد فی سبیل اللّٰہ | راستہ میں جہاد کرنا۔ اس نے عرض کیا |
| قیل ثمّ ماذا | جہاد کے بعد۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا |
| قال حجٌّ | حج مبرور (ایسا حج جو اللہ کی رضا کیلئے اور سنت |
| مبرورٌ۔ | کے مطابق) کیا جائے۔ |

یعنی جس میں فسق و فجور نہ ہو۔ (بخاری و مسلم) کتاب المناسک۔

سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے۔ اللہ کے نبیؐ نے مزید فضیلت اور افضلیّت کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

| | |
|---|---|
| من حجّ | جس نے حج کیا۔ شہوانی اور فحش |
| فلم یرفث | امور سے بچا رہا۔ وہ گناہوں سے |
| ولم یفسق | اس طرح پاک صاف ہو گیا۔ جیساکہ |
| رجع کیوم | آج ہی اس کی والدہ نے اس کو جنم |
| ولدتہ امّہٗ۔ | دیا ہو۔ |

(بخاری و مسلم)

Marfat.com

# میقات

جہاں احرام باندھا جاتا ہے۔

اللہ تعالےٰ نے اپنے گھر کی حاضری اور حج کے کچھ آداب مقرر
یے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ بیت اللہ میں حاضری دینے والے
پنے روز مرّہ کے لباس میں آنے کی بجائے فقیرانہ لباس میں حاضر
وں۔ جو کفن کی مشابہت اور میدانِ حشر کی یاد تازہ کردے۔

پھر ربّ کریم کا کرم کہ اس نے انسانوں کی کمزوریوں کو پیشِ نظر
ھتے ہوئے اپنے اپنے گھروں کی بجائے میقات یعنی حدودِ حرم مقرر فرما دیئے
کہ یہاں پہنچ کر زائر روز مرّہ کا لباس اتار کر دو چادروں کو لپیٹ لے۔

# احرام اور تلبیہ

مقام میقات پر پہنچنے کے بعد جب غسل کر کے احرام باندھ لیا تو اب
حکم ہوا۔ اپنی حاضری لگوائیں اسی لیے حج کرنے والا فوراً بلند آواز سے پکارتا ہے

| | |
|---|---|
| لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ | اے اللہ! میں حاضر ہوں۔ الٰہی |
| لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ | میں حاضر ہو گیا۔ تیرا کوئی شریک |
| لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ | نہیں۔ میں حاضر ہوں۔ یقیناً حمد |
| وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ | اور نعمت تیری ہیں۔ زمین و آسمان |
| لَاشَرِیْکَ لَکَ۔ | تیرے۔ تیرا کوئی ہمسر نہیں۔ |

Marfat.com

یہ کلمات (تلبیہ[1]) کہتے ہوئے حاجی اپنی عاجزی بے چارگی بے حیثیتی اور درماندگی کا اقرار اور اظہار کرتے ہوئے میقات سے آگے قدم بڑھاتا ہے۔ یہیں سے وہ تمام پابندیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ جو محرم کے لیے ضروری ہیں۔

## کعبہ میں داخلہ

مذکورہ اہتمام اور احترام کے ساتھ حج یا عمرہ کرنے والا کعبہ مکرمہ میں یہ کہتے ہوئے داخل ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ | الٰہی! میرے لیے اپنی رحمت کے |
| اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔ | دروازے کھول دے۔[2] |

## طوافِ کعبہ

طواف کعبہ حجر اسود کو چوم کر (استلام) شروع کیا جاوے۔ اسی طرح ہر دفعہ چوم (یا چھو) کر سات چکر پورے کرنے کو طواف کہتے ہیں۔ یاد رہے زیارت کعبہ کے پہلے طواف میں رَمَل (پہلے تین چکروں میں مٹک مٹک کر ہلکی سی پُر وقار دوڑ ہونی چاہیے)

---

[1] نبی اکرمؐ نے بلند آواز سے تلبیہ کہنے کا حکم دیا۔

[2] بیت اللہ میں داخلے کی کوئی خاص دُعا نہیں۔ بلکہ مسجد میں داخل ہونے کی دُعا پڑھنی مسنون ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عن جابرٍ قال | حضرت جابر بیان فرماتے ہیں۔ کہ |
| انّ رسول اللّٰہ صلّی | جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم |
| اللّٰہ علیہ وسلّم | مکہ (کعبہ) میں داخل ہوئے تو سب |
| لمّا قدم مکّۃ | سے پہلے حجرِ اسود کے پاس تشریف |
| اتی الحجر | لائے اور اس کا استلام (چوما) کیا پھر |
| فاستلمہ ثمّ مشٰی | آپ نے داہنی طرف سے کعبہ کا طواف |
| علٰی یمینہٖ | شروع فرمایا۔ جس میں پہلے تین چکروں |
| فرمل ثلٰثًا وّ | میں رمل فرمایا۔ اور باقی چار چکروں |
| مشٰی اربعًا (مسلم) | میں عام رفتار کے ساتھ چلے۔ |

# طواف میں ذکر اور دُعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان فرماتے ہیں۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ رکنِ یمانی پر ستّر ہزار فرشتے مقرر ہیں۔ جو یہ دُعا کرنے والے کے ساتھ آمین کہتے ہیں۔ (ابن ماجہ)

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ | الٰہی! میں آپ سے دنیا و آخرت |
| الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِی | میں معافی اور عافیت چاہتا |
| الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ۔ | ہوں۔ |
| رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا | اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں |
| حَسَنَۃً وَّ فِی الۡاٰخِرَۃِ | بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی |

Marfat.com

حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (ابن ماجہ)[۱] عنایت فرمائیں اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچانا۔

## مقامِ ابراہیمؑ

نبئِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام طواف سے فارغ ہو کر مقامِ ابراہیمؑ کی طرف تشریف لائے جو کہ بیت اللہ سے تقریباً پانچ چھ گز کے فاصلہ پر ہے اور آپ نے یہ آیت تلاوت فرمانے کے بعد دو نفل ادا کیے۔

وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى ۔

## زمزم

نماز نفل پڑھنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب سیر ہو کر زمزم پیا اور سر مبارک پر بہایا۔ اس کے بعد صفا و مروہ کی طرف پلٹے۔

## سعی صفا و مروہ

یہاں پہنچ کر آپؐ نے اس آیت مبارکہ کی تلاوت فرمائی اور حکم دیا کہ سعی (دوڑ) کی ابتدا صفا کی طرف سے جائے کیوں کہ ربّ کائنات نے اسی ترتیب کو ملحوظ فرمایا۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ (بقرہ)

ابدأ بما بدأ میں بھی اسی سے شروع کرتا ہوں،

اللہ سے جس کا ذکر اللہ تعالٰی نے پہلے کیا ہے۔ (مسلم)

ابن ماجہ کی روایت کے مطابق صفا اور مروہ پر قبلہ رخ کھڑے ہو کر دعا مانگنے کا بھی ذکر ہے اور ساتھ ہی یہ بھی ذکر موجود ہے کہ آپ بین السعی صرف دونوں پہاڑیوں کے درمیان نشیبی جگہ پر دوڑتے دوسرے مقام پر عام معمول کے مطابق چلتے۔ اسی طرح آپؐ نے مروہ پر سات چکر پورے فرمائے۔

یاد رہے!

بعض لوگ بے علمی کی بنا پر صفا سے لے کر واپسی صفا تک ایک چکر شمار کرتے ہیں۔ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا سے مروہ تک ایک چکر اور مروہ سے صفا تک دوسرا چکر شمار فرمایا ہے۔ اس طرح ساتوں چکر مروہ پر پورا ہوتا ہے یہاں قبلہ رخ کھڑے ہو کر دعا کرنا بھی مسنون ہے۔

## حجامت

سعی بین الصفا والمروہ کے بعد حجامت کروائے اور احرام اتار دے آٹھویں ذوالحجہ صبح کی نماز کے بعد حج کے لیے احرام باندھے۔

## حج کی ابتداء

آٹھویں ذوالحجہ کو طواف کیے بغیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام صحابہؓ کے ساتھ منیٰ تشریف لے گئے وہاں صحابہؓ بمع اہل مکہؓ اور

Marfat.com

نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے پانچ نمازیں قصر کر کے پڑھیں۔

## میدانِ عرفات

نویں ذوالحجہ کی صبح سورج نکلنے کے بعد آپ سوئے عرفات روانہ ہوئے۔ وہاں آپؐ نے ایک خیمہ میں قیام فرمایا۔ بعد از زوال آپؐ نے اپنی سواری پر تشریف فرما ہو کر تاریخی خُطبہ ارشاد فرمایا۔ جو حقوق اللہ اور حقوق العباد کے لیے بہترین چارٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔

## اسلامی انقلاب کی تکمیل

اسی جگہ تکمیل انقلابِ اسلامی کا اعلان ہوا۔

| | |
|---|---|
| اَلْیَوْمَ یَئِسَ الَّذِیْنَ | آج سے کافر تمہارے دین سے |
| کَفَرُوْا مِنْ دِیْنِکُمْ | مایوس ہو گئے ہیں۔ پس تم ان سے |
| فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ | ڈرنے کی بجائے مجھ سے ڈرو۔ آج |
| اخْشَوْنِ ؕ اَلْیَوْمَ | میں نے تمہارے لیے تمہارے دین |
| اَکْمَلْتُ لَکُمْ | کو مکمّل کر دیا۔ اور میں نے پورا کر دیا۔ |
| دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ | تم پر اپنی نعمت کو اور میں نے |
| عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ | پسند کیا ہے تمہارے لیے دین |
| لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا | اسلام کو۔ |

---

ے منٰی میں آٹھویں ذوالحجہ کی صبح کو جا کر، وہاں پوری نمازیں ادا کرنا، خلافِ سنّت ہے۔

Marfat.com

# جمع بین الصلوٰتین

خطبہ کے بعد مؤذن اسلام حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دی اور بغیر کسی نوافل کے نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے پہلے ظہر اور پھر ساتھ ہی نمازِ عصر کی دو رکعتیں پڑھائیں۔

# وقوفِ عرفات کے وقت دُعا

نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ ﷺ ایک چٹان کے پاس کھڑے ہو کر شام تک نہایت عاجزی انکساری سے دُعائیں کرتے رہے۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو فرمایا۔ یہ وقت اور مقامِ دُعا ہے۔ جہاں شام تک دعائیں کرنی چاہییں۔ آج کے دن شیطان بہت ذلیل وخوار ہوتا ہے۔ کیونکہ آج کے دن اللہ تعالےٰ اپنے بندوں کے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اس لیے وقوفِ عرفات حج کا دوسرا نام ہے۔

# جبلِ رحمت

میدانِ عرفات میں جبلِ رحمت ہے۔ یہاں کھڑے ہو کر شام تک دعائیں مانگنا بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ ہے۔

# مزدلفہ میں قیام

غروب آفتاب کے بعد آپؐ نے اسامہ بن زیدؓ کو اونٹنی پر بٹھایا اور اونٹنی کی نکیل مضبوطی کے ساتھ تھامے ہوئے چل رہے تھے۔ کیونکہ لوگوں کے ہجوم سے ایک اضطراب سا پیدا ہو گیا تھا۔ اور ساتھ ہی کوڑے سے اشارہ کرتے ہوئے لوگوں کو فرمایا۔

السکینۃ ایھا الناس فان البر لیس با لایضاع (بخاری مسلم)

تھوڑی دیر بعد آپ مزدلفہ پہنچ گئے۔ یہاں آپ نے اذان کے بعد پہلے مغرب اور پھر نماز عشاء پڑھائی۔ یہاں بھی فرضوں کے علاوہ سنت و نفل ادا نہیں کیے۔ (مسلم)

# مزدلفہ میں رات گزارنا

نماز عشاء کے بعد آپ لیٹ گئے۔ صبح تک آرام فرمایا۔ عادت مبارکہ کے خلاف رات کو نماز تہجد کے لیے نہیں اُٹھے۔ صبح نماز پڑھانے کے بعد طلوع آفتاب تک ذکر اذکار کرتے رہے۔ بعد ازاں سواری پر سوار ہوئے اور فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو ساتھ بٹھایا۔ دوران سفر مختلف حضرات مختلف مسائل پوچھتے رہے۔ (مسلم)

رمی مزدلفہ سے منیٰ کی طرف آتے ہوئے آپ نے حکم فرمایا۔ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے کنکریاں چن دیں۔

Marfat.com

# واپس منیٰ میں قیام

واپس منیٰ میں پہنچ کر چار کام کرنے مناسک حج میں سے ہیں۔

۱۔ بڑے شیطان (جمرہ عقبہ) کو سات کنکریاں مارنا اور ہر کنکر کے ساتھ تکبیر کہنا۔

۲۔ قربانی کرنا۔

۳۔ سر منڈانا۔

۴۔ طواف کعبہ کے بعد واپس آکر منیٰ میں قیام کرنا[۱]

کنکریاں مارنے، قربانی، حجامت اور طواف افاضہ کی ترتیب میں اگر کسی وجہ سے تقدیم و تاخیر ہو جائے تو کوئی حرج نہیں (ابن ماجہ)

# منیٰ میں تین دن قیام

دسویں ذوالحجہ کے چاروں مناسک سے فارغ ہونے کے بعد یہاں قیام کرنا ضروری ہے۔ اور ساتھ ہی احرام اتار کر عام لباس پہن لینا چاہیے۔ تیرھویں ذوالحجہ تک نماز اور رمی[۲] کے ساتھ ذکر اذکار ضروری ہیں۔

---

[۱] کنکریاں منیٰ سے بھی چنی جاسکتی ہیں استعمال شدہ چننی بہتر نہیں۔

[۲] رمی کا طریقہ دسویں ذوالحجہ کو جمرہ عقبہ کو سات[۷] کنکریاں طلوع آفتاب کے بعد شام تک
گیارہویں زوال کے بعد جمرہ اولیٰ سات[۷] جمرہ وسطیٰ سات[۷] جمرہ عقبہ سات[۷]
بارھویں زوال کے بعد جمرہ اولیٰ سات[۷] جمرہ وسطیٰ سات[۷] جمرہ عقبہ سات[۷]

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ | ان چند دنوں میں اللہ کو یاد کرو |
| اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ | جو شخص منیٰ میں دو دن قیام کرے۔ |
| فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ | اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو تین |
| فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ | روز (تیرھویں ذوالحجہ) تک قیام |
| تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ | کرے اس پر کوئی گناہ نہیں، یہ اللہ |
| لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ | سے ڈرنے والے کے لیے ہے۔ |
| وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ | اللہ سے ڈرو اور جان لو تم یقیناً |
| تُحْشَرُوْنَ۔ | اس کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے |

(البقرۃ ۲۰۳ ، پ۲)

اب تلبیہ کی بجائے کثرت سے تکبیرات کہنی چاہئیں۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔

---

(پچھلے صفحہ کا حاشیہ) تیرھویں زوال کے جمرہ اولیٰ سات جمرہ وسطیٰ سات جمرہ عقبہ سات۔

Marfat.com

# جدّ انبیاءؑ کا انتقال پر ملال

جب جدِّ انبیاء کی عمر مبارک ۱۷۵ سال کی ہوئی تو آپ نے نہایت ہی کمزوری اور ضعف کی حالت میں انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ۔

آپؑ کو آپؑ کی رفیقہ حیات حضرت سارہ کے ساتھ مکیفلہ کے علاقے پہاڑ کے دامن میں دفن کیا گیا۔ آپ کی تجہیز و تکفین میں آپ کے عظیم بیٹے حضرت اسحٰق علیہ السّلام اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام برابر شریک رہے۔ توراۃ کتاب پیدائش۔

کُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَۃُ الۡمَوۡتِ ہر نفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے

(اٰلِ عمران ۱۸۵ - پ ۴)

وَمَا جَعَلۡنَا لِبَشَرٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ الۡخُلۡدَ اَفَائِنۡ مِّتَّ فَهُمُ الۡخٰلِدُوۡنَ۔

اے نبی گرامی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ سے قبل کسی بشر کو بھی ہمیشہ رہنے کے لیے نہیں بھیجا۔ کیا آپ فوت ہو جائیں گے تو وہ (کافر) ہمیشہ رہیں گے؟

(الانبیآء ۳۴ - پ ۱۷)

ہ رہے نام اللہ کا باقی۔

آہ آج وہ عظیم المرتبت شخصیتِ گرامی دنیا سے رخصت ہو رہی ہے۔ جس نے انسانیّت کو صراطِ مستقیم پر لانے کے لیے خوفناک تکالیف و مصائب کا سامنا کیا اور مشکلات کے پہاڑ کاٹتے ہوئے اپنے عظیم ترین مشن کو ایسا جاری

فرمایا۔ کہ ربّ العزت نے تمام انبیائے کرام کے لیے بالخصوص سرورِ کونین اور آپ کی امت کو ہدایت فرمائی کہ آپ کی دنیوی اور اخروی کامیابی کا راز خُدا جدِّ انبیا کی اتباع میں مضمر ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ | پھر ہم نے آپ کی طرف |
| اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ | وحی بھیجی کہ یکسو ہوکر طریقہ ابراہیم |
| حَنِیْفًا وَّمَا كَانَ | کی اتباع کرتے جاؤ اور وہ مشرکوں |
| مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۔ | میں سے نہ تھے۔ |

(النحل ۱۲۳ پ ۱۴)

# اُمّت محمدیہ کے لیے ابراہیمؑ کا بہترین اُسوہ

| | |
|---|---|
| قَدْ كَانَتْ لَكُمْ | تمہیں ابراہیم اور اس |
| اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِیْٓ | ساتھیوں کے بہترین طریقہ |
| اِبْرٰهِیْمَ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ | کو اپنانا چاہیئے۔ |

الممتحنہ ۴، پ ۲۸

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کو امت محمدیہ سے محبت

| | |
|---|---|
| عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ | ابن مسعودؓ کہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی |
| قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ | اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ معراج |

| | |
|---|---|
| عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيتُ إِبْرَاهِيمَ | رات مجھے ابراہیم علیہ السلام سے ملنے |
| لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي فَقَالَ | کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت فرمانے |
| يَا مُحَمَّدُ اِقْرَأْ أُمَّتَكَ مِنِّي | لگے۔ اے محمد کریم اپنی امت |
| السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ | کو جا کر میرا اسلام پیش کرنا اور ان |
| الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ | کو بتانا، جنت کی مٹی پاکیزہ (زرخیز) |
| عَذْبَةُ الْمَاءِ وَأَنَّهَا قِيعَانٌ | اور پانی میٹھا ہے اور یہ سارا چٹیل |
| وَأَنَّ غِرَاسَهَا، سُبْحَانَ اللهِ | میدان۔ اس کے گل گلزار تو سبحان |
| وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا | اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر ہیں۔ |
| اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ ¹ | (یعنی اپنے اعمال سے شجرکاری کریں گے) |

## اتّباعِ ابراہیمؑ کا انکار بے وقوفی ہے

| | |
|---|---|
| وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ | کون ہے جو ابراہیمؑ کے طریقے سے |
| إِبْرَاهِيمَ إِلَّا مَنْ | منہ پھیرے۔ سوائے اس شخص |
| سَفِهَ نَفْسَهُ | کے کہ جس نے اپنے آپ کو حماقت |
| وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ | وجہالت میں مبتلا کر لیا ہو۔ حالانکہ |
| فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ | ابراہیم وہ ہیں۔ جن کو ہم نے دنیا میں |

---

¹ رواہ الترمذی، وقال ھٰذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ إسنادًا

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ۔ | سرفراز کیا اور آخرت میں اس کو صالحین میں۔ |

(البقرۃ ۱۳۰، پ۱)

# آپ علیہ السلام صاحبِ کتاب نبی تھے

تورات اور انجیل میں آپ کے صحف اور تعلیم کا کوئی ذ... موجود نہیں۔ مگر قرآن مجید نے دو مقام پر ان کے مصحف کا ... کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ | کیا اسے ان باتوں کی خبر |
| صُحُفِ مُوْسٰیۙ وَاِبْرٰھِیْمَ | پہنچی، جو حضرت موسیٰؑ اور حض... |
| الَّذِیْ وَفّٰۤی ۙ | ابراہیمؑ کے صحیفوں میں تھی |
| (النجم ۳۶، ۳۷۔ پ۲۷) | ابراہیمؑ نے تو وفا کا حق ادا کر... |
| (سیاق) | (حالانکہ یہی آخرت بہتر ہے یہی با... |
| صُحُفِ اِبْرٰھِیْمَ وَمُوْسٰی | صحیفہ ابراہیمؑ اور صحف موسیٰ میں بیا... |

# حضرتؑ کی زبان عربی تھی یا عبرانی؟

عام طور پر حضرتؑ کی زبان عبرانی لکھی اور بتائی جاتی ہے۔ مگ... علامہ سلیمان ندوی مرحوم نے بڑے زوردار اور مدلل انداز... ثابت کیا ہے۔ کہ آپؑ سامی عربی میں بات چیت فرمایا کر...

گویا کہ آپ کی زبان عربی زبان تھی۔

## ابراہیم علیہ السلام کا نصب العین

| | |
|---|---|
| قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ | اے برادرانِ قوم! میں ان سے |
| مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ہ | بیزار ہوں۔ جنہیں تم خدا کا شریک |
| اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ | ٹھہراتے ہو۔ میں نے تو یکسو ہو کر |
| لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ | اپنا رُخ اس ہستی کی طرف پھیر دیا ہے |
| وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا | جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا |
| اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ہ | ہے۔ اور میں ہرگز شرک کرنے والوں |
| (پ۔ انعام ۷۸، ۷۹) | کا ساتھی نہیں ہوں۔ |
| اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَ | انہوں نے اپنی قوم سے صاف |
| مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ | کہہ دیا تھا۔ ہم تم سے اور تمہارے |
| دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا | ان معبودوں سے جن کو تم اللہ کو |
| بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا | چھوڑ کر پوجتے ہو۔ قطعی بیزار ہیں۔ |

## ملّتِ حنیف

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ قوم اور حکومتِ وقت کو
(شر)ک سے باز رہنے اور توحید کو حرزِ جان بنانے کے لیے ایک دن نہیں

بلکہ پوری زندگی کھپادی اور واشگاف اعلان کرتے رہے۔

| | |
|---|---|
| وَحَاجَّهُ قَوْمُهُ قَالَ | جب اُس کی قوم اُس سے جھگڑنے |
| اَتُحَاجُّوْنِّيْ فِي اللّٰهِ | لگی تو اس نے قوم سے کہا۔ کیا تم |
| فَقَدْ هَدٰىنِ ط وَلَآ | لوگ اللہ کے معاملے میں مجھ سے |
| اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ | جھگڑتے ہو؟ حالانکہ اس نے مجھے |
| بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ | راہ راست دکھادی ہے۔ اور میں |
| شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ | تمہارے ٹھہرائے ہوئے شریکوں |
| كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا | سے نہیں ڈرتا، ہاں اگر میرا رب |
| اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ | چاہے تو ضرور ہو سکتا ہے۔ میرے |
| (الانعام ۸۰) | رب کا علم ہر چیز پر چھایا ہوا ہے |
| (پ۷) | پھر کیا تمہیں ہوش نہیں آئے گا۔ |
| وَكَيْفَ اَخَافُ | اور آخر میں! تمہارے بنائے ہوئے |
| مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا | شریکوں سے کیسے ڈروں۔ جب |
| تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ | کہ تم اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو |
| اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا | خدائی میں شریک کرتے ہوئے نہیں |
| لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ | ڈرتے، جن کے حق میں کوئی دلیل |
| عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا | نازل نہیں کی، ہم دونوں میں سے |
| فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ | کون زیادہ اطمینان کا حق دار ہے |
| بِالْاَمْنِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ | بتاؤ اگر تم کچھ علم رکھتے ہو۔ |

(الانعام ۸۱، پ۷)

Marfat.com

# یہی ملّتِ ابراہیمؑ کی اساس ہے

اور یہی بات حضرت ابراہیمؑ، اسحٰقؑ، اسماعیلؑ اور یعقوبؑ مرتے دم تک کہتے چلے گئے۔

| | |
|---|---|
| اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ | پھر کیا تم اس وقت موجود تھے۔ |
| اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ | جب یعقوب اس دنیا سے رخصت |
| اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا | ہو رہے تھے۔ اس نے مرتے وقت |
| تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ | اپنے بیٹوں سے پوچھا۔ بچو! میرے |
| قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ | بعد تم کس کی عبادت کرو گے۔ ان سب |
| وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِيْمَ | نے جواب دیا۔ ہم ایک ہی خدا کی بندگی |
| وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ | کریں گے۔ جسے آپ نے اور آپ |
| اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ | کے بزرگوں ابراہیمؑ اسماعیل اور اسحٰق |
| لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ٥ | نے خدا مانا اور ہم اسی ایک خدا کے |
| (البقرۃ ۱۳۳، پ ۱) | تابع دار رہیں گے۔ |

# حضرت یوسفؑ نے ملّتِ حنیفؑ کی یوں تعریف فرمائی

| | |
|---|---|
| وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْ | میں نے اپنے بزرگوں ابراہیمؑ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحٰقَ | اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کا طریقہ |
| وَيَعْقُوْبَ ط مَا كَانَ | کیا ہے۔ ہمارا یہ کام نہیں کہ ہم اللہ |
| لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ | کے ساتھ شریک ٹھہرائیں۔! |
| بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ط | درحقیقت یہ اللہ کا فضل ہے۔ |
| ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ | ہم پر اور تمام انسانوں پر (کہ اس نے |
| عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ | ہمیں اپنے سوا کسی کا بندہ نہیں |
| وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ | بنایا) مگر اکثر لوگ شکر نہیں |
| لَا يَشْكُرُوْنَ ه | کرتے۔ |

(یوسف ۳۸۔ پ۱۲)

# سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ملت حنیفؑ کی وضاحت فرماتے ہیں

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ | اے نبیؐ آپ اعلان فرمادیں کہ میرے |
| رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ | رب نے مجھے ٹھیک راستہ |
| دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ | دکھا دیا ہے، بالکل صحیح دین |
| اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط | جس میں کوئی ٹیڑھ نہیں ابراہیمؑ |
| وَمَا كَانَ | کا طریقہ جسے یکسو ہو کر اس نے |
| مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ه | اختیار کیا تھا۔ اور وہ مشرکوں میں |
| | نہ تھے۔ |

(الانعام ۱۶۱۔ پ۸)

Marfat.com

# حضرت کی زبردست شخصیّت

## ہر حال میں اللہ سے تعلق رکھنے والے

حق و باطل کی آویزش میں ایسے مقامات بھی آتے ہیں۔ کہ بعض اوقات اللہ کے نبی جو عزم و استقلال کے پیکر اور جرأت و مردانگی کے پہاڑ ہوتے ہیں۔ شدّتِ امتحان سے چیخ اٹھتے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا | پھر کیا تم نے سمجھ رکھا ہے کہ یونہی |
| الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ | جنّت میں چلے جاؤ گے۔ حالانکہ |
| مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا | ابھی تم پر وہ سب کچھ نہیں گزرا |
| مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ | جو تم سے پہلے ایمان داروں پر گزر |
| الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ | چکا ہے۔ ان پر سختیاں اور مصیبتیں |
| وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ | آئیں۔ ہلا دیئے گئے۔ حتّٰی کہ وقت |
| الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | کے رسول اور ان کے ساتھی |
| مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ | اہلِ ایمان چلّا اُٹھے۔ کہ اللہ کی |
| اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ | مدد کب آئے گی؟ گھبراؤ مت |
| (البقرہ ۲۱۴، پ۲) | اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔ |

حضرت لوط علیہ السلام پر جب کڑا وقت آیا تو کہنے لگے۔

| | |
|---|---|
| قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ | لوط علیہ السلام کہنے لگے کاش میرے |

Marfat.com

قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ۔ (ھود ۸۰، پ ۱۲)

پاس اتنی قوت ہوتی کہ تمہیں سیدھا کر دیتا۔ یا کوئی مضبوط سہارا ہی ہوتا کہ اس کی پناہ لے لیتا۔

اسی موقعہ پر نبی کائنات ؐ نے فرمایا تھا۔ اللہ جناب لوط ؑ پر رحم فرمائے۔ ان کے پاس تو بہت بڑا سہارا اور پناہ گاہ تھی۔ (اللہ تعالٰی)

اب ابراہیم علیہ السلام کی طرف دیکھیئے۔ باپ، قوم، حکومت وقت سب مل کر آگ میں جھونک دینا چاہتے ہیں۔ لیکن ہر حال میں اللہ تعالٰی سے تعلق اور رجوع کرنے والے ابراہیم ؑ نہ گھبراتے ہیں اور نہ ہی بے حوصلہ ہوتے ہیں۔ بلکہ ایک ہی بات کہے جا رہے ہیں۔

حسبی اللہ ونعم الوکیل

اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ لَحَلِیْمٌ اَوَّاہٌ مُّنِیْبٌ۔ (پ ۱۲ ھود ۷۵)

بلاشبہ ابراہیم ؑ بڑے حوصلے والا صاحب سوز دل اور ہر حالت میں ہماری طرف رجوع کرنے والا تھا۔

# صاحبِ قلبِ سلیم

اِذْ جَآءَ رَبَّہٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ (الصافات ۸۴، پ ۲۳)

جب وہ اپنے رب کے حضور قلب سلیم لے کر آیا۔

یہاں حضرتؑ کی روحانی کیفیات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ابراہیمؑ زبان اور عمل سے ہی نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے شرک و بدعت لغو خرافات سے کنارہ کش تھے۔ ان کا دل شرک و کفر، سرکشی و نافرمانی سے پاک تھا۔ حتیٰ کہ رائی کے برابر بھی ان کے دل میں شک و شبہ اور کھوٹ نہ تھا۔ شیشے سے زیادہ صاف شفاف دل رکھنے رکھنے والے تھے۔

## حوصلہ مند۔ نرم دل۔ مشفق تھے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام شرک اور مشرکین سے کمال بیزاری کے باوجود کمال درجہ کی نرمی اور شفقت اپنے قلب و جگر میں رکھتے تھے غور فرمائیں! اہلِ مکہؓ کے لیے رزق کے بارے میں عرض کرتے ہوئے دُعا مانگی تو فرمایا

وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط

اے پروردگار اہلِ مکہ کے ایمانداروں کو ہر قسم کے پھلوں کا رزق دے۔ (یعنی صرف ایمانداروں کو رزق دینا)

(بقرہ ۱۲۶، پ۱)

دنیا میں مشرکوں کے لیے خواہ وہ اولاد ہی ہو رزق کی دُعا کرنا بھی گوارا نہیں۔

Marfat.com

لیکن جب آخرت کی پکڑ کا معاملہ آیا تو انسان کو خدا کے عذاب میں گرفتار ہوتے نہیں دیکھ سکتے، بلکہ آخر وقت تک دعا کیے جا رہے ہیں

فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّہٗ مِنِّیْ وَمَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (پ۱۳- ابراهیم ۳۶)

جو میرے طریقہ پر چلے وہ میرا ہے اور جو میری نافرمانی کرے تو تو یقیناً درگزر کرنے والا مہربان ہے۔

یہی حالت عذابِ قومِ لوط کے وقت تھی۔ جب ابراہیمؑ کے پاس انسانوں کی شکل میں فرشتے آئے، تو انہوں نے بھنا ہوا بچھڑا ضیافت کے طور پر ان کے سامنے رکھا۔ جب انہوں نے نہ کھایا تو خوف زدہ ہوئے۔

قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ ہ (ھود ۷۰، پ۱۲)

فرشتوں نے کہا آپ نہ ڈریں۔ ہم تو قوم لوطؑ (عذاب کے لیے) بھیجے گئے ہیں۔

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِیْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰی یُجَادِلُنَا فِیْ قَوْمِ لُوْطٍ ہ

پھر جب ابراہیمؑ کی گھبراہٹ دور ہو گئی اور اولاد کی خوشخبری پائی تو اس نے قومِ لوطؑ کے معاملہ میں ہم سے جھگڑا شروع کیا

اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ لَحَلِیْمٌ اَوَّاہٌ مُّنِیْبٌ ہ یٰٓاِبْرٰهِیْمُ

حقیقت میں ابراہیم بڑا حلیم اور نرم دل اور ہر حالت میں ہماری طرف

Marfat.com

اَعۡرِضۡ عَنۡ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدۡ جَآءَ اَمۡرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمۡ اٰتِيۡهِمۡ عَذَابٌ غَيۡرُ مَرۡدُوۡدٍ ۝

(ھود ۷۴، ۷۵، ۷۶۔ پ ۱۲)

رجوع کرنے والا تھا۔ (آخر کار ہمارے فرشتوں نے کہا) اے ابراہیمؑ۔ اس بات کو چھوڑیئے۔ تمہارے رب کا حکم آچکا ہے۔ اب ان پر عذاب آئے گا۔ جو کسی صورت ٹل نہیں سکتا۔

مذکورہ مقام پر غور فرمایئں کہ ابراہیمؑ اگرچہ سمجھتے ہیں۔ کہ قومِ لوط حد کو پہنچ چکی ہے۔ لیکن پھر اصرار کیے جارہے ہیں۔ اور ان کے اصرار کو یُجَادِلُنَا کے لفظ سے تعبیر فرمایا جارہا ہے۔ نہ معلوم آپ نے کتنا اصرار کیا ہوگا۔ اور کِس انداز میں اپنے ربّ کے حضور درخواست کرتے ہوں گے کہ اے اللہ! ان فرشتوں کو واپس بُلالے۔ میں اس قوم کو سمجھاؤں گا۔۔۔!

اس بات سے بندۂ خلیلؑ کے اپنے ربِّ جلیل سے تعلق کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

## ابراہیم علیہ السلام صدیق

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِبۡرٰهِيۡمَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ۝

(مریم ۴۱، پ ۱۶)

اس کتاب میں ابراہیمؑ کا واقعہ بیان کیجیئے۔ کیونکہ وہ سچے آدمی اور نبی تھے۔

Marfat.com

# صداقتِ ابراہیم علیہ السلام

قرآن مجید حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صداقت کی شہادت ہی نہیں بلکہ ان کی صداقت کے تذکرے کا حکم دے رہا ہے

| | |
|---|---|
| وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ | اے نبی اکرمؐ آپ اس کتاب |
| إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ | سے ابراہیم کا تذکرہ ضرور کریں |
| صِدِّيقًا نَّبِيًّا | کیونکہ وہ نبی صدیق تھے۔ |

(مریم ۴۱، پ ۱۶)

مگر حدیث کی اصح ترین کتاب بخاری اور دوسری کتب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ الفاظ پائے جاتے ہیں، جس بنا پر صداقت ابراہیم کو موضوع سخن بنایا گیا۔ جس سے امت مسلمہ میں آج تک کئی نظریئے پائے جاتے ہیں۔

امت کے اکثر اہل علم نے اس روایت کے ان الفاظ کو تعریض اور توریہ پر محمول کیا، تاکہ حدیث کی اسناد پر اعتماد بحال رہے۔ اور قرآن وسنت میں تعارض پیدا کیے بغیر خلیل خدا کی صداقت پر آنچ نہ آنے پائے۔ بلکہ اس روایت سے بھی ان کی تائید وتصدیق ہو جائے۔ بعض علمائے نے ان الفاظ لم یکذب ابراھیم الا ثلاث کذبات کو حقیقی معنوں میں لیا ہے اور پھر اس کی وضاحت فرمائی، جو کہ عنقریب آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ تو چند علماء ایسے بھی گزرے ہیں، جنہوں نے یہ کہا کہ ابراہیمؑ کو جھوٹا کہنے کی بجائے راوی کو جھوٹا کہنا زیادہ آسان اور بہتر ہے۔ ظاہر ہے تمام علماء نے

نیک نیتی اور حضرت خلیل خدا کی صداقت کی خاطر بہ اندازِ گفتگو اور جستجو اختیار فرمایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق اجتہاد کرنے والے کو دو میں سے ایک ثواب تو ضرور مل جائے گا بشرطیکہ نیک نیت ہو کر یہ کام کیا گیا ہو۔

## کذب کے معنے

عربی لغات کے لحاظ سے کذب کے کئی معنی ہیں، اور کذب عربی گفتگو میں ان تمام معنوں میں مستعمل ہے۔

قال الجوھر کذب قد یکون بمعنی وجوب وقال الفراء کذب علیک ای وجب نہایہ ابن اثیر جلد ۴۔

جیسا کہ عربی زبان میں کہا جاتا ہے۔

کذب علیکم الحجّ والعمرة۔ تم پر حج اور عمرہ ضروری ہے۔

غلطی اور خطا کے معنی میں بھی حدیث میں استعمال ہوا ہے۔ کذب ابو محمد۔ ابو محمدؓ نے غلطی کی۔ یہ صحابی ہیں۔ ان کا اصل نام مسعود بن زید ہے۔ اسی طرح تعریض کے مفہوم میں بھی کذب بولا جاتا ہے۔ یعنی متکلّم عمومی معنی لینے کی بجائے حقیقی معنوں میں اس لفظ کا استعمال کرے۔ تاکہ سامع کو اس کے مقصد کی پوری طرح سمجھ نہ آئے، اسی کو توریہ کہتے ہیں۔

مذکورہ بالا تفصیل سے واضح ہوتا ہے کہ کذب صرف جھوٹ کے لیے ہی نہیں عربی میں وجوب اور توریہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا ہیں

Marfat.com

سوچنا چاہیئے کہ ہم کونسا معنٰی لیں، جس سے صداقت ابراہیم کی تائید وحمایت بھی ہوا ور قرآن وسنت میں تعارض بھی نہ ہونے پائے۔ چہ جائیکہ حدیث مبارکہ اور قرآن میں تعارض پیدا کر کے منکرین حدیث کی گمراہی کے لیے ایک بہانہ فراہم کر دیا جائے۔ ظاہر ہے، بہتر اور افضل طریق تو یہی ہے کہ کذب کو توریہ کے مفہوم میں لیا جائے، جس کے لیے قرآن وسنّت میں کافی مثالیں پائی جاتی ہیں۔ جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ میں موجود ہے۔ جناب یوسف جو کہ حاکم وقت بھی ہیں، اپنے بھائی کے سامان میں پیالہ رکھا۔

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ | جب یوسفؑ ان بھائیوں کا |
| بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ | سامان لدوانے لگا تو اس نے |
| فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ | اپنے بھائی کے سامان میں پیالہ |
| اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا | رکھ دیا۔ پھر ایک پکارنے والے |
| الْعِيْرُ اِنَّكُمْ | نے پکارا، اے قافلے والو تم لوگ |
| لَسٰرِقُوْنَ ۝ | چور ہو۔ |

(یوسف ۷، پ ۱۳)

کیا خود پیالہ رکھ کر یا رکھوا کر دوسرے کو چور کہنا کذب اور الزام نہیں۔ مگر ذات باری تعالیٰ کی اجازت سے ہوا تھا، لہذا آپ کو نعوذ باللہ کاذب کہنے کا تصوّر بھی کرنا گناہ ہے۔ چنانچہ ہمارا عقیدہ ہے جناب خلیل علیہ السلام نے تینوں مقامات پر حکم الٰہی سے ایسا کیا تھا۔ اس لیے یہ روایت بھی اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا۔ کی تائید کر رہی ہے۔

Marfat.com

اسی طرح دوران ہجرت جناب ابوبکر صدیقؓ سے کسی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سوال کیا، یہ کون بزرگ ہیں، جناب ابوبکرؓ اگر توریہ نہ فرماتے جو کہ بظاہر حالت میں کذب معلوم ہوتا ہے، تو بہت بڑا حادثہ پیش آسکتا تھا۔ لہٰذا آپ نے سائل کے جواب میں اور حضورؐ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

رجل یھدینی السبیل — یہ مجھے راستہ بتاتے ہیں۔

سمجھنے والے نے دنیاوی راستہ مراد لیا۔ لیکن ابوبکر نے ظاہری راستے کا تاثر دیتے ہوئے نیتاً اخروی راستہ مراد لیا۔

یاد رہے، جناب ابوبکرؓ اور نبی اکرمؐ ایک تیسرے آدمی کو ساحلی راستے کی رہنمائی کے لیے ساتھ لے گئے تھے۔ جناب ابوبکرؓ نے توریہ فرمایا جس کی تائید نبی نے اپنے سکوت سے فرمادی، ورنہ نبی معظمؐ فرماتے، صدیقؓ یہ تیری صداقت کے خلاف بات ہے، جو کسی مومن کو زیب نہیں دیتی۔

## دوسرا موقف

امام بغوی اور کچھ علماء نے یہ موقف اختیار کیا، کہ حضرت۔ کے ارشادات فی الحقیقت کذب ہیں۔ تعریض پیش کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔ کیونکہ تمام شریعتوں میں کذب ہر حال ہر مقام پر مذموم نہیں، جیسا کہ شریعت محمدیہ جو اخلاق کا کامل اور اکمل نمونہ ہے، اس میں بھی کذب کو بعض مقامات پر جائز کیا گیا ہے، جیسا کہ حضرت امّ کلثوم فرماتی ہیں۔

لما اسمع النبی صلی اللہ — آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

علیہ وسلم یرخص فی شیء من الکذب مما تقول الناس الا فی الحرب والاصلاح بین الناس وحدیث الرجل امرأته وحدیث المرأة زوجها۔ (مسلم)

نے صرف تین مقامات پر جھوٹ بولنے (جائز حد تک) کی اجازت فرمائی۔ کفار کے خلاف جہاد میں۔ لوگوں کی اصلاح کی خاطر۔ اور خاوند اور بیوی کا باہم جھوٹ بولنا۔

امام بغوی اور دوسرے بزرگوں کا خیال ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام تینوں مقامات پر کذب کی اجازت تھی، کیونکہ وہ اپنی قوم کے ساتھ حالت جنگ میں تھے۔ جیسا کہ ان کے اس اعلان کو قرآن مجید نے بیان فرمایا۔

إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ۔

(الممتحنہ ۴ پ۲۸)

انہوں نے اپنی قوم سے صاف کہہ دیا تھا۔ ہم تم سے اور تمہارے ان معبودوں سے جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوجتے ہو قطعی بیزار ہیں۔ تم نے ہم سے کفر کیا اور ہمارے تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے عداوت ہو گئی اور لڑائی ہے، یہاں تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لے آؤ

Marfat.com

آپ پھر شریعت کے مذکورہ اصول اور ابراہیم کے حالات کو پیش نظر رکھ کر فیصلہ فرمائیں کہ نبی اکرمؐ کا ارشاد،

لم یکذب ابراھیم الا ثلاث کذبات

(بخاری، کتاب الانبیاءؑ)

ابراہیمؑ کی صدیقیت کے خلاف اور قرآن سے حدیث کا کوئی تعارض ہے؟ اس کے ساتھ ہی بخاری میں حضور کا ارشاد بھی ملاحظہ فرمائیں۔

| | |
|---|---|
| لم یکذب ابراھیم الا ثلاث کذبات ثنتین منھن فی ذات اللہ قولہ انی سقیم قولہ بل فعلہ کبیرھم ھذا۔ (کتاب الانبیاء) | حضرت ابراہیمؑ نے زندگی میں صرف تین دفعہ بظاہر خلاف واقعہ بات کی، دو دفعہ ذاتِ کبریا کی عظمت کے تحفظ کے لیے اور تیسری دفعہ عفت عصمت کی حفاظت کی خاطر جو کہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا (یعنی عفت کی حفاظت کی جائے۔ |

اس نقطہ نظر سے دوسرے فریق کا خیال ہے۔ ابراہیم نے جھوٹ نہیں بولا۔ بلکہ رخصتی عمل کو اختیار فرمایا تھا۔ جس طرح مجبوری کے عالم میں خنزیر کھانا جائز ہے (پ بقرہ)۔ کھانے والے کو حرام خور نہیں کہا جا سکتا۔ اسی طرح ابراہیمؑ کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کذب کو عرف عام میں نہیں لینا چاہیئے۔

Marfat.com

## تیسرا نظریہ

امام رازی اور ان کے قلیل ہم خیال حضرت مولانا آزادؒ اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے یہ نقطہ نگاہ پیش کیا ہے، کہ حضرت ابراہیمؑ کو جھوٹا کہنے کی بجائے (نعوذ باللہ) راوی کو جھوٹا کہنا زیادہ آسان ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جذبا لحاظ سے یہ بات انسانی دماغ کو اپیل کرتی ہے۔ لیکن دیکھنے والی بات یہ ہے کہ نبی کو کون جھوٹا کہتا ہے۔ حالانکہ تمام مکتب فکر نبی کی صداقت کو موضوع گفتگو بنانا تو درکنار وہ تو صرف حدیث اور قرآن مجید کے بظاہر تعارض کو ختم کر کے بے شمار راویوں کو جو کہ صحابہ کرامؓ ہیں۔ ان کی صداقت جو کہ مسلّمہ ہے اس کو بھی برقرار رکھتے ہوئے حدیث کی مقدس دستاویزات کے عدل و تعدیل کا بھی تحفظ فرمانا چاہیئے۔ تاکہ کل کلاں کوئی دوسرا شخص اس نقطہ نظر سے غلط فائدہ نہ اٹھائے۔ ان کے نظریئے کی تائید اس لیے بھی ضروری ہے کہ بلا دلیل کسی کو عقل سلیم کا نام دے کر جھوٹا کہنا شرعًا اخلاقًا مناسب نہیں اور بخاری مسلم پر اعتماد کو مجروح کرنا بھی عظیم نقصان کا پیش خیمہ ہے، جب کہ بخاری و مسلم جس زمانے میں لکھی گئیں اس وقت سے لے کر آج تک ہزاروں محدّثین نے پڑھائی اور لاکھوں متعلمین نے پڑھی۔ امام نسائیؒ، ترمذی، ابن ماجہ، ابو داؤد، شوکانی ابن تیمیہ، شاہ ولی اللہ اور بے شمار امت کے فقہا دانشوروں نے ان روایات کو پڑھا اور پڑھایا۔ کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ راوی کے فہم کو دھوکا لگا یا اس روایت کی اسناد میں سقم یا کلام ہے۔ بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے، راوی کو جھوٹا کہنے والے واجب الاحترام بزرگوں نے ذرا جذباتی اور آسان راستہ اختیار فرمایا ہے۔ جو

نتائج کے لحاظ سے بہتر معلوم نہیں ہوتا۔

بہرحال یہ بات تو اپنی جگہ حقیقت رہے گی کہ ان بزرگوں نے عفت نبیا رکی خاطر یہ طریقہ تکلم اختیار فرمایا۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

## بتوں کو زیر زبر کرنا

جناب ابراہیم علیہ السلام نے جب قوم کو بتوں کے سامنے مراقبے جا ہدے اور تعظیماً جھکتے اعتکاف کرتے پھر نذر و نیاز پیش کرتے دیکھا تو ستغفار فرمایا کہ :۔

| | |
|---|---|
| اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ | جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ |
| وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ | اور قوم سے کہا کہ یہ مورتیں |
| التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ | کیسی ہیں۔ جن کے تم گرویدہ |
| لَهَا عٰكِفُوْنَ ۝ | ہوئے جا رہے ہو۔ |
| قَالُوْا وَجَدْنَآ | انہوں نے جواب دیا، ہم نے |
| اٰبَآءَنَا لَهَا | اپنے باپ دادا کو ان کی عبادت |
| عٰبِدِيْنَ ۔ | کرتے ہوئے پایا ہے۔ |
| قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ | ابراہیمؑ نے کہا تم بھی گمراہ |
| اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ | ہو اور تمہارے باپ دا بھی |
| ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ | گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔ |

(انبیاء آیت ۵۲، ۵۳، ۵۴۔ پ ۱۷)

Marfat.com

# حلفیہ بیان

میں تمہاری غیر حاضری میں ان کو تہس نہس کر دوں گا۔
قوم اپنے مشاغل میں مصروف ہو گئی۔ آپ نے حسب اعلان
جو کیا۔

| | |
|---|---|
| فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا | کر دیا ان کو ٹکڑے ٹکڑے |
| كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ | صرف بڑے کو چھوڑ دیا تاکہ |
| اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ۝ | وہ واپس آکر رجوع کریں۔ |

(انبیاء، ۵۸، پ۱۷)

قوم واپس پلٹی تو دیکھا اور کہا۔

| | |
|---|---|
| قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا | کہنے لگے جس نے ہمارے |
| بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ | خداؤں سے یہ کام کیا ہے۔ یقیناً |
| الظّٰلِمِيْنَ۔ | بڑا ظالم ہے۔ |

(انبیاء ۵۹، پ۱۷)

حضرت ابراہیمؑ کا حلفی اعلان تو انہوں نے پہلے سے سن رکھا تھا
فوراً کہنے لگے۔

| | |
|---|---|
| قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى | کہنے لگے ہم نے ابراہیم |
| يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ | علیہ السلام کو مخالفت کرتے |
| لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ؕ | سنا ہے۔ |

(انبیاء ۶۰، پ۱۷)

حضرت ابراہیمؑ کو بلایا گیا۔

| | |
|---|---|
| فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ۔ | کہنے لگے اس کو پکڑ کر لوگوں کے سامنے پیش کرو تاکہ لوگ گواہ ہو جائیں۔ |
| قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ۔ | ابراہیمؑ نے فرمایا۔ ہو سکتا ہے ان کے توڑنے والا بڑے نے یہ کام کیا ہو، پوچھو تو سہی اگر یہ بات کر سکتے ہیں۔ |

(انبیاء ۶۱، ۶۲، پ ۱۷)

حضرت ابراہیمؑ نے فوراً جواب دیا، جو کہ تبلیغی نقطہ نظر نہایت مؤثر تھا۔ ورنہ کسی کو معلوم نہ تھا۔ یہ تو حلفاً کہہ چکے ہیں کہ میں تمہارے معبودوں کا تیا پانچہ کروں گا۔

اسی انداز خطابت کا نتیجہ تھا کہ پوری مجلس میں ندامت کی وجہ سے گردنیں جھک گئیں۔ یہاں نہ جھوٹ بولنے کی گنجائش ہے اور نہ ہی خلیلِ خدا سے یہ توقع.... !

# حضرتؑ کی بیماری

اسی واقعہ بت شکنی سے پہلی کی گفتگو سے متعلق ہے۔ قوم نے آپ کو تہوار (میلے) میں لے جانے کی کوشش کی۔ تو آپ نے آسمان کی طرف دیکھا۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَنَظَرَ نَظْرَۃً فِی النُّجُوْمِ ۙ | پھر آپ نے آسمان کی طرف |
| فَقَالَ اِنِّیْ | دیکھا اور فرمایا، میری طبیعت |
| سَقِیْمٌ ۔ | خراب ہے ۔ |

(الصّٰفّٰت ، ۸۸ ، ۸۹) پ۲۳)

آپ کا یہ فرمانا کہ میں بیمار ہوں، فی الواقع آپ کی طبیعت میں گرانی تھی کون نہیں جانتا کہ ایک مصلح جب اپنا رزقِ حلال کمانے کے ساتھ بلا مفاد و معاوضہ قوم کی خیر خواہی اور خدمت سرانجام دیتا ہے، مگر قوم اعراض وانکار ہی نہیں بلکہ برسرِ پیکار ہوتی تو کیا مصلح کی طبیعت پر کوئی اثر نہیں پڑتا جب کہ نبی سے زیادہ کوئی مخلص اور احساس اور محنتی نہیں ہوتا۔ پیغمبر کی طبیعت پر اس طوفان بدتمیزی کا بہت زیادہ اثر ہوا کرتا ہے، جیسا کہ قرآن مجید نے اسی وجدانی کیفیت کا یوں تذکرہ کیا ہے ۔

| | |
|---|---|
| لَعَلَّکَ بَاخِعٌ | یہ لوگ ایمان نہیں لاتے تو |
| نَّفْسَکَ اَلَّا یَکُوْنُوْا | آپ اپنے آپ کو ہلاک کریں |
| مُؤْمِنِیْنَ ۔ | گے ۔؟ |

(الشّعراء ۳ ، پ۱۹)

اب اندازہ فرمایئے قوم کی فہم کا تصور سمجھا جائے کہ حضرت پر کذب کا الزام لگایا جائے ۔

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ

Marfat.com

# اِنَّکِ اُختِی

یہ واقعہ حضرت کی ہجرت کے دوران پیش آیا، جبکہ آپ مع رفیقہ حیات اس ظالم بدکار حکمران کی سرزمین سے گزر رہے تھے، پتہ چلا کہ یہ بدکار حکمران لوگوں کی عصمتوں کو لوٹتا ہے، یہاں تک کہ مسافروں پر دست درازی سے بھی باز نہیں آتا۔ اس کے مخبروں نے اطلاع دی۔ اس نے حضرت کو بلایا اور جناب سے حضرت سارہ کے بارے میں دریافت کیا آپ نے فرمایا یہ میری بہن ہے۔ پھر حضرت نے سارہ کے پاس آکر ساری صورت حال بیان فرمائی اور ساتھ ہی سارہ کو یہ تجویز بھی تبلادی کہ میں نے بہن کہا آپ بھی یہی کہیں۔ کہیں میرے اور آپ کے بیانات میں فرق آجائے اور میں جھوٹا ہو جاؤں۔

# حضرت کا کذب سے زبردست اجتناب

آپ کا بیک وقت جھوٹ سے زبردست اجتناب اور عفت و عصمت کی حفاظت کے سلسلہ میں فوری اقدام پر غور فرمایئں اور ساتھ ہی جناب سارہ سے وضاحت فرمادی کہ آپ کو میں نے اس لحاظ سے بہن کہا ہے۔

| | |
|---|---|
| فاتی سارۃ فقال | آپ واپس حضرت سارہ کے |
| یاسارۃ لیس علی وجہ | پاس تشریف لائے اور فرمایا |
| الارض مومن غیری | اس سرزمین پر میرے اور آپ |

Marfat.com

وغیرك وانّ هذا سالنی فاخبرتهٗ انّك اُختی فلا تکذبنی (بخاری جلد ۱)

کے سوا کوئی مومن نہیں، لہٰذا میں نے اس بنا پر بادشاہ کے سامنے تجھے بہن ظاہر کیا ہے اگر وہ آپ سے پوچھے آپ بھی یہی جواب دیں۔

گویا کہ یہ جو تعریض فرمائی تھی اس کی توجیہہ بھی بیان فرمادی تاکہ عزت بھی بچ جائے اور جھوٹ بھی زبان پر نہ آئے۔ اگر آپ ایسے موقعہ پر کذب بھی اختیار کرتے تو شرعًا اخلاقًا آپ کا استحقاق تھا۔ لیکن اس کے باوجود اس بات کو پسند نہیں فرمایا۔

## روزِ محشر آپ کا لفظ کِذب استعمال کرنا

قیامت کے روز جب ساری مخلوقِ خدا گھبرا جائے گی تو لوگ حضرت آدمؑ جناب نوحؑ اور پھر حضرت ابراہیم کے پاس جا کر عرض کریں گے۔ کہ آپ اللہ کے خلیل ہیں۔ لہٰذا آج آپ ہماری سفارش فرمائیں تاکہ حساب و کتاب شروع کیا جائے۔ جناب ابراہیم معذرت کریں گے اور ساتھ ہی اس کی وجہ بیان فرمائیں گے۔

قد کذبت ثلاث کذبات (ترمذی)

تقوٰی و طہارت اور معذرت پیش کرنے کا یہی تقاضا ہے، جو جناب نے اختیار فرمایا۔ اور اسی مناسبت کی بنیاد پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

بطور صفائی اور تذکرہ صدیقیت کی خاطر فرمایا کہ آپ نے پوری زندگی جھوٹ نہیں بولا اور تعریض توریہ بھی صرف تین دفعہ اختیار فرمایا، جس کو عرف عام جھوٹ سمجھ لیا جاتا ہے۔ شاید اسی وضاحت کی خاطر قرآن مجید نے ان کی صدیقیت کا خاص طور ذکر فرمایا تاکہ یہ مغالطہ بھی دور ہو جائے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ (مریم پ۱۶)

Marfat.com

# حضرتِ ابراہیم علیہ السلام

# فرقہ پرستی سے مُبرّا

# اور

# ملّتِ حنیف

# کے

# بانی تھے

Marfat.com

# ابراہیم علیہ السلام کی منفرد خوبی

آج تک کوئی اُمّت ایسی نہیں گزری جو ابراہیم کے مرتبہ ومقام کا انکار کرسکے۔ بلکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ اپنا تعلق جوڑنا ہر کوئی اپنے لیے باعث صد افتخار اور کلاہ امتیاز تصوّر کرتا ہے۔ جیسا کہ کلام پاک نے تعلق ابراہیم کے بارے میں ان کی مسابقت کا ذکر فرمایا۔ کہ یہودیوں اور عیسائیوں میں سے ہر ایک ابراہیم علیہ السّلام کو اپنے مذہب پر ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔

مَا كَانَ اِبْرَاهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۞ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

ابراہیمؑ نہ یہودی تھے اور نہ ہی عیسائی بلکہ وہ تو پکے مسلمان تھے اور آپؑ کا مشرکیں کے ساتھ کوئی تعلق نہ تھا۔ ابراہیمؑ کے ساتھ تعلق ان لوگوں کو تھا جو آپ کے متبع تھے۔ اور اب اس نبیؐ اکرم اور آپ کے ماننے والوں کو تعلق کا استحقاق ہے۔ اللہ ان کا مددگار ہے۔ جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں۔

(آل عمران ۶۷، ۶۸۔ پ ۳)

Marfat.com

# یہود و نصاریٰ کا کردار

## اللہ کی ذات کے منکر

وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ حَتّٰی نَرَی اللّٰہَ جَھْرَۃً فَاَخَذَتْکُمُ الصّٰعِقَۃُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝

جب تم نے موسیٰؑ سے مطالبہ کیا کہ اے موسیٰ ہم اس وقت تک تیری بات نہیں مانیں گے۔ جب تک اللہ کو صاف نہ دیکھ لیں۔

(البقرہ ۵۵ - پ۱)

فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰہَ جَھْرَۃً۔

کہنے لگے ہم اللہ کو صاف اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں۔

(النساء ۱۵۳ پ۶)

یہ مطالبہ اتنی شدت اور اصرار کے ساتھ کیا۔ اللہ کے نبی حضرت موسیٰؑ قوم کی بھلائی کی خاطر اپنے رب کے سامنے عرض گذار ہوئے۔ ! بالآخر موسیٰ علیہ السلام کی درخواست منظور کر لی گئی اور حکم ہوا کچھ لوگوں کا انتخاب کرو۔

وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَہٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا فَلَمَّآ اَخَذَتْھُمُ الرَّجْفَۃُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ

موسیٰ نے اپنی قوم سے ستر آدمیوں کو ہماری ملاقات کے لیے منتخب کیا۔ جب ان لوگوں کو ایک سخت زلزلے نے آلیا تو موسیٰ نے عرض

| | |
|---|---|
| اَهۡلَكۡتَهُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ وَاِيَّايَ ؕ | کیا اے میرے رب آپ چاہتے |
| اَتُهۡلِكُنَا بِمَا فَعَلَ | تو پہلے ہی ان کو اور مجھے ہلاک کر |
| السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنۡ | سکتے تھے آپ اس قصور میں جو |
| هِيَ اِلَّا فِتۡنَتُكَ ؕ تُضِلُّ | ہم میں سے چند نادانوں نے کیا تھا |
| بِهَا مَنۡ تَشَآءُ وَتَهۡدِيۡ | ہم سب کو ہلاک کر دیں گے؟ یہ |
| مَنۡ تَشَآءُ ؕ اَنۡتَ وَلِيُّنَا | تو آپ کی طرف سے بڑی آزمائش |
| فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَ | تھی۔ جس سے آپ جسے چاہتے ہیں |
| اَنۡتَ خَيۡرُ | گمراہی میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اور جسے |
| الۡغٰفِرِيۡنَ۔ | چاہتے ہیں ہدایت عطا فرما دیتے ہیں۔ |

(الاعراف ۱۵۵ پ ۹)

## بادشاہوں کی عبادت کرنے والی قوم

جب فاسق و فاجر ظالم اور سفاک حکمران فرعون نے اپنے رب ہونے کا دعویٰ کیا تو سوائے موسیٰ علیہ السلام کے کسی کو ہمت نہ ہوئی کہ اس کی تکذیب کرے اور اس کو منہ توڑ جواب دے۔

| | |
|---|---|
| فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ | کہا فرعون نے میں ہوں تمہارا بڑا |
| الۡاَعۡلٰى۔ | خدا۔ |

یہی انداز موسیٰ علیہ السلام سے اختیار کیا تھا۔

| | |
|---|---|
| قَالَ فَمَنۡ رَّبُّكُمَا | فرعون نے کہا کون ہے تمہارا رب |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| يٰمُوْسٰى۔ | اے موسیٰؑ! |

(طٰہٰ ۴۹ پ۱۶)

| | |
|---|---|
| قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا | فرعون کہنے لگا کون ہے ربّ |
| رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔ | العٰلمین ۔ |
| قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ | موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا |
| الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَاؕ | آسمانوں اور زمین کا رب اور ان سب |
| اِنْ كُنْتُمْ | چیزوں کا رب جو زمین و آسمان کے |
| مُوْقِنِيْنَ۔ | درمیان ہیں۔ اگر تم ماننے والے ہو |
| قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗ | فرعون نے اپنے آس پاس کے |
| اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ۔ | لوگوں سے کہا، کیا سن رہے ہو |
| قَالَ رَبُّكُمْ | موسیٰ علیہ السّلام نے کہا تمہارا |
| وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ | اور تمہارے فوت ہونے والے آبا کا |
| الْاَوَّلِيْنَ۔ | ربّ بھی وہی ہے۔ |
| قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ | فرعون! حاضرین اور وزیروں مشیروں |
| الَّذِیْۤ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ | کو کہنے لگا۔ تمہارا رسول جو تمہاری طرف |
| لَمَجْنُوْنٌ۔ | بھیجا گیا ہے۔ بالکل پاگل ہے۔ |
| قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ | موسیٰؑ نے فرمایا وہ مشرق و مغرب |
| وَالْمَغْرِبِ وَمَا | اور جو کچھ ان کے درمیان ہے۔ سب |
| بَيْنَهُمَاۤ اِنْ كُنْتُمْ | کا ربّ ہے بشرطیکہ تم عقل کر |

Marfat.com

تَعْقِلُوْنَ ۝ | والے ہو۔
قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ | فرعون! اگر تو نے میرے سوا
اِلٰهًا غَيْرِيْ | کسی اور کو معبود مانا تو تجھے بھی ان
لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ | لوگوں میں شامل کر دوں گا۔ جو
الْمَسْجُوْنِيْنَ ۝ | قید خانوں میں پڑے سڑ رہے ہیں

(الشعرآء۔ ۲۳ تا ۲۹ پ ۱۹)

# گائے پرستی

جب کوئی قوم شرک کی گندگی میں پھنس جائے تو ان کا ضمیر مردہ ہو جاتا ہے اور پھر ان کو کوئی حقیقت اپنی طرف نہ کھینچ سکتی ہے اور نہ ہی دلائل اس قوم کو قائل کر سکتے ہیں۔ بلکہ وہ قوم اپنے ہاتھوں سے بنائی ہوئی، اشیاء کے سامنے سجدہ ریز ہونے سے بھی نہیں چونکتی۔ یہی حالت بنی اسرائیل کی تھی۔

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى | موسیٰ کے پیچھے اس کی قوم کے لوگوں
مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ | نے اپنے زیوروں سے ایک بچھڑے
حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا | کا پتلا بنایا، جس میں سے بیل کی سی
لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا | آواز نکلتی تھی۔ کیا انہیں نظر نہ آیا
اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ | کہ وہ نہ ان سے بات کرتا ہے اور
وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا | نہ کسی معاملے میں ان کی راہنمائی کرتا

Marfat.com

اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا | ہے۔مگر پھر بھی انہوں نے اس کو
ظٰلِمِيْنَ۔ | معبود بنا لیا۔اور وہ بڑے ظالم تھے۔

(الْاَعْرَاف ۱۴۸ پ۹)

# اللہ تعالیٰ سے مذاق کرنے والے

قرآن مجید نے صاحبِ ثروت لوگوں کو ابھارنے اور پھر تسلی دینے کے لیے کہ تم مساکین پر مال خرچ کرو۔ تمہارا خرچ کیا ہوا مال ضائع نہیں گا۔بلکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کو تم قرض دے رہے ہو۔جس کی واپسی ہی نہیں۔بلکہ اللہ تبارک و تعالیٰ تمہیں قرض کے ساتھ دنیا و آخرت میں بیحد حساب عنایت فرمائیں گے۔

مَنْ ذَا الَّذِیْ يُقْرِضُ | کون ہے اللہ کو قرض دے
اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا | بہتر قرض تاکہ اللہ اُسے کئی گنا
فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ | بڑھا کر واپس کرے اور خرچ کرنے
اَجْرٌ كَرِيْمٌ۔ | والے کے لیے بہترین اجر ہے۔

(الحدید ۱۱، پ۲۷)

یہودیوں نے کہا لو اللہ غریب ہوگیا ہے۔اب وہ بندوں سے مانگتا پھرتا ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ | اللہ نے ان لوگوں کی بات کو سن
الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ | لیا ہے۔جو یہ کہتے ہیں کہ ا

Marfat.com

فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۤءُ۔ فقیر اور ہم غنی ہیں۔

(آل عمران ۱۸۱، پ ۴)

# اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنا

جب نبی کریمؐ نے بعض چیزوں کے حلال ہونے کی بحکم خداوندی وضاحت کی تو یہود و نصاریٰ کہنے لگے کہ آپ نے اپنے فائدے کے لیے ان چیزوں کو حلال کر دیا ہے۔ جو پہلے نبیوں پر حرام تھیں۔

اس الزام کے جواب میں ارشاد فرمایا۔

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

(آل عمران ۹۳، پ ۴)

کھانے کی یہ ساری چیزیں (جو شریعت محمدی میں حلال ہیں) بنی اسرائیل کے لیے بھی حلال تھیں۔ البتہ بعض چیزیں ایسی تھیں جنہیں تورات کے نازل ہونے سے پہلے اسرائیل نے خود اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔ ان سے کہہ اگر تم اپنے (اعتراض) میں سچے ہو تو لاؤ تورات پڑھو اس کو اگر تم سچے ہو۔

---

لہ بنی اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب تھا جس کا معنیٰ ہے۔ اللہ کا بندہ بنی اسرائیل کا معنیٰ ہوا۔ اسے اللہ کے بندے کی اولاد۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى | اس کے بعد بھی جو لوگ اپنی جھوٹی |
| اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ | بنائی ہوئی باتوں کو اللہ کی طرف |
| بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ | منسوب کریں۔ وہ درحقیقت ظالم |
| هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ | ہیں۔ |

(آلِ عمران ۹۴ - پ ۴)

# ذاتِ کبریا کے شریک بنانے والے

| | |
|---|---|
| لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا | یقیناً کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں |
| اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ | نے کہا اللہ تین میں سے ایک ہے |
| وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | (یعنی تین مل کر خدا مکمل ہوتا ہے) |
| وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا | حالانکہ ایک خدا کے سوا کوئی خدا نہیں |
| يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ | اگر یہ لوگ ان اپنی باتوں سے باز |
| الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ | نہ آئے تو ان میں سے جس جس نے |
| عَذَابٌ اَلِيْمٌ۔ | کفر کیا۔ اس کو دردناک سزا دی جائے گی |
| اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ | پھر کیا یہ اللہ سے توبہ نہ کریں گے |
| وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ وَ | اور اس سے معافی نہ مانگیں گے۔ |
| اللّٰهُ غَفُوْرٌ | اللہ بہت درگزر کرنے والا رحم کرنے |
| رَّحِيْمٌ ۝ | والا ہے۔ |
| مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ | مسیح ابن مریم اس کے سوا کچھ نہیں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ | کہ بس ایک رسول تھا۔ اس سے |
| مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ | پہلے بہت رسول گزر چکے تھے۔ |
| وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ط | اس کی ماں ایک پاکباز عورت تھی۔ |
| كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ | اور وہ دونوں کھانا کھاتے تھے۔ |
| اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ | دیکھو ہم کس طرح ان کے سامنے |
| لَهُمُ الْاٰيٰتِ | حقیقت کی نشانیاں بیان کرتے ہیں |
| ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى | اور پھر دیکھو یہ کدھر الٹے پاؤں پھرے |
| يُؤْفَكُوْنَ۔ | جاتے ہیں۔ |

(المائدہ ۷۳، ۷۴، ۷۵، پ۶)

## خدا کے بیٹے ٹھہرانا

| | |
|---|---|
| وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ | یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا |
| ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى | بیٹا ہے اور عیسائی کہتے ہیں، کہ |
| الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ | عیسیٰ اللہ کا بیٹا ہے۔ یہ بے حقیقت |
| قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ | باتیں ہیں، جو وہ اپنی زبانوں سے نکالتے |
| يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ | ہیں۔ ان لوگوں کو دیکھا دیکھی ہے۔ |
| كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ط | جو ان سے پہلے کفر میں مبتلا ہوئے |
| قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ج اَنّٰى | تھے۔ خدا کی مار ان پر، یہ کہاں سے |
| يُؤْفَكُوْنَ ٥ | دھوکہ کھا رہے ہیں۔ |

(التوبہ ۳۰، پ۱۰)

Marfat.com

# حضرت موسیٰ ؑ کو پریشان کرنیوالے

یہودی یہ بات آج بھی تسلیم کرتے ہیں کہ موسیٰؑ نہ صرف نبی ہیں بلکہ ہمارے محسن عظیم بھی! لیکن اپنے محسن عظیم کے ساتھ اس قوم نے جو سلوک کیا تورات کے مندرجہ ذیل صفحات اس بات پر گواہی دے رہے ہیں

(کتاب خروج ۵۔ ۲۰۔ ۲۱۔ ۱۴ وغیرہ)

قرآن حکیم نے صرف اتنا کہا کہ۔

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا | اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ ان |
| لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ | لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ، جنہوں نے |
| آذَوْا مُوسَىٰ | جناب موسیٰ کو اذیتیں دیں، پھر |
| فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا | اللہ نے ان کی بنائی باتوں سے |
| قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ | موسیٰ کی برائت کردی اور موسیٰؑ اللہ |
| اللَّهِ وَجِيهًا ۚ | کے نزدیک بڑے معزز تھے۔ |

(احزاب ۶۹، پ ۲۲)

نصاریٰ نے عیسیٰؑ کی والدہ حضرت مریم پر اخلاقی نوعیت کے الزامات لگائے۔ قرآن نے آکر ان کی بھی صفائی پیش فرمائی۔

لہ مذاق میں اکثر دوسرے کی تحقیر تضحیک پائی جاتی ہے۔

Marfat.com

# انبیاءؑ کے گستاخ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانۂ نبوّت میں ایک قتل کا معمّہ حل ہونے کو نہیں آتا۔ جناب کلیم اللہ نے بحکمِ خدا آرڈر دیا کہ تم گائے ذبح کرو اور اس گائے کا گوشت مردے کے ساتھ لگاؤ تو وہ بحکم خدا زندہ ہو کر اپنے قاتل کا خود نام تبلائے گا۔ وہ قتل کو چھپانے کے ساتھ گائے کے تقدس کے قائل ہونے کی وجہ سے اسے ذبح نہیں کرنا چاہتے تھے۔ حضرتؑ کا حکم ماننے کی بجائے اُلٹا گستاخیاں کرنے لگے۔ اور کہتے ہیں اے موسیٰ! تم تو ہمارے ساتھ مذاق کر رہے ہو۔ مذاق اور خدا کا پیغمبر اور پھر قتل جیسے سنگین معاملے ہیں۔ یاد رہے نبی خوش طبعی تو ضرور فرماتے ہیں، لیکن مذاق نہیں کیا کرتے۔

| | |
|---|---|
| وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی | پھر واقعہ یاد کرو۔ جب موسیٰؑ نے |
| لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ | اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تمہیں ایک |
| یَاْمُرُكُمْ اَنْ | گائے ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے |
| تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا | کہنے لگے کیا تم ہم سے مذاق کرتے |
| اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ | ہو؟ موسیٰ نے کہا کہ میں اللہ کی |
| اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ | پناہ چاہتا ہوں کہ جاہلوں کی سی |
| مِنَ الْجٰهِلِیْنَ ۔ | باتیں کروں۔ |

(البقرۃ ۶۷، پ۱)

Marfat.com

# انبیائے کرام علیہم السلام پر الزام لگانے والے

## حضرت موسیٰ علیہ السلام پر سنگین الزام لگاتے ہیں

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام ایک پہاڑ کے اوپر تشریف لے گئے۔ اتفاق کی بات حضرت ہارونؑ کا وہیں انتقال ہو گیا۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسی جگہ اپنے پیارے بھائی حضرت ہارونؑ کو دفن فرمایا۔ قوم نے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دلی افسوس کرنے کی بجائے الٹا قتل کا الزام لگایا کہ موسیٰؑ نے ہارونؑ کو قتل کر دیا ہے۔ بحکم خداوندی سے موسیٰ علیہ السلام اپنے بھائی کی لاش مبارک کو نکال کر ان کے سامنے لائے تو حضرت ہارون اللہ تعالےٰ کے حکم سے بولے اور اپنے بھائی کی برائت کی۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام پر یہ الزام بھی لگایا کہ ان کے بیضے بڑھ گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ ہمارے ساتھ ننگے نہیں نہاتے۔ حالانکہ ایک عام شریف انسان کسی کے سامنے ننگا نہیں ہوتا چہ جائے کہ پیغمبرِ خدا جو کہ شرم و حیا کا پتلا اور معلّم ہوتا ہے۔[1]

## حضرت سلیمان علیہ السلام پر الزام

یہودی قوم جب بدعملی اور بداخلاقی کا شکار ہوئی۔ تو انہوں نے یہ کہہ کر اپنے آپ کو تسلی دی کہ حضرت سلیمان بھی جادوگری کے ذریعے ہی اتنی بڑی حکومت

---

[1] تفصیل کے لیے دیکھئے تفسیر ابن کثیر پ ۲۲ سورۃ احزاب آیت ۶۹۔

کے مالک ہوئے تھے۔ یہاں بھی قرآن مجید نے سلیمان علیہ السلام کی صفائی پیش فرمائی۔

| | |
|---|---|
| وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا | ان چیزوں کی پیروی کرنے لگے جو |
| الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ | شیطان حضرت سلیمان کی حکومت کا |
| سُلَیْمٰنَ وَمَا كَفَرَ | نام لے کر پیش کرتے تھے۔ حالانکہ سلیمان |
| سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ | نے کبھی کفر نہیں کیا۔ کفر کے مرتکب تو |
| كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ | شیاطین تھے۔ جو لوگوں کو جادو گری |
| السِّحْرَ ق | سکھاتے تھے۔ |

(البقرۃ ۱۰۲، پ ۱)

## حضرت ہارونؑ پر بت پرستی کا الزام

بائبل میں بچھڑے کی پرستش کا واقعہ اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ کہ جب موسیٰ علیہ السلام کو پہاڑ سے آنے میں دیر لگی تو بنی اسرائیل نے ہارون سے فرمائش کی کہ ہمارے لیے معبود بنا دیجئے۔ تب ہارونؑ نے قوم کو بچھڑا بنا کر دیا۔ جس کو دیکھتے ہی بنی اسرائیل کہنے لگے یہ ہے ہمارا خدا، قرآن حکیم نے حضرت ہارونؑ کی بھی صفائی پیش فرمائی، جب موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ میرے بعد میری قوم گمراہ ہو گئی ہے۔ حالانکہ میں نے ہارونؑ کی ذمہ داری لگائی تھی۔ کہ ان کو وعظ و نصیحت کرتے رہیں۔ شاید اس کی سستی کی وجہ سے ایسا ہوا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنے بھائی کے گلے پڑ گئے۔ جناب ہارون عرض کرنے لگے، بھائی میں نے بڑی

کوشش کی کہ گائے پرستی نہ کریں یہ باز آنے کی بجائے الٹا مجھے قتل کرنے لگے۔ آپ مزید مجھ سے لڑکر ان کو خوش نہ کریں۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِنْ بَعْدِي أَعَجِلْتُمْ أَمْرَ رَبِّكُمْ وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ۔

ادھر موسیٰؑ غصے اور دکھ سے بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف پلٹے آتے ہی انہوں نے کہا بہت بری جانشینی کی تم لوگوں نے میرے بعد! کیا تم اتنا صبر بھی نہ کر سکے کہ اپنے رب کے حکم کا انتظار کر لیتے۔ تورات کی تختیاں پھینک دیں۔ اور اپنے بھائی ہارون کے سر کے بال پکڑ کر اسے کھینچا۔ ہارونؑ نے کہا اے میری ماں جائے بھائی۔ ان لوگوں نے مجھے دبا لیا۔ قریب تھا کہ مجھے مار ڈالتے آپ دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دیں اور ان ظالموں کے ساتھ مجھے شامل نہ کیجئے۔

اعراف ۱۵۰ پ۔

## نبیوں کے قاتل

علامہ ابن کثیرؒ نے تحریر فرمایا بنی اسرائیل ایک دن میں کئی نبیوں کو

Marfat.com

کو قتل کر ڈالتے تھے، کیونکہ بعض دفعہ ہر بستی میں الگ الگ نبی مبعوث کیے جاتے، حتیٰ کہ سورہ یٰسین میں فرمایا گیا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ ایک بستی میں ہم نے بیک وقت تین نبی بھیجے تاکہ ایک دوسرے کی معاونت کریں۔

| | |
|---|---|
| اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ | جب بھی کوئی رسول تمہاری خواہشات |
| رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى | نفس کے خلاف کوئی چیز لے کر |
| اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ | تمہارے پاس آیا۔ تو تم نے اس |
| فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ | کے مقابلے میں سرکشی کی کچھ کو جھٹلا |
| وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝ | دیا کچھ انبیاء کو قتل کر ڈالا۔ |

(البقرہ ۸۷، پ ۱)

# نصاریٰ کا اقبالِ جرم

عیسائی آج تک یہ کہتے آئے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کو ہم نے قتل کیا ہے کچھ کہتے ہیں نہیں وہ خود ہمارے گناہوں کا کفارہ بننے کے لیے سولی چڑھ گئے قرآن مجید نے اس بات کی تردید کی کہ تم نے تو عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کی کسر نہیں چھوڑی، یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ ہے کہ اس نے اپنے نبی عیسیٰ علیہ السلام کو بچا لیا۔ اور تم نے اپنے ہی کسی آدمی کو شبہ میں تختہ دار پر چڑھا دیا۔

| | |
|---|---|
| وَقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا | اور خود کہا کہ ہم نے عیسیٰ ابن مریم |
| الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ | رسول اللہ کو قتل کر ڈالا ہے۔ حالانکہ |
| مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ | فی الواقع انہوں نے نہ اس کو |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ | قتل کیا اور نہ ہی صلیب پر |
| وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ | کھینچا بلکہ معاملہ ان کے لیے مشتبہ کر دیا گیا |

(النساء، پ٦ آیت ١٥٧)

## کتاب اللہ کو فروخت کرنا

| | |
|---|---|
| وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ | اور میں نے جو کتاب بھیجی ہے |
| مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ | اس پر ایمان لاؤ۔ یہ اس کتاب |
| وَلَا تَكُوْنُوْا | کی تائید کرتی ہے جو تمہارے |
| اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ | پاس پہلے موجود تھی۔ لہٰذا سب |
| وَلَا تَشْتَرُوْا | سے پہلے تم ہی اس کے ساتھ |
| بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا | انکار نہ کرو، تھوڑی (دنیا فانی) |
| قَلِيْلًا وَّاِيَّايَ | قیمت پر میری آیات کو نہ بیچ ڈالو |
| فَاتَّقُوْنِ ۝ | اور میرے غضب سے بچو۔ |

(البقرۃ ۴۱، پ۱)

## حق و باطل کا التباس نہ کرو

| | |
|---|---|
| وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ | باطل کا رنگ چڑھا کر حق کو مشتبہ |
| بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ | نہ بناؤ اور جانتے ہوئے |
| وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ | حق کو نہ چھپاؤ |

(البقرۃ ۴۲، پ۱)

Marfat.com

# کتاب اللہ کے ساتھ ان کا سلوک

## تحریفِ کتاب

| | |
|---|---|
| اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ یُّؤْمِنُوْا | اے مسلمانو! اب کیا ان لوگوں سے |
| لَكُمْ وَقَدْ كَانَ | توقع رکھتے ہو کہ وہ تمہاری دعوت |
| فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَسْمَعُوْنَ | پر ایمان لے آئیں گے۔ حالانکہ ان |
| كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ یُحَرِّفُوْنَهٗ | میں ایک گروہ ایسا ہے جو اللہ کا |
| مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ | کلام سُن کر پھر سمجھنے کے باوجود اس |
| وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ○ | کو بدل دیتا ہے۔ |

(البقرۃ ۷۵، پ۱)

# کتابِ الٰہی سے بے پرواہی کرنا

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ | اور جب ان کے پاس اللہ کی |
| مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ | طرف سے کوئی رسول اس کتاب |
| لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِیْقٌ | کی تصدیق وتائید کرتا ہوا آیا۔ جو |
| مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ | ان کے ہاں پہلے سے موجود تھی۔ |
| كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ | تو اہل کتاب میں سے ایک |
| ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ | گروہ نے کتاب اللہ کو پس پشت |
| لَا یَعْلَمُوْنَ ۔ | ڈال دیا گویا وہ کچھ جانتے ہی نہیں۔ |

(البقرۃ ۱۰۱۔ پ۱)

Marfat.com

# کتاب اللہ کے کچھ حصّے کو معطل کرنا

| | |
|---|---|
| اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ | کیا تم کتاب کے کچھ حصّے پر ایمان |
| الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ | لاتے ہو اور دوسرے حصّے کے |
| فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ | ساتھ کفر کرتے ہو۔ پھر تم میں |
| ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا | سے جو لوگ ایسا کریں۔ ان کی سزا |
| خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ | اس کے سوا اور کیا ہے، دنیا کی زندگی |
| الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ | میں ذلیل و خوار ہو کر رہیں اور آخرت |
| يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ | میں شدید ترین عذاب کی طرف پھیر |
| الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ | دیئے جائیں، اللہ ان حرکات سے |
| بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۔ | بے خبر نہیں ہے، جو تم کر رہے ہو۔ |

(البقرۃ ۸۵، پ۱)

# کتاب میں اضافے کی جسارت

| | |
|---|---|
| فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ | پس ہلاکت اور تباہی ان لوگوں |
| الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ | کے لیے، جو اپنے ہاتھوں سے |
| ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ | شرع کا نوشتہ لکھ لیتے ہیں، پھر |
| عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا | لوگوں سے کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے |
| بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ | پاس سے آیا ہے، تاکہ اس کے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَوَيْلٌ لَّهُمْ | معاوضے میں تھوڑا فائدہ حاصل |
| مِّمَّا كَتَبَتْ | کریں۔ ان کے ہاتھوں کا یہ لکھا |
| أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ | بھی ان کے لیے تباہی کا سامان ہے |
| لَّهُم مِّمَّا | اور ان کی کمائی بھی ان کے لیے موجب |
| يَكْسِبُونَ ۝ | ہلاکت ہے۔ |

## ملائکہ کے ساتھ عداوت رکھنے والے

یہودی صرف نبیؐ اکرم اور آپ کے مخلص ساتھیوں کو ہی بُرا نہیں کہتے تھے بلکہ اللہ تعالےٰ کے پیغامات وارشادات لانے والے فرشتوں سے بھی اپنی عداوت مخاصمت کا اظہار کرتے رہتے تھے۔

| | |
|---|---|
| قُلْ مَن كَانَ | ان سے کہہ دیجیے کہ جو کوئی جبریل |
| عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ | سے عداوت رکھتا ہے۔ اسے معلوم |
| فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ | ہونا چاہیے کہ جبریل نے اللہ ہی |
| قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ | کے حکم سے یہ قرآن آپ کے دل |
| مُصَدِّقًا لِّمَا | پر اتارا ہے، جو پہلے آئی ہوئی کتابوں |
| بَيْنَ يَدَيْهِ وَ | کی تصدیق وتائید کرتا ہے اور ایمان |
| هُدًى وَبُشْرَىٰ | لانے والوں کے لیے ہدایت اور |
| لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ | کامیابی کی بشارت بن کر آیا ہے۔ |
| مَن كَانَ عَدُوًّا | اگر جبرئیل سے ان کی عداوت کا |

Marfat.com

لِّلّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجِبْرِیْلَ وَمِیْکٰلَ فَاِنَّ اللّٰہَ عَدُوٌّ لِّلْکٰفِرِیْنَ۔

سبب یہی ہے (تو کہہ دو کہ) جو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل کے دشمن ہیں۔ اللہ ان کافروں کا دشمن ہے۔

(البقرۃ ۹۷، ۹۸، پ۱)

# تارکِ نماز قوم

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

پس جانشین ہوئے پیچھے ان کے بُرے لوگ کہ ضائع کیا انہوں نے نماز کو اور پیروی کی خواہشوں کی۔ پس ملاقات کریں گے غیّ کی۔

(مریم ۵۹، پ۱۶)

# ملّت حنیف میں نماز کی اہمیّت

نماز دینِ حنیف کا اہم جزو ہی نہیں۔ بلکہ پورے دین کا دارومدار ہی نماز پر رکھا گیا ہے، جیسا کہ نبیٔ رحمتؐ نے فرمایا۔ اس دین میں خیر کا کوئی پہلو نہیں جس میں نماز نہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب شیر خوار بچے اور اس کی

والدہ مکرمہ کو بے آب و گیاہ میدان کعبہ کے پاس چھوڑا تو اس وقت دُعا کی اے خداوند کریم میں نے اس لیے تیرے گھر کے پاس ان کو بسایا ہے تاکہ نماز پڑھتے رہیں۔

| | |
|---|---|
| رَبَّنَآ اِنِّیٓ اَسۡکَنۡتُ | ہمارے رب میں نے اپنی اولاد |
| مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ | کے ایک حصے کو تیرے محترم گھر |
| غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ | کے پاس لابسایا ہے، پروردگار میں |
| عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ | نے اس لیے کیا کہ یہ لوگ نماز |
| رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ۔ | قائم کریں۔ |

(ابراھیم ۳۷ پ۱۳)

| | |
|---|---|
| رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِیۡ وَ | پروردگار مجھے نماز قائم کرنے والا |
| لِوَالِدَیَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ | بنا اور میری اولاد کو بھی۔ الٰہی میری |
| یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ۔ | دُعا قبول فرما۔ |

(ابراھیم ۴۱، پ۱۳)

حضرت آدم علیہ السلام و نوح علیہ السلام اور ان کے رفقاء ابراہیم علیہ السلام اور ان کی نسل اور یعقوب علیہ السلام اور ان کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا جارہا ہے کہ یہ سب بزرگ ہدایت یافتہ اور خدا کے سامنے جھکنے والے تھے۔ لیکن ان کے بعد جو لوگ آئے ان کا حال یہ تھا، ترک نماز اور فواحش میں مبتلا ہو چکے تھے اور بالآخر یہ بات ان کی تباہی بربادی کا سبب بن گئی۔

| | |
|---|---|
| فَخَلَفَ مِنۡ بَعۡدِھِمۡ | پھر انبیاء اور ان کی اولاد کے بعد |

Marfat.com

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

ناخلف لوگ ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا۔ اور خواہشات نفس کی پیروی کی۔ پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام کو پہنچ جائیں

(مریم ۵۹، پ ۱۶)

## آخرت کے بارے میں خوش فہم

یہود و نصاریٰ اپنی بداعمالیوں بدکرداریوں کے باوجود یہ دعویٰ کرتے تھے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم نے دوزخ میں جانا ہی نہیں، کیونکہ جنّت ہمارے ہی لیے بنائی اور سجائی گئی ہے۔ ہاں اگر جانا پڑ گیا تو صرف چند دن جہنّم میں رہنا پڑے گا۔ اور پھر فوراً ہمیں جنّت میں داخلہ مل جائے گا ؎

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ط

اور کہنے لگے جنت میں کوئی داخل نہیں ہو سکے گا، سوائے یہودی یا عیسائی کے۔

(بقرۃ ۱۱۱، پ ۱)

وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ط قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ

وہ کہتے ہیں دوزخ کی آگ ہمیں ہرگز چھونے والی نہیں الّا یہ کہ صرف چند ایّام کی سزا مل جائے۔ ان سے پوچھو کیا تم نے اللہ

Marfat.com

عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَالَا تَعْلَمُوْنَ ۝

سے کوئی عہد لے رکھا ہے کہ جس کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ یا تم اللہ کے ذمہ وہ باتیں لگاتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

(بقرۃ ۸۰ ، پ ۱)

# بلکہ آخرت کے منکر

قرآن مجید نے ان کے جھوٹے دعوٰی اور خوش فہمیوں کو واضح کرنے کیلئے چیلنج کے انداز میں فرمایا کہ اگر واقعتاً ایسا ہے تو تمہیں حقیر دنیا کی بجائے آخرت میں ابدی جنت اور اس کی نعمتوں کے حصول کے لیے موت کی تمنا کرنی چاہیئے۔

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ عَظِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

ان سے کہو اگر واقعی اللہ کے نزدیک آخرت کا گھر تمام انسانوں کو چھوڑ کر صرف تمہارے ہی لیے ہے۔ تب تو تمہیں موت کی تمنا کرنی چاہیئے اگر تم اپنے خیال میں سچے ہو۔ یقین جانو یہ کبھی بھی اس کی تمنا نہ کریں گے۔ اس لیے کہ اپنے ہاتھوں سے جو کچھ کما کر انہوں نے وہاں بھیجا ہے۔ اس کا اقتضا یہی ہے۔ کہ یہ وہاں جانے

(البقرہ ۹۴، ۹۵) (پ۱)

کی تمنا نہ کریں) اللہ ان ظالموں کے حال سے خوب واقف ہے۔

## حرام خور

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ۔

تم دیکھتے ہو، کہ ان کی اکثریت گناہ اور ظلم و زیادتی کے کاموں میں دوڑ دھوپ کرتی پھرتی ہے۔ اور حرام کا مال کھاتے ہیں۔ بہت بری حرکات ہیں جو یہ کرتے پھرتے ہیں۔ کیوں ان کے علماء اور مشائخ انہیں گناہ پر زبان کھولنے اور حرام کھانے سے نہیں روکتے؟ یقیناً بہت ہی برا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

(المائدہ ۶۲، ۶۳۔ پ۶)

## عبادات و اخلاقیات سے عاری قوم

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

یاد کرو بنی اسرائیل سے ہم نے پختہ عہد لیا تھا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا، ماں باپ

| | |
|---|---|
| وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا | کے ساتھ، رشتے داروں کے ساتھ، |
| وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ | یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ نیک سلوک |
| الْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ | کرنا۔ لوگوں سے بھلی بات کرنا، نماز |
| حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ | قائم کرنا، اور زکوٰۃ دینا۔ مگر تھوڑے |
| اٰتُوا الزَّكٰوةَ، ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ | آدمیوں کے سوا تم سب اس عہد |
| اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ | سے پھر گئے اور اب تک پھرے |
| مُّعْرِضُوْنَ ۝ | ہوئے ہو۔ |
| وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ | پھر ذرا یاد کرو، ہم نے تم سے مضبوط |
| لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ | عہد لیا تھا۔ کہ آپس میں ایک دوسرے |
| وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ | کا خون نہ بہانا اور نہ کسی کو گھر سے |
| مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ | بے گھر کرنا تم نے اس کا اقرار کیا |
| وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝ | تھا۔ تم خود اس پر گواہ ہو۔ |
| ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ | مگر آج وہی تم ہو کہ اپنے بھائیوں |
| تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ | کو قتل کرتے ہو۔ اپنی برادری کے |
| تُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ | کچھ لوگوں کو بے خانماں کر دیتے |
| مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ | ہو۔ ظلم و زیادتی کے ساتھ ان کے |
| عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ | خلاف جتھے بندیاں کرتے ہو۔ |
| وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى | اور جب وہ لڑائی میں پکڑے ہوئے |
| تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ | تمہارے پاس آتے ہیں۔ تو ان کی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ | رہائی کے لیے فدیہ کا لین دین کرتے |
| اِخْرَاجُهُمْ ؕ اَفَتُؤْمِنُوْنَ | ہو۔ حالانکہ انہیں ان کے گھروں |
| بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ | سے نکالنا ہی سرے سے تم |
| تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ | پر حرام تھا۔ تو کیا تم کتاب کے ایک |
| فَمَا جَزَآءُ مَنْ | حصے پر ایمان لاتے ہو اور دوسرے |
| يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ | حصے کے ساتھ کفر کرتے۔ پھر تم میں |
| اِلَّا خِزْيٌ فِي | سے جو لوگ ایسا کریں۔ ان کی سزا اس |
| الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَ | کے سوا اور کیا ہے کہ دنیا کی زندگی میں |
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ | ذلیل و خوار ہو کر رہیں۔ اور آخرت |
| اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ط | میں شدید ترین عذاب کی طرف پھیر |
| وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ | دیئے جائیں۔ اللہ ان کی حرکات |
| عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۔ | سے بے خبر نہیں ہے جو تم کر رہے ہو |
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت |
| اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا | بیچ کر دنیا کی زندگی خرید لی ہے۔ |
| بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ | لہٰذا ان کی سزا میں کوئی تخفیف |
| عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ | ہوگی اور نہ انہیں کوئی مدد پہنچ |
| يُنْصَرُوْنَ ۔ | سکے گی۔ |

(البقرۃ ۸۳، ۸۴، ۸۵، ۸۶ - پ۱)

بنی اسرائیل کا مذکورہ کردار دیکھ کر ایک عام آدمی بھی اندازا لگا سکتا

ہے کہ ایسی قوم کا حضرت ابراہیم کے ساتھ تو درکنار ایک شریف آدمی کے ساتھ بھی واسطہ جوڑنا اخلاق کردار کے پرخچے اڑانے کے مترادف ہے اس لیے قرآن حکیم نے صاف صاف اعلان کیا کہ۔

## ابراہیم علیہ السلام سب سے کٹ گئے۔

| | |
|---|---|
| قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (آلِ عمران ۹۵، پ۴) | کہو اللہ نے سچ فرمایا کہ تمہیں یکسو ہو کر ابراہیم کے طریقہ کی پیروی کرنی چاہیئے۔ ابراہیمؑ شرک کرنے والوں سے نہ تھے۔ |
| مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ | ابراہیمؑ نہ یہودی تھے نہ عیسائی، بلکہ وہ تو ایک مسلم یکسو تھے اور وہ ہرگز مشرکوں میں سے نہ تھے۔ |

## حضرتؑ کے ساتھ صرف اُمّتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق ہے

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَھٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰهُ | ابراہیمؑ سے نسبت رکھنے کا سب سے زیادہ حق اگر کسی کو پہنچتا ہے تو ان لوگوں کو پہنچتا ہے، جنہوں نے اس کی پیروی کی اور اب یہ نبی اور اس کے ماننے والے اس نسبت |

وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ سے زیادہ حق دار ہیں ۔ اللہ صرف
(آلِ عمران ۶۷، ۶۸) انہی کا حامی و مددگار ہے جو ایمان رکھتے ہوں

# بڑے مہمان نواز

حضرت ابراہیمؑ کے متعلق یہاں تک سوانح نگاروں نے لکھا کہ وہ اُس وقت تک کھانا نہیں کھاتے تھے ۔ جب تلک کسی مہمان کو یا مسکین کو اپنے ساتھ کھلانہ لیتے ۔ تاہم قرآن مجید میں ان کی مہمان نوازی کا ایک واقعہ موجود ہے ۔

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِیْذٍ ۝
(هود ۶۹)
(پارہ ۱۲)

(جب ابراہیمؑ کے پاس ہمارے فرشتے خوشخبری لے کر آئے ۔ فرشتوں نے کہا تم پر سلام ہو ۔ حضرت ابراہیم نے جواب دیا تم پر بھی سلام ہو ۔ پھر کچھ دیر نہ گزری کہ ابراہیم ایک بُھنا ہُوا بچھڑا ۔ ان کی ضیافت کے لیے لے آئے)

Marfat.com

# دنیا اور آخرت میں معزز

وَاٰتَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً ط وَاِنَّہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ہ

اور ہم نے ابراہیمؑ کو دنیا میں عزت و عظمت عطا کی اور آخرت میں یقیناً صالحین سے ہوگا۔

(النّحل ۱۲۲، پ ۱۴)

# حضرت ابراہیم علیہ السلام صاحبِ قوّت اور صاحبِ معرفت تھے

وَاذْکُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰہِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ اُولِی الْاَیْدِیْ وَالْاَبْصَارِ ہ

ہمارے بندوں ابراہیمؑ، اسحٰق اور یعقوب کا ذکر کرو۔ وہ بڑے ہی قوّتِ عمل رکھنے والے اور صاحبِ بصیرت تھے۔

(صٓ ۴۵، پ ۲۳)

حافظ ابن کثیر اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں۔ کہ تینوں بزرگ بڑے عاملِ عبادتِ خدا میں بڑے قوّی، قدرت کی طرف سے ان کو وافر بصیرت دی گئی تھی جس کی بنا پر وہ ہر وقت آخرت کا خیال رکھنے والے تھے اور دنیا کو کوئی اہمیّت نہیں دیتے تھے۔

Marfat.com

# آپؑ اپنی ذات میں انجمن تھے

جو کام بڑی بڑی منظم جماعتیں نہ کر پاتیں۔ جناب ابراہیم علیہ السلام تنہا ہوتے ہوئے کر گزرتے۔ اسی لیے قرآن حکیم نے اُن کی ذات گرامی کو ایک جماعت سے تعبیر کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ | امر واقعہ ہے کہ ابراہیمؑ اپنی |
| اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ | ذات میں ایک پوری جماعت تھے |
| حَنِیْفًاؕ وَلَمْ یَكُ | اللہ کے تابع دار اور یکسو وہ |
| مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۔ | کبھی مشرکین کے ساتھی نہ تھے۔ |

(النحل ۱۲۰ پ۱۴)

# جامع صفات شخصیت

| | |
|---|---|
| اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً | واقعہ یہ ہے۔ کہ ابراہیم اپنی ذات |
| قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًاؕ وَلَمْ | میں ایک پوری امت تھا۔ اللہ کا |
| یَكُ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۙ شَاكِرًا | کامطیعِ فرمان اور یکسو، وہ کبھی |
| لِّاَنْعُمِهٖؕ | مشرک نہ تھا۔ اللہ کی نعمتوں کا شکر گزار |

(النحل ۱۲۰، ۱۲۱ ۔ پ۱۴)

Marfat.com

# حضرت ابراہیم علیہ السلام

## دنیاوی عزت و عظمت

قرآنِ مجید نے ارشاد فرمایا۔ کہ ہم نے جناب ابراہیمؑ کو دنیا اور آخرت میں عزت و عظمت عنایت فرمائی۔

| | |
|---|---|
| وَاٰتَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَا | اور ہم نے آپ کو دنیا میں عزت |
| حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ | عطا کی اور آخرت میں آپ نیک |
| لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ؕ | لوگوں کے ساتھی ہوں۔ |

(النحل ۱۲۲، پ ۱۴)

حضرت کا تعلق جس دور سے ہے۔ اس دور کو معاشی تاریخ میں گلّہ بانی کا دور شمار کیا جاتا ہے۔ اس وقت کی سب سے بڑی دولت بھیڑ بکریاں تھیں۔ حضرت کے پاس اتنا مال تھا۔ کہ بڑے سے بڑا جنگل بھی تنگیٔ داماں کی شکایت کر رہا تھا۔[1]

## دینی عظمت و فضیلت

آپ کی دینی عظمت و بزرگی کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے۔ کہ سرورِ کائنات فخرِ موجودات کو متعدد مقامات پر حکم دیا گیا۔ کہ اے نبیؐ

---

[1] انبیائے قرآن۔

Marfat.com

رحمت آپ بھی ملت ابراہیم کی اتباع کریں۔

| | |
|---|---|
| قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ | کہہ دیجئے اللہ نے جو فرمایا سچ فرمایا ہے۔ تم یکسو ہوکر ابراہیمؑ کے طریقہ کی اتباع کرتے جاؤ۔ ابراہیمؑ کا مشرکوں سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ |

(آل عمران ۹۵ پ)

| | |
|---|---|
| وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا۔ | اس شخص سے بہتر کس کا طرز عمل ہو سکتا ہے۔ جس نے اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا اور اپنا رویہ نیک رکھا اور یکسو ہوکر ابراہیم کے طریقے کی پیروی کی جسے اللہ نے اپنا دوست بنا لیا تھا۔ |

(النساء ۱۲۵ - پ۵)

# ساری دُنیا کی قیادت وسیادت

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ساری دنیا کی قیادت وسیادت وامامت سے نوازا گیا۔

| | |
|---|---|
| وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ | جب ابراہیم علیہ السلام کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا |

Marfat.com

فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ۝

اور وہ ان سب میں پورے اترا تو اللہ نے فرمایا۔ اے ابراہیمؑ! میں تجھ کو سب دنیا کا پیشوا بنانے والا ہوں ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا۔ کیا میری اولاد سے بھی یہی وعدہ ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ میرا وعدہ ظالموں کے لیے نہیں ہے۔

(البقرۃ ۱۲۴ - پ۱)

# آپ کی ازواجِ مطہّرات

## حضرت سارہ اور ان کے لختِ جگر

آپؑ کی اہلیہ حضرت سارہ جو کہ آپ کی ازواج میں سے سب سے بڑی ہیں ان کا تذکرہ قرآن حکیم نے ان الفاظ کے ساتھ فرمایا۔

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ۔

اور ابراہیم علیہ السلام کی اہلیہ بھی آپ کے پاس کھڑی تھیں۔

(ھود ۷۱، پ۱۲)

فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ یَعْقُوْبَ۔

اس وقت ہم نے (سارہ) کو اسحٰق اور اس کے بعد پوتے یعقوب کی خوشخبری دی۔

(ھود ۷۱، پ۱۲)

Marfat.com

وہ اس خوشخبری پر تعجب کرتی ہوئی بے اختیار بول پڑیں۔
ہائے افسوس میں بچے کو جنم دوں گی۔ جبکہ میں بڑھیا پھوس اور میرے خاوند بوڑھے ہو چکے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قَالَتۡ يٰوَيۡلَتٰٓى ءَاَلِدُ | وہ بولی، ہائے میری شامت۔ کیا |
| وَاَنَا عَجُوۡزٌ وَّهٰذَا بَعۡلِىۡ | میرے ہاں اولاد ہوگی۔ جبکہ میں |
| شَيۡخًا‌ ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىۡءٌ | بانجھ اور میرا خاوند نہایت بوڑھا ہو |
| عَجِيۡبٌ‏۔ | چکا ہے۔ یہ تو بڑی عجیب بات ہے |

(ھود ۲۔۷۲۔ پ۱۲)

## فرشتوں نے تشفی دی

| | |
|---|---|
| قَالُوۡۤا اَتَعۡجَبِيۡنَ مِنۡ | کیا آپ اللہ کے حکم پر تعجب کرتی |
| اَمۡرِ اللّٰهِ‌ رَحۡمَتُ | ہیں؟ اے ابراہیم کے اہلِ خانہ تم |
| اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيۡكُمۡ | پر تو اللہ کی رحمت اور برکت ہے۔ |
| اَهۡلَ الۡبَيۡتِ‌ؕ اِنَّهٗ | یقیناً اللہ نہایت قابلِ تعریف اور |
| حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ‏۔ | بڑی شان والا ہے۔ |

(ھود ۷۳۔ پ۱۲)

## فرشتے مزید کہتے ہیں

کہ آپ چاہیں یا نہ چاہیں یہ تو ہونے والا ہے اور یہی تمہارے رب

کا اٹل فیصلہ ہے اور اس بشارت کی تکمیل کس طرح ہوگی وہ اس تکمیل اور حکمت کو خوب جانتا ہے۔

قَالُوْا كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ۔

انہوں نے کہا یہی کچھ فرمایا ہے تیرے رب نے وہ حکیم اور علیم ہے۔

(الذّٰریٰت ۳۰۔ پ۲۶)

## حضرت اسحٰق علیہ السلام

جناب اسحٰق علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام سے تیرہ یا چودہ سال چھوٹے ہیں۔ حضرت اسحٰقؑ جن کی سیرت طیبہ کا ہم نے صفحہ نمبر پر تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔ آپ ہی کے بطن مبارک سے پیدا ہوئے۔ جیسا کہ آپ ابھی پڑھ رہے تھے سابقہ کے بارے میں ارشاد فرمایا جا رہا ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور ہم نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحٰق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کیے اور اس کی نسل کو کتاب اور نبوت سے نوازا اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو دنیا و آخرت میں سرفراز کیا اور آخرت میں آپ صالحین میں سے ہیں۔

(العنکبوت ۲۷ پ۲۰)

Marfat.com

# آپ کی وفات

حضرت اسحٰق علیہ السّلام نے ۱۸۰ رسال کی عمر میں وفات پائی آپ کو آپ کی والدہ ماجدہ حضرت سارہ اور والد گرامی ابراہیم علیہ السلام کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ جب آپ نے انتقال فرمایا تو حضرت یعقوب علیہ السلام جوان ہو چکے تھے

# اولاد

حضرتؑ کے دو بیٹے تھے، عیسوؑ لقب ادوم تھا۔ جن کی نسل سے حضرت ایوبؑ کا تعلق ہے۔

دوسرے حضرت یعقوبؑ تھے اور ان کا تخلص تھا، اسرآئیل، جیسا کہ ہم نے عرض کیا تھا اور یوسفؑ، سلیمانؑ، موسیٰؑ، یحییٰؑ گویا کہ اکثریت انبیاء کی اسی خاندان سے متعلق ہے۔

# حضرتِ ہاجرہ اور آپ کے فرزندِ ارجمند

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری رفیقہ حیات حضرت ہاجرہؓ جن کی سیرتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں کو قرآن مجید نے اجاگر کرنے کے ساتھ ان کی زندگی سے وابستہ واقعات اور مقامات کو شعائر اللہ کہہ کر بطور اجر و ثواب زیارت گاہ بنا دیا۔ اور ان کے صبر و رضا کے واقعات کا اس طرح ذکر کیا۔ کہ رہتی دنیا تک ان کا تذکرہ ہوتا رہے گا۔ دخترانِ اسلام میں یہ مرتبہ و مقام صرف

Marfat.com

امّ اسمٰعیل کو نصیب ہوا۔

یہ مرتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

## حضرت ابراہیمؑ کے بڑے صاحبزادے اسماعیلؑ

حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے فرزند اکبر ہیں۔ اس حقیقت کا اعتراف توراۃ میں تحریف ہونے کے باوجود کتاب پیدائش (باب ۱۷-۲۴-۲۵-) میں موجود ہے۔ اس تصریح کے ساتھ کہ اس وقت جناب خلیل خدا کی عمر ۸۶ سال کی تھی۔ جب اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے اور جب حضرت اسحٰق علیہ السلام پیدا ہوئے تو آپؑ کی عمر ننانوے ۹۹ یا سو ۱۰۰ سال کی تھی۔

## حضرت اسماعیل کا مسکن و مدفن

مورخین کی تحقیق کے مطابق آپ کنعان میں پیدا ہوئے اور آپؑ نے مکہ معظمہ میں ۱۳۷ سال کی عمر میں وفات پائی۔ بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے۔ آپ کو کعبہ کے پہلو مطاف میں دفن کیا گیا۔

## خلیلؑ کی اللہ تعالیٰ سے التجا

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِيْنَ۔ — پروردگار! مجھے صالح اولاد عطا فرما۔

(الصّٰفّٰت ۱۰۰ پ۲۳)

Marfat.com

## قبولیتِ دُعا

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی دُعا کافی مدّت کے بعد بلکہ بڑھاپے میں
قبول فرمائی

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ۔ — ہم نے اس کو متحمل مزاج بچے کی بشارت دی۔

(الصّٰفّٰت آیت ۱۰۱۔ پ ۲۳)

# حضرت اسماعیل کے فضائل و مناقب

## ذبیح اللہ

یہودیوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگا کر یہ بات ثابت کرنے کی کوشش
کہ ذبیح اللہ اسماعیلؑ نہیں بلکہ اسحاق علیہ السلام ہیں۔ لیکن جیسا کہ فرقان حمید
فرمایا کہ خائن کبھی ہدایت نہیں پاتے [1] لہذا آج بھی تورات کتاب پیدائش
د باب ۱۶ تا ۲۰ میں موجود ہے۔ کہ حضرت اسماعیل علیہ السّلام حضرت اسحاق علیہ السّ
سے بڑے تھے۔ اور جناب ابراہیم علیہ السّلام نے اپنے اکلوتے بیٹے کی قر
پیش کی تھی۔ یعنی تورات اور دوسرے ذرائع سے ملنے والے دلائل سے ثا
ہوا۔ کہ اسماعیل بڑے ہیں تو پھر اکلوتے بیٹے اسماعیل ذبیح اللہ ہوئے یا اسحٰق

لَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ — سچ اور جھوٹ نہ ملاؤ اور جانتے ہوتے سچی بات کو نہ چھپاؤ۔

(پ ۱ بقرہ ۴۲)

---

[1] پ ۱۲، سورۃ یوسف ۵۲

Marfat.com

# قرآن حکیم کی وضاحت ذبیح اللہ کون ہے

| | |
|---|---|
| فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ | جب وہ (اسمٰعیلؑ) آپ کے ساتھ |
| قَالَ يَا بُنَيَّ إِنِّي أَرَىٰ | دوڑنے لگا تو کہا اے بیٹے میں |
| فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ | نے خواب میں دیکھا کہ تم کو ذبح |
| فَانْظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ | کر رہا ہوں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ |
| قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا | عرض کرنے لگے (اسمٰعیل) ابا جی کر |
| تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِي | گزریئے جو آپ کو حکم ہوا ہے۔ خدا |
| إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ | نے چاہا تو مجھے صبر کرنے والا پائیں |
| الصَّابِرِينَ۔ | گے۔ |
| فَلَمَّا أَسْلَمَا وَ | جب دونوں نے حکم مان لیا اور |
| تَلَّهُ لِلْجَبِينِ۔ | ابراہیمؑ نے اسماعیلؑ کو پیشانی کے بل لٹا دیا۔ |
| وَنَادَيْنَاهُ أَنْ يَا إِبْرَاهِيمُ ۔ | ہم نے آواز دی۔ اے ابراہیمؑ! |
| قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا ۚ | آپ نے وعدہ سچا کر دکھایا۔ |

حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ نے واقعہ قربانی میں اس قدر تسلیم ورضا کا مظاہرہ کیا جسکی بنا پر پورے قرآن مجید میں حلیم کا خطاب ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کے بغیر کسی نبی کو عطا نہیں کیا گیا۔ اس اندازِ خطاب والقاب سے بھی واضح ہوتا ہے کہ ذبیح اللہ جناب اسماعیل علیہ السلام ہیں۔

Marfat.com

# چاہِ زمزم

جیسا کہ بخاری شریف اور تمام سیرت اور کتب تاریخ سے ثابت ہے، کہ حضرت اسماعیل پیاس سے تڑپنے لگے تو ماں بیٹے کے شرب و اکل کے لیے دوڑی تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے نے اسماعیل کی ایڑیوں تلے چشمۂ زمزم کو جاری کیا۔

# محرکِ سعی صفا و مروہ

یہ بات بھی بام حقیقت کو پہنچ چکی ہے کہ اسماعیل کو پیاس لگی اور امّ اسماعیل نے پانی کی تلاش کے لیے بے قراری کے عالم میں صفا مروہ کے چکّر کاٹے۔ جس کو اللہ تعالےٰ نے شعائر اللہ کہہ کر مناسکِ حج میں شمار فرمایا۔

# معمارانِ کعبہ

قرآن مجید نے تعمیر کعبہ کے سلسلہ میں حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ تو حضرت اسماعیلؑ کا برابر ذکر فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ | جب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ بیت اللہ کی دیواریں اونچی کر رہے تھے۔ تو یہ دعا کر رہے تھے۔ اے اللہ ہماری خدمات کو قبول فرما۔ |

(بقرہ ۱۲۷، پ ۱)

# خدّامِ کعبہ

| | |
|---|---|
| وعھدنآ الیٰ ابراھیم | ہم نے ابراہیم اور اسماعیل سے |
| واسمٰعیل ان طھّرا | (خدمتِ کعبہ کا) عہد لیا تھا۔ کہ طواف |
| بیتی للطّآئفین والعٰکفینَ | اعتکاف۔ رکوع اور سجدہ کرنے والوں |
| وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ ۝ | کیلیے میرے گھر کو پاک صاف رکھنا۔ |

(البقرہ ۱۲۵ پ۱)

# کارِ نبوت کی انجام دہی

| | |
|---|---|
| وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ | اور اس کتاب سے اسمٰعیل کا ذکر کرو |
| اِسْمٰعِیْلَ اِنَّہٗ کَانَ صَادِقَ | وہ وعدے کے سچے نبی اور رسول |
| الْوَعْدِ وَکَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا۔ | تھے۔ |
| وَکَانَ یَاْمُرُ اَھْلَہٗ بِالصَّلٰوۃِ | وہ اپنے گھر والوں کو نماز زکوٰۃ |
| وَالزَّکٰوۃِ وَکَانَ عِنْدَ رَبِّہٖ | کا حکم کرتے تھے اور اپنے |
| مَرْضِیًّا۔ | رب کے پسندیدہ تھے۔ |

(مریم ۵۴، ۵۵۔ پ۱۶)

# نبی اکرمؐ کا خراجِ تحسین

صحیح مسلم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسمٰعیلؑ کو یوں خراجِ تحسین

Marfat.com

سے نوازا۔

| | |
|---|---|
| انّ اللہ اصطفیٰ من ولد ابراھیم اسمٰعیل۔ | اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کی اولاد میں اسمٰعیلؑ کو سب سے معزز فرمایا۔ |

(صحیح مسلم)

## حضرت اسماعیلؑ کا ذکر دوسرے انبیاءؑ کے ساتھ

| | |
|---|---|
| وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَاِدۡرِیۡسَ وَ ذَاالۡکِفۡلِؕ کُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیۡنَ | اور اسمٰعیلؑ وادریس اور ذوالکفل کا ذکر کرو۔ یہ سب صبر کرنے والے تھے۔ |
| وَاَدۡخَلۡنٰھُمۡ فِیۡ رَحۡمَتِنَا اِنَّھُمۡ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ۔ | اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بلاشک وہ نیکوکار تھے۔ |

(الانبیاء ۸۵۔۸۶۔پ ۱۷)

| | |
|---|---|
| وَاذۡکُرۡ اِسۡمٰعِیۡلَ وَ الۡیَسَعَ وَذَاالۡکِفۡلِؕ وَ کُلٌّ مِّنَ الۡاَخۡیَارِؕ | اسماعیل اور الیسع و ذوالکفل کو یاد کرو۔ وہ سب نیک لوگوں میں سے تھے۔ |
| وَاِسۡمٰعِیۡلَ وَالۡیَسَعَ وَیُوۡنُسَ وَلُوۡطًاؕ وَکُلًّا فَضَّلۡنَا عَلَی الۡعٰلَمِیۡنَ۔ | اور اسمٰعیلؑ والیسع اور یونس اور لوط کو یاد کرو ہم نے ان کو دنیا والوں پر فضیلت دی۔ |
| وَمِنۡ اٰبَآئِھِمۡ وَذُرِّیّٰتِھِمۡ وَاِخۡوَانِھِمۡ ج وَاجۡتَبَیۡنٰھُمۡ | نیز ان کے آباؤ اجداد اور ان کی اولاد اور ان کے بھائی بندوں میں سے |

Marfat.com

إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۔ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ

بہتوں کو ہم نے نوازا اور ان کو اپنے کام (دین) کے لیے چن لیا اور صراط مستقیم کی طرف ان کو ہدایت دی۔ اے نبی اکرم یہی لوگ اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ تھے۔ انہی کے راستے پر آپ گامزن رہیں۔

(الانعام ۸۶، ۸۷، ۸۸ پ ۷)

## اولادِ اسماعیل علیہ السلام

حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بارہ بیٹے اور ایک بچی تھی۔ جس کا نام مؤرخین نے بشامہ لکھا ہے۔ آپ کے بارہ بیٹوں کے مندرجہ ذیل نام ہیں

۱۔ نیابوط، جن کو عرب نابت کہتے ہیں۔

۲۔ قیدار حضرت اسماعیل کے اس صاحبزادے نے بڑی شہرت حاصل کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی قیدار کی نسل عدنان سے پیدا ہوئے۔ [۱]

۳۔ ادب ایل ۴۔ بشام ۵۔ سنع ۶۔ دومہ

۷۔ مسا ۸۔ حدود ۹ یتماد ۱۰۔ جبطور

۱۱۔ نفیس ۱۲۔ قدمہ۔ (توراۃ پ ۲۵)

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں کوئی نبی نہیں ہوا، سوائے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ [۱]

---

[۱] ارض القرآن حصہ دوم

Marfat.com

# حضرت ابراہیمؑ کی تیسری بیوی اور اولاد

حضرت سارہ کے انتقال کے بعد آپ نے حضرت قطورا سے نکاح کیا جناب شعیب علیہ السلام کا نسب انہیں سے ملتا ہے۔

# حضرت قطورا سے اولاد

آپ کے بطن سے چھ لڑکے پیدا ہوئے۔ جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں

۱۔ زمران ۲۔ یقسان ۳۔ مدان

۴۔ مدیان ۵۔ اسباق ۶۔ سوخ

بنی قطورا میں اہل مدین اور اصحاب الایکہ آتے ہیں، جناب شعیبؑ کا تعلق اسی شاخ سے ہے۔

زیادہ مشہور حضرت سارہ اور حضرت ہاجرہ ہیں اور انہی کے بیٹے اسحٰقؑ اور اسمٰعیلؑ کو نبوت سے نوازا گیا اور ان کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی۔

# عظیم خانوادۂ نبوت

عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَنْ اَکْرَمُ النَّاسِ قَالَ اَتْقٰھُمْ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا۔ تمام لوگوں میں اللہ کے نزدیک کس کا مرتبہ زیادہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا، جو پرہیزگار ہے۔ صحا

Marfat.com

فَقَالُوا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَيُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ بْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ بْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ بْنُ خَلِيْلِ اللّٰهِ۔

(بخاری ج ۲)

نے عرض کیا۔ ہمارا یہ مقصد نہیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا، خاندانی لحاظ سے، سب سے بہتر اور افضل یوسف علیہ السلام جو نبی تھے۔ ان کے باپ نبی (یعقوبؑ) تھے۔ پھر حضرت یعقوب کے باپ، اسحٰق، نبی تھے۔ اور ان کے باپ ابراہیم نبی خلیل اللہ تھے۔

# التجا

رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

اے پروردگار مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری

ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا

اولاد کو نمازی بنا ہمارے رب میری دُعا قبول فرما ہمارے رب

اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ

مجھے اور میرے والدین کو اور سب ایمانداروں کو

يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ۝

حساب قائم ہونے کے دن معاف فرما دیجیے

Marfat.com

اللہ اکبر

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

# تہذیب النسواں

ناشر

نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار

لاہور

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ اِبْرَاهِيْمَ

# سیرتِ ابراہیم علیہ السلام


حافظ میاں محمد جمیل
بی، اے، فاضلِ اردو
فاضلِ علومِ اسلامیہ



ناشر:- نعمانی کتب خانہ
حق سٹریٹ اردو بازار
لاہور-۲


Marfat.com